قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ

فرما دیجیے پاک اور پلید برابر نہیں ہو سکتے۔ (القرآن)

# امام پاک رضی اللہ عنہ

# اور

# یزید پلید علیہ ما یستحقہ

تالیف

مجددِ مسلکِ اہلسنت، عاشقِ رسول حضرت مولانا محمد شفیع اوکاڑوی علیہ الرحمۃ

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

قل لا یستوی الخبیث والطیب

فرما دیجئے پاک اور پلید برابر نہیں ہو سکتے۔ (القرآن)

# امام پاک اور یزید پلید

تالیف

مجدد مسلک اہل سنت، عاشق رسول حضرت مولانا محمد شفیع اوکاڑوی علیہ الرحمۃ

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

Marfat.com

جملہ حقوق بحق پسران مولانا محمد شفیع اوکاڑوی رحمۃ اللہ علیہ محفوظ ہیں
یہ کتاب کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہے۔ رجسٹریشن نمبر 15524
دفتر کاپی رائٹ، حکومت پاکستان

| | |
|---|---|
| نام کتاب | امام پاک اور یزید پلید |
| مصنف | مجدد مسلک اہلسنت حضرت مولانا محمد شفیع اوکاڑوی رحمۃ اللہ علیہ |
| مرتبہ | مولانا اوکاڑوی اکادمی (العالمی) |
| | ۵۳ بی۔ سندھی مسلم ہاؤسنگ سوسائٹی، کراچی 74400 |
| سال اشاعت | نومبر 2014ء |
| ناشر | ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور |
| تعداد | ایک ہزار |
| کمپیوٹر کوڈ | AD12 |

ISBN No. 978-969-591-010-8

ملنے کے پتے

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا دربار روڈ، لاہور۔ 37221953 فیکس:۔ 042-37238010
9۔ الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔ 37225085-37247350
14۔ انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی
فون: 021-32212011-32630411۔ فیکس:۔ 021-32210212
e-mail:- info@zia-ul-quran.com
Visit our website:- www.zia-ul-quran.com

Marfat.com

# اِنتساب

بحضور

تاجدارِ کربلا، سیّد الشہداء

مظہرِ شجاعت و سخاوتِ نبوت

پیکرِ عشق و محبت

صبر و استقامت

سیّد شبابِ اہلِ جنّت

مقصدِ اہلِ عقیدت و محبت

ریحانِ مصطفیٰ، دلبندِ مرتضیٰ

نورِ دیدۂ مخدومۂ کائنات

سیّدہ فاطمہ زہرا

راحتِ جانِ حسن مجتبیٰ

امامِ عالی مقام

فخرِ کونین

سیدنا امام حسین

رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ عنا

بتوسّط

امام اہلِ سنت

غزالیِ زماں، رازیِ دوراں

حضرت سیدی واستاذی

علامہ سید احمد سعید کاظمی

امروہوی ملتانی

دامت برکاتہم القدسیہ

سگِ کوچۂ اہلِ بیتِ نبوت

محمد شفیع الخطیب الاوکاڑوی غفرلہٗ

Marfat.com

# ھدیۂ تبریک

از امامِ اہلِ سنّت غزالیِ دوراں حضرت علامہ سیّد احمد سعید کاظمی

فاضلِ جلیل حضرت الحاج الحافظ مولانا محمد شفیع صاحب اکاڑوی کی شہرۂ آفاق تصنیف "امامِ پاک اور یزیدِ پلید" کی تیسری اشاعت پر میں مولانا کوکب نورانی کو ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں، حقیقت یہ ہے کہ اس دورِ پُرفتن میں جب کہ سیدنا حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عظیم کارناموں اور ان کے فضائل و محاسن کے بالمقابل یزیدیت کا پرچار کیا جا رہا ہے، اس تالیف منیف کی اشاعت نہایت ضروری اور بے حد مفید ہے۔ مولانا کوکب نورانی کے لیے فقیر بصمیم قلب دُعاگو ہے کہ اللہ تعالیٰ موصوف کو ان کے والدِ ماجد کا مشن آگے بڑھانے کی مزید توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

سیّد احمد سعید کاظمی غفرلہٗ

۳۱، مئی ۱۹۸۵ء

Marfat.com

# مجددِ مسلکِ اہلِ سُنّت خطیبِ پاکستان

**نام** :- (مولانا حافظ محمد شفیع اوکاڑوی

**ولدیت** :- حاجی شیخ کرم الٰہی مرحوم و مغفور جو پنجاب کی معزز شیخ تاجر برادری سے تعلق رکھتے تھے۔

**سن ولادت** :- (۲، رمضان ۱۳۴۸ھ) ۱۹۲۹ء کھیم کرن، مشرقی پنجاب

**تعلیم** :- اسکول میں مڈل تک اور دینی تعلیم، درسِ نظامی مکمل و دورۂ حدیث و تفسیر۔

**بیعت و ارادت** :- شیخ المشائخ حضرت پیر میاں غلام اللہ صاحب شرق پوری رحمۃ اللہ علیہ المعروف حضرت ثانی صاحب قبلہ، برادر خورد شیرِ ربانی اعلیٰ حضرت میاں شیر محمد صاحب شرق پوری علیہ الرحمۃ (سلسلہ نقش بندیہ مجددیہ)

حضرت میاں شیر محمد صاحب شرق پوری علیہ الرحمۃ نے حاجی میاں کرم الٰہی کو مولانا اوکاڑوی کی ولادت اور ان کے فضل و کمال کی بشارت پہلے ہی سے دے دی تھی۔ آپ کے والدین نے

Marfat.com

بھی آپ کی ولادت سے قبل مبارک خواب دیکھے اور بیان کیے

**حالات و خدمات**:۔ اپنے پیر و مرشد حضرت ثانی صاحب شرق پوری اور عُلمائے اہلِ سُنت کے ساتھ علمی طلب کے ابتدائی زمانے میں تحریکِ پاکستان میں بھر پور حصّہ لیا اور تقسیمِ ہند تک سرگرمِ عمل رہے۔

❋ ۱۹۴۷ء میں ہجرت کرکے اوکاڑا آگئے اور جامعہ حنفیہ اشرف المدارس قائم کیا جس کے بانیان اور سرپرستوں میں سے تھے۔

❋ دارالعلوم اشرفُ المدارس، اوکاڑا کے شیخ الحدیث والتفسیر حضرت علامہ مولانا غلام علی صاحب اشرفی اوکاڑوی اور مدرسہ عربیہ اسلامیہ انوارُ العلوم ملتان کے شیخ الحدیث والتفسیر غزالیِ دوراں حضرت علامہ مولانا سیّد احمد سعید صاحب کاظمی سے تمام متداول دینی علوم پڑھے اور درسِ نظامی کی تکمیل پر اسناد حاصل کیں۔

❋ جامع مسجد مہاجرین منٹگمری (ساہیوال) میں نماز جمعہ کی خطابت شروع کی۔ اس دوران برلا ہائی اسکول اوکاڑا میں دینیات کے معلم رہے۔

❋ ۵۳-۱۹۵۲ء میں تحریکِ ختمِ نبوت میں محض سیّدِ عالم ختمی مرتبت حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کی عزت و ناموس کے لیے بھرپور حصّہ لیا۔ ضلع منٹگمری (ساہیوال) اور پنجاب کی سرکردہ شخصیت تھے۔ حکومت نے قید کردیا۔ دس ماہ منٹگمری جیل میں رہے۔ اسیری کے ان ایام میں حضرت مولانا کے دو فرزند، تنویر احمد اور منیر احمد جن کی عمر بالترتیب تین سال اور ایک سال تھی، انتقال کرگئے۔ یہ دونوں مولانا کے پہلے فرزند تھے۔ ان کی وفات کے سبب گھریلو حالات پریشان کن تھے۔ کچھ بااثر لوگوں نے ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے مل کر سفارش کی۔ ڈپٹی کمشنر نے جیل کا دورہ کیا۔ گرفتار شدگان سے ملاقات کی اور مولانا اوکاڑوی کو بالخصوص

Marfat.com

الگ بُلا کر کہا "بچّوں کی وفات کی وجہ سے آپ کے گھر کے حالات ٹھیک نہیں ہیں میرے پاس آپ کے لیے بہت سی سفارشیں ہیں۔ آپ معافی نامے پر دستخط کر دیں۔ آپ کا معافی نامہ عوام سے پوشیدہ رکھا جائے گا اور آج ہی آپ کو رہا کر دیا جائے گا۔" مولانا نے جواباً کہا کہ "مَیں نے عزت و ناموسِ مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے کام کیا ہے اور میرا عقیدہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آخری نبی ہیں للہذا معافی مانگنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ بچّے اللہ کو پیارے ہو گئے، میری جان بھی چلی جائے تب بھی اپنے عقیدے پر قائم رہوں گا اور معافی نہیں مانگوں گا"۔ اس جواب پر حکومت برہم ہوئی اور مزید سختی کی گئی، دفعہ ۳ میں نظر بند کر دیا گیا۔ اور ملاقات وغیرہ پر بھی سختی سے پابندی تھی۔ مولانا نے آخر وقت تک صبر و استقلال سے تمام صعوبتیں برداشت کیں۔

✺ اوکاڑا میں قیام کے دوران دینی و مذہبی اور ملّی سماجی امور میں ہمیشہ نمایاں طور پر حصّہ لیتے رہے۔

✺ ۱۹۵۵ء میں کراچی کے مذہبی حلقوں کے شدید اصرار پر کراچی آئے۔ کراچی کی سب سے بڑی مرکزی میمن مسجد (بولٹن مارکیٹ) کے خطیب و امام مقرر ہوئے اور ہمہ جہاں، تادمِ آخر شب و روز دین و مسلک کی تبلیغ میں مصروف رہے۔

✺ میمن مسجد کی امامت و خطابت کے بعد تقریباً تین برس جامع مسجد عیدگاہ میدان اور سوا دو سال جامع مسجد آرام باغ اور بارہ برس نُور مسجد نزد جوبلی سینما پر بلامعاوضہ خطابت کے فرائض انجام دیتے رہے اور نماز جمعہ پڑھاتے رہے۔ ہر مقام پر زبردست اجتماع ہوتا۔ ان تمام مساجد میں بالترتیب تفسیرِ قرآن کا درس دیتے رہے اور تقریباً ۲۹ برس میں نو پاروں کی تفسیر بیان کی۔

✺ اسی دوران ۱۹۶۴ء میں پی ای سی ایچ سوسائٹی میں مسجد غوثیہ ٹرسٹ

Marfat.com

سے ملحق (جس کے آپ چیئرمین بھی تھے) ایک دینی درس گاہ قائم کی جس کا نام دارالعلوم حنفیہ غوثیہ ہے۔ الحمدللہ وہاں سے متعدد طلبہ علومِ دینیہ حاصل کر کے چہار سمت تبلیغِ دین و مسلک کر رہے ہیں۔

❋ ۱۹۷۰ء میں ڈولی کھاتہ، گلستانِ شفیع اوکاڑوی (سولجر بازار) کراچی میں ایک قطعہ زمین پر جو گزشتہ سو برس سے مسجد کے لیے وقف تھا، مولانا نے تعمیرِ مسجد کی بنیاد رکھی اور بلا معاوضہ خطابت شروع کی۔ ایک ٹرسٹ قائم کیا۔ جس کا نام گلزارِ حبیب صلی اللہ علیہ وسلم رکھا۔ مولانا اس کے بانی و سربراہ تھے۔ اس ٹرسٹ کے زیرِ اہتمام جامع مسجد گلزارِ حبیب اور جامعہ اسلامیہ گلزارِ حبیب زیرِ تعمیر ہے۔ اسی مسجد کے پہلو میں آپؒ کی آخری آرام گاہ مرجعِ خلائق ہے۔

❋ مسلسل چالیس برس تک ہر شب مولانا محترم مذہبی تقاریر فرماتے رہے ہیں۔ مولانا کی علمی استعداد، حُسنِ بیان، خوش الحانی اور شانِ خطابت نہایت منفرد اور ہر دل عزیز تھی۔ ہر تقریر میں ہزاروں، لاکھوں افراد کے اجتماعات ہوتے تھے۔ ماہِ محرم کی شبِ عاشورہ میں مُلک کا سب سے بڑا مذہبی اجتماع، مولانا کے خطاب کی مجلس کا ہوتا تھا۔ پاکستان کا کوئی علاقہ شاید ہی ایسا ہو جہاں حضرت مولانا مرحوم نے اپنی خطابت سے قلب وجاں کو آسودہ نہ کیا ہو۔

❋ دین و مسلک کی تبلیغ کے لیے مولانا نے شرقِ اوسط، خلیج کی ریاستوں، بھارت، فلسطین، جنوبی افریقا، ماریشس اور دوسرے کئی غیر ملکی دورے کیے۔ صرف جنوبی افریقا میں ۱۹۸۰ء تک مولانا کی تقاریر کے ساٹھ ہزار کیسٹس فروخت ہو چکے تھے۔ دوسرے ممالک میں فروخت ہونے والی کیسٹس کی تعداد بھی کم نہیں اور اب مولانا کی تقاریر کی وڈیو کیسٹس بھی پھیل رہی ہیں۔

❋ مولانا اوکاڑوی کی عالمانہ تحقیق، فقہی بصیرت اور عشقِ رسول صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وسلم پر مبنی متعدد تصانیف ہیں، جو مذہبی حلقوں میں نہایت قدر کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہیں۔ ہر کتاب ہزاروں کی تعداد میں شائع ہو کر نہایت مقبول ہوئی۔ ان کے نام یہ ہیں۔ ذکرِ جمیل، ذکرِ حسین (دو حصے)، راہِ حق، درسِ توحید، شامِ کربلا، راہِ عقیدت، امام پاک اور یزید پلید، برکاتِ میلاد شریف، ثوابُ العبادات، نماز مترجم، سفینۂ نوح (دو حصے)، مسلمان خاتون، انوارِ رسالت، مسئلہ طلاق ثلاثہ، نغمۂ حبیب، مسئلہ سیاہ خضاب، انگوٹھے چومنے کا مسئلہ، اخلاق و اعمال (نشری تقاریر)، تعارف علمائے دیوبند، میلادِ شفیع، جہاد و قتال، آئینۂ حقیقت، نجوم الہدایت، مسئلہ بیس تراویح، مقالاتِ اوکاڑوی اور متعدد فتووں وغیرہ پر مشتمل رسائل وغیرہ۔

❋ ۱۶ اکتوبر ۱۹۶۲ء میں کراچی کے علاقہ کھڈا مارکٹ میں ایک سازش کے تحت اختلافِ عقائد کی بنا پر کچھ لوگوں نے محض تعصب کا شکار ہو کر دوران تقریر مولانا اوکاڑوی پر چھریوں اور چاقوؤں سے شدید قاتلانہ حملہ کیا جس سے آپ کی گردن، کندھے، سر اور پشت پر پانچ نہایت گہرے زخم آئے۔ کراچی کے سول ہسپتال میں دو دن کے بعد پولیس آفیسر کو اپنا بیان دیتے ہوئے مولانا نے کہا "مجھے کسی سے کوئی ذاتی عناد نہیں۔ نہ میں مجرم ہوں۔ اگر میرا کوئی جرم ہے تو صرف یہ کہ میں دینِ اسلام کی تبلیغ کرتا ہوں اور سیّدِ عالم محسنِ انسانیت حضور رحمتِ دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف و ثنا کرتا ہوں۔ میں کسی سے بدلہ لینا نہیں چاہتا اور نہ میں حملہ آوروں کے خلاف کچھ کرنا چاہتا ہوں۔ میرا خون ناحق بہایا گیا ہے۔ اللہ تعالٰی اسے قبول فرمائے اور میری نجات کا ذریعہ بنائے۔ میں حملہ آوروں کو معاف کرتا ہوں۔ باقی آپ لوگ بقائے امن کے لیے جو مناسب ہو، وہ کریں تاکہ ایسی کارروائیاں آئندہ نہ ہوں"۔ مولانا نے اس مقدمے کے لیے کوئی وکیل نہیں کیا نہ کسی مقدمے کی پیروی کی۔ صرف ایک

Marfat.com

گواہ کی حیثیت سے اپنا بیان دیا۔ مولانا کا اس حملے سے جاں بر ہونا محض ایک کرشمہ تھا۔ انگریزی روزنامہ ڈیلی نیوز کا پہلا شمارہ اگلی صبح ۱۷ اکتوبر کو جاری ہوا جس کی بڑی سرخی مولانا پر قاتلانہ حملے سے متعلق تھی۔ مولانا ڈھائی مہینے ہسپتال میں زیرِ علاج رہے اور ہسپتال سے فارغ ہوتے ہی پھر تبلیغِ دین میں مصروف ہوگئے۔ اس قاتلانہ حملے کے خلاف ملک بھر میں شدید احتجاج ہوا۔

❋ ۱۹۶۵ء میں پاک بھارت جنگ کے موقع پر آپ نے پورے ملک میں جوش و جذبۂ جہاد کے لیے ملت کی رہنمائی کی۔ قومی دفاعی فنڈ میں ہزاروں روپے دیئے اور اپنی تقاریر کے اجتماعات میں لاکھوں روپے کا سامان جو لباس اور اشیائے خورد و نوش پر مشتمل تھا، جمع کیا اور ہزاروں روپے نقدی سمیت علمائے کرام کے ایک وفد کے ساتھ آزاد کشمیر گئے اور مقبوضہ کشمیر کے مظلوم مہاجرین کے کیمپوں وغیرہ میں بدستِ خود سامان تقسیم کیا۔

❋ آزاد کشمیر کے بائیس مقامات اور سیالکوٹ، چھمب جوڑیاں، لاہور، واہگہ اور کھیم کرن کے متعدد محاذوں پر جاکر مجاہدین میں جہاد کی اہمیت اور مجاہد کی عظمت و شان اور فی سبیل اللہ جہاد کے موضوع پر ولولہ انگیز تقاریر کیں۔

❋ حضرت مولانا اوکاڑوی مرکزی جماعتِ اہلسنت پاکستان کے بانی تھے۔

❋ ۱۹۷۰ء میں قومی اسمبلی کے امیدوار کی حیثیت سے کراچی کے سب سے بڑے حلقے سے سوشل ازم کی یلغار کے خلاف مولانا نے انتخاب میں حصہ لیا اور قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے۔

❋ قیامِ پاکستان سے تادمِ آخر مولانا، ایک مخلص اور محبِ وطن پاکستانی اور سچے پکے مسلمان ہونے کا بھرپور مظاہرہ کرتے رہے ہیں۔ ان کی شخصیت

Marfat.com

ملک بھر میں بالخصوص اور دُنیا بھر میں بالعموم محبوب و محترم اور مقبول و ممتاز رہی۔

* حضرت مولانا محترم، تحریکِ نظامِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے قافلہ سالار تھے۔ آج اس تحریک کو جو مرتبہ و مقام حاصل ہے۔ اس میں ان کی خدمات اور مساعیِ جمیلہ بُنیادی اہمیت و حیثیت رکھتی ہیں۔
* صدرِ مملکت جنرل محمد ضیاء الحق کی قائم کردہ مجلسِ شوریٰ کے معزز رُکن نامزد ہوئے اور قوانینِ اسلامی کے ترتیب و تشکیل اور نفاذ کے لیے کار ہائے نمایاں انجام دیئے۔ علاوہ ازیں وزارتِ مذہبی امور کی قائمہ کمیٹیوں کے رُکن رہے۔ اپنی وفات سے چند ماہ قبل مرکزی محکمہ اوقاف پاکستان کے نگرانِ اعلیٰ اور یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے رُکن مقرر ہوئے۔
* حضرت مولانا قومی سیرت
* اتحادِ بین المسلمین کے لیے ملک بھر میں نمایاں خدمات انجام دیں قومی دفاعی فنڈ، افغان مجاہدین، سیلاب زدگان اور ہر ناگہانی سانحے سے متاثر ہونے والے افراد کی امداد میں ہمیشہ بڑھ چڑھ کر حصّہ لیتے رہے۔
* سولہ مرتبہ سفرِ حج و زیارت اور عمرہ کی سعادت سے مشرف ہوئے۔
* ۱۹۷۷ء میں پہلی مرتبہ عارضۂ قلب کی شکایت ہوئی مگر تبلیغی اور تنظیمی سرگرمیوں میں کوئی کمی نہیں کی بلکہ کچھ زیادہ جذبہ و جوش سے شب و روز چہار سمت میں صدائے حق بلند کرتے رہے۔
* حضرت مولانا نے کراچی شہر میں اہلِ سنّت و جماعت کی طرف سے دس روزہ مجالسِ محرّم اور جشنِ عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جلوس و جلسہ کے انعقاد کا سلسلہ شروع کیا۔

Marfat.com

❋ تین ہزار سے زائد افراد، مولانا مرحوم کے دستِ حق پرست پر مشرف بہ اسلام ہوتے۔ اور لاکھوں افراد کے عقائد و اعمال کی اصلاح ہوئی۔

❋ حضرت مولانا مرحوم کو طریقت کے تمام سلاسل میں متعدد مشائخ سے اجازت و خلافت حاصل تھی۔ آپ کے مُریدین ہزاروں کی تعداد میں دُنیا بھر میں موجود ہیں۔

❋ حضرت مولانا قبلہ نے جنوبی افریقا میں انجمن اہلِ سنّت و جماعت قائم کی۔

❋ پاکستان میں سُنّی تبلیغی مشن، انجمن محبانِ صحابہ و اہلِ بیت، تنظیم ائمہ و خطبا مساجدِ اہلِ سنّت اور متعدد ادارے قائم کیے۔

❋ چالیس برس میں حضرت خطیبِ پاکستان سینکڑوں موضوعات پر اٹھارہ ہزار سے زائد خطابات کیے۔ جو اب تک ایک عالمی ریکارڈ ہے۔

❋ ۱۹۷۸ء میں دورانِ سفر، دوسری مرتبہ دل کا دَورہ پڑا، اسی حالت میں کراچی آئے اور تقریباً چھ ہفتے ہسپتال میں زیرِ علاج رہے۔

❋ ۱۹۸۳ء میں آخری بیرونِ ملک سفر، بھارت کے لیے کیا۔ اپنے دَورے میں بمبئی، اجمیر، دہلی اور بریلی شریف گئے۔

❋ مارچ ۱۹۸۴ء میں شرق پُور شریف گئے اور اپنے پیر و مُرشد کی درگاہ پر حاضری دی جو وہاں ان کی آخری حاضری ثابت ہُوئی۔

❋ ۲۰ اپریل ۱۹۸۴ء کو آخری خطاب جامع مسجد گلزارِ حبیب میں نمازِ جمعہ کے اجتماع سے کیا۔ اسی شب تیسری بار دل کا شدید دَورہ پڑا اور قومی ادارہ برائے امراضِ قلب میں داخل ہُوئے۔ تین دن بعد سہ شنبہ، ۲۱ رجب المرجب ۱۴۰۴ھ بمطابق ۲۴ اپریل ۱۹۸۴ء کی صُبح ۵۵ برس کی عُمر میں اذانِ فجر

Marfat.com

کے بعد باآوازِ بلند درود و سلام پڑھتے ہوئے خالقِ حقیقی سے جا ملے۔

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ

✺ ۲۵ اپریل کو نشتر پارک، کراچی میں علامہ سید احمد سعید کاظمی کی امامت میں ظہر کی نماز کے بعد لاکھوں افراد نے حضرت خطیبِ پاکستان کی نمازِ جنازہ ادا کی۔ اور پیارے کملی والے تاجدارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اس عاشقِ صادق کو کمال محبت و احترام سے رخصت کیا۔

زدنیا برفتہ بہ شانِ رفیع ؛ محمد شفیعس محمد شفیع

اسی سہ پہر مولانا مرحوم مسجد گل زارِ حبیب کے احاطے میں مدفون ہوئے۔

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ دائمًا ابدًا

(ہجری) ۱۴۰۴

✺

رفت و منزل عالمِ بالا گرفت ؛ یا الٰہی فیضِ اُو پائندہ دار
رفت و روئے خویش را از ما نہفت ؛ تربتش را اے خدا تابندہ دار

گفت تاریخِ وصالش بوالبیان
ہادیِ راہِ خدا، شب زندہ دار

۱۴۰۴ ہجری

از: فقیہِ دوراں شیخ الاسلام حضرت مولانا غلام علی اشرفی اوکاڑوی مدظلہ العالی

Marfat.com

# ابتدائیہ

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ۔ اَمَّا بَعْد!

فاضل مصنف مجددِ مسلکِ اہلسنت حضرت علامہ محمد شفیع اوکاڑوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ پاکستان کے نامور عالمِ دین اور مبلغ تھے۔ وہ ایک سحر بیان مقرر، خطیب اور حقیقت بیان ادیب کی حیثیت سے ملک و بیرونِ ملک جانے پہچانے جاتے تھے۔ وہ مصنف بھی تھے۔ اپنی تصانیف میں وہ ایک بے نظیر محقق کی حیثیت سے جلوہ گر نظر آتے ہیں۔ پیشِ نظر کتاب میں انھوں نے تحقیق کا حق ادا کرنے کے ساتھ ساتھ بہت سے شکوک و شبہات کا ازالہ بھی کر دیا ہے۔ وہ ملّتِ اسلامیہ کی جانب سے شکریہ کے مستحق ہیں۔

اغیار کی یہ کوشش رہی ہے کہ وہ افرادِ ملّت کے دلوں سے اعیانِ ملّت کی محبت و عقیدت نکال کر دلوں کو ویران کر دیں اور ملّت کو ضعیف سے ضعیف تر کر کے دشمنوں کو زیادہ سے زیادہ دلیر بنا دیں۔ حضورِ انور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم، حضرات اہلِ بیت، صحابۂ کرام اور اولیاء عظام کی ذواتِ عالیہ کے ساتھ والہانہ وابستگی ملّت کی روح ہے۔ اسی لیے دشمنانِ دین کا ہدف یہی ذواتِ عالیہ ہیں۔ بعض محققین اپنی بے جا تحقیق کے پردے میں اغیار کے ہاتھ مضبوط کر رہے ہیں اور وہ نہیں سمجھتے

Marfat.com

کہ ان کی غیر دیانت دارانہ تحقیقات ملتِ اسلامیہ پر کیا قیامت ڈھا رہی ہیں اسی قسم کی ایک تحقیق محمود عباسی صاحب نے پیش کی تھی، جس میں انھوں نے یزید کو برحق اور حضرت حُسین رضی اللہ عنہ کو غلطی پر ثابت کیا ہے۔ محمود عباسی کی نگارشات سے مضطرب ذہنوں میں جو سوالات اُٹھ سکتے تھے۔ حضرت علامہ اکاڑوی نے ایک ایک کرکے ان کا ذکر کیا ہے۔ پھر ہر سوال کا محققانہ جواب تحریر فرمایا ہے۔

عُلامہ اکاڑوی نے مندرجہ ذیل سوالات قایم کیے ہیں:۔

۱ کیا یزید کی خلافت و امارت قوانینِ شرعیہ کے مطابق تھی؟

۲ کیا یزید کے خلاف حضرت امام حُسین رضی اللہ عنہ کا خروج بغاوت سمجھا جائے۔

۳ کیا یزید عالم و فاضل، متقی و پرہیزگار، صالح اور پابند صوم وصلوٰۃ تھا؟

۴ اگر یزید فاسق و فاجر تھا تو جن صحابہؓ نے اس کے ہاتھ پر بیعت کی تھی ان کے متعلق کیا رائے قائم کی جائے؟

۵ کیا یزید نے حضرت حُسین رضی اللہ عنہ کے قتل کا حکم نہیں دیا تھا اور وہ اس پر راضی نہ تھا؟

۶ اگر یزید نے قتل کا حکم نہیں دیا تھا تو شہادتِ حُسین رضی اللہ عنہ کے بعد یزید نے ابن زیاد پر کیوں لعنت کی؟

۷ کیا محمود عباسی نے اپنی تصانیف میں خیانت سے کام لیا ہے؟

۸ کیا یزید جہاد قسطنطنیہ میں شرکت کے باعث بفحوائے حدیث جنتی تھا؟

۹ کیا حضرت حُسین رضی اللہ عنہ شہید نہیں ہوئے اور ان کے تمام مناقب و فضائل خیالی ہیں۔

حضرت علامہ اوکاڑوی نے مندرجہ بالا سوالات پر دیانت و صداقت کے

Marfat.com

ساتھ اپنی عمدہ تحقیقات پیش کی ہیں اور ہر سوال کے ذیل میں سیر حاصل بحث کی ہے انھوں نے دلائل و شواہد سے ثابت کیا ہے۔

- یزید کی خلافت و امارت قانونِ شریعت کے مطابق نہ تھی۔
- حضرت سیدنا امام حُسین رضی اللہ عنہ کا خروج قطعًا بغاوت نہ تھا۔
- یزید صالح و متقی نہ تھا، فاسق و فاجر، ظالم و جابر اور بد کردار تھا۔
- جن صحابہ نے یزید کے ہاتھ پر بیعت کی انھوں نے یزید کے ظلم و ستم دیکھتے ہوئے رخصت پر عمل کیا اور جن صحابہ نے بیعت نہ کی، انھوں نے جان کی پرواہ نہ کرتے ہوئے عزیمت پر کیا۔
- حضرت سیدنا حُسین رضی اللہ عنہ کی شہادت یزید کے حکم سے نہ ہوتی تو یزید ابنِ زیاد اور آپ کو شہید کرنے والوں کے خلاف ضرور تادیبی کارروائی کرتا مگر یہ کارروائی نہ کی گئی۔
- یزید قتلِ حُسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر درحقیقت خوش ہو رہا تھا۔ تاہم ابنِ زیاد پر یزید کا لعنت کرنا محض سیاسی مصلحت کے تحت تھا یا اس لیے کہ واقعہ شہادت کے بعد اس کو خود اپنے مستقبل کا خوف تھا۔
- محمود عباسی نے کتابوں سے حوالے نقل کرنے میں خیانت، تعصب اور تنگ دلی سے کام لیا ہے، اپنے مطلب کی باتیں نقل کر دیں اور جو مطلب کے خلاف جا رہی تھیں ان کو رہنے دیا۔ یہ بات دیانت کے خلاف ہے۔
- حضور انور صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی پیش گوئی کے مطابق یزید جہادِ قسطنطنیہ کے لیے جانے والے پہلے لشکر میں شریک نہ تھا، بلکہ دادِ عیش دے رہا تھا، بعد میں حضرت معاویہؓ نے اس کو جبرًا بھیجنے کا حکم دیا۔
- حضرت سیدنا حُسین رضی اللہ عنہ یقینًا شہید ہوئے ان کے فضائل و مناقب

Marfat.com

بکثرت مستند روایات سے ثابت ہیں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے عزیمت پر عمل کرکے یزیدی ماحول کی تاریکیوں میں اجالا کردیا اور ایک مینارۂ نور بنایا جو بھٹکنے والوں کی صدیوں تک رہنمائی کرتا رہے گا ___ دنیا میں بہت سے ایسے ملیں گے جنھوں نے دولت کی خاطر، زمین کی خاطر، حکومت کی خاطر جانیں دی ہیں ___ مگر یہاں نذرانۂ جاں حق کی خاطر پیش کیا گیا اور یہ بتادیا گیا کہ جان جیسی عظیم دولت حق ہی کی قربان گاہ پر چڑھائی جاتی ہے ___ سچائی کے لیے اپنی جان قربان کر دینا کوئی معمولی بات نہیں لوگوں نے تو جان بچانے کے لیے بڑے بڑے جھوٹ بولے ہیں ___ مگر یہاں جھوٹ کا گزر نہیں ___ سچ ہی سچ ہے ___ کربلا کے میدان میں دیکھنے والی آنکھوں نے آفتابِ حسین غروب ہوتے دیکھا ___ اور اب ساری دنیا اس کو طلوع ہوتے دیکھ رہی ہے۔ ظلم و ستم کے خلاف ایک عالم گیر جدّو جہد سامنے آرہی ہے ___ بے شک جبر ایک سایہ ہے جو قائم نہیں رہتا ___ جبر ایک مایہ ہے جو ساتھ نہیں دیتی ___ جبر ایک پھایہ ہے جو ناسور نہیں بھرتا۔

حضرت علامہ اوکاڑوی نے جبر و استبداد کی آندھیوں میں چھپنے والے آفتاب کا چہرہ دکھایا ہے اور اس چہرے پر خاک ڈالنے والوں کا محاسبہ کیا ہے ___ دلوں میں چبھنے والے کانٹوں کو نکالا ہے ___ صفحۂ قرطاس کو تختۂ گل بنایا ہے۔ حضرت علامہ اوکاڑوی نے بڑی محنت کی ہے اور تمام ضروری مآخذ کو کھنگالا ہے۔ ان کی تحقیق سے ایک طرف تو حقائق سامنے آگئے، دوسری طرف اغیار کے عزائم بھی سامنے آگئے جو اغیار نے تحقیق کے پردوں میں چھپا رکھے تھے تحقیق و تدقیق ایک مستحسن عمل ہے، لیکن اسلاف کے خلاف باغیانہ ذہنیت لے کر میدانِ تحقیق میں اُترنا اور ملت نے ان پر جو اعتماد کیا ہے اس سے فائدہ اٹھا کر فکر و خیال کے بندھنوں کو توڑنا اور دورِ جدید کے انتشارِ فکر کے صحرا میں لاکر کھڑا کر دینا صریحاً ظلم ہے ___ حضرت علامہ اوکاڑوی نے جو ان

Marfat.com

ملت اسلامیہ پر احسان فرمایا کہ ان کو ایک روشنی عطا فرمائی، جس سے شک وشبہ کی ساری تاریکیاں دُور ہوگئیں اور محبت وعقیدت کے جو بندھن ٹوٹ رہے تھے، وہ مضبوط سے مضبوط تر ہونے لگے ___ اسلام کی بنیاد ہی محبت پر ہے ___ اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی محبت ___ اہلِ بیتِ اطہار کی محبت ___ صحابۂ کبار کی محبت ___ اولیاءِ عظام کی محبت ___ علماءِ حق کی محبت ___ محبت ہی محبت ___ سچ تو یہ ہے کہ جس کے دل میں ان حضرات عالیہ کی محبت نہیں اس کا دل ایمان سے خالی ہے خود حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم فرمارہے ہیں ___ خبردار ہو جاؤ! جس کے دل میں محبت نہیں اس کے دل میں ایمان نہیں ___ یہ کلمات بار بار فرمائے ___ بے شک محبت و ایمان کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ جو محبت پر شب خون مارتا ہے وہ ایمان پر بھی شب خون مارتا ہے۔ ایمان کی لذت بغیر محبت کے آہی نہیں سکتی ___ اطاعت اپنی جگہ مگر محبت نہ ہو تو ہر عبادت بے سُود و بے فیض ہے۔

مولیٰ تعالیٰ حضرت خطیبِ پاکستان علامہ محمد شفیع اوکاڑوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی قبر کو نُور سے معمور فرمائے۔ کہ انھوں نے اپنی علمی تحقیقات سے مغموم دلوں کو مسرور کردیا۔ شکوک وشبہات کے خارزاروں کو ایمان ویقین کے لالہ زاروں سے پُربہار بنا دیا ___ بھٹکتے خیالوں کو راہ پر لگایا اور ڈگمگاتے افکار کو ثبات عطا فرمایا۔ آمین بجاہ سید المرسلین رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وازواجہٖ واصحابہٖ وسلم اجمعین۔

محمد مسعود احمد
پرنسپل، گورنمنٹ ڈگری کالج، ٹھٹھہ (سندھ)

۱۳ر شعبان ۱۴۰۶ھ
۲۳، اپریل ۱۹۸۶ء

Marfat.com

# فہرست مضامین


| مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| عباسی صاحب کی کتاب کی آٹھ عبارات | ۲۱ |
| یزید کی ولی عہدی | ۲۳ |
| امام حسین باغی اور فسادی تھے (معاذ اللہ) | ۲۵ |
| امامؓ نے خدا و رسول کیساتھ غداری کی | ۲۵ |
| امامؓ کے فضائل و مناقب محض خیالی ہیں | ۲۶ |
| امام شہید نہیں ہوئے بلکہ جاہلیت کی موت مرے | ۲۶ |
| امام یزید کی مخالفت کر کے چوری اور زنا جیسے جرائم سے بڑے جرم کے مرتکب ہوئے | ۲۶ |
| یزید نے امام کو قتل کر کے ان پر احسان کیا | ۲۶ |
| نو عدد سوالات وجوابات | ۳۰ |
| یزید کی ولیعہدی کی اصل تصویر | ۳۰ |
| ہمارا نظریہ | ۳۹ |
| فاسق و فاجر کی امامت باطل ہے | ۴۳ |
| خالق کی نافرمانی میں مخلوق کی اطاعت نہیں ہے | ۴۵ |
| ظالم کی اطاعت لازم نہیں | ۴۶ |
| امامت کبریٰ کی پانچ شرائط | ۵۰ |
| ظالم و فاسق امام کیخلاف کھڑے ہونا | ۵۰ |
| صحابہ کا امام کو خروج سے روکنا | ۵۴ |
| امام کو باغی کہنے والے اہل سنت وجماعت سے خارج اور گمراہ ہیں۔ | ۵۷ |

| مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| یزید فاسق و فاجر اور شرابی تھا | ۵۹ |
| یزیدی پارٹی کے متعلق حضور کی پیشین گوئی | ۶۱ |
| حضور نے یزیدی پارٹی کی حکومت سے اللہ کی پناہ مانگی۔ | ۶۴ |
| حضور نے فرمایا سنہ ۶۰ھ کے بعد ظالم جھوٹے امراء ہونگے | ۶۶ |
| حضرت ابوہریرہؓ کی سنہ ۶۰ھ سے متعلق دعا | ۶۷ |
| پہلا ظالم حاکم یزید ہے۔ | ۶۸ |
| حضور تین قبیلوں کو ناپسند فرماتے تھے | ۷۰ |
| یزید کی چار (۴) سالہ حکومت کے سیاہ کارنامے | ۷۲ |
| امام احمد بن حنبل اور کفر یزید | ۷۳ |
| یزید پر لعنت کرنا | ۷۳ |
| یزید کے کفر اور فسق کے متعلق بحث | ۷۸ |
| یزید ائمہ محدثین اور علماء امت کی نظر میں | ۷۹ |
| یزید کے حامیوں کے خیالات کی تردید | ۱۰۵ |
| یزید علماء دیوبند کے نزدیک۔ | ۱۰۷ |
| یزید کے متعلق اس کے ہم عصر حضرات کا بیان | ۱۲۱ |
| یزید کو امیر المومنین کہنے پر سزا | ۱۲۱ |
| یزید اور بیعت صحابہ | ۱۲۹ |
| شریعت کے احکام دو قسم پر ہیں۔ | ۱۲۹ |
| رخصت اور عزیمت | ۱۳۳ |


Marfat.com

| مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|
| یزید کے خلاف امام کے کھڑے ہونے کا سبب | ۱۳۷ |
| امامؓ حضورؐ کی جرأت اور شجاعت اور صبر و رضا کے وارث اور مظہر تھے۔ | ۱۴۱ |
| امام سید الشہداء ہیں | ۱۴۳ |
| امام کا قتل اور یزید کی رضا | ۱۴۵ |
| یزید کا امام کے قتل سے خوش اور نادم ہونا | ۱۴۶ |
| یزید کا ابن زیاد پر لعنت کرنا۔ | ۱۵۳ |
| عباسی کے بیان میں تضاد | ۱۵۷ |
| امام غزالی اور حامیان یزید | ۱۶۴ |
| عباسی کی تصانیف میں خیانت و بددیانتی | ۱۶۹ |
| عبارات میں قطع و برید | ۱۶۹ |
| محدثین و مؤرخین پر افتراء | ۱۷۵ |
| امام کے صحابی ہونے کی بحث | ۱۷۶ |
| تحریف یا جہالت | ۱۷۶ |
| عباسی نے محدثین اور مؤرخین کو کذاب کہا مگر خود کذاب ثابت ہو گئے۔ | ۱۸۱ |
| امام حسن کی وفات زہر سے نہیں بلکہ ٹی بی کے مہلک مرض سے ہوئی | ۱۸۲ |
| زہر خورانی کے متعلق بحث | ۲۰۱ |
| زہر کس نے دیا اور دلوایا۔ | ۲۰۴ |
| امام کو صحابہ کا کوفہ جانے سے روکنا۔ | ۲۰۶ |

| مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|
| امام کا خواب اور حکم رسولؐ | ۲۰۶ |
| واقعہ کربلا صرف آدھ گھنٹہ میں ختم ہو گیا۔ | ۲۰۸ |
| عبارت میں تضاد۔ اپنے ہاتھوں اپنی ریسرچ کا خون۔ | ۲۰۹ |
| امام طبری پر تشیع کا الزام | ۲۱۰ |
| ابو مخنف پر الزام | ۲۱۶ |
| بخاری و مسلم کے راوی | ۲۱۸ |
| جہادِ قسطنطنیہ اور یزید۔ | ۲۲۴ |
| حضرت ام سلمہ کی وفات کب ہوئی | ۲۳۳ |
| فضائل و مناقب | ۲۳۵ |
| اہل بیت نبوت | ۲۳۵ |
| محبت اہل بیت واجب ہے۔ | ۲۳۷ |
| اہل بیت پر درود و سلام | ۲۴۱ |
| اہل بیت حبل اللہ ہیں | ۲۴۴ |
| محبت اہل بیت کی ترغیب و تحریص | ۲۴۵ |
| حسن و حسین دنیا میں حضور کے دو پھول | ۲۴۶ |
| حسنین کریمین کی ناز برداریاں | ۲۴۷ |
| اہل بیت سے لڑائی اور صلح | ۲۴۹ |
| حسنین کریمین جنتی جوانوں کے سردار | ۲۵۰ |
| حسین مجھ سے اور میں حسین سے ہوں | ۲۵۱ |
| عقیدۂ اہل سنت۔ | ۲۵۲ |
| پیش لفظ | ۲۵۵ |


Marfat.com

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ، بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

میرے ایک فاضل دوست نے محمود احمد عباسی کی تالیف "تبصرہ محمودی بر ہفواتِ مودودی" جو عباسی صاحب نے ابوالاعلیٰ مودودی صاحب کی کتاب "خلافت و ملوکیت" کے ردّ میں لکھی ہے، کے حصّہ دوم کی چند عبارات اور اُن سے حاصل شدہ مفہوم نقل کرکے سوالات مرتّب کئے اور مجھے ان سوالات کے جوابات لکھنے کو فرمایا۔ میں نے عباسی صاحب کی پہلی تالیف "خلافتِ معاویہؓ و یزید" دیکھی ہوئی تھی جس میں انھوں نے یزید کو برحق و امامِ عادل اور سیّدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو غلطی پر ثابت کرنے کی مذموم سعی کی ہے۔ اب اِس دوسری تالیف کو حاصل کرکے اِس کا بھی مطالعہ کیا تو سوالات میں درج شدہ عبارات اور اُن کا مفہوم بالکل درست پایا۔

اِس تالیف میں عباسی صاحب نے مودودی صاحب کے ان غلط اور بے جا الزامات اور اتہامات کا جواب دیا ہے جو اُنھوں نے اپنی کتاب "خلافت و ملوکیت" میں امیرالمومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر لگائے ہیں۔ لیکن عباسی صاحب نے مودودی صاحب کے ردّ کے ساتھ ساتھ مسلکِ اہلِ سُنّت کے خلاف اپنی خارجیت کا ثبوت پیش کرتے ہوئے اہلِ بیتِ اطہار رضوان اللہ علیہم اجمعین کی سخت ترین توہین کا بھی ارتکاب کیا

Marfat.com

ہے جیسا کہ ان کی عبارات سے قارئین کرام کو معلوم ہو گا۔ مودودی صاحب نے یزید کے کچھ سیاہ کارناموں کے متعلق بھی لکھا تھا چونکہ عباسی صاحب کٹر خارجی ہونے کی وجہ سے یزید کے بڑے ہی حامی ہیں، وہ کیسے برداشت کرتے، وہ تو یزید پلید کو خلیفۂ برحق، امامِ عادل و راشد اور امیر المومنین سمجھتے ہیں اور اُس کے مقابلے میں فرزندِ رسُول امامِ عالی مقام سیدنا امام حُسین رضی اللہ عنہ کو باغی، فسادی، اللہ و رسول کا دشمن اور جاہلیت کی موت مرنے والا قرار دیتے ہیں معاذ اللہ ثم معاذ اللہ! چنانچہ انھوں نے اپنے اِن فاسد اور باطل خیالات کو حقیقت کا جامہ پہنانے کی جو ناپاک اور مذموم کوشش کی ہے۔ اِس بندۂ ناچیز، گدائے اہلِ بیتِ اطہار نے بحمد اللہِ تعالیٰ اس کی دھجیاں اڑائی ہیں۔ اور اس خارجی کی جہالت و مکاری کا پردہ چاک کر کے رکھ دیا ہے اور دیانت و صداقت کے ساتھ اصل حقیقت کو پیش کیا ہے کتاب کے مندرجات کا تعلق سوالات کے مطابق یزید پلید علیہِ مایستحقہٗ اور امامِ پاک رضی اللہ عنہ، کے ساتھ ہے۔ مودودی و عباسی کے درمیان بحث و اختلافات سے نہیں۔

اِس حصہ کا نام جو سوالات و جوابات پر مشتمل ہے "امامِ پاک اور یزید پلید" ہے۔ دوسرا حصہ جس کا نام "شامِ کربلا" ہے اس میں امام پاک اور ان کے رفقاء کی شہادت کا مفصل اور مدلل بیان ہے۔ اِن دونوں کتابوں میں خارجیت اور رافضیت سے الگ ہو کر بندہ نے مسلکِ حق اہلِ سنّت و جماعت اور کتاب و سنت کے مطابق اپنے جذباتِ عقیدت کو پیش کیا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ بطفیل اپنے حبیبِ پاک صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ و بارک وسلم میری اِس سعی کو منظور و مقبول فرما کر مسلمانوں کیلئے نافع و مفید فرمائے، اور اِس بندہ گنہ گار کیلئے ذریعہ نجات بنائے۔ آمین ثم آمین۔

ناچیز محمد شفیع الخطیب اللہ کاڑدی غفرلہٗ

Marfat.com

# سوالات

کیا فرماتے ہیں علمائے اہلِ سنّت و جماعت اِس امر میں کہ محمود احمد عبّاسی اپنی تالیف "تبصرۂ محمودی بر ہفواتِ مودودی" کے صفحہ ۱۰۱ پر لکھتے ہیں :-

"یہ امر عیاں ہے کہ جیسا استصواب امیر یزید کی ولایتِ عہد کے لیے کیا گیا ایسا استصواب اُن سے پہلے کسی کے لیے نہیں ہوا تھا۔ نیز یہ کہ جو فیصلہ ہوا وہ اجماعی تھا۔ حضرات اُمّہات المومنین اور جمہور کبار و صغار صحابہ اِس پر متفق تھے اِس موقع پر کسی ایک شخص کا بھی محترز رہنا صحاح سے ثابت نہیں کیا جا سکتا۔ یہ ایسا اجتماع تھا اور اِس اجتماع کا ایسا اجماع کہ قوانینِ شرعیہ اور علم سیاست کے اصول کے مطابق ہو اِس سے زیادہ فیصلہ کن اور کارگر کوئی اجماع نہیں ہو سکتا۔ موجودہ صدارتی انتخابات میں ہزاروں ووٹ مخالفت میں پڑتے ہیں اور فیصلہ صرف عددی اکثریت سے ہوتا ہے۔ لیکن امیر یزید کی ولایتِ عہد کی بیعت کے وقت ایک ووٹ بھی خلاف نہیں تھا۔"

عباسی صاحب کی اِس عبارت سے واضح طور پر ثابت ہوتا ہے کہ یزید کو جمہور صحابہ کرام اور ملّتِ اسلامیہ کے تمام افراد نے بالاتفاق خلیفہ اور امیر منتخب

Marfat.com

کیا تھا چنانچہ عباسی صاحب اپنی اسی تالیف کے صفحہ ۱۱۱ پر لکھتے ہیں :-

"امیرالمومنین یزید اوّل کی خلافت کی حجیّت کی سب سے بڑی دلیل ہے جمہور صحابہ کرام کا اجماع۔ اسی بناء پر حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے ان کے خلاف خروج کو خدا و رسول کے ساتھ سب سے بڑی غدّاری قرار دیا تھا۔"

اِس عبارت سے ثابت ہوا کہ یزید کے خلاف خروج خدا تعالیٰ اور اُس کے رسول صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ساتھ سب سے بڑی غدّاری تھا۔ اِس کے بعد عباسی صاحب صفحہ ۱۱۵ پر گوہر افشانی فرماتے ہیں :-

"لیکن علویوں نے سیاست کا یہ گُر بھی نہیں سیکھا اور ہمیشہ بے وجہ اور بے اصول ایسا قدم اٹھایا جس کا نتیجہ سوائے تخریب اور پسپائی کے کچھ نہ نکلا۔ شریف حسین تک ان کی پوری تاریخ یہی کہتی ہے اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ عالم اسلام میں اس خاندان کو کبھی وہ مقبولیت حاصل نہ ہو سکی جو امویوں کو عباسیوں کو اور ترکوں کو ہوئی۔ انہی ناکامیوں، پسپائیوں اور بدنامیوں کو چھپانے کے لیے خیالی مناقب کا ڈھیر لگا دیا گیا اور ان کی غلطیوں پر عصمت کا پردہ ڈال کر جہاد اور شہادت کا نام دیا گیا۔"

اس کے بعد اسی صفحہ پر لکھتے ہیں :-

"اس شریعت کے باطن تک ہمیں رسائی نہیں اور ہم الفاظ کے وہی معانی سمجھتے ہیں جو ایک فانی اور غیر معصوم انسان سمجھ سکتا ہے اور اس بارے میں صحابہ کرام سے لے کر ہمارے زمانے تک سب اصحابِ فکر سمجھتے آئے ہیں مثلاً ارشادِ باری تعالیٰ ہے :-

اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِى الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ۔

Marfat.com

"جو لوگ اللہ اور اُس کے رسول سے جنگ کرتے ہیں اور زمین پر فساد انگیزی کے درپے ہیں ان کی سزا یہی ہے کہ انھیں بُری طرح قتل کیا جائے یا انھیں سولی دی جائے یا جانب مقابل کے ہاتھ پاؤں کاٹے جائیں یا انھیں مُلک بدر کر دیا جائے۔" خدا و رسول سے لڑنے کا مطلب اُس نظامِ صالح کے خلاف جنگ کرنا ہے جو اسلام کی حکومت نے ملک میں قائم کر رکھا ہو ایسا نظام جب کسی سرزمین میں قائم ہو جائے اور اُس کو خراب کرنے کی سعی کرنا قطع نظر اس سے کہ وہ چھوٹے پیمانے پر قتل و غارت اور رہزنی و ڈکیتی کی حد تک ہو یا بڑے پیمانے پر اس نظامِ صالح کو اُلٹنے اور اُس کی جگہ کوئی فاسد نظام قائم کر دینے کے لیے ہو' دراصل خدا و رسول کے خلاف جنگ ہے۔"

اس کے بعد صفحہ ۱۱۹ پر لکھتے ہیں:۔

"اگر رائے عامہ ایک حکومت یا حاکم کے حق میں ہے اور اُس کے خلاف پروپیگنڈے سے متاثر نہیں ہوتی تو ایسی حکومت یا حاکم پر عائد کردہ الزامات خود بخود باطل ہو گئے اور جو لوگ اُس حکومت کے خلاف کھڑے ہوئے وہ باغی اور مفسد ہی قرار پائیں گے۔"

اِن عبارات سے صاف طور پر ثابت ہوا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ' نے بلاوجہ اُو بے اصول محض تخریبی کارروائی کی تھی اور یزید کے خلاف ان کا خروج خدا و رسول سے جنگ اور بغاوت اور فساد فی الارض کے مترادف تھا اور ان کے فضائل و مناقب محض خیالی ہیں نیز وہ شہید بھی نہیں ہیں۔ چنانچہ اس کے بعد عباسی صاحب صریح طور پر صفحہ ۱۱۸ پر لکھتے ہیں:۔

اور جس نے امام المسلین کے خلاف خروج کیا جس پر لوگ جمع ہو گئے ہوں اور جس کی خلافت کو ماننے لگے ہوں خواہ یہ اقرار برضا و رغبت ہو یا بہ جبر و اکراہ،

Marfat.com

تو اس نے مسلمانوں کی قوت کو پارہ پارہ کر دیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کے آثار کے خلاف کیا۔ اور اگر اس خروج کی حالت میں اس کی موت واقع ہوئی تو یہ شخص جاہلیت کی موت مرا۔"

اسی کتاب کے صفحہ ۶۷ پر لکھتے ہیں :۔

"چوری اور زنا اور دوسرے کبائر کا ارتکاب امام کے خلاف خروج کے مقابلے میں کیا حیثیت رکھتا ہے ؟"

اور صفحہ ۱۲۰ پر لکھتے ہیں :۔

"چنانچہ یہ لوگ اپنے تخریبی عزائم کے تحت موجودہ اور گزری ہوئی پوری امّت کو گمراہ کہہ کر ایسے لوگوں کو مجاہد اور شہید کہنا چاہتے ہیں جنھوں نے وقتاً فوقتاً امامِ جماعت کے خلاف خروج کیا اور ہم عصر امّت کی حمایت حاصل نہ ہونے کے سبب فنا کے گھاٹ اتار دیئے گئے۔"

اور صفحہ ۶۷ پر لکھتے ہیں :۔

"ان حضرات پر خلفاء اسلام کا یہ احسان ہے کہ انھیں قتل کر دیا گیا اور یہ قتل اُن کے جرمِ عظیم کا کفّارہ ہو گیا ورنہ خروج علی الامام کا وبال اپنی گردن پر لے جاتے۔"

اِن تمام عبارات کا خلاصہ یہ ہے کہ یزید کی خلافت وامارت ایسی تھی کہ تمام صحابہ اور جمہور مسلمین کا اس پر اتفاق تھا اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا خروج اور مخالفت محض بلا وجہ بغاوت اور فساد فی الارض بلکہ خدا و رسُول کے خلاف جنگ کے مترادف تھی۔ چنانچہ اُن کو اس کی سزا ملی اور وہ موت کے گھاٹ اتار دیئے گئے اور وہ قطعاً مجاہد اور شہید نہیں ہیں اور اُن کے فضائل بھی محض خیالی ہیں۔ (العیاذ باللہ) اب یہ معلوم کرنا ہے کہ :۔

Marfat.com

۱۔ کیا یزید کی خلافت و امارت پر قوانینِ شرعیہ کے مطابق تمام صحابہ اور جمہور مسلین کا ایسا اتفاق تھا کہ ایک ووٹ بھی اس کے خلاف نہ تھا۔

۲۔ کیا امام حسین رضی اللہ عنہ کا خروج بلا وجہ بغاوت۔ فساد فی الارض اور خدا رسول کے خلاف جنگ کے مترادف تھا۔

۳۔ کیا یزید عالم و فاضل، متقی پرہیزگار، پابندِ صوم وصلوٰۃ اور نہایت صالح تھا جیسا کہ عباسی صاحب کی دوسری کتاب "خلافتِ معاویہ و یزید" کے صفحہ ۴۹ پر ہے کہ :-

"علم وفضل، تقویٰ و پرہیزگاری، پابندیٔ صوم وصلوٰۃ کے ساتھ امیر یزید حد درجہ کریم النفس، حلیم الطبع، سنجیدہ و متین تھے۔" نیز السید محمد انیس کی یزید کے بارے میں یہ نظم ہے۔

## امیر المؤمنین سیدنا یزید رحمۃ اللہ علیہ

از : السید محمد انیس کراچی

ہر آن راہبر تھی ہدایت یزیدؒ کی — کیوں راشدہ نہ ہوگی خلافت یزیدؒ کی
اللہ کی جنابِ مقدس میں مان لی — کُل عازمینِ حج نے امارت یزیدؒ کی
حضرت حسینؓ اور ابو ایوبؓ مقتدی — ہے کتنی سربلند امامت یزیدؒ کی
جو شاملِ جہاد ہوا جنتی ہوا — ہے وجہ افتخار قیادت یزیدؒ کی
شاہد ہے آج تک ابو ایوبؓ کا مزار — عیسائیوں نے مانی شجاعت یزیدؒ کی
چھینیں جو مال اُن پہ مسلسل نوازشات — احسان معاویہؓ کے عنایت یزیدؒ کی
کیا مصلحت تھی پوچھئے ابن حسینؓ سے — تسلیم کی ہے جس نے خلافت یزیدؒ کی
پسماندگان کربلا کی مشکلات میں — تھی باعثِ سکون عنایت یزیدؒ کی

Marfat.com

جس وقت نام آگیا ابن حسینؓ کا — ویسے ہی یاد آئی سخاوت یزیدؒ کی
لازم تھی مومنین پہ قرآں سمجھو پوچھئے — اللہ کی نبیؐ کی اطاعت یزیدؒ کی
پہلے بھی اور حادثۂ کربلا کے بعد — زینبؓ کو تھی پسند رفاقت یزیدؒ کی
خشکی کے شہسوار سمندر کے تاجدار — ناقابلِ بیان ذہانت یزیدؒ کی
تمکینِ دیں، اشاعتِ اسلام میں کمال — اللہ کا کرم تھا کرامت یزیدؒ کی
مانو نہ مانو تم گر دنیا نے مان لی — دانش معاویہؓ کی خلافت یزیدؒ کی

تسلیم کی ہے متفقہ طور سے ایسی
اہلِ عرب عجم نے سیادت یزیدؒ کی (معاذ اللہ)

یا کہ یزید فاسق و فاجر، ظالم و شرابی تھا اور کیا اس پر لعنت وغیرہ کرنا جائز ہے یا نہیں؟

۴۔ اگر یزید واقعی فاسق و فاجر اور ظالم و شرابی تھا تو اُن صحابہ کرام کے بارے میں کیا کہا جائے گا جنھوں نے اس کی بیعت کر لی تھی انھوں نے اس کی بیعت کیوں کی۔ کیا ان پر فاسق و فاجر کی بیعت کا الزام عائد نہیں ہوگا؟ اگر نہیں ہوتا تو پھر امام حسینؓ پر الزام عائد ہوتا ہے کہ انھوں نے یزید کی بیعت سے کیوں انکار کیا اور کیوں اس پر خروج کیا؟ اب ان دو صورتوں میں سے ایک صورت کو لازماً اختیار کرنا پڑے گا۔ اگر امام حسین رضی اللہ عنہ حق پر تھے تو وہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم جنھوں نے یزید کی بیعت کی یقیناً غلطی پر تھے ان پر فسق کا الزام عائد ہوگا اور اگر وہ صحابہ کرام حق پر تھے تو حضرت امام غلطی پر تھے اور ان پر خروج و بغاوت کا الزام عائد ہوگا؟

۵۔ یزید نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے قتل کا حکم نہیں دیا تھا اور نہ وہ اس سے راضی تھا لہٰذا قتلِ حسینؓ اور اس کی رضا کی نسبت یزید کی طرف کرنا غلط ہے۔ کیا یہ درست ہے؟

۶۔ اگر امام حسینؓ کا قتل، یزید کے حکم اور اس کی رضا سے ہوا تھا تو پھر اس

Marfat.com

نے ابنِ زیاد پر لعنت کیوں کی؟ اور امام کے قتل پر اظہارِ افسوس کیوں کیا؟ اس کو تو خوش ہونا چاہیئے تھا۔

۷۔ کیا محمود احمد عباسی نے اپنی تصانیف میں کہیں خیانت و بد دیانتی سے بھی کام لیا ہے؟ اگر لیا ہے تو اس کی وضاحت فرمائیں۔

۸۔ کیا یزید از روئے جہادِ قسطنطنیہ جنتی ہے اور جو اسکو جنتی نہ مانے کیا وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث جو بخاری میں ہے اس کا منکر ہے؟

۹۔ کیا امامِ عالی مقام حضرت حسین رضی اللہ عنہ شہید نہیں ہیں؟ اور کیا ان کے فضائل و مناقب محض خیالی ہیں؟ "بیّنوا توجروا"

ایک سائل جو آجکل ان کتابوں کے پڑھنے سے سخت الجھن کا شکار ہے۔

Marfat.com

# سوال نمبر ۱

کیا یزید کی خلافت و امارت قوانینِ شرعیہ کے مطابق حقّہ تھی اور اس پر تمام صحابہ اور جمہور مسلین کا ایسا اتفاق تھا کہ ایک ووٹ بھی اس کے خلاف نہیں تھا؟

**جواب** ہرگز نہیں، بالکل غلط۔ صریح کذب، اور خلافِ واقعہ بلکہ معاملہ بالکل اس کے برعکس ہے جیسا کہ آئندہ سطور سے واضح ہو گا۔ انشاء اللہ۔

حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے وصال مبارک کے بعد خلفاء اسلام کا انتخاب اکابر مہاجرین و انصار صحابہ کے مشورہ سے ہوا تھا۔ یزید کی ولی عہدی کے زمانہ میں اگرچہ اکابر صحابہ کرام اٹھ چکے تھے اور زمانۂ رسالت کی بہاریں کسی حد تک ختم ہو چکی تھیں تاہم ان میں بہت سے صحابہ اور اکابر صحابہ کی اولاد جسے خود بھی حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کی صحبت کا شرف حاصل تھا، ابھی موجود تھی۔ خصوصًا حضرت عبداللہ بن عمرؓ، حضرت حسینؓ بن علی، حضرت عبداللہ بن زبیر اور حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہم یہ حضرات اپنے اسلافِ کرام کا نمونہ اور اخلاقِ حسنہ اور اعمالِ صالحہ کا پیکر تھے۔ ان میں تقوٰی و پرہیزگاری، عدل و انصاف، امانت و دیانت علم و فضل اور صداقت و حق گوئی کا جوہر پورے طور پر موجود تھا۔ ان سب حضرات کی موجودگی میں یزید جیسے شخص کا نام خلافت کے لیے پیش کرنا کسی طرح بھی

Marfat.com

مناسب نہ تھا۔ مگر اس امر کی ابتدا یوں ہوئی کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کوفہ کے گورنر مغیرہ بن شعبہ کو معزول کر کے ان کی جگہ سعید بن عاص کو مقرر کرنا چاہتے تھے۔ مغیرہ کو امیر معاویہ کے اس ارادہ کی اطلاع ہو گئی تو وہ کوفہ سے دمشق پہنچے اور یزید سے ملاقات کی اور اس سے کہا کہ اکابر صحابہ اور قریش کے بڑے لوگ دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں البتہ ان کی اولاد موجود ہے اور تم اُن سے کسی معاملے میں کم نہیں ہو۔ پھر میری سمجھ میں نہیں آتا کہ امیر المومنین کو تمہارے لیے بیعت لینے میں کون سا امر مانع ہے؟ یزید نے کہا آپ کے خیال میں یہ کام ہو سکتا ہے؟ مغیرہ نے کہا ہاں! یزید نے اس بات کا ذکر اپنے والد امیر معاویہ سے کیا۔ انہوں نے مغیرہ کو بلا کر پوچھا کہ تم نے یزید سے کیا بات کی ہے؟ مغیرہ نے کہا۔ امیر المومنین! حضرت عثمان کی شہادت کے بعد امت میں جو اختلافات اور خون ریزی ہوئی ہے وہ آپ دیکھ چکے ہیں اس لیے بہتر یہ ہے کہ آپ اپنی زندگی ہی میں یزید کو اپنا ولی عہد مقرر کر کے بیعت لے لیں تاکہ آپ کے بعد فتنہ فساد اور خون خرابا نہ ہو۔ حضرت معاویہ نے کہا اس کام کو پورا کرنے میں میرا معاون کون ہوگا؟ مغیرہ نے کہا جہاں تک اہل کوفہ کا تعلق ہے اس کا ذمہ میں لیتا ہوں اور اہل بصرہ کے لیے زیاد کافی ہے۔ اس کے بعد کوئی مخالفت نہیں کرے گا۔

امیر معاویہ نے کہا اچھا تم اپنے عہدے پر واپس چلے جاؤ اور اس معاملے میں ان لوگوں سے گفتگو کرو جن پر تمہارا اعتماد ہو۔ یہاں سے رخصت ہو کر مغیرہ اپنے دوستوں کے پاس آئے۔ انہوں نے کہا، کہو کیا ہوا؟ مغیرہ نے کہا میں نے امیر معاویہ کا پاؤں ایسی رکاب میں الجھا دیا ہے کہ کبھی نہ نکل سکے گا۔ کوفہ پہنچ کر مغیرہ نے ان لوگوں سے بات چیت کی۔ جن پر ان کو وثوق اور اعتبار تھا اور دس آدمیوں کو تیس ہزار درہم دے کر اس امر پر راضی کیا کہ وہ ایک وفد کی صورت

Marfat.com

میں دمشق جائیں اور امیر معاویہ کو یزید کی ولی عہدی کے لیے درخواست کریں۔ اور پُرزور حمایت کا یقین دلائیں۔ چنانچہ یہ وفد حضرت مغیرہ کے بیٹے موسیٰ کی قیادت میں دمشق پہنچا اور بڑے زور شور سے اس تجویز کی تائید و حمایت کر کے انعقاد بیعت کی درخواست کی۔ امیر معاویہ نے ان سے کہا کہ ابھی تم اس معاملے کے اظہار میں عجلت نہ کرو۔ لیکن اپنی رائے اور عہد پر پکے رہو۔

بعد میں امیر معاویہ نے موسیٰ کو تنہائی میں بلا کر پوچھا کہ تمہارے باپ نے ان لوگوں کو کتنے میں خریدا ہے؟ موسیٰ نے کہا تیس ہزار درہم میں[1]!

پھر حضرت معاویہ نے گورنر بصرہ زیاد کو خط لکھا اور اس معاملہ میں مشورہ کیا۔ زیاد نے عبید بن کعب النمیری کو بلا کر کہا کہ امیرالمومنین نے مجھ سے یزید کی ولی عہدی کے بارے میں مشورہ طلب کیا ہے اور وہ لوگوں سے خائف بھی ہیں کہ لوگ نفرت کا اظہار کریں گے اور اطاعت کی بھی امید رکھتے ہیں اور یہ معاملہ نہایت اہم ہے۔ اور یزید میں یہ یہ خامیاں اور کمزوریاں ہیں۔ لہذا تم امیرالمومنین کے پاس جاؤ اور ان سے یزید کی عادات و خصائل بیان کر کے کہو کہ ابھی اس معاملے میں توقف فرمائیں اور جلدی نہ کریں۔

عبید نے کہا آپ امیر معاویہ کی رائے کو بدلنے اور خراب کرنے کی کوشش نہ کریں بلکہ اس کے بجائے ایک اور کام کیا جائے اور وہ یہ کہ میں آپ کی طرف سے یزید کے پاس جاتا ہوں اور اس سے کہتا ہوں کہ تمہارے باپ نے تمہاری بیعت کے بارے میں امیر زیاد سے مشورہ طلب کیا ہے اور ان کو یہ خوف ہے کہ لوگ تمہاری عادتوں کی وجہ سے تمہاری مخالفت کریں گے اس لئے تم اپنی بُری عادتوں کو ترک کر کے اپنی اصلاح کرو تاکہ یہ امر بہتر اور آسان ہو جائے۔ زیاد نے

---

[1] ابن اثیر ج ۳ صفحہ ۲۴۹، البدایہ والنہایہ صفحہ ۷۹، ابن خلدون صفحہ ۱۵

Marfat.com

کہا خدا کرے کہ تمہارا تیر نشانے پر بیٹھے۔ چنانچہ عبید نے دمشق جا کر امیر زیاد کی طرف سے یزید کو تو اصلاحِ حال کا پُرزور مشورہ دیا اور امیر معاویہ کو ایک خط دیا جس میں زیاد نے ان کو لکھا تھا کہ اس معاملہ میں عجلت سے کام نہ لیں بلکہ بڑی حکمت و سیاست سے کام لیں [1]

جب ۵۳ھ میں زیاد کا انتقال ہو گیا تو حضرت معاویہ نے یزید کے لیے بیعت لینے کا فیصلہ کر لیا اور با اثر لوگوں کو ہموار کرنا شروع کر دیا چنانچہ انھوں نے حضرت عبداللہ بن عمر کے پاس ایک لاکھ درہم بھیجے جو انھوں نے قبول کر لیے لیکن جب ان کے سامنے بیعتِ یزید کا ذکر کیا گیا تو انھوں نے فرمایا خوب! اچھا ان کا یہ مقصد ہے! پھر تو میرا دین بڑا ارزاں ہے۔ یہ کہہ کر انھوں نے درہم قبول کرنے سے انکار کر دیا (ابن اثیر صفحہ ۲۵۰/۳، البدایہ صفحہ ۸۹/۸) پھر حضرت معاویہ نے مدینہ طیبہ کے گورنر مروان بن حکم کو لکھا کہ میں اب بوڑھا ہو گیا ہوں اور مجھے اندیشہ ہے کہ میرے بعد امّت میں پھر اختلاف نہ ہو جائے۔ اس لیے چاہتا ہوں کہ اپنی زندگی ہی میں کسی کو اپنا جانشین بنا جاؤں۔ لہٰذا تم ان لوگوں سے پوچھو کہ وہ اس معاملہ میں کیا کہتے ہیں؟ مروان نے اہلِ مدینہ کو جمع کر کے ان کے سامنے یہ بات پیش کی اہلِ مدینہ نے اس تجویز کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ وہ کسی شخص کا انتخاب کر کے پہلے ہمیں بتائیں اور اس معاملہ میں غلطی نہ کریں۔ مروان نے اہلِ مدینہ کا یہی جواب امیر معاویہ کو لکھ کر بھیج دیا۔ اس کے بعد امیر معاویہ نے مروان کو لکھا کہ میں نے یزید کو منتخب کیا ہے۔ مروان نے پھر اہلِ مدینہ کو مسجد نبوی میں جمع کر کے کہا۔ امیر المومنین نے تمہارے لیے ایک بہت مناسب شخص کا انتخاب کر لیا ہے اور اس انتخاب میں انھوں نے کوئی غلطی

---

[1] ابن اثیر صفحہ ۲۲۹/۳، طبری صفحہ ۲۲۴/۴، البدایہ والنہایہ صفحہ ۷۹/۸

Marfat.com

نہیں کی۔ چنانچہ انھوں نے اپنے بیٹے یزید کو اپنے بعد اپنا جانشین بنا دیا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَقَالَ اِنَّ اللّٰہَ اَرٰی اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ | اور کہا بیشک اللہ نے امیر المومنین کو یزید کے |
| فِیْ یَزِیْدَ رَأْیًا حَسَنًا وَ | بارے میں بہت اچھی رائے سجھائی ہے اور اگر |
| اَنْ یَّسْتَخْلِفَہٗ فَقَدِ اسْتَخْلَفَ | وہ یزید کو خلیفہ بنا رہے ہیں تو بیشک ابوبکر و |
| اَبُوْ بَکْرٍ وَّ عُمَرُ | عمر نے بھی تو خلیفے بنائے تھے"۔ |

اِس پر عبدالرحمٰن بن ابی بکر اٹھے اور فرمایا اے مروان! تم نے بھی غلط کہا اور معاویہ نے بھی غلط کیا۔ تمھارا ارادہ اُمّتِ محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم کی بھلائی اور انتخاب نہیں بلکہ تم لوگ اِس خلافت کو قیصریت بنانا چاہتے ہو کہ جب ایک قیصر مرا تو اس کی جگہ دوسرا قیصر یعنی اس کا بیٹا آگیا۔ یہ سُنّتِ ابوبکر و عمر نہیں ہے انھوں نے ہرگز اپنی اولاد میں سے کسی کو اپنا جانشین نہیں بنایا تھا۔ مروان نے کہا اِس شخص کو پکڑ لو۔ یہ وہی ہے جس کے بارے میں قرآن میں آیا ہے۔ وَالَّذِیْ قَالَ لِوَالِدَیْہِ اُفٍّ لَّکُمَا۔ حضرت عبدالرحمٰن نے بھاگ کر اپنی بہن حضرت عائشہ کے گھر میں پناہ لی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے پردہ کے پیچھے سے کہا۔ مروان نے غلط کہا یہ آیت ہمارے خاندان کے کسی فرد کے بارے میں نہیں آئی بلکہ خدا کی قسم! یہ ایک اور شخص کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ اگر میں چاہوں تو اُس کا نام بھی بتا سکتی ہوں۔ البتہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے مروان کے باپ پر لعنت کی تھی جبکہ مروان اُس کے صُلب میں تھا۔

پھر حضرت امام حسینؓ حضرت عبداللہ بن عمرؓ اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم نے بھی کھڑے ہو کر یزید کی ولی عہدی تسلیم کرنے سے انکار کیا۔ مروان نے ان تمام باتوں کی امیر معاویہ کو خبر کر دی[1]۔

---

[1] ابن اثیر صفحہ ۲۵۰، البدایہ والنہایہ صفحہ ۸۹، ارشاد الساری صفحہ ۳۲۵، فتح الباری۔

Marfat.com

حضرت معاویہ نے حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر کو ایک لاکھ درہم بھیجے تو انھوں نے قبول کرنے سے انکار کر دیا وقال اَبِیعُ دِینِی بِدُنیاک " اور فرمایا کیا مَیں دنیا کے بدلے اپنا دین بیچ دوں " (الاستیعاب صفحہ ۳۹۵)

ان ہی ایام میں حضرت معاویہ نے مختلف علاقوں کے حکام کو کہا کہ وہ لوگوں کے سامنے یزید کی تعریف کر کے ان کو ہموار کریں اور میرے پاس مختلف شہروں سے وفود بھیجیں۔

حضرت محمد بن عمرو بن حزم مدینہ منورہ سے امیر معاویہ کے پاس پہنچے اور انھوں نے امیر معاویہ سے کہا کہ ہر راعی سے اس کی رعیت کے متعلق سوال کیا جائے گا لہٰذا آپ خوب غور فرمالیں کہ آپ امّتِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے امور کا والی کس کو بنا رہے ہیں ؟ امیر معاویہ یہ سُن کر کچھ ایسی سوچ میں پڑ گئے کہ کافی دیر تک سر جھکائے رکھا۔ مختلف شہروں سے جو وفود آئے تھے انھوں نے امیر معاویہ کے سامنے وفاداری کا اظہار کیا اور خوشامدانہ تقریریں کیں مثلاً ضحاک بن قیس نے کہا:۔

" جہاں تک مجھے علم ہے یزید بن امیرالمومنین حسنِ ہدایت، علم وحلم، سیرت و کردار اور رائے میں ہم سب سے افضل ہیں لہٰذا امیرالمومنین آپ ان کو اپنے بعد اپنا ولی عہد اور ہمارا سردار اور ہماری جائے پناہ بنا دیں تاکہ ہم اس کے سائے میں پناہ حاصل کر سکیں۔

عمرو بن سعید الاشدق نے بھی اسی قسم کی تقریر کی۔ پھر یزید بن مقنع العذری نے اٹھ کر کہا:۔

" یہ امیرالمومنین معاویہ ہیں۔ ان کی وفات کے بعد یہ یزید امیرالمومنین ہوگا۔ اگر کسی نے انکار کیا تو اس کا فیصلہ یہ تلوار کرے گی "

امیر معاویہ نے کہا " آپ بیٹھ جائیے آپ سیّد الخطباء ہیں "۔ اسی طرح تقریریں

Marfat.com

ہوتی رہیں۔ حضرت امیر معاویہ نے احنف بن قیس سے جو ابھی تک خاموش تھے فرمایا۔ ابوالبحر! تم کیا کہتے ہو۔ انھوں نے کہا اگر ہم سچ کہیں تو آپ لوگوں کا ڈر ہے اور جھوٹ کہیں تو خدا سے خوف آتا ہے۔ امیرالمومنین! آپ یزید کے لیل و نہار، ظاہر و باطن اور خلوت و جلوت سے خوب واقف ہیں اگر آپ اس کو اللہ تعالیٰ اور امت کے لیے واقعی پسندیدہ و بہتر خیال کرتے ہیں تو اس کے لیے کسی سے مشورہ لینے کی ضرورت نہیں اور اگر آپ اس کے متعلق ایسی رائے اور خیال نہیں رکھتے تو راہیٔ آخرت ہوتے ہوئے اس معاملہ کو توشۂ دنیا بنا کر اس کے حوالے نہ کرتے جائیے ویسے ہمارا کام تو یہی ہے کہ ہم کہہ دیں سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا کہ ہم نے سُنا اور مانا۔ اس پر شامیوں میں سے ایک شخص نے کھڑے ہو کر کہا کہ ہم نہیں جانتے کہ معدی اور عراقی لوگ کیا کہہ رہے ہیں؛ سچی بات یہ ہے کہ ہمارے پاس سمع و اطاعت بھی ہے اور تلوار و قوت بھی [1]

اسی طرح مختلف تدبیروں سے میدان ہموار ہوتا رہا یہاں تک کہ اہلِ عراق اور اہلِ شام کے اکثر افراد نے بیعت کر لی۔

شام اور عراق کے لوگوں سے نپٹ لینے کے بعد حضرت معاویہ کے پیشِ نظر اہلِ حجاز کا مسئلہ تھا اور یہ مسئلہ نہایت ہی اہم تھا کیونکہ حجازِ مقدس اسلام کا دل تھا۔ یہاں ہی وہ مقتدر ہستیاں تشریف رکھتی تھیں جن میں صداقت و دیانت حق گوئی و بے باکی کا جوہر پورے طور پر موجود تھا۔ اور ان ہی حضرات سے مخالفت کا سخت اندیشہ تھا۔ چنانچہ حضرت معاویہ ایک ہزار سوار کو ہمراہ لے کر خود حجازِ مقدس تشریف لے گئے۔ مدینہ طیبہ کے باہر سب سے پہلے حضرت امام حسین بن علی، حضرت عبداللہ بن عمر فاروق، حضرت عبداللہ بن زبیر اور حضرت عبدالرحمٰن

---

[1] ابن اثیر صفحہ ۲۵۱، البدایہ والنہایہ صفحہ ۸۰

Marfat.com

بن ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہم ان سے ملے۔ حضرت معاویہ نے ان چاروں حضرات سے نہایت سخت کلام کیا۔ یہ حضرات ان کے اس نامناسب روّیہ سے اگرچہ سخت حیران تھے پھر بھی ان کے ساتھ چلتے رہے حضرت معاویہ نے مدینہ طیّبہ میں داخل ہونے تک ان کی طرف کوئی التفات نہ کی۔ بایں ہمہ یہ حضرات پھر ان کے پاس ان کی اقامت گاہ میں گئے مگر پھر بھی اِن کے مرتبہ و مقام کے مطابق اِن سے کوئی سلوک نہ کیا گیا کیونکہ ان چاروں حضرات نے یزید کی ولی عہدی تسلیم کرنے سے انکار کیا تھا۔ کَمَامَرَّ، تو یہ چاروں حضرات دل برداشتہ ہوکر مدینہ منوّرہ چھوڑ کر مکّہ مکرّمہ چلے گئے اب حضرت معاویہ کے لیے مدینہ طیّبہ کا معاملہ کافی آسان ہو چکا تھا چنانچہ وہ حالات کو سازگار اور موافق بنانے میں لگے رہے۔ اِس عرصہ میں وہ اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدّیقہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھی گئے اور ان چاروں حضرات کی شکایت کی۔ اُمّ المومنین کو تمام حالات کی خبر مل چکی تھی انھوں نے فرمایا مجھے معلوم ہوا ہے کہ تم نے ان لوگوں کے متعلق کہا ہے کہ اگر وہ یزید کی بیعت سے انکار کریں گے تو ان کو قتل کر دیا جائے گا؟ حضرت معاویہ نے کہا امّ المومنین! ایسا تو نہیں کیونکہ یہ لوگ اس سے بہت بلند ہیں۔ لیکن ان کے سوا سب لوگ بیعت کر چکے ہیں تو کیا آپ یہ خیال فرماتی ہیں کہ میں اِن کی وجہ سے دوسرے تمام لوگوں کی بیعت کو توڑ دوں! امّ المومنین نے فرمایا بہرحال ان لوگوں کے ساتھ نرمی و محبّت سے پیش آؤ۔ حضرت معاویہ نے کہا اچھّا! میں ایسا ہی کروں گا۔

اس کے بعد حضرت معاویہ اپنے رفقاء کے ساتھ مکّہ مکرّمہ پہنچے اور لوگوں سے ملاقات کی۔ ان چاروں حضرات سے بھی ملاقات کی لیکن اب معاملہ بالکل برعکس تھا، بڑی محبّت و تعظیم سے مرحبا مرحبا کہہ کر پیش آتے سب سے آگے بٹھاتے اور

Marfat.com

ہر معاملہ میں بڑی اہمیت دیتے۔ یہ حضرات بھی اچھی طرح سمجھتے تھے کہ اس حسن سلوک کا مقصد کیا ہے ؛

چنانچہ ایک روز ان کو تنہائی میں بلا کر حضرت معاویہ نے فرمایا آپ لوگوں کو معلوم ہے کہ میں آپ لوگوں کے ساتھ کتنا اچھا سلوک کرتا ہوں اور صلۂ رحمی بجا لاتا ہوں۔ دیکھو! یزید تمھارا بھائی ہے اور میں چاہتا ہوں کہ تم اس کی بیعت کرلو۔ اس پر حضرت عبداللہ بن زبیر نے کہا کہ آپ تین امور میں سے ایک امر کو اختیار کر لیں۔ یا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح کریں اور کسی کو اپنا جانشین نہ بنائیں جس طرح لوگوں نے حضرت ابوبکر صدیق کو منتخب کر لیا تھا اسی طرح اب بھی کسی کو منتخب کرلیں گے۔ حضرت معاویہ نے کہا کہ اب تم میں ابوبکر صدیق جیسا کوئی نہیں ہے اور مجھے اختلاف کا خوف ہے۔ انھوں نے کہا اچھا پھر ایسا کیجئے جیسا حضرت ابوبکر صدیق نے کیا تھا کہ انھوں نے حضرت عمر فاروق کو مقرر کیا تھا جن سے ان کا دُور کا بھی رشتہ نہ تھا۔ یا پھر وہ طریقہ اختیار کریں جو حضرت عمر نے کیا تھا کہ انھوں نے انتخابِ خلیفہ کے لیے ایسے چھ آدمیوں کی مجلسِ شوریٰ بنائی تھی کہ ان میں کوئی ان کا عزیز یا بیٹا نہ تھا۔ حضرت معاویہ نے فرمایا تم اس کے علاوہ بھی کچھ کہنا چاہتے ہو؟ انھوں نے کہا نہیں! اس کے بعد حضرت معاویہ ان پر سخت ناراض اور غضبناک ہوئے اور یہ مجلس برخاست ہو گئی اور حضرت معاویہؓ سوار ہو کر واپس آ گئے۔ (ابن اثیر صفحہ ۲۵۲ ج ۳)

یہ تھا یزید کی خلافت و امارت کا استصواب و انتخاب۔ اس پر کسی تبصرہ و نتیجہ کے پیش کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ انصاف پسند حضرات خود ہی فیصلہ کر لیں گے کہ عباسی صاحب کا یہ کہنا کہ یزید کی خلافت پر قوانینِ شرعیہ کے مطابق تمام صحابہ اور جمہور مسلمین کا ایسا اتفاق تھا کہ ایک ووٹ بھی اس کے خلاف نہ تھا

Marfat.com

اور ایسا استصواب ان سے پہلے کسی کے لیے نہیں ہوا تھا کہاں تک درست ہے ؟

# ہمارا نظریہ

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اسلام اور مسلمانوں کے خیر خواہ تھے اور اسی خیر خواہی کی بنا پر وہ نہیں چاہتے تھے کہ مسلمانوں میں قتل و غارت اور خون ریزی ہو وہ سابقہ حالات کے پیش نظر اچھی طرح سمجھ چکے تھے کہ اگر میں نے خلافت و امارت کو یونہی مسلمانوں کی صوابدید پر چھوڑ دیا یا کسی مجلس شوریٰ کو انتخاب خلیفہ کے لیے مقرر کر دیا تو لوگ کسی طرح بھی کسی ایک شخص پر جمع اور راضی نہیں ہوں گے بلکہ مختلف علاقوں میں خلافت کے مدعی ضرور اٹھ کھڑے ہوں گے اور اس سے آپس میں سخت اختلاف پیدا ہو جائے گا اور ضرور خونریزی ہوگی اور اگر میں نے خلافت بنی ہاشم کی طرف منتقل کر دی تو میری قوم بنی اُمیہ جو اپنی قومیت میں عصبیت رکھتی ہے اور اس وقت ان کو بڑی قوت و شوکت بھی حاصل ہے، وہ کبھی تسلیم نہیں کرے گی اور اس سے بھی آپس میں سخت اختلاف اور خونریزی ہوگی اس لیے انھوں نے اپنے بیٹے یزید کی ولی عہدی کو ان لوگوں پر ترجیح دی جو اس کے زیادہ مستحق سمجھے جاتے تھے اور اس سلسلے میں انھوں نے درست یا نادرست جو کچھ بھی کیا وہ بہر حال اسلام اور مسلمانوں کی خیر خواہی اور ان کو خونریزی سے بچانے کے خیال سے کیا چنانچہ ان کی دعا جو انھوں نے یزید کو ولیعہد بنانے کے بعد کی وہ اس پر شاہد ہے۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اِنِّیْ وَلَّيْتُهٗ لِاَنَّهٗ اَرَاهُ اَهْلًا لِذٰلِكَ فَاَتِمَّ لَهٗ مَا وَلَّيْتُهٗ وَاِنْ | اے اللہ! تو جانتا ہے کہ اگر میں نے اس (یزید) کو ولی عہد کیا ہے بوجہ اس کے جو میں اس کے اندر اہلیت دیکھ رہا |

Marfat.com

أُكُنْتُ وَلَّيْتُهُ لِأَنِّي أُحِبُّهُ فَلَا تُتِمَّمُ لَهُ مَا وَلَّيْتُهُ — ہوں تو اُس کی ولیعہدی کو پورا کرنا اور اگر میں نے بوجہ اسکی محبت کے اسکو ولیعہد کیا ہو تو اسکی ولیعہدی کو پورا نہ کرنا"

(البدایہ والنہایہ ص۸۰ج۸)

اِس میں کوئی شک نہیں کہ یزید بیٹا ہونے کے ساتھ ساتھ سیاسی سوجھ بوجھ بھی رکھتا تھا اسی لیے حضرت امیر کے نزدیک وہ بنو اُمیّہ میں ولیعہدی کے لیے بہتر تھا۔ اور یہ ہرگز کوئی ثابت نہیں کر سکتا کہ یزید بدبخت نے ولیعہد بننے کے بعد جو کچھ کیا یا کروایا حضرت امیر کو اُس سے اِس کی توقع تھی؟ یا علم تھا کہ یہ ایسا کرے یا کروائے گا؟ انھوں نے تو حضرت امام حُسین رضی اللہ عنہ کے بارے میں خاص طور پر وصیّت کی تھی کہ وہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے نواسے ہیں، عزیز ہیں اور اُس قرابتِ قریبہ کی وجہ سے وہ نیک سلوک کے حقدار ہیں۔ اگر عراق والے ان کو تمھارے مقابلہ میں لے آئیں اور میں سمجھتا ہوں کہ ضرور لائیں گے تو ان پر قابو اور غلبہ حاصل ہونے کی صورت میں بھی درگزر سے کام لینا اور قرابتِ رسول صلّی اللہ علیہ وسلّم کا خیال رکھنا مگر اِس بدبخت نے باپ کی نصیحت کو فراموش کر دیا اور اقتدار کے نشے میں بدمست ہو کر وہ کچھ کیا جسے کوئی مومن سوچ بھی نہیں سکتا۔[1]

بہرصورت حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی شان میں کوئی بدگمانی نہیں کی جا سکتی کیونکہ انکی صحابیّت مسلّمہ ہے جو بدگمانی سے مانع ہے۔

---

[1] کربلا کے تفصیلی حالات کے لیے میری کتاب "شامِ کربلا" ملاحظہ فرمائیں

Marfat.com

جن کی نظروں پر عیاں ہے حق پرستی کا جلال
پیشِ باطل جھک نہیں سکتی کبھی اُن کی جبیں

Marfat.com

# سوال نمبر ۲

کیا امام حسین رضی اللہ عنہ کا خروج بلاوجہ، بغاوت، فساد فی الارض اور خدا و رسولؐ کے خلاف جنگ کے مترادف تھا؟

**جواب** سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے خروج کو بلاوجہ، بغاوت، فساد فی الارض اور خدا تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف جنگ کرنے کے مترادف قرار دینا صریح ظلم اور جہالت ہے ایسی بات وہی کہے گا جس کے دل میں مرضِ نفاق اور اہلِ بیتِ نبوّت کا بغض ہوگا۔ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے نزدیک از روئے شریعت یزید ہرگز مسلمانوں کی امامت وسیادت کے لائق نہیں تھا اور نہ قواعدِ شرعیہ کے مطابق متفقہ طور پر اس کی امامت قائم ہوئی تھی اور نہ آپ نے اس کی بیعت کی تھی کہ آپ پر اس کی اطاعت واجب ہوتی۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:۔

| | |
|---|---|
| وَ اِذِ ابْتَلٰۤى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّیْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ ؕ قَالَ لَا یَنَالُ عَهْدِی الظّٰلِمِیْنَ ۝ | اور یاد کرو جبکہ ابراہیم کو اس کے رب نے کچھ باتوں سے آزمایا تو انھوں نے وہ پوری کر دکھائیں اللہ نے فرمایا میں تمھیں لوگوں کا پیشوا بنانے والا ہوں۔ انھوں نے عرض کی اور میری اولاد میں سے؟ فرمایا میرا عہد ظالموں کو نہیں پہنچتا۔ |
| البقرہ ۱۲۴ | |

Marfat.com

اس آیہ کریمہ کے تحت علماء امت نے تصریح کی ہے کہ ظالم وجابر اور فاسق وفاجر امامت وخلافت کے اہل نہیں ہیں اور اُن کی امامت باطل ہے چنانچہ علامہ قرطبی فرماتے ہیں :-

اِنَّ الْاِمَامَ یَکُوْنُ اَھْلَ الْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَالْفَضْلِ مَعَ الْقُوَّۃِ عَلَی الْقِیَامِ بِذٰلِکَ وَھُوَ الَّذِیْ اَمَرَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَّا یُنَازِعُوا الْاَمْرَ اَھْلَہٗ وَاَمَّا اَھْلُ الْفُسُوْقِ وَالْجَوْرِ فَلَیْسُوْا لَہٗ بِاَھْلٍ ۔ (تفسیر قرطبی)

بیشک امام وہ ہو سکتا ہے جو عدل واحسان اور فضل جیسی صفاتِ حسنہ سے متصف ہو۔ اور اس کے ساتھ ایسی حکومت کی ذمہ داریوں کو بجالانے کی قوت بھی ہو۔ ایسے ہی امام کے متعلق حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ اس سے مت جھگڑو۔ لیکن جو فاسق وفاجر اور ظالم ہوں وہ امامت وخلافت کے اہل نہیں۔

مشہور فقیہ امام ابوبکر الجصاص حنفی رحمۃ اللہ علیہ اسی آیہ کریمہ کے تحت فرماتے ہیں۔

فَلَا یَجُوْزُ اَنْ یَکُوْنَ الظَّالِمُ نَبِیًّا وَلَا خَلِیْفَۃً لِنَبِیٍّ وَلَا قَاضِیًا وَلَا مَنْ یَلْزَمُ النَّاسَ قُبُوْلُ قَوْلِہٖ فِیْ اُمُوْرِ الدِّیْنِ مِنْ مُفْتٍ اَوْ شَاھِدٍ اَوْ مُخْبِرٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَبَرًا ۔ احکام القرآن ص۶۹

پس یہ جائز نہیں کہ کوئی ظالم نبی یا نبی کا خلیفہ یا قاضی ہو یا ایسا عہدہ دار ہو کہ (امورِ دین) میں اسکی بات کا ماننا لوگوں پر لازم ہو جیسے مفتی ہونا یا گواہ ہونا یا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث روایت کرنے والا محدث ہونا۔

یہی امام چند سطور کے بعد فرماتے ہیں :-

فَثَبَتَ بِدَلَالَۃِ ھٰذِہِ الْاٰیَۃِ بُطْلَانُ

پس اس آیت کی دلالت سے ثابت

Marfat.com

إِمَامَةِ الْفَاسِقِ وَاَنَّهٗ لَا يَكُوْنُ خَلِيْفَةً وَاَنَّ مَنْ نَصَبَ نَفْسَهٗ فِيْ هٰذَا الْمَنْصَبِ وَهُوَ فَاسِقٌ لَمْ يَلْزَمِ النَّاسَ اِتِّبَاعُهٗ وَلَا طَاعَتُهٗ

احکام القرآن ص۸۰

ہوا کہ فاسق کی امامت باطل ہے اور بلاشبہ وہ خلیفہ نہیں ہو سکتا اور اگر وہ اپنے آپکو اس منصب پر مسلط کر دے درآں حالیکہ وہ فاسق ہے تو لوگوں پر اس کی اتباع و اطاعت لازم نہیں ہے۔

امام رازی رحمۃ اللہ علیہ اسی آیہ کریمہ کے تحت فرماتے ہیں :-

قَالَ الْجُمْهُوْرُ مِنَ الْفُقَهَاءِ وَالْمُتَكَلِّمِيْنَ اَلْفَاسِقُ حَالَ فِسْقِهٖ لَا يَجُوْزُ عَقْدُ الْاِمَامَةِ لَهٗ وَاخْتَلَفُوْا فِيْ اَنَّ الْفِسْقَ الطَّارِئَ هَلْ يُبْطِلُ الْاِمَامَةَ اَمْ لَا ؟ وَ اَحْتَجَّ الْجُمْهُوْرُ عَلٰى اَنَّ الْفَاسِقَ لَا يَصْلُحُ اَنْ تُعْقَدَ لَهُ الْاِمَامَةُ بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ۔

تفسیر کبیر ص۲۹۴

جمہور فقہاء اور متکلمین نے فرمایا ہے کہ فاسق کو اسکی حالتِ فسق میں امام مقرر کرنا جائز نہیں اور اس فسق کے بارے میں جو امام پر بعد میں طاری ہو جائے (لوگوں نے) اختلاف کیا ہے کہ وہ اسکی امامت کو باطل کرے گا یا نہیں؟ تو جمہور نے اس آیت سے ہی استدلال کیا ہے کہ بیشک فاسق اس بات کی صلاحیت ہی نہیں رکھتا کہ اسکو امام مقرر کیا جائے۔

علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ اسی آیہ کریمہ کے تحت فرماتے ہیں۔

قُلْنَا مَعْنٰى قَوْلِهٖ تَعَالٰى لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ اَنَّ الْفَاسِقَ وَاِنْ كَانَ اَمِيْرًا فَلَا يَجُوْزُ اِطَاعَتُهٗ فِي الظُّلْمِ وَالْمَعْصِيَةِ لِقَوْلِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوْقٍ فِيْ مَعْصِيَةِ

ہم کہتے ہیں اللہ تعالیٰ کے اس فرمان لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ کا معنی یہ ہے کہ بیشک فاسق اگرچہ وہ امیر ہو اسکی اطاعت ظلم اور معصیت میں جائز نہیں کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے

Marfat.com

الْخَالِقِ ۔ کہ خالق کی نافرمانی میں کسی مخلوق کی اطاعت نہیں ہے۔

تفسیر مظہری ص۱۲۴

قرآن کریم کی اس آیت اور ائمہ کرام کے تفسیری ارشادات سے ثابت ہوا کہ ظالم وجابر اور فاسق و فاجر لوگ امامت وخلافت کے اہل نہیں اور ان کی امامت و خلافت باطل ہے اور ان کی اتباع و اطاعت جائز نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:۔

وَلَا تُطِيعُوا أَمْرَ الْمُسْرِفِينَ الَّذِينَ يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ وَلَا يُصْلِحُونَ (الشعراء - ۱۵۱)

اور نہ مانو حکم ان حد سے گزر جانے والوں کا جو زمین میں فساد کرتے ہیں اور اصلاح نہیں کرتے۔

اس آیت سے بھی ثابت ہوا کہ اُن آمر لوگوں کی اطاعت نہیں کرنی چاہیئے جو کفر و شرک یا ظلم وفسق سے ملک میں فساد پھیلاتے ہیں اور ایمان وعدل اور تقویٰ و نیکی سے اصلاح نہیں کرتے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے لَا طَاعَةَ لِمَنْ عَصَى اللهَ جو اللہ کی نافرمانی کرے اس کی اطاعت نہیں۔

لَا طَاعَةَ لِمَنْ لَمْ يُطِعِ اللهَ جو اللہ کی اطاعت نہ کرے اس کی کوئی اطاعت نہیں۔

لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوقٍ فِي مَعْصِيَةِ الْخَالِقِ ۔ خالق کی نافرمانی میں کسی مخلوق کی اطاعت نہیں۔

امیرالمؤمنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے خلیفہ ہونے کے بعد اپنی پہلی تقریر میں ہی فرما دیا تھا۔

أَطِيعُونِي مَا أَطَعْتُ اللهَ وَرَسُولَهُ جب تک میں اللہ اور اس کے رسول

Marfat.com

فَاِذَا عَصَیْتُ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَلَا طَاعَةَ لِیْ عَلَیْکُمْ۔

کنز العمال ص ۳۴۹/۵

کی اطاعت کروں تم لوگ میری اطاعت کرو اور جب میں اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کروں تو تم لوگوں پر میری کوئی اطاعت نہیں ہے۔

امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے بھی اپنے ایک خطبہ میں ارشاد فرمایا تھا۔

مَا اَمَرْتُکُمْ بِهٖ مِنْ طَاعَةِ اللّٰهِ فَحَقٌّ عَلَیْکُمْ طَاعَتِیْ فِیْمَا اَحْبَبْتُمْ وَمَا کَرِهْتُمْ وَمَا اَمَرْتُکُمْ بِهٖ مِنْ مَعْصِیَةِ اللّٰهِ فَلَا طَاعَةَ لِاَحَدٍ فِی الْمَعْصِیَةِ اَلطَّاعَةُ فِی الْمَعْرُوْفِ، اَلطَّاعَةُ فِی الْمَعْرُوْفِ اَلطَّاعَةُ فِی الْمَعْرُوْفِ۔

کنز العمال ص ۳۶۱/۵

جو حکم میں تم کو اللہ کی طاعت کے بارے میں دوں تو میرا وہ حکم ماننا تم پر لازم ہے خواہ تم اسے پسند کرو یا ناپسند کرو اور جو حکم میں تمھیں اللہ کی نافرمانی کے لیے دوں تو نافرمانی میں کسی کے لیے طاعت نہیں۔ طاعت صرف اچھے کام میں ہے طاعت صرف معروف میں ہے طاعت صرف معروف میں ہے۔ یعنی نیکی اور بھلائی کے کاموں میں۔

حضرت عبادہ بن الصامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

سَتَکُوْنُ عَلَیْکُمْ اُمَرَاءُ مِنْ بَعْدِیْ یَاْمُرُوْنَکُمْ بِمَا لَا تَعْرِفُوْنَ وَ یَعْمَلُوْنَ بِمَا تُنْکِرُوْنَ فَلَیْسَ اُولٰٓئِکَ عَلَیْکُمْ بِاَئِمَّةٍ

میرے بعد عنقریب تم پر ایسے امرا (مسلط) ہوں گے جو تمھیں ایسے امور کا حکم دیں گے جن میں تم بھلائی نہیں دیکھو گے اور وہ ایسے کریں گے جن کو تم برا جانو گے۔ پس وہ تم پر امام نہیں یعنی ان کی اطاعت

Marfat.com

المواج المنير ص۳۱ — تم پر لازم نہیں۔

حضرت طلحہ بن عبید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا۔

اَلَا يَآيُّهَا النَّاسُ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ صَلٰوةَ اِمَامٍ حَكَمَ بِغَيْرِ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ

اے لوگو! آگاہ ہو جاؤ جو حاکم اللہ کے نازل کئے ہوئے (قانون) کے خلاف حکم کرتا ہے اللہ اس کی نماز قبول نہیں کرتا۔"

المستدرک ص۹۴

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ شارح صحیح مسلم شریف فرماتے ہیں :۔

اَجْمَعَ الْعُلَمَاءُ عَلٰى وُجُوْبِهَا فِىْ غَيْرِ مَعْصِيَةٍ وَعَلٰى تَحْرِيْمِهَا فِى الْمَعْصِيَةِ نَقَلَ الْاِجْمَاعَ عَلٰى هٰذَ الْقَاضِىْ عِيَاضُ وَاٰخَرُوْنَ ،

تمام علماء اس پر متفق ہیں کہ امیر کی اطاعت غیر معصیت میں واجب ہے اور معصیت میں حرام ہے۔ اس پر امام قاضی عیاض اور دوسرے (علماء) نے اجماع نقل کیا ہے۔

نووی علی مسلم ص۱۲۴

یہی امام دوسری جگہ فرماتے ہیں :۔

قَالَ الْقَاضِىْ عِيَاضُ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَجْمَعَ الْعُلَمَاءُ عَلٰى اَنَّ الْاِمَامَةَ لَا تَنْعَقِدُ لِكَافِرٍ وَعَلٰى اَنَّهُ لَوْطَرَءَ عَلَيْهِ الْكُفْرُ اِنْعَزَلَ قَالَ وَكَذَا لَوْتَرَكَ اِقَامَةَ الصَّلٰوةِ وَالدُّعَاءَ اِلَيْهَا قَالَ وَكَذٰلِكَ عِنْدَ جُمْهُوْرِهِمُ الْبِدْعَةُ ۔

امام قاضی عیاض رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ علماء کا اس پر اجماع ہو چکا ہے کہ کافر کی امامت منعقد نہیں ہوتی تو اگر امام پر کفر طاری ہو جائے تو معزول ہو جائے گا۔ فرمایا ایسے ہی اگر نماز قائم کرنا اور اس کی طرف دعوت دینا چھوڑ دے تو بھی معزول ہو گا۔ فرمایا اسی طرح جمہو

Marfat.com

نووی شرح مسلم ص۱۲۵ ج۲

کے نزدیک بدعت کا طاری ہونا بھی
ہے۔

یہی امام تیسری جگہ فرماتے ہیں:-

قَالَ الْقَاضِیْ فَلَوْ طَرَءَ
عَلَیْہِ کُفْرٌ اَوْ تَغْیِیْرٌ
لِلشَّرْعِ اَوْ بِدْعَۃٌ خَرَجَ
عَنْ حُکْمِ الْوَلَایَۃِ وَبدعۃ
سَقَطَتْ طَاعَتُہٗ وَوَجَبَ
عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ الْقِیَامُ
عَلَیْہِ وَخَلْعُہٗ وَنَصْبُ
اِمَامٍ عَادِلٍ اِنْ اَمْکَنَھُمْ
ذٰلِکَ فَاِنْ لَمْ یَقَعْ
ذٰلِکَ اِلَّا لِطَائِفَۃٍ وَجَبَ
عَلَیْھِمُ الْقِیَامُ بِخَلْعِ
الْکَافِرِ وَلَا یَجِبُ فِی
الْمُبْتَدِعِ اِلَّا اِذَا ظَنُّوْا
الْقُدْرَۃَ عَلَیْہِ فَاِنْ
تَحَقَّقُوْا الْعَجْزَ لَمْ یَجِبِ
الْقِیَامُ وَلْیُھَاجِرِ الْمُسْلِمُ
عَنْ اَرْضِہٖ اِلٰی غَیْرِھَا
وَیَفِرُّ بِدِیْنِہٖ۔

امام قاضی عیاض نے فرمایا ہے کہ اگر
امام پر کفر یا شرع کو بدلنا یا بدعت طاری ہو
جائے تو وہ امام (خود بخود) ولایت و
امامت سے خارج ہو جائے گا اور اس
کی اطاعت ساقط ہو جائے گی اور
مسلمانوں پر اس کے خلاف کھڑا ہونا
اور اسکو امامت سے ہٹانا اور اسکی جگہ
امام عادل کا مقرر کرنا واجب ہو جائے
گا بشرطیکہ ان میں اسکی قدرت و طاقت
ہو اور اگر ایسا نہ ہو (کہ سارے مسلمان
اس کے خلاف کھڑے ہوں) بلکہ کوئی
چھوٹی جماعت کھڑی ہو تو اس پر کافر
کا ہٹانا تو واجب ہوگا اور مبتدع کا
ہٹانا اس وقت واجب ہوگا جب کہ
جماعت کو اپنی قدرت کا ظن غالب ہو
پس اگر ان کو اپنا عجز و کمزوری متحقق ہو تو
(اس کے خلاف) کھڑا ہونا واجب نہیں
اور مسلمان اس کے ملک سے کسی دوسری

Marfat.com

زمین میں ہجرت کر جائے اور اپنے دین و ایمان کے ساتھ (وہاں سے) بھاگ جائے۔

نووی علیٰ مسلم ص۱۲۵ ج۲

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :-

اِنَّ الاِمَامَ یَنْعَزِلُ بِالْفِسْقِ وَ الْجَوْرِ وَ کَذَا کُلُّ قَاضٍ وَ اَمِیْرٍ وَاصلُ الْمَسْئَلَۃِ اَنَّ الْفَاسِقَ لَیْسَ مِنْ اَھْلِ الْوِلَایَۃِ اِنَّہٗ لَایَنْظُرُ لِنَفْسِہٖ فَکَیْفَ یَنْظُرُ لِغَیْرِہٖ
شرح عقائد ص۱۱۰

بیشک امام ظلم و فسق کی وجہ سے خود بخود معزول ہو جاتا ہے اور ایسے ہی ہر قاضی اور امیر بھی۔ اور اصل مسئلہ یہی ہے کہ فاسق ولایت و امامت کا اہل ہی نہیں ہے۔ اس لیے کہ جب وہ اپنی ہی ذات کا خیال نہیں کرتا تو کسی دوسرے کا خیال کیسے کرے گا۔"

اگرچہ فاسق و فاجر امام و امیر کا خود بخود معزول ہو جانا مختلف فیہ ہے لیکن اس کا مستحق عزل ہو جانا متفق علیہ ہے چنانچہ علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

وَکَذَا فِیْ انْعِزَالِہٖ بِالْفِسْقِ وَ الْاَکْثَرُوْنَ عَلٰی اَنَّہٗ لَایَنْعَزِلُ وَ ھُوَ الْمُخْتَارُ مِنْ مَذْھَبِ الشَّافِعِیِّ وَ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ وَ عَنْ مُحَمَّدٍ رضی اللہ عنھم رِوَایَتَانِ وَ یَسْتَحِقُّ الْعَزْلَ بِالْاِتِّفَاقِ
شرح عقائد ص۱۱۲ ج۲

اور ایسے ہی فسق کی وجہ سے امام کا خود بخود معزول ہو جانا (مختلف فیہ) ہے اور اکثر اس پر کہ فسق سے خود بخود معزول نہیں ہوتا اور یہی مذہب مختار ہے۔ امام شافعی اور امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہما کا۔ اور امام محمد رضی اللہ عنہ سے اس امر میں دونوں روایتیں ہیں اور فاسق کا مستحق عزل ہو جانا تو متفق علیہ ہے یعنی اس میں کسی کا اختلاف نہیں۔"

Marfat.com

اللہ تبارک و تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم، خلفاء راشدین، ائمہ عظام اور علماء کرام رضی اللہ عنہم کے ارشادات سے ثابت ہوا کہ فاسق و فاجر، ظالم و مبتدع اور مغیّر الشرع یہ صلاحیت ہی نہیں رکھتا کہ وہ مسلمانوں کا امام و امیر ہو سکے۔ اسکی امامت باطل اور اسکی اتباع و اطاعت ناجائز ہے۔

علامہ امام عبدالغنی نابلسی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

قَالَ الْاَفَانِی فِی شَرحِ جَوْهَرَتِهٖ فِی شَرْطِ الاِمَامَةِ اِنَّهَا خَمْسَةٌ اَلْاِسْلَامُ وَالْبُلُوْغُ وَالْعَقْلُ وَ الْحُرِّيَةُ وَعَدَمُ الْفِسْقِ بِجَارِحَةِ الاِعْتِقَادِ لِاَنَّ الْفَاسِقَ لَا يَصْلُحُ لِاَمْرِ الدِّين وَلَا يُوْثَقُ بِاَوَامِرِهٖ وَنَوَاهِيْهِ وَ الظَّالِمَ يَخْتَلُّ بِهٖ اَمْرُ الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا فَكَيْفَ يَصْلُحُ لِلْوِلَايَةِ وَمِنَ الْوَالِي لِدَفْعِ شَرِّهٖ اَلَيْسَ يُعْجِبُ اِسْتِرْعَاءُ الْغَنَمِ الذِّئْبَ

حدیقہ ندیہ شرح طریقہ محمدیہ

آفانی شرح جوہرہ میں فرماتے ہیں کہ امامت (کبریٰ) کے لیے پانچ شرطیں ہیں۔ اسلام، بلوغ، عقل، آزاد ہونا، اعتقادی و عملی فسق کا نہ ہونا۔ اس لیے کہ فاسق امر دین کی صلاحیت ہی نہیں رکھتا اور نہ اس کے اوامر و نواہی پر وثوق کیا جا سکتا ہے اور ظالم سے دین و دنیا کا امر مختل یعنی تباہ ہو کے رہ جائے گا تو کس طرح وہ ولایت و امارت کے لائق ہے اور اس کے شر کو دفع کرنے کے لیے اور کون حاکم ہوگا۔ کیا بھیڑیئے سے بکریوں کی رکھوالی تعجب خیز نہیں؟

اور اگر کوئی ظالم و فاسق شخص کسی وجہ و طریقہ سے اس منصب امامت پر قائم ہو جائے یا قائم کر دیا جائے تو وہ امام برحق یا عادل نہیں قرار پائے گا بلکہ وہ ظالم و فاسق ہی رہے گا۔ ہاں اس پر خروج کرنے اور اس کے خلاف کھڑے ہونے کے سلسلہ میں ائمہ کرام نے کتاب و سنّت کی روشنی میں چند اصول و قوانین مقرر فرمائے

Marfat.com

ہیں اور وہ یہ ہیں کہ :۔

وہ ظالم و فاسق امام و امیر جس کا ظلم و فسق ذاتی و انفرادی ہو یعنی اسکی اپنی ذات تک محدود ہو اور اس کا اثر دوسرے حکام اور رعایا تک نہ پہنچتا ہو جیسا کہ بعض امراء ذاتی حد تک چھپ کر عیاشی اور بدکاری کا ارتکاب کرتے رہتے ہیں مگر رعایا کے حقوق اور معاملاتِ حکومت میں عدل و انصاف بھی کرتے ہیں تو محض ان کے پوشیدہ ذاتی فسق و فجور کی بنا پر ان پر خروج کرنا جائز نہیں۔ کیونکہ ان کے عدل و انصاف کی وجہ سے بہرحال امارت کے مقصد کی تکمیل تو ہو ہی رہی ہے اگرچہ ذاتی فسق و فجور میں مبتلا ہونے کی وجہ سے وہ سخت گنہ گار اور عنداللہ مستحق سزا ہیں۔

احادیث مبارکہ میں جو یہ آیا ہے کہ ظالم و فاسق امام و امیر سے جھگڑا نہ کرو بلکہ اسکی بات سنو اور مانو اس سے مراد ایسا ہی امام و امیر ہے جس کا ظلم و فسق ذاتی و انفرادی اور پوشیدہ ہو۔ چنانچہ حضرت عبادہ بن الصامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ نے مجھ سے فرمایا اے عبادہ !

| | |
|---|---|
| اِسْمَعْ وَاَطِعْ فِیْ عُسْرِكَ وَیُسْرِكَ وَمَنْشَطِكَ وَمَكْرَهِكَ وَاَثَرَةٍ عَلَیْكَ وَاِنْ اَكَلُوْا مَالَكَ وَضَرَبُوْا ظَهْرَكَ اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ مَعْصِیَةَ اللّٰهِ بَوَاحًا ۔ کنز العمال ص۴۶ ج۵ | (حاکمِ وقت) کی سنو اور اطاعت کرو مشکل و آسانی اور خوشی و ناخوشی اور اسکو اپنے اوپر ترجیح دینے میں اگرچہ وہ تمہارا مال کھائیں اور تمہاری پیٹھ پر ماریں مگر یہ کہ کھلم کھلا اللہ کی نافرمانی ہو |

اس ارشادِ گرامی سے صاف طور پر ثابت ہوا کہ امام و امیر جب علانیہ طور پر فسق و فجور کا ارتکاب کرنے لگے تو پھر اس کو ماننا اور اس کی اطاعت کرنا جائز نہیں ہے اور وہ امام و امیر جس کا ظلم و فسق اس کی ذات سے گزر کر حکام،

Marfat.com

اکابرِ اُمّت اور عام لوگوں تک پہنچنے اور اثر انداز ہونے لگے تو اس صورت میں اگر وہ خود بخود معزول نہیں بھی ہوتا تو مستحقِ عزل تو بالاتفاق ضرور ہو جاتا ہے۔ اگر مسلمان قدرت وطاقت رکھتے ہوں تو ان پر اس کا ہٹانا اور اس کی جگہ عادل امام مقرر کرنا واجب ہو جاتا ہے اور اگر قدرت وطاقت نہ رکھتے ہوں تو پھر ان پر یہ ہے کہ وہ صبر کریں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کریں اور فتنہ وفساد اور جانوں کے ضیاع کے خوف کی وجہ سے خروج نہ کریں کیونکہ اس صورت میں وہ معذور بھی ہیں اور بہت زیادہ نقصان کا اندیشہ بھی ہے۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ یزید فاسق وفاجر، ظالم وشرابی اور بدکار تھا یا نہیں؟ تو بلاشک وشبہ بالاتفاق وہ فاسق وفاجر اور ظالم وشرابی تھا بلکہ اس نے ایسے ایسے اعمالِ قبیحہ اور افعالِ شنیعہ کئے کہ بعض اکابرِ اُمّت کے نزدیک وہ کافر ہو گیا تھا (جیسا کہ آئندہ صفحات میں آئے گا) تو امامِ عالی مقام کے نزدیک وہ ہرگز مسلمانوں کی امامت وسیادت کا اہل ہی نہ تھا اور نہ ہی قواعد شرعیہ کے مطابق متفقہ طور پر اسکی امامت قائم ہوئی تھی۔ نہ ہی آپ نے اسکو امام وامیر تسلیم کیا تھا۔ آپ کے نزدیک اسکی امامت باطل تھی اور اس کا ہٹانا واجب وضروری تھا۔ لیکن آپ یہ سمجھتے تھے کہ پچھلے حالات وواقعات کے پیشِ نظر مسلمانوں میں آپس میں بہت زیادہ فسادات اور خونریزی ہوئی ہے، سب لوگ میرا ساتھ نہیں دیں گے لہٰذا صبر کیا جائے اور مدینہ منورہ سے ہجرت کر کے مکہ مکرمہ سکونت اختیار کی جائے کہ بمطابق فرمانِ خداوندی جائے امن ہے "وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا" چنانچہ آپ نے ایسا ہی کیا لیکن کوفیوں کے پے در پے خطوط اور وفود کے آنے اور پھر حضرت مسلم بن عقیل کے کوفہ جا کر بچشمِ خود حالات کا جائزہ لے کر اطلاع دینے سے کہ حالات تسلی بخش ہیں امامِ عالی مقام کو یہ یقین ہو گیا کہ اب اتنے حامی مل گئے ہیں

Marfat.com

جن کے ساتھ وہ اس ظالم حکومت کے خلاف کامیاب انقلاب برپا کر سکتے ہیں تو اس یقین کے بعد وہ مکہ مکرمہ سے نکل کھڑے ہوتے۔

چنانچہ علامہ ابنِ خلدون لکھتے ہیں:۔

وَ اَمَّا الْحُسَيْنُ فَاِنَّهٗ لَمَّا ظَهَرَ فِسْقُ يَزِيْدَ عِنْدَ الْكَافَّةِ مِنْ اَهْلِ عَصْرِهٖ بَعَثَتْ شِيْعَةُ اَهْلِ الْبَيْتِ بِالْكُوْفَةِ لِلْحُسَيْنِ اَنْ يَّاْتِيَهُمْ فَيَقُوْمُوْا بِاَمْرِهٖ فَرَاَى الْحُسَيْنُ اَنَّ الْخُرُوْجَ عَلٰى يَزِيْدَ مُتَعَيِّنٌ مِنْ اَجْلِ فِسْقِهٖ لَا سِيَّمَا مَنْ لَّهُ الْقُدْرَةُ عَلٰى ذٰلِكَ وَ ظَنَّهَا مِنْ نَفْسِهٖ بِاَهْلِيَّتِهٖ وَشَوْكَتِهٖ فَاَمَّا الْاَهْلِيَّةُ فَكَانَتْ كَمَا ظَنَّ وَ زِيَادَةً وَ اَمَّا الشَّوْكَةُ فَغَلَطَ يَرْحَمُهُ اللّٰهُ

اور رہے امام حسین! تو جب یزید کا فسق و فجور اس کے زمانہ کے سب لوگوں کے نزدیک ظاہر ہو گیا تو کوفہ سے اہلِ بیت کے شیعوں نے امام حسین کے پاس پیغامات بھیجے کہ وہ ان کے پاس تشریف لے آئیں تو وہ سب ان کی اطاعت میں (یزید کے مقابلہ میں) کھڑے ہو جائیں گے۔ پس اس وقت امام حسین نے سمجھ لیا کہ اب طاقتِ مقابلہ حاصل ہو گئی ہے لہٰذا یزید کے خلاف اس کے فسق و فجور کی وجہ سے کھڑا ہو جانا متعیّن ہو گیا ہے خاص کر اس شخص کے لیے جسے اس پر قدرت حاصل ہو جائے اور حضرت امام حسین کو اپنی ذات میں اس قدرت و قوّت اور اہلیت و صلاحیت کا ظنِ غالب پیدا ہو گیا تھا (ابنِ خلدون لکھتے ہیں) جہاں تک اہلیت و صلاحیت کا تعلق ہے تو وہ بلا شک و

Marfat.com

فیہا۔

مقدمہ ابن خلدون ص۱۸۰

شبہ ان میں تھی جیسا کہ ان کا گمان تھا بلکہ اس سے بھی زیادہ تھی لیکن جہاں تک قوت و شوکت کا تعلق ہے (جس کا کوفیوں نے یقین دلایا تھا) تو اس کے سمجھنے میں غلطی کھائی۔ اللہ ان پر رحم فرمائے۔

یہی علامہ آگے لکھتے ہیں :۔

فَقَدْ تَبَیَّنَ لَکَ غَلَطُ الْحُسَیْنِ اِلَّا اَنَّہٗ فِیْ اَمْرٍ دُنْیَوِیٍّ لَایَضُرُّہٗ الْغَلَطُ فِیْہِ وَاَمَّا الْحُکْمُ الشَّرْعِیُّ فَلَمْ یَغْلَطْ فِیْہِ لِاَنَّہٗ مَنُوْطٌ بِظَنِّہٖ وَکَانَ ظَنُّہُ الْقُدْرَۃَ عَلٰی ذٰلِکَ

مقدمہ ابن خلدون ص۱۸۱

تم پر یہ واضح ہو گیا کہ امام حسین نے یزید کے مقابلہ میں اپنی مادی قوت و شوکت کے سمجھنے میں کوفیوں کے تعاون کے یقین کی وجہ سے غلطی کی اگر یہ غلطی ایک دنیوی امر (جنگی تدبیر و قوت) میں تھی اور اس غلطی میں ان کا کچھ بھی نقصان نہ تھا۔ رہا حکم شرعی تو اس میں انھوں نے کوئی غلطی نہیں کی کیونکہ ان کا گمان یہ تھا کہ (انھیں یزید کے مقابلہ کی) قدرت حاصل ہے۔

اور رہا بعض صحابہ کرام کا امام عالی مقام کو یزید کے خلاف خروج سے روکنا تو وہ اس وجہ سے نہیں تھا کہ ان کے نزدیک یہ خروج ناجائز یا خلیفۂ برحق کے ساتھ بغاوت پر مبنی تھا بلکہ وہ اہل کوفہ کی بیوفائی کے پیش نظر تھا۔ کیونکہ وہ اہل کوفہ کو قابل اعتماد نہیں سمجھتے تھے اور جانتے تھے کہ وہ اپنے وعدوں پر

Marfat.com

قائم نہیں رہیں گے گویا ان کے نزدیک اسبابِ خروج مہیا نہ تھے اس لیے انھوں نے امامِ پاک کو روکنے کی بہت کوشش کی اور امامِ پاک نے اہلِ کوفہ کے پیہم اصرار اور مسلم بن عقیل کے ہاتھ پر ان کی بیعت اور پھر مسلم بن عقیل کی تسلی بخش اطلاع کے آنے پر یہ سمجھ لیا کہ اسبابِ خروج مہیا ہو گئے ہیں۔ لہذا نکل کھڑے ہوئے حاصل کلام یہ کہ امامِ پاک اور صحابہ کرام کے درمیان اختلاف صرف اسباب کے مہیا ہونے یا نہ ہونے پر تھا۔

چنانچہ افسوس صد افسوس کہ محبتِ اہلِ بیت کے دعوے دار کوفیوں نے صحابہ کرام کے خیال کے مطابق بے وفائی کی اور امامِ عالیمقام یزیدی حکومت کے خلاف انقلاب برپا نہ کر سکے اور ان کو اپنے اہل وعیال کے سامنے اپنے جگر کے ٹکڑوں اور بہترین ساتھیوں کے ساتھ انتہائی مظلومیت کے عالم میں جامِ شہادت نوش کرنا پڑا۔ اس ناچیز کے نزدیک امامِ پاک نے وہ عظیم انقلاب برپا کیا کہ اس کے اثرات فوری نہ سہی دیرپا ضرور تھے چنانچہ آج بھی ان کی قربانی مشعلِ راہ ہے۔

ثابت ہوا کہ امامِ عالی مقام کا خروج ہرگز بلا وجہ، بغاوت اور فساد فی الارض کے مترادف نہ تھا بلکہ ظالم حکومت کے تسلط کو دفع کرنے اور مسلمانوں کو یزید کے ظلم و ستم سے بچانے کے لیے تھا۔ چنانچہ حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

خروج امام حسین علیہ السلام بنا بر دعوائے خلافت راشدہ پیغامبر کہ بر در سی سال منقضی گشت نبود بلکہ بنا بر تخلیص رعایا از دست ظالم بود و اعانۃ المظلوم علی الظالم من الواجبات۔

حضرت امام حسین علیہ السلام کا خروج (یزید کے خلاف) دعوائے خلافت راشدہ کی بنا پر نہ تھا کیونکہ وہ تیس سال گزرنے پر ختم ہو چکی تھی بلکہ رعایا کو ایک ظالم (یزید) کے ہاتھ سے نجات دلانے کی بنا پر تھا۔ اور ظالم کے مقابلے میں مظلوم کی

Marfat.com

مدد کرنا واجبات دین میں سے ہے۔

(فتاوی عزیزی ص ۱۲)

اس کے بعد فرماتے ہیں۔

آنچہ در مشکوٰۃ شریف ثابت است کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم از بغی و خروج بر بادشاہ وقت اگرچہ ظالم باشد منع فرمودہ اند پس در آں وقت کہ آں بادشاہ ظالم بلا منازع و مزاحم تسلط تام پیدا کردہ باشد و ہنوز اہل مکہ و اہل کوفہ بہ تسلط یزید پلید راضی نہ شدہ بودند و مثل حضرت امام حسین و عبداللہ بن عباس و عبداللہ بن عمر و عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم بیعت نہ کردہ بالجملہ خروج امام حسین رضی اللہ عنہ برائے دفع تسلط او بود نہ برائے رفع تسلط و آنچہ در حدیث ممنوع است کہ برائے رفع تسلط سلطان جائر باشد وَالْفَرْقُ بَيْنَ الدَّفْعِ وَالرَّفْعِ ظَاهِرٌ مَشْهُوْرٌ فِي الْمَسَائِلِ الْفِقْهِيَّةِ ،

(فتاوی عزیزی ص ۱۲)

اور یہ جو مشکوٰۃ شریف سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بادشاہ وقت کی بغاوت اور اس کے خلاف کھڑے ہونے سے منع فرمایا ہے خواہ وہ ظالم ہی کیوں نہ ہو یہ اس وقت کیلیے ہے کہ وہ ظالم بادشاہ بلا کسی جھگڑے اور مزاحمت کے پورا پورا تسلط حاصل کر لے اور یہاں ابھی تک اہل مدینہ و اہل مکہ و اہل کوفہ یزید پلید کے تسلط سے راضی ہی نہ تھے اور حضرات امام حسین و عبداللہ بن عباس و عبداللہ بن عمر و عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم جیسے حضرات نے اس کی بیعت ہی نہیں کی تھی الحاصل حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا خروج یزید کے (ظالمانہ) تسلط کے دفع کرنے کے لیے تھا نہ کہ رفع کیلئے (کیونکہ تسلط مان کر خروج ہوتا تو رفع ہوتا ماننے سے پہلے تو دفع کی صورت ہوئی جو ممنوع نہیں) اور وہ خروج جو حدیث میں ممنوع ہے وہ وہی ہے جو ظالم بادشاہ کا تسلط رفع کرنے کیلئے ہو اور دفع اور رفع میں جو فرق ہے وہ مسائل فقہیہ میں ظاہر و مشہور ہے۔

Marfat.com

علامہ امام ملا علی قاری علیہ رحمۃ الباری فرماتے ہیں :-

| | |
|---|---|
| وَ مَا تَفَوَّہَ بعض الجھلۃ مِنْ اَنَّ الحُسَیْنَ کَانَ بَاغِیا فَبَاطِلٌ عِنْدَ اَھلِ السُّنۃِ وَ الجَمَاعَۃِ وَ لَعَلّ ھٰذَا مِن ھَذْیَانَاتِ الخَوَارِجِ الخَوَارِجِ عَنِ الجَادَّۃِ شرح فقہ اکبر ص۸۷ | اور یہ جو بعض جاہلوں نے افواہ اُڑا رکھی ہے کہ حضرت امام حسین (رضی اللہ عنہ) باغی تھے تو یہ اہلِ سُنّت وجماعت کے نزدیک باطل ہے شاید یہ خارجیوں کے ہذیانات (بکواس) ہیں جو راہِ مستقیم سے ہٹے ہوئے ہیں ۔ |

امام ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کی اس عبارت سے واضح ہو گیا کہ جو لوگ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو معاذ اللہ باغی وغیرہ کہتے ہیں اور یزید پلید کو امامِ عادل اور برحق سمجھتے ہیں وہ ہرگز ہرگز اہلِ سنّت وجماعت میں سے نہیں ہیں بلکہ وہ خارجی ویزیدی ہیں اور حضرت امام پاک رضی اللہ عنہ کو باغی وغیرہ کہنا یہ ان کی بکواس ہے ۔

الحمد للہ دلائلِ حقّہ شرعیہ سے ثابت ہو گیا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے نزدیک یزید بوجہ فاسق و فاجر ہونے کے ہرگز مسلمانوں کی امامت وسیادت کے لائق نہ تھا اور نہ اسکی امامت قواعدِ شرعیہ کے مطابق ہوئی تھی اور نہ آپ نے اس کی بیعت کی تھی اور نہ آپ پر اس کی اطاعت واجب تھی ۔ اس لیے آپ نے اس کے خلاف جو کچھ کیا وہ کتاب وسُنّت کے احکام کے مطابق کیا ۔ لہٰذا آپکو باغی ، فسادی کہنا بالکل غلط اور پرلے درجے کی جہالت اور آپ کی سخت اہانت اور اہلِ بیتِ نبوّت کے ساتھ بغض وعداوت کی کھلی دلیل ہے ۔

Marfat.com

ناپاک اور نجس تھی طبیعت یزید کی          گستاخ و بے ادب تھی جبلّت یزید کی
حد سے گزر چکی تھی شرارت یزید کی          مشہور ہو چکی تھی خباثت یزید کی
بدکار اور فاسق و آثم یزید تھا
بدخلق اور جابر و ظالم یزید تھا
موجود ہے حدیث میں فرمانِ مصطفٰےؐ          بدلے گا ایک شخص میری سنّتِ ہدیٰ
فتنوں کا کھول دے گا وہ دروازہ برملا          اُمّت میں ہے فساد کی وہ ذات ابتدا
ہو گا بنی اُمیّہ میں وہ ننگِ خانداں
اس کا یزید نام ہے بے شبہ و بے گماں

Marfat.com

# سوال نمبر ۳

کیا یزید عالم و فاضل، متقی و پرہیزگار، پابندِ صوم وصلوٰۃ، نہایت صالح اور حد درجہ کریم النفس اور حلیم الطبع وغیرہ تھا جیسا کہ "خلافتِ معاویہ و یزید" کے مصنف عباسی نے لکھا ہے کہ :۔

"علم و تقویٰ و پرہیزگاری، پابندیٔ صوم وصلوٰۃ کے ساتھ امیر یزید حد درجہ کریم النفس، حلیم الطبع، سنجیدہ اور متین تھے۔" (خلافتِ معاویہ و یزید ص ۴۹)

یا کہ یزید فاسق و فاجر، ظالم و شرابی تھا۔ اور کیا اس پر لعنت وغیرہ کرنا جائز ہے یا نہیں؟

**جواب** یزید پلید ہرگز متقی پرہیزگار، پابندِ صوم وصلوٰۃ اور صالح نہیں تھا بلکہ فاسق و فاجر اور ظالم و شرابی تھا۔ اس کے فاسق و فاجر اور شرابی وغیرہ ہونے میں تو کسی کو اختلاف نہیں۔ ہاں اس کے کافر ہونے اور اس پر لعنت وغیرہ کرنے میں اختلاف ہے۔ قدر تفصیل ملاحظہ ہو۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مَا کَانَ وَمَا یَکُوْن کا علم عطا فرمایا تھا۔ آپ نے مخلوقات کی ابتدا سے لے کر جنتیوں کے جنت میں جانے اور دوزخیوں کے دوزخ میں جانے تک کے سب حالات اپنے صحابہ کے سامنے بیان فرما دیئے تھے۔ چنانچہ امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں :۔

Marfat.com

فَاَخْبَرَنَا عَنْ بَدْءِ الْخَلْقِ حَتّٰى دَخَلَ اَهْلُ الْجَنَّةِ مَنَازِلَهُمْ وَ اَهْلُ النَّارِ مَنَازِلَهُمْ حَفِظَ ذٰلِكَ مَنْ حَفِظَهٗ وَ نَسِيَهٗ مَنْ نَسِيَهٗ

بخاری شریف

کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ابتدار خلق سے لیکر جنتیوں کے جنت میں داخل ہونے اور دوزخیوں کے دوزخ میں جانے تک ہمیں سب کچھ بتا دیا۔ یاد رکھا اس کو جس نے یاد رکھا اور بھلا دیا اسکو جس نے بھلا دیا۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:۔

قَامَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَامًا مَا تَرَكَ شَيْئًا يَكُوْنُ فِيْ مَقَامِهٖ ذٰلِكَ اِلٰى قِيَامِ السَّاعَةِ اِلَّا حَدَّثَ بِهٖ (مسلم شریف ص۳۹۰)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم میں قیام فرما کر کسی چیز کو نہ چھوڑا (بلکہ) قیامت تک جو کچھ بھی ہونے والا تھا سب بیان فرما دیا۔

انہی سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں:۔

مَا تَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ مِنْ قَائِدِ فِتْنَةٍ اِلٰى اَنْ تَنْقَضِيَ الدُّنْيَا يَبْلُغُ مَنْ مَعَهٗ ثَلٰثَ مِائَةٍ فَصَاعِدًا اِلَّا قَدْ سَمَّاهُ لَنَا بِاسْمِهٖ وَاسْمِ اَبِيْهِ وَاسْمِ قَبِيْلَتِهٖ مشکوٰۃ ص۴۶۳

کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اختتام دنیا تک کسی فتنہ کے بانی کو نہ چھوڑا اگر ہمیں اس کا نام اور اس کے باپ کا نام اور اس کے قبیلے کا نام تک بھی بتا دیا تھا کہ وہ تین سو سے زیادہ ہوں گے۔

اِن احادیث سے ثابت ہوا کہ ابتداءِ خلق سے لے کر قیامت تک جو کچھ ہونے والا تھا اور جتنے بانیانِ فتنہ و فساد ہونے والے تھے ان کے متعلق بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سب کچھ بیان فرما دیا تھا۔ چنانچہ یزیدی فتنہ کی خبر بھی آپ نے دی ہے۔ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

Marfat.com

لَا یَزَالُ اَمْرُ اُمَّتِیْ قَائِمًا بِالْقِسْطِ حَتّٰی یَکُوْنَ اَوَّلُ مَنْ یَثْلُمُہٗ رَجُلٌ مِّنْ بَنِیْ اُمَیَّۃَ یُقَالُ لَہٗ یَزِیْدُ

البدایہ والنہایہ ص۲۳۱ ج۸ الصواعق المحرقہ ص۲۱۹

میری امت کا امر (حکومت) عدل کے ساتھ قائم رہے گا۔ یہاں تک کہ پہلا شخص جو اسے تباہ کرے گا وہ بنی اُمیہ میں سے ہوگا جس کو یزید کہا جائیگا۔

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا۔

یَقُوْلُ مَنْ یُبَدِّلُ سُنَّتِیْ رَجُلٌ مِنْ بَنِیْ اُمَیَّۃَ یُقَالُ لَہٗ یَزِیْدُ

الصواعق المحرقہ ص۲۱۹

فرماتے تھے پہلا وہ شخص جو میرے طریقہ کو بدلے گا وہ بنی اُمیہ میں سے ہوگا جس کو یزید کہا جائے گا۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ فرمایا۔

اَوَّلُ مَنْ یُّغَیِّرُ سُنَّتِیْ رَجُلٌ مِنْ بَنِیْ اُمَیَّۃَ

(البدایہ والنہایہ ص۲۳۱ ج۸)

پہلا وہ شخص جو میری سُنت کو بدلے گا بنی اُمیہ میں سے ہوگا۔

حدیث کی شہرہ آفاق کتاب صحیح بخاری شریف میں باب باندھا گیا ہے۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھَلَاکُ اُمَّتِیْ عَلٰی یَدَیْ اُغَیْلِمَۃٍ سُفَہَاءَ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد کہ میری اُمت کی ہلاکت چند بیوقوف لڑکوں کے ہاتھوں سے ہوگی

اور اس باب کے تحت حدیث بیان کی کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے الصادق المصدوق نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ فرماتے تھے۔

ھَلَکَۃُ اُمَّتِیْ عَلٰی اَیْدِیْ غِلْمَۃٍ مِنْ قُرَیْشٍ فَقَالَ مَرْوَانُ لَعْنَۃُ

کہ میری امت کی ہلاکت قریش کے چند لڑکوں کے ہاتھوں سے ہوگی تو (یہ سن کر)

Marfat.com

اللهِ عَلَيْهِمْ غِلْمَةٌ فَقَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ لَوْ شِئْتُ اَنْ اَقُوْلَ بَنِيْ فُلَانٍ وَ بَنِيْ فُلَانٍ لَفَعَلْتُ

بخاری شریف ص ۱۰۴۶

مروان نے کہا ان لڑکوں پر اللہ کی لعنت ہو۔ تو ابوہریرہ نے فرمایا اگر میں چاہوں تو بتادوں کہ وہ فلاں ابن فلاں اور فلاں بن فلاں ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادِ گرامی سے ثابت ہوا کہ اُمّت کی ہلاکت و تباہی کا سبب چند قریشی لڑکے بنیں گے۔ اس حدیث سے مُراد نابالغ لڑکے نہیں بلکہ وہ بالغ مراد ہیں جو عمر کے لحاظ سے تو بالغ ہیں مگر عقل و فہم اور تدبیر کے لحاظ سے نابالغ ہیں چنانچہ علامہ حافظ امام ابنِ حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں:-

قُلْتُ وَقَدْ يُطْلَقُ الصَّبِيُّ وَالْغُلَيِّمُ بِالتَّصْغِيْرِ عَلَى الضَّعِيْفِ الْعَقْلِ وَالتَّدْبِيْرِ وَالدِّيْنِ وَلَوْ كَانَ مُحْتَلِماً وَهُوَ الْمُرَادُ هُنَا فَاِنَّ الْخُلَفَاءَ بَنِيْ اُمَيَّةَ لَمْ يَكُنْ فِيْهِمْ مَنْ اُسْتُخْلِفَ وَهُوَ دُوْنَ الْبُلُوْغِ

فتح الباری ص ۱۳

میں کہتا ہوں کہ صبی اور غُلَیّم (لڑکا) کا لفظ تصغیر کے ساتھ اس پر بھی بولا جاتا ہے جو عقل و تدبیر اور دین میں کمزور اور ضعیف ہو۔ اگرچہ وہ جوان ہو اور یہاں یہی مراد ہے کیونکہ خلفاء بنو اُمیّہ میں کوئی ایسا نہ تھا جو عمر کے لحاظ سے نابالغ ہوتا۔

اس حدیث میں یہ بات خاص طور پر قابلِ غور ہے کہ فرمایا ان بدعقل لڑکوں کے ہاتھوں میری اُمّت کی تباہی ہوگی یعنی ان کی بدعقلی و بدفہمی کی وجہ سے جو کچھ ہوگا اس سے چند افراد ہی ہلاک نہ ہوں گے بلکہ پوری اُمّت اس طرح ہلاکت کا شکار ہوگی کہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اتحاد و اتفاق کا شیرازہ بکھر جائے گا اور آپس میں اس قسم کے اختلافات پیدا ہوں گے جو ہمیشہ امّت کی تباہی و بربادی کا سبب بنتے رہیں گے۔ یزید کے حامیوں سے یہ سوال ہے کہ قریش کے وہ چند لڑکے جو امّت کی

Marfat.com

ہلاکت وتباہی کا سبب بنے وہ کون تھے؟ اگر ان کو معلوم نہیں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور اکابر ائمۂ امت کے ارشادات ملاحظہ ہوں۔

شیخ محقق حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اسی حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں:۔

در مجمع البحار آوردہ کہ ابوہریرہ می شناخت ایشاں را باسمار اشخاص ایشاں وسکوت می کرد از تعین ونام بردن ایشاں از جہت ترس ومفسدہ ومراد یزید بن معاویہ وعبیداللہ بن زیاد ومانند ایشاں انداز احداث ونوسالان بنی اُمیہ خذلہم اللہ وتحقیق صادر شد از ایشاں از قتل اہلبیت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم وبند کردن ایشاں وکشتن خیار مہاجرین وانصار آنچہ شد وصادر شد از حجاج کہ امیر الامراء عبدالملک بن مروان بود واز سلیمان بن عبدالملک و اولاد او از ریختن خونہا وتلف کردن مالہا آنچہ پوشیدہ نیست بر ہیچکس۔

(اشعۃ اللمعات ص۲۸۶/۴)

کہ مجمع البحار میں لائے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ ان لڑکوں کو ان کے ناموں اور صورتوں سے پہچانتے تھے مگر ڈر اور فساد کی وجہ سے اُن کا نام ظاہر نہیں فرماتے تھے اور مراد یزید بن معاویہ اور ابن زیاد اور انکی مثل بنی اُمیہ کے دوسرے نوجوان ہیں۔ اللہ انکو ذلیل کرے بلاشبہ ان ہی سے اہل بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قتل اور انکا قید کرنا اور خیار مہاجرین وانصار کا قتل کرنا ظہور میں آیا ہے اور حجاج جو عبدالملک بن مروان کا امیر الامراء تھا اور سلیمان بن عبدالملک اور اس کی اولاد سے جو لوگوں کی جان ومال کی تباہی وبربادی ہوئی ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

Marfat.com

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ اِمَارَۃِ الصِّبْیَانِ، قَالُوا وَمَا اِمَارَۃُ الصِّبْیَانُ؟ قَالَ اِنْ اَطَعْتُمُوْھُمْ ھَلَکْتُمْ (اَیْ فِی دِیْنِکُم) وَاِنْ عَصَیْتُمُوْھُمْ اَھْلَکُوْکُمْ (اَیْ فِی دُنْیَاکُمْ) بِاِزْھَاقِ النَّفْسِ اَوْ بِاِذْھَابِ الْمَالِ اَوْ بِھِمَا۔

فتح الباری ص۱۳/۸

میں لڑکوں کی امارت (حکومت) سے پناہ مانگتا ہوں۔ صحابہ نے عرض کیا لڑکوں کی امارت کیسی ہوگی؟ فرمایا اگر تم ان کی اطاعت کروگے تو (دین کے معاملے میں) ہلاک ہوجاؤ گے اور اگر تم ان کی نافرمانی کروگے تو وہ تمھیں (تمھاری دنیا کے بارے میں) جان لے کر یا مال لے کر یا دونوں لے کر ہلاک کر دیں گے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا فرمایا:۔

یَکُوْنُ خَلْفٌ مِنْ بَعْدِ سِتِّیْنَ سَنَۃً اَضَاعُوا الصَّلٰوۃَ وَاتَّبَعُوا الشَّھَوَاتِ فَسَوْفَ یَلْقَوْنَ غَیًّا۔

البدایہ والنہایہ ص۲۳۰/۸

وہ ناخلف ساٹھ ہجری کے بعد ہوں گے جو نمازیں ضائع کریں گے اور شہوات کی پیروی کریں گے تو وہ عنقریب غی (جہنم کی ایک سخت وادی) میں ڈالے جائیں گے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

تَعَوَّذُوْا بِاللّٰہِ مِنْ سَنَۃِ سِتِّیْنَ وَمِنْ اِمَارَۃِ الصِّبْیَانِ البدایہ والنہایہ ۲۳۱/۸

ساٹھ ہجری کے سال اور لڑکوں کی امارت وحکومت سے اللہ کی پناہ مانگو۔

انہی سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

وَیْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ

اور اہل عرب کیلئے بڑی ہلاکت ہے

Marfat.com

| | |
|---|---|
| قَد اقْتَرَبَ عَلٰی رَأسِ | بسبب اس شر کے جو ۶۰ھ سے |
| سِتِّیْنَ تَصِیْراً لامانَۃَ | شروع ہوگا۔ اس وقت امانت کو |
| غَنِیمۃً وَالصَّدَقَۃُ غَرامَۃً | مالِ غنیمت اور صدقہ و زکوٰۃ کو تاوان |
| وَالشَّھادَۃُ بِالمَعرِفَۃِ وَالحکمِ | سمجھیں گے اور گواہی دینا اس کیلیے |
| بِالھَوٰی۔ | ہوگا جس کے ساتھ جان پہچان ہو گی |
| کنز العمال صہ ۲۵ / ۹ | اور حکم ہوگا ساتھ خواہشاتِ نفسانی کے |

ان احادیث سے واضح طور پر ثابت ہوگیا کہ ان بدعقل لڑکوں کی حکومت و امارت ۶۰ھ سے شروع ہوگی (اور یزید پلید ۶۰ھ ہی میں تخت نشین ہوا) اور ان لونڈوں کی حکومت و امارت کا یہ عالم ہوگا کہ ان کی اطاعت سے دین کی تباہی اور ان کی نافرمانی سے جان و مال کی تباہی ہوگی چنانچہ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا۔

| | |
|---|---|
| یَا کعبَ بْنَ عُجْرَۃ اُعِیذُکَ | اے کعب بن عجرہ! میں تجھ کو بیوقوفوں کی |
| بِاللہِ مِنْ اِمَارَۃِ السُّفَھاءِ | حکومت سے اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں |
| قُلْتُ یَا رَسُولَ اللہِ وَمَا | میں نے عرض کیا یا رسول اللہ وہ بیوقوفوں |
| اِمَارَۃُ السُّفَھاء قَالَ | کی حکومت کیا ہے؟ فرمایا عنقریب ایسے |
| یُوشَکُ اَنْ تکُونَ اَمَراءُ | امراء ہوں گے کہ بات کریں گے تو جھوٹ |
| اِنْ حَدَّثُوا کَذَبُوا | بولیں گے اور عمل کریں گے تو ظلم کریں گے |
| وَ اِنْ عَمِلُوا ظَلَمُوا | پس جو ان کے پاس آکر ان کے جھوٹ |
| فَمَنْ جَاءَھُمْ فَصَدَّقَھُمْ | کی تصدیق کریگا اور ان کے ظلم پر انکی |
| بِکِذبِھِمْ وَ اَعَانَھُمْ | مدد کرے گا تو وہ مجھ سے نہیں اور میں |
| عَلٰی ظُلْمِھِمْ فَلَیسَ مِنّی | اس سے نہیں اور نہ وہ کل (قیامت |

Marfat.com

وَلَسْتُ مِنْهُ وَلَا يَرِدُ عَلَى حَوْضِي غَدًا وَمَنْ لَمْ يَأْتِهِمْ وَلَمْ يُصَدِّقْهُمْ وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ فَهُوَ مِنِّي وَ اَنَا مِنْهُ وَهُوَ يَرِدُ عَلَى حَوْضِي غَدًا۔

کے دن) میرے حوض کوثر پر آئے گا اور جو اُن کے پاس نہیں آئے گا اور نہ انکی تصدیق کرے گا اور نہ اُن کے ظلم پر انکی اعانت کریگا وہ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں اور وہ کل (قیامت کے دن) میرے حوضِ کوثر پر آئے گا۔

کنز العمال ص ۲۷۷/۵

اس حدیث میں ان بدعقل امراء کی نشانیاں بیان ہوئی ہیں کہ وہ جھوٹ بولیں گے اور ظلم کریں گے اور جو ان کے جھوٹ کی تصدیق کریں گے اور ان کے ظلم میں انکی مدد کریں گے وہ مجھ سے نہیں اور میں ان سے نہیں اور نہ ان کو میرے حوضِ کوثر پر آنا نصیب ہوگا۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ وہ بیوقوف، جھوٹے اور ظالم صبیان امراء کون ہیں جن کے ہاتھوں امت کی اور دین و دنیا کی تباہی و بربادی کی خبریں دی گئی ہیں تو حافظ ابنِ حجر عسقلانی ابن ابی شیبہ کی روایت بیان فرماتے ہیں:۔

اِنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ كَانَ يَمْشِي فِي السُّوقِ وَ يَقُولُ اَللّٰهُمَّ لَا تُدْرِكْنِي سَنَةُ سِتِّيْنَ وَلَا اِمَارَةُ الصِّبْيَانِ

کہ حضرت ابوہریرہ بازار میں چلتے ہوئے بھی (اللہ کی بارگاہ میں یہ) عرض کیا کرتے تھے کہ اے اللہ! مجھے سنہ ۶۰ھ (ہجری) کا سال اور صبیان کی امارت و حکومت نہ پائے یعنی اس سے پہلے مجھے وفات دے دے۔

فتح الباری ص ۸/۱۳

علامہ امام ابنِ حجر ہیثمی مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

وَكَانَ مَعَ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عِلْمٌ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

یزید کے بارے میں مذکورہ بالا باتیں جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا مَرَّ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَزِيْدَ فَإِنَّهُ كَانَ يَدْعُوا اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنْ رَأْسِ السِّتِّيْنَ وَإِمَارَةِ الصِّبْيَانِ فَاسْتَجَابَ اللّٰهُ فَتَوَفَّاهُ لَهُ سَنَةَ تِسْعٍ وَخَمْسِيْنَ وَكَانَتْ وَفَاةُ مُعَاوِيَةَ وَوِلَايَةُ ابْنِهِ سَنَةَ سِتِّيْنَ فَعَلِمَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ بِوِلَايَةِ يَزِيْدَ فِي هٰذِهِ السَّنَةِ فَاسْتَعَاذَ مِنْهَا لِمَا عَلِمَهُ مِنْ قَبِيْحِ أَحْوَالِهِ بِوَاسِطَةِ أَعْلَامِ الصَّادِقِ الْمَصْدُوْقِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَالِكَ۔

(صواعق محرقہ ص۲۱۹)

ہوئی ہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو ان کا علم تھا۔ اسی لیے وہ دعا کیا کرتے تھے کہ اے اللہ! میں ۶۰ھ کی ابتدا اور چھوکروں کی حکومت سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اللہ نے ان کی دعا قبول فرمائی اور ان کو ۵۹ھ میں وفات دے دی اور ۶۰ھ میں امیر معاویہ کی وفات ہوئی۔ اور یزید کی حکومت ہوئی اور ابوہریرہ جانتے تھے کہ ۶۰ھ میں یزید کی حکومت ہو گی اور یزید کے قبیح حالات کو وہ صادق مصدوق صلی اللہ علیہ وسلم کے بتانے سے جانتے تھے۔ اسی وجہ سے انہوں نے اس سال سے اللہ کی پناہ طلب کی۔

امام ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ "إِمَارَةِ الصِّبْيَانِ" کی شرح میں فرماتے ہیں:-

أَيْ مِنْ حُكُوْمَةِ الصِّغَارِ الْجُهَّالِ كَيَزِيْدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ وَأَوْلَادِ حَكَمِ بْنِ مَرْوَانَ وَأَمْثَالِهِمْ قِيْلَ رَأَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ فِي مَنَامِهِ يَلْعَبُوْنَ عَلَى مِنْبَرِهِ۔

اس سے مراد جاہل چھوکروں کی حکومت ہے جیسے یزید بن معاویہ اور حکم بن مروان کی اولاد اور دیگر ان جیسے۔ اور کہا گیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خواب میں ان کو اپنے منبر پر کھیل کود کرتے دیکھا۔

Marfat.com

اس حدیث کو لکھ کر امام حافظ ابنِ حجر عسقلانی فرماتے ہیں :-

وَفِي هَذِهِ إِشَارَةٌ إِلَى أَنَّ أَوَّلَ الْأُغَيْلِمَةِ كَانَ فِي سَنَةِ سِتِّينَ وَهُوَ كَذَلِكَ فَإِنَّ يَزِيدَ بْنَ مُعَاوِيَةَ اسْتُخْلِفَ فِيهَا وَبَقِيَ إِلَى سَنَةِ أَرْبَعٍ وَسِتِّينَ فَمَاتَ

فتح الباری ص۸/۱۳

اس حدیث میں اشارہ ہے کہ ان لڑکوں میں سے پہلا لڑکا ساٹھ ۶۰ ہجری میں ہوگا چنانچہ وہی ہوا کیونکہ یزید بن معاویہ ساٹھ ہی میں خلیفہ بنا اور چونسٹھ ۶۴ ہجری تک باقی رہا پھر مر گیا۔

اور یہی امام حافظ ابنِ حجر عسقلانی دوسرے مقام پر فرماتے ہیں :-

وَأَنَّ أَوَّلَهُمْ يَزِيدُ كَمَا دَلَّ عَلَيْهِ قَوْلُ أَبِي هُرَيْرَةَ رَأْسُ سِتِّينَ وَإِمَارَةُ الصِّبْيَانِ فَإِنَّ يَزِيدَ كَانَ غَالِبًا يَنْتَزِعُ الشُّيُوخَ مِنْ إِمَارَةِ الْبُلْدَانِ الْكِبَارِ وَيُوَلِّيهَا الْأَصَاغِرَ مِنْ أَقَارِبِهِ

فتح الباری ص۸/۱۳

اور ان لڑکوں میں پہلا یزید ہے جیسا کہ حضرت ابو ہریرہ کا قول راس ستین اور امارۃ الصبیان اس پر دلالت کرتا ہے کیونکہ یزید اکثر حالات میں بزرگوں کو بڑے بڑے شہروں کی حکومت سے الگ کرکے انکی جگہ اپنے اقارب میں سے کم عمر لڑکوں کو (عہدوں پر) مقرر کرتا تھا۔

علامہ بدر الدین عینی اور علامہ کرمانی حدیث هَلَاكُ أُمَّتِي عَلَى يَدِي أُغَيْلِمَةٍ سُفَهَاءَ کی شرح میں فرماتے ہیں :-

وَأَوَّلُهُمْ يَزِيدُ عَلَيْهِ مَا يَسْتَحِقُّ وَكَانَ غَالِبًا يَنْزِعُ الشُّيُوخَ مِنْ إِمَارَةِ الْبُلْدَانِ الْكِبَارِ وَيُوَلِّيهَا الْأَصَاغِرَ مِنْ أَقَارِبِهِ

اور ان لڑکوں میں سے پہلا یزید ہے اس پر وہی پڑے جس کا وہ مستحق ہے وہ اکثر احوال میں بزرگوں کو بڑے بڑے شہروں کی حکومت و امارت سے ہٹا کر انکی جگہ اپنے عزیز و اقارب میں سے کم عمر

Marfat.com

(عمدۃ القاری شرح بخاری صفحہ ۱۸ و حاشیہ بخاری) لڑکوں کو مقرر کرتا تھا۔

اسی حدیث کی شرح میں امام ملا علی قاری فرماتے ہیں کہ :-

قوله على يدى أغيلمة اى على أيدى شبان الذين ما وصلوا الى مرتبة كمال العقل واحداث السن الذين لا مبالاة لهم باصحاب الوقار والظاهر ان المراد ما وقع بين عثمان وقتلته وبين علي والحسين و من قاتلهم قال المظهر لعلّه اريد بهم الذين كانوا بعد الخلفاء الراشدين مثل يزيد وعبد الملك بن مروان وغيرهما

(مرقاۃ)

(حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے) قول اغیلمہ سے مراد وہ نوجوان ہیں جو کمال عقل کے مرتبہ تک نہیں پہنچے اور وہ نو عمر ہیں جو با وقار اصحاب کی پرواہ نہیں کرتے تھے اور ظاہر ہے کہ یہ وہی ہیں جنہوں نے حضرت عثمان کو قتل کیا اور حضرت علی اور حضرت حسین سے قتال کیا۔ المظہر نے فرمایا ان سے مراد وہ لوگ ہیں جو خلفاء راشدین کے بعد ہوئے جیسے یزید اور عبد الملک بن مروان وغیرہما۔

اسی حدیث کی شرح میں یہی امام ملا علی قاری اپنی دوسری تصنیف میں فرماتے ہیں :-

والمراد يزيد بن معاوية فانه بعث الى المدينة السكينة مسلم بن عقبة فاباحها ثلاثة ايام فقتل من خيار اهلها كثيرا

شرح شفا صفحہ ۱۹۲

اور (اس حدیث سے) مراد یزید بن معاویہ ہے کیونکہ اسی نے مسلم بن عقبہ کو (لشکر دے کر) مدینہ سکینہ کی طرف بھیجا اور اس مدینہ کو (لشکر) کے واسطے تین روز کے لیے مباح کر دیا۔ اور خیارِ اہلِ مدینہ کو کثیر تعداد میں قتل کیا۔

اسی حدیث کی شرح میں علامہ علی بن احمد فرماتے ہیں :-

Marfat.com

مِنْهُمْ يَزِيْدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ وَاضرابُهُ مِنْ اَحْدَاثِ مُلُوْكِ بَنِيْ اُمَيَّةَ فَقَدْ كَانَ مِنْهُمْ مَا كَانَ مِنْ قَتْلِ اَهْلِ الْبَيْتِ وَاَكَابِرِ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْمُرَادُ اَنَّهُمْ يُهْلِكُوْنَ النَّاسَ بِسَبَبِ طَلَبِهِمُ الْمُلْكَ وَالْقِتَالَ۔

سراج منیر شرح جامع صغیر صفحہ ۲۹۶

ان میں یزید بن معاویہ اور اس کی مثل دوسرے نوجوان ملوک بنی امیہ ہیں اور بیشک انھوں نے ہی اہل بیت نبوت اور اکابر مہاجرین کو قتل کیا۔ اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ وہ لوگوں کو ہلاک کریں گے بسبب ملک وحکومت کی طلب اور حرص کے،

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں :۔

مَاتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَكْرَهُ ثَلٰثَةَ اَحْيَاءٍ ثَقِيْفٍ وَبَنِيْ حَنِيْفَةَ وَبَنِيْ اُمَيَّةَ

ترمذی و مشکوٰۃ صفحہ ۵۵۱

کہ نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اس حال میں وفات پائی کہ آپ تین قبیلوں کو ناپسند فرماتے تھے ایک قبیلہ ثقیف دوسرا بنی حنیفہ اور تیسرا بنی اُمیّہ۔

اس حدیث کی شرح میں شیخ محقق حضرت شاہ عبدالحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ ثقیف میں ظالم حجاج بن یوسف ہوا جس نے ایک لاکھ بیس ہزار مسلمانوں کو قید کر کے قتل کیا۔ اور بنی حنیفہ میں مسیلمہ کذّاب ہوا جس نے نبوّت کا دعوٰی کیا اور بنی اُمیّہ میں یزید اور ابنِ زیاد جیسے ظالم ہوئے جنھوں نے حضرت حُسین رضی اللہ عنہ کو شہید کیا اور ابنِ زیاد نے جو کچھ بھی کیا یزید کے حکم اور اس کی رضا سے کیا اور ایک یزید اور ابن زیاد ہی پر کیا بس ہے باقی بنی امیہ نے بھی اپنی اپنی سیاہ کاریوں میں کوئی کمی نہیں کی ہے۔

و در حدیث آمدہ است کہ آنحضرت در خواب دید کہ بوزنہ ہا بر منبر شریف وے

اور حدیث میں آیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم نے خواب میں دیکھا کہ آپ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم بازی میکند و تعبیر آں بہ بنی اُمیّہ کرد و دیگر چیز ہا بسیار است چہ گوید۔
(اشعۃ اللمعات صـ۶۲۳/۴)

کے منبر شریف پر بندر کھیل کود رہے ہیں آپ نے اس خواب کی تعبیر بنی اُمیّہ ہی کو قرار دیا۔ اس کے علاوہ اور بہت سی باتیں ہیں۔ کیا کہا جائے۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا۔

يَا رَسُولَ اللهِ اَيَكُونُ بعْدَ هٰذَا الْخَيرِ شَرٌّ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ فَمَا الْعِصْمَةُ قَالَ السَّيفُ قُلْتُ وَ هَلْ بعد السَّيفِ بَقِيَّةٌ قَالَ نَعَمْ تَكُونُ اِمَارَةٌ عَلٰى اقْذاءٍ وَهُدْنَةٍ عَلٰى دُخْنٍ قلتُ ثُمَّ مَاذَا قَالَ ثُمَّ يَنْشَاء دعَاةُ الضَّلَال فانْ كَانَ لِلّٰهِ فِى الارض خَلِيفَةٌ جَلَدَ ظَهْرَكَ وَ اَخَذَ مَالَكَ فَاطِعه وَ اِلَّا فَمُتْ وَ اَنْتَ عَاضٌّ عَلٰى جَذْلِ شَجَرَةٍ
مشکوٰۃ صـ۴۶۳

یارسول اللہ! کیا اسلام کی خوبی و بہتری کے بعد پھر برائی و بدی ہوگی جیسا کہ اسلام سے پہلے تھی؟ فرمایا ہاں! میں نے عرض کیا اس سے بچنے کا طریقہ کیا ہوگا؟ فرمایا تلوار یعنی بذریعہ جنگ۔ میں نے عرض کیا تلوار کے بعد بھی وہ برائی کچھ باقی رہے گی؟ فرمایا ہاں! اس طرح کہ حکومت، غلط طریقے سے قائم ہوگی لوگ اس کو خوش دلی سے تسلیم نہیں کریں گے بلکہ بہ جبر و اکراہ اور مکر و فساد سے صلح ہوگی میں نے عرض کی پھر کیا ہوگا؟ فرمایا کچھ لوگ پھر گمراہی کی طرف بلائیں گے بس اس وقت اگر کوئی اللہ کا خلیفہ ہو جو تمھاری پیٹھ پر دُرّے مارے اور تمھارا مال ضبط کرلے تو بھی تم اسکی اطاعت کرو ورنہ جنگل میں کسی درخت کے نیچے گوشہ

Marfat.com

گیری کی حالت میں مرجاؤ۔

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اسی حدیث کے تحت فرماتے ہیں۔

وَدعَاۃُ الضَّلَالِ یَزِیدُ بِالشَّامِ وَالْمُخْتَارُ بِالْعِرَاقِ وَنَحْوُ ذٰلِکَ حجۃ اللہ البالغہ ص۲ج۵

وہ گمراہی کی طرف بلانے والا شام میں یزید تھا اور عراق میں مختار تھا اور ایسے ہی انکی مثل دوسرے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے قول (جو حدیث مرفوع کے حکم میں ہے) اور شارحین کے اقوال سے ثابت ہوگیا کہ وہ مغیر السنۃ، بیوقوف، ناتجربہ کار، جھوٹے، ظالم، داعیٔ ضلالت اور نوعمر لڑکے جن کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خبریں دی ہیں ان میں پہلا یزید ہے جس سے امت کی تباہی کا سلسلہ شروع ہوا چنانچہ اس کے چار سالہ دورِ حکومت کی سیاہ کاریوں کا اجمالی خاکہ یہ ہے کہ ۶۱ھ میں کربلا کا واقعہ ہوا جس میں اہلِ بیتِ نبوت، جگر گوشۂ خاتم رسالت نورِ دیدۂ خاتونِ جنت، راحتِ جانِ شہنشاہِ ولایت، سردارِ نوجوانانِ اہلِ جنت حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے بیٹوں، بھتیجوں، بھائیوں اور دوستوں کو دن دہاڑے بھوکے پیاسے عالمِ غربت وبے کسی میں عورتوں اور بچوں کے سامنے انتہائی بے دردی کے ساتھ شہید کر دیا گیا اور ان کی مقدس لاشوں پر گھوڑے دوڑائے گئے۔ خیموں کو لوٹا اور جلایا گیا۔ عورتوں کی چادریں تک اتار لی گئیں۔ بعد ازیں ان رسول زادیوں کو اونٹوں پر بٹھا کر گلی کوچوں میں پھرایا گیا اور ابن زیاد اور یزید کے دربار میں غیروں کی موجودگی میں پیش کیا گیا اور اس طرح خاندانِ نبوت کی انتہائی توہین کی گئی۔

۶۳ھ میں واقعۂ حرہ ہوا جس میں سات سو صحابہ کرام اور انکی اولاد اور اہلِ مدینہ چھوٹے بڑے دس ہزار کی تعداد میں ظلم وتشدد کے ساتھ موت کے گھاٹ اتار دیئے گئے۔ تین دن کے لیے مدینہ منورہ کو مباح قرار دے کر یزیدی فوج نے

Marfat.com

گھروں میں گھس گھس کر جوارِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں رہنے والی پاک دامن عورتوں کی عزت و آبرو کو لوٹا۔

۶۴ھ میں مکہ مکرمہ پر حملہ ہوا، جس میں بیت اللہ شریف کی سخت بے حرمتی ہوئی منجنیق کے ذریعے بیتُ اللہ پر سنگ باری کی گئی جس سے بیت اللہ کی دیواریں ہل گئیں غلاف شریف جل گیا۔ علاوہ ازیں بعض حرام کو حلال کر دیا گیا۔ انھی ظالمانہ اور انتہائی شرمناک واقعات کی بنا پر جنھوں نے "دنیائے اسلام کو لرزہ بر اندام کر دیا تھا" بعض اکابرینِ اُمت نے یزید پر کفر تک کا حکم لگا دیا اور اس پر لعنت کرنا جائز قرار دے دیا۔ چنانچہ حضرت امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ سے ان کے صاحبزادے حضرت صالح نے یزید سے دوستی رکھنے یا اس پر لعنت کرنے کے بارے میں پوچھا تو امام احمد نے فرمایا:۔

یَا بُنَیَّ وَھَلْ یَتَوَلّٰی یَزِیْدَ اَحَدٌ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَلِمَ لَا اَلْعَنُ مَنْ لَعَنَہُ اللّٰہُ فِیْ کِتَابِہٖ فَقُلْتُ وَاَیْنَ لَعَنَ اللّٰہُ یَزِیْدَ فِیْ کِتَابِہٖ فَقَالَ فِیْ قَوْلِہٖ تَعَالٰی فَھَلْ عَسَیْتُمْ اِنْ تَوَلَّیْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْا اَرْحَامَکُمْ اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ لَعَنَھُمُ اللّٰہُ فَاَصَمَّھُمْ وَاَعْمٰی اَبْصَارَھُمْ فَھَلْ یَکُوْنُ فَسَادٌ اَعْظَمُ

بیٹا! کوئی اللہ پر ایمان رکھنے والا ایسا بھی ہوگا جو یزید سے دوستی رکھے اور میں اس پر کیوں نہ لعنت کروں جس پر اللہ نے اپنی کتاب میں لعنت کی ہے۔ میں نے عرض کیا اللہ نے اپنی کتاب میں یزید پر کہاں لعنت کی ہے؟ تو فرمایا اس آیت میں فَھَلْ عَسَیْتُمْ الآیۃ، کہ پھر تم سے یہی توقع ہے کہ اگر تمھیں حکومت مل جائے تو تم ملک میں فساد برپا کرو گے اور قطع رحمی کرو گے۔ ایسے ہی لوگ وہ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی ہے۔

Marfat.com

مِنْ هٰذَا الْقَتْلِ۔ — پھر ان کو بہرا اور اندھا کر دیا (پھر امام نے فرمایا بیٹا!) کیا اس قتل (حسین) سے بڑھ کر بھی کوئی فساد ہو سکتا ہے؟

الصواعق المحرقہ ص ۲۲۰

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ اٰذٰی مُسْلِماً فَقَدْ اٰذَانِیْ وَ مَنْ اٰذَانِیْ فَقَدْ اٰذَی اللّٰہَ۔ — جس نے کسی مسلمان کو اذیت پہنچائی تو حقیقت میں اس نے مجھے اذیت پہنچائی اور جس نے مجھے اذیت پہنچائی اس نے درحقیقت اللہ کو اذیت پہنچائی۔

سراج المنیر شرح جامع صغیر ص ۲۸۲

امیرالمومنین حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

مَنْ اٰذٰی شَعْرَۃً مِّنِّیْ فَقَدْ اٰذَانِیْ وَ مَنْ اٰذَانِیْ فَقَدْ اٰذَی اللّٰہَ زَادَ اَبُوْ نُعَیْمٍ فَعَلَیْہِ لَعْنَۃُ اللّٰہِ — جس نے میرے ایک بال کو بھی اذیت پہنچائی اس نے حقیقت میں مجھے اذیت پہنچائی اور جس نے مجھے اذیت پہنچائی اس نے اللہ کو اذیت پہنچائی۔ ابونعیم کی روایت میں یہ بھی ہے کہ اس پر اللہ کی لعنت ہو۔

سراج المنیر شرح جامع صغیر ص ۲۸۲

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ابولہب کی بیٹی سبیعہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ یا رسول اللہ! لوگ مجھے کہتے ہیں کہ تو دوزخ کے ایندھن کی بیٹی ہے۔ یہ سُن کر:۔

فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ وَ ھُوَ مُغْضَبٌ فَقَالَ مَا بَالُ اَقْوَامٍ یُؤْذُوْنَنِیْ فِیْ قَرَابَتِیْ وَ مَنْ اٰذَانِیْ — حضور صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو گئے اور آپ سخت غصے میں تھے۔ فرمایا ان لوگوں کا کیا حال ہے جو میری قرابت کے بارے میں مجھے اذیت پہنچاتے

Marfat.com

فقد اذی اللہ — ہیں۔ یاد رکھو! جس نے مجھے اذیت پہنچائی
زرقانی علی المواہب ص۲۰۲ — اس نے درحقیقت اللہ کو اذیت پہنچائی

خوب غور کیجئے! ابولہب بلاشبہ جہنم کا ایندھن ہے ارشادِ خداوندی ہے۔

سَیَصْلٰی نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ، — اب پڑے گا بھڑکتی ہوئی آگ میں۔

لیکن جب لوگوں نے اسکی بیٹی حضرت سبیعہ کو جہنم کے ایندھن کی بیٹی کہا تو یہ بات حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی اذیت کا سبب بنی اور حضور کی اذیت اللہ تعالیٰ کی اذیت کا باعث ہے حالانکہ واقع میں تو بات غلط نہ تھی۔ البتہ لوگوں کا اس طرح کہنا درست نہ تھا تو اس سے اندازہ کیجئے کہ جنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جگر کے ٹکڑوں پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑے وہ کس قدر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اذیت کا باعث بنے۔

غرض ان احادیثِ مبارکہ میں اہلِ بیتِ اطہار کی تعظیم وتکریم کی ترغیب اور ان کو اذیت وتکلیف دینے میں سخت وعید ہے کیونکہ جب ایک مسلمان اور آپ کے بال مبارک اور آپ کے اہلِ قرابت کو اذیت پہنچانا حقیقت میں آپ کو اور اللہ جلّ شانہٗ کو اذیت پہنچانا ہے تو خاص آپ کی اولاد کو جو آپ کے اجزائے بدن ہیں، تکلیف پہنچانا بلاشک وشبہ اللہ ورسول کو اذیت پہنچانا ہے اور جو اللہ ورسول کو اذیت پہنچائے اس پر قرآن میں صریح طور پر لعنت کی گئی ہے۔ فرمایا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ — بیشک وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسول کو
لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَ — اذیت پہنچاتے ہیں ان پر دنیا وآخرت میں
اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِیْنًا القرآن — اللہ کی لعنت ہے اوران کیلئے ذلّت کا عذاب ہے

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

انزلت فی عبد اللہ بن ابی — کہ یہ آیت عبداللہ بن اُبی منافق اور اس

Marfat.com

وَنَاسٍ مَعَهُ قَذَفُوا عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فَخَطَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ مَنْ يَعْذِرُنِي فِي رَجُلٍ يُؤْذِينِي ،

درِ منثور صفحہ ۲۲ / ۵

کے ساتھیوں کے بارے میں نازل ہوئی جبکہ انھوں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگائی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا اور فرمایا کون میری مدد کرتا ہے اس شخص کے بارے میں جس نے (میری بیوی پر تہمت لگاکر) مجھے اذیت پہنچائی ہے۔

توجس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجۂ محترمہ کو ستایا اس نے اللہ و رسول کو اذیت دی اور مستحق لعنت ہوا اور یزید اور اس کے اعوان و انصار نے تو اہلِ بیتِ نبوت کی وہ توہین کی اور ان کو ایسی تکلیف و اذیت پہنچائی کہ اس کے تصور ہی سے روح تڑپ اٹھتی ہے لہٰذا وہ بلاشک و شبہ مستحق لعنت ہیں۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

مَنْ اَرَادَ اَهْلَ الْمَدِيْنَةِ بِسُوْءٍ اَذَابَهُ اللّٰهُ كَمَا يَذُوْبُ الْمِلْحُ فِي الْمَاءِ (مسلم شریف صفحہ ۴۴۰ / ۱)

جو شخص اہلِ مدینہ کے ساتھ برائی کا ارادہ کریگا اللہ تعالیٰ اس کو اس طرح پگھلائے گا جس طرح نمک پانی میں گھل جاتا ہے۔

ایک روایت کے الفاظ یہ ہیں:۔

لَا يُرِيْدُ اَحَدٌ اَهْلَ الْمَدِيْنَةِ بِسُوْءٍ اِلَّا اَذَابَهُ اللّٰهُ فِي النَّارِ ذَوْبَ الرَّصَاصِ (مسلم شریف صفحہ ۴۴۱ / ۱)

جو شخص بھی اہلِ مدینہ کے ساتھ برائی کا ارادہ کریگا اللہ تعالیٰ اسکو دوزخ کی آگ میں رانگ کی طرح پگھلا دے گا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

مَنْ اَخَافَ اَهْلَ الْمَدِيْنَةِ اَخَافَهُ

جو اہلِ مدینہ کو ڈرائے گا اللہ اسکو قیامت کے

Marfat.com

اللّٰہُ زَادَ فِی رِوَایَۃٍ یوم القیامۃِ وَفِی اُخرٰی وَعَلَیہِ لَعنَۃُ اللّٰہِ وَغَضَبُہٗ (صحیح ابن حبان سراج المنیر ۲۳۵)

دن ڈرائے گا اور ایک روایت میں ہے کہ اس پر اللہ کا غضب اور لعنت ہے۔

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ اَخَافَ اَھلَ المَدِینَۃِ ظُلمًا اَخَافَہُ اللّٰہُ وَعَلَیہِ لَعنَۃُ اللّٰہِ وَالمَلَائِکَۃِ وَالنَّاسِ اَجمَعِینَ لَایَقبَلُ اللّٰہُ مِنہُ یَومَ القِیَامَۃِ صَرفًا وَّلَاعَدلًا۔

وفاء الوفاء ۱/۲۲ جذب القلوب ص۳۳

جو اہلِ مدینہ کو ظلم سے خوف زدہ کرے گا اللہ اسکو خوفزدہ کریگا اور اس پر اللہ اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے قیامت کے دن نہ اسکی فرضی عبادت قبول ہوگی نہ نفل۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

مَن اٰذٰی اَھلَ المَدِینَۃِ اٰذَاہُ اللّٰہُ وَعَلَیہِ لَعنَۃُ اللّٰہِ وَالمَلَائِکَۃِ وَالنَّاسِ اَجمَعِینَ لَایَقبَلُ اللّٰہُ مِنہُ صَرفٌ وَّلَاعَدلٌ"

سراج المنیر ۲/۲۳۵

جو اہلِ مدینہ کو اذیت دے گا اللہ اسکو اذیت دیگا اور اس پر اللہ اور فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہے نہ اسکا فرض قبول ہوگا اور نہ نفل۔

ان احادیثِ مبارکہ سے ثابت ہوا کہ جو اہلِ مدینہ کو ڈرائے، ان کو اذیت دے بلکہ ان سے برائی کا ارادہ بھی کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو نارِ دوزخ میں پگھلا دے گا اور اس پر اللہ تعالیٰ، اس کے فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہے۔ اور اسکی کوئی عبادت اور نیکی قبول نہیں۔ گزشتہ صفحات میں گزر چکا ہے کہ یزید نے اہلِ مدینہ پر حملہ کروایا اور ان پر وہ ظلم وستم کروایا جس سے انسانیت بھی شرما گئے۔ ان احادیث کی رُو سے بھی وہ اور اس کے اعوان وانصار مستحقِ لعنت ہوئے۔

حضرت علامہ علی قاری محقق علی الاطلاق امام ابن ہمام کا قول نقل فرماتے ہیں،

Marfat.com

قَالَ ابْنُ هَمَامٍ وَاخْتُلِفَ فِي اِكْفَارِ يَزِيدَ قِيلَ نَعَمْ لِمَا رُوِيَ عَنْهُ مَا يَدُلُّ عَلَى كُفْرِهِ مِنْ تَحْلِيلِ الْخَمْرِ وَمِنْ تَفَوُّهِهِ بَعْدَ قَتْلِ الْحُسَيْنِ وَاَصْحَابِهِ اِنِّي جَازَيْتُهُمْ بِمَا فَعَلُوا بِاَشْيَاخِ وَصَنَادِيدِهِمْ فِي بَدْرٍ وَاَمْثَالِ ذٰلِكَ وَلَعَلَّهُ وَجْهُ مَا قَالَ الْاِمَامُ اَحْمَدُ بِتَكْفِيرِهِ لَمَا ثَبَتَ عِنْدَهُ نَقْلُ تَقْرِيرِهِ

شرح فقہ اکبر ص۸۸

امام ابن ہمام نے فرمایا ہے کہ یزید کے کافر ہونے میں اختلاف کیا گیا ہے بعض نے اسے کافر کہا اس لیے کہ اس سے ایسی باتیں ظاہر ہوئیں جو اسکے کفر پر دلالت کرتی ہیں مثلاً شراب کو حلال کرنا اور حضرت حسین اور آپکے ساتھیوں کے قتل کے بعد یہ کہنا کہ میں نے ان سے بدلہ لیا ہے۔ اپنے بزرگوں اور سرداروں کے قتل کا جو انھوں نے بدر میں کئے تھے یا ایسی ہی اور باتیں شاید اسی وجہ سے امام احمد بن حنبل نے اسکی تکفیر کی ہے کہ انکے نزدیک اسکی اس بات کی نقل ثابت ہوگی۔

علامہ سعد الدین تفتازانی صاحبِ شرح عقائد فرماتے ہیں:۔

وَالْحَقُّ اَنَّ رِضَا يَزِيدَ بِقَتْلِ الْحُسَيْنِ وَاسْتِبْشَارِهِ بِذٰلِكَ وَاِهَانَةِ اَهْلِ بَيْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا تَوَاتَرَ مَعْنَاهُ وَاِنْ كَانَ تَفَاصِيلُهَا اٰحَادًا فَنَحْنُ لَا نَتَوَقَّفُ فِي شَاْنِهِ بَلْ فِي اِيْمَانِهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَعَلٰى اَنْصَارِهٖ وَاَعْوَانِهٖ

شرح عقائد ص۱۱۲

اور حق یہ ہے کہ یزید کا حضرت حسین کے قتل پر راضی ہونا اور اہلِ بیتِ نبوت صلی اللہ علیہ وسلم کی اہانت کرنا ان امور میں سے ہے جو تواتر معنوی کے ساتھ ثابت ہیں اگرچہ انکی تفاصیل احاد ہیں تو اب ہم توقف نہیں کرتے اسکی شان میں بلکہ اس کے ایمان میں، اللہ کی لعنت ہو اس پر اور اس کے اور دوستوں پر۔

صاحبِ نبراس شارح شرح عقائد فرماتے ہیں:۔

Marfat.com

وَبَعْضُهُمْ اَطلَقَ اللَّعنَ عَلَيْهِ مِنْهُمْ ابْنُ الْجَوْزِی الْمُحَدِّثُ وَصَنَفَ کِتَاباً سَمَّاہ الرَّدعَلی الْمتعصّبِ الْعَنِیدِ الْمَانِعِ عَنْ ذَمِّ الْیَزِیدْ وَمِنْهُمُ الْاِمَامُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَمِنْهُمُ الْقَاضِی اَبُو یَعْلٰی

نبراس علی شرح عقائد ص۵۵۳

اور بعض علماء نے یزید پر لعنت کا اطلاق ثابت کیا ہے ان میں سے ایک محدث ابن جوزی ہیں جنھوں نے اس مسئلہ میں ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام انھوں نے رکھا ہے۔ "الرد علی المتعصّب العنید المانع عن ذمّ الیزید" اور انھی میں احمد بن حنبل، قاضی ابو یعلیٰ بھی ہیں۔

یہ اہلِ سنّت وجماعت کے عقائد کی وہ مشہور ومعتبر کتب ہیں جن پر عقائدِ اہلِ سنّت کا دارومدار ہے۔

علامہ امام ابنِ حجر مکی جو شافعیوں کے مرجع خلائق ہیں جن کے متعلق علامہ امام ملا علی قاری مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں رقم طراز ہیں شیخنا العالم العلامہ والبحر الفھامہ شیخ الاسلام و مفتی الانام صاحب التصانیف الکثیرہ والتالیف الشہیرہ مولانا وسیّدنا وسندنا الشیخ شہاب الدین بن حجر المکی رحمۃ اللہ علیہ، وہ فرماتے ہیں:-

اِعْلَمْ اَنَّ اَهْلَ السُّنَّةِ اخْتَلَفُوا فِی تَکْفِیرِ یَزِیدَ بْنِ مُعَاوِیَةَ وَوَلِیِّعَهْدِهٖ مِنْ بَعْدِهٖ فَقَالَتْ طَائِفَةٌ اِنَّهٗ کَافِرٌ لِقَوْلِ سِبْطِ ابْنِ الْجَوْزِی وَغَیْرِهِ الْمَشْهُورِ اَنَّهٗ لَمَّا جَاءَ رَأْسُ الْحُسَیْنِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ جَمَعَ اَهْلَ الشَّامِ وَجَعَلَ یَنْکُتُ رَأْسَهٗ بِالْخَیْزُرَانِ وَیُنْشِدُ اَبْیَاتَ الزِّبَعْرِی ـ لَیْتَ اَشْیَاخِی بِبَدْرٍ

جان لو اہلِ سنّت وجماعت کا یزید بن معاویہ کے کافر ہونے اور امیر معاویہ کے بعد ولیعہد ہونے میں اختلاف ہوا ہے ایک گروہ نے کہا ہے کہ وہ کافر ہے چنانچہ سبط ابن الجوزی وغیرہ کا قول مشہور ہے کیونکہ یزید کے پاس حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا سر مبارک آیا تو اس نے اہلِ شام کو جمع کیا اور خیزران کی لکڑی جو اس کے ہاتھ میں تھی اس سے امام کے سرِ انور کو الٹ پلٹ

Marfat.com

شَهِدوا الأبياتَ المَعْرُوفَةَ وَ
زادَ فِيهَا بيتَينِ مُشْتَمِلَيْنِ عَلىٰ
صَرِيحِ الكُفْرِ وَقالَ ابْنُ الجَوْزِي
فِيما حكاهُ سِبطُهُ عَنْهُ لَيسَ
العَجَبُ مِن قِتالِ ابْنِ زِيادٍ لِلْحُسَيْنِ
وَ إنَّمَا العَجَبُ مِنْ خِذْلانِ يَزِيدَ
وَضَرْبِهِ بِالقَضِيبِ ثَنَايَا
الْحُسَينِ وَحَمْلِهِ آلَ رَسُولِ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
سَبَايَا عَلىٰ اَقْتَابِ الجِمَالِ
وَ ذَكَرَ اَشْيَاءَ مِنْ
قَبِيحِ مَا اشْتَهَرَ عَنْهُ وَ
رَدِّهِ الرَّأْسَ إلىَ المَدِينَةِ
وَقَدْ تَغَيَّرَتْ رِيحُهُ ثُمَّ
قَالَ وَمَا كَانَ مَقْصُودُهُ
إلَّا الفَضِيحَةَ وَإظْهَارَ
الرَّأْسِ فَيَجُوزُ اَنْ يُفْعَلَ هٰذَا
بِالخَوَارِجِ وَالبُغَاةِ يُكَفَّنُونَ وَيُصَلّٰى
عَلَيْهِمْ وَ يُدْفَنُونَ وَلَوْ لَمْ
يَكُنْ فِي قَلْبِهِ اَحْقَادُ جَاهِلِيَّةٍ
وَاَضْغَانُ بَدْرِيَّةٍ لَاحْتَرَمَ الرَّأْسَ

کرتا تھا اور زبعری کے یہ اشعار جو مشہور
ہیں پڑھتا تھا ۔ (اے کاش میرے بزرگ
جو بدر میں مارے گئے آج زندہ و موجود ہوتے)
اور اس نے ان شعروں میں دو شعر اور زیادہ کئے
جو صریح کفر پر دلالت کرتے ہیں ابن جوزی
نے کہا کہ ابن زیاد کا امام حسین کو قتل کرنا
اس قدر تعجب خیز نہیں تعجب خیز تو یزید کا
خذلان ہے اور اس کا امام کے دانتوں پر لکڑی
مارنا اور آلِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو قیدی بنا
کے اونٹوں کے پالانوں پر بٹھانا ہے ۔ اور ابن
جوزی نے اس قسم کی بہت سی قبیح باتوں
کا ذکر کیا ہے جو اس یزید کے بارے میں
مشہور ہیں ۔ پھر یزید نے امام کا سر اس وقت
مدینہ منورہ میں واپس لوٹایا جبکہ اسکی بو متغیر
ہو چکی تھی تو اس سے اسکا مقصد سوائے
فضیحت اور سرِ انور کی توہین کے اور کیا تھا ۔ حالانکہ
خارجیوں اور باغیوں کی تجہیز و تکفین اور نمازِ جنازہ
بھی جائز ہے (چہ جائیکہ فرزندِ رسول کے
ساتھ یہ سلوک کیا جاتا ۔) اور اگر اس کے دل میں
جاہلیت کا بغض و کینہ اور جنگِ بدر کا انتقامی
جذبہ نہ ہوتا تو جب اسکے پاس امام کا سرِ انور

Marfat.com

لمّا وَصَلَ اِلَیْہِ وَکَفَّنَہٗ وَدَفَنَہٗ وَ اَحْسَنَ اِلٰی اٰلِ رَسُوْلِ اللّٰہِ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

(الصواعق المحرقہ ص۲۱۹)

پہنچا تھا وہ اس کا احترام کرتا اور اسکو کفن دیکر دفن کرتا اور آلِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نہایت اچھا سلوک کرتا۔

علامہ شیخ محمد بن علی الصبان علیہ الرحمۃ والرضوان فرماتے ہیں۔

وَقَدْ قَالَ الْاِمَامُ اَحْمَدُ بِکُفْرِہٖ وَنَاھِیْکَ بِہٖ وَرَعًا وَ عِلْمًا یَقْتَضِیَانِ اَنَّہٗ لَمْ یَقُلْ ذٰلِکَ اِلَّا لِمَا ثَبَتَ عِنْدَہٗ مِنْ اُمُوْرٍ صَرِیْحَۃٍ وَقَعَتْ مِنْہُ تُوْجِبُ ذٰلِکَ وَوَافَقَہٗ عَلٰی ذٰلِکَ جَمَاعَۃٌ کَابْنِ الْجَوْزِیِ وَغَیْرِہٖ وَ اَمَّا فِسْقُہٗ فَقَدْ اَجْمَعُوْا عَلَیْہِ وَاَجَازَ قَوْمٌ مِنَ الْعُلَمَاءِ لَعْنَہٗ بِخُصُوْصِ اِسْمِہٖ وَرُوِیَ ذٰلِکَ عَنِ الْاِمَامِ اَحْمَدَ قَالَ ابْنُ الْجَوْزِیِ صَنَّفَ الْقَاضِیْ اَبُوْ یَعْلٰی کِتَابًا فِیْمَنْ کَانَ یَسْتَحِقُّ اللَّعْنَۃَ وَذَکَرَ مِنْھُمْ یَزِیْدَ

(اسعاف الراغبین ص۲۱۲)

اور بیشک امام احمد بن حنبل یزید کے کفر کے قائل ہیں اور ان کا علم اور ورع اس بات کا مقتضی ہے کہ انھوں نے یزید کو کافر اسی وقت کہا ہوگا جبکہ ان کے نزدیک صریح طور پر وہ امور ثابت ہو گئے ہوں گے اور یزید سے وہ باتیں واقع ہوئی ہوں گی جو موجب کفر ہیں اور کفر یزید کے قول پر علماء کی ایک جماعت نے انکی موافقت کی ہے جیسے ابن جوزی وغیرہ اور رہا یزید کا فاسق ہونا تو بلا شبہ اس پر تو علماء کا اجماع ہے اور بہت سے علماء نے تو یزید کا نام لیکر اس پر لعنت کرنے کو جائز رکھا ہے اللہ امام احمد سے بھی یہی مروی ہے ابن جوزی نے کہا ہے کہ امام قاضی ابو یعلیٰ نے مستحقین لعنت کے بارے میں ایک کتاب لکھی ہے ان میں یزید کا بھی ذکر کیا ہے۔

قطب الاقطاب، غوث الثقلین، شیخ شیوخ العالم، امام الاصفیا، محی الدین ابو محمد سید عبد القادر الحسنی والحسینی الجیلانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

Marfat.com

وَتَذْكُرُ مِنْ فَضَائِلِ يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ
اَنَّ الْحُسَيْنَ ابْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قُتِلَ
فِيْهِ رُوِيَ عَنْ اُمِّ سَلْمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ
عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَنْزِلِيْ
اِذْ دَخَلَ عَلَيْهِ الْحُسَيْنُ فَطَالَعْتُ
عَلَيْهِمَا مِنَ الْبَابِ وَاِذَا الْحُسَيْنُ
عَلٰى صَدْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ يَلْعَبُ وَفِيْ يَدِ النَّبِيِّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِطْعَةٌ مِنْ
طِيْنٍ وَدُمُوْعُهُ تَجْرِيْ فَلَمَّا خَرَجَ
الْحُسَيْنُ دَخَلْتُ فَقُلْتُ بِاَبِيْ اَنْتَ
وَاُمِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ طَالَعْتُ عَلَيْكَ
وَفِيْ يَدِكَ طِيْنَةٌ وَاَنْتَ تَبْكِيْ فَقَالَ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيْ فَلَمَّا
فَرِحْتُ بِهٖ وَهُوَ عَلٰى صَدْرِيْ
يَلْعَبُ اَتَانِيْ جِبْرِيْلُ وَنَاوَلَنِيْ
الطِّيْنَةَ الَّتِيْ يُقْتَلُ عَلَيْهَا فَلِذٰلِكَ
بَكَيْتُ وَرُوِيَ عَنِ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ
اَنَّهُ قَالَ اِنَّ سُلَيْمَانَ بْنَ
عَبْدِ الْمَلِكِ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى

اور ہم عاشورا کے فضائل میں سے بیان کرتے
ہیں کہ بیشک یوم عاشورا میں حضرت حسین بن
علی رضی اللہ عنہما شہید کئے گئے۔ حضرت
ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی
ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر
میں تھے کہ حضرت حسین آپکے پاس آئے تو
میں نے دروازے سے ان دونوں کو دیکھا تو حضرت
حسین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ مبارک
پر کھیل رہے تھے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے
ہاتھ میں تھوڑی سی مٹی تھی اور آپکی آنکھوں
سے آنسو جاری تھے۔ پھر جب حسین چلے گئے
تو میں نے آپکے پاس آکر عرض کیا میرے ماں باپ
آپ پر فدا ہوں یا رسول اللہ میں نے آپکے
ہاتھ میں مٹی اور آپکو روتے ہوئے دیکھا ہے
آپنے مجھ سے فرمایا کہ جب حسین میرے سینے پر
کھیل رہے تھے اور میں اس سے مسرور ہو رہا
تھا تو میرے پاس جبرئیل امین آئے اور
انھوں نے مجھے یہ مٹی دی (اور کہا کہ) اس
پر حسین قتل کیا جائیگا۔ اسی لیے میں رو دیا ہوں
اور حضرت حسن بصری سے روایت ہے وہ فرماتے
ہیں کہ سلیمان بن عبدالملک نے نبی کریم صلی اللہ

Marfat.com

اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّم فِي الْمَنَامِ
يُبَشِّرُهُ وَيُلاطِفُهُ فَلَمَّا اَصْبَحَ
سَأَلَ الْحَسَنَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ
لَه الْحَسَنُ لَعَلَّكَ فَعَلْتَ اِلٰى
اَهْلِ بَيْتِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى
اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ مَعْرُوفًا فَقَالَ
نَعَمْ وَجَدْتُ رَأْسَ حُسَيْنِ بْنِ
عَلِيٍّ فِي خَزَانَةِ يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ
فَكَسَوْتُهُ خَمْسَةً مِنَ الدِّيبَاجِ
وَصَلَّيْتُ عَلَيْهِ مَعَ جَمَاعَةٍ
مِنْ اَصْحَابِي وَقَبَرْتُه فَقَالَ
لَه الْحَسَنُ لَقَدْ رَضِيَ النَّبِيُّ
صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ عَنْكَ
بِسَبَبِ ذٰلِكَ فَاَحْسَنَ اِلَى
الْحَسَنِ رَحِمَهُ اللهُ وَاَمَرَ لَهُ
بِالْجَوَائِزِ وَرَوَى عَنْ حَمْزَةَ بْنِ
الزَّيَّاتِ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِبْرَاهِيمَ الْخَلِيلَ عَلَيْهِ
السَّلَامُ فِي الْمَنَامِ يُصَلِّيَانِ عَلَى قَبْرِ
الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ وَاَخْبَرَنَا اَبُو نَصْرٍ
عَنْ وَالِدِهِ بِاَسْنَادِهِ عَنْ اُسَامَةَ عَنْ

علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپ اسکو بشارت
دیتے ہیں اور اس پر لطف و کرم فرما رہے ہیں
صبح اس نے حضرت حسن بصری سے اس خواب کے
متعلق پوچھا تو حضرت حسن بصری نے اس سے
کہا کہ شاید تو نے کوئی نیکی اہل بیت نبوت
سے کی ہے؟ اس نے کہا ہاں! میں نے حضرت
حسین بن علی کا سر یزید بن معاویہ کے خزانہ
میں پایا تو میں نے سر مبارک کو پانچ ریشمی کفن
پہنا کر اپنے ساتھیوں کے ساتھ اس کی نماز پڑھی
اور اسکو دفن کیا ہے تو حضرت حسن بصری رحمہ اللہ
نے فرمایا کہ بلاشبہ تیرے اس فعل کے
سبب سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تجھ سے
راضی ہوئے ہیں اور آپ نے تجھ پر مہربانی فرمائی
اور تجھے بشارت دی ہے۔ سلیمان بن عبدالملک
نے حضرت حسن پر احسان کیا اور بہت سے
انعامات و ہدیے پیش کئے۔ اور حضرت حمزہ
بن زیات سے روایت وہ فرماتے ہیں کہ میں نے
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابراہیم
خلیل اللہ علیہ السلام کو خواب میں دیکھا کہ وہ
دونوں حضرت حسین بن علی کی قبر پر نماز جنازہ
پڑھ رہے ہیں اور ہم کو خبر دی ابو نصر نے اپنے

Marfat.com

جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ هَبَطَ عَلٰی قَبْرِ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ یَوْمَ اُصِیْبَ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٌ یَبْكُوْنَ عَلَیْهِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ

والد سے اپنی اسناد سے حضرت امام سے انھوں نے حضرت امام جعفر صادق بن امام محمد باقر سے وہ فرماتے ہیں کہ جس دن حضرت حسین بن علی شہید ہوئے اسی دن ستر ہزار فرشتے انکی قبر پر اترے وہ قیامت تک ان پر روئیں گے۔

غنیۃ الطالبین

باب فضائل عاشوراء

اس کے بعد فرماتے ہیں :-

اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی اخْتَارَ بِسِبْطِ نَبِیِّهٖ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الشَّهَادَةَ فِیْ اَشْرَفِ الْاَیَّامِ وَاَعْظَمِهَا وَاَجَلِّهَا وَ اَرْفَعِهَا عِنْدَهٗ لِیَزِیْدَهٗ بِذٰلِكَ رِفْعَةً فِیْ دَرَجَاتِهٖ وَ كَرَامَاتِهٖ مُضَافَةً اِلٰی كَرَامَتِهٖ وَ یُبَلِّغَهٗ مَنَازِلَ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِیْنَ الشُّهَدَاءِ بِالشَّهَادَةِ وَلَوْ جَازَ اَنْ تُتَّخَذَ یَوْمُ مَوْتِهٖ یَوْمَ مُصِیْبَةٍ لَكَانَ یَوْمُ الْاِثْنَیْنِ اَوْلٰی بِذٰلِكَ اِذْ قَبَضَ اللّٰهُ تَعَالٰی نَبِیَّهٗ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

بیشک اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹے کی شہادت کے لیے وہ دن منتخب کیا جو دنوں میں بہت عظیم اور بہت بلند دن ہے تاکہ اس کے سبب سے ان (امام حسین) کے درجات اور انکی بزرگیوں میں اور اضافہ کرے اور انکو خلفاء راشدین کے مرتبوں پر فائز فرمائے جو شہادت کا درجہ حاصل کرکے شہید ہوئے۔ اور اگر حضرت حسین کی شہادت کے دن کو مصیبت کا دن بنانا جائز ہوتا تو دوشنبہ (پیر) کا دن اس سے زیادہ لائق تھا کہ اسکو مصیبت کا دن قرار دیا جاتا کیونکہ اس میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی روح کو قبض فرمایا۔

غنیۃ الطالبین

شیخ محقق حضرت علامہ شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :-

Marfat.com

بعضے در یزید شقی نیز توقف کنندہ و بعضے راہ
غلو و افراط در شانِ وے و موالات وے روند
و گویند کہ وے بعد ازاں کہ باتفاق
مسلمانان امیر شد اطاعتِ وے برامام حسین
واجب شد نعوذ باللہ من ہذا القول و
من ہذا الاعتقاد حاشا کہ وے باوجود
امام حسین امام و امیر شود واتفاق مسلمانان
بروے کے شد وجمعی صحابہ کہ در زمان
یزید پلید بودند و اولاد اصحاب ہم منکر و
خارج از اطاعت وے بودند نعم جماعتے
از مدینہ مطہرہ بشام نزد وے کرہاً وجبراً
رفتند و او جائزہائے سنی و فائدہ ہائے
ہنی نزد ایشاں نہاد بعد ازانکہ حال قبائح
مآل او را دیدند بمدینہ باز آمدند و خلع
بیعت وے کردند و گفتند کہ وے عدو اللہ
و شارب الخمر و تارک الصلوٰۃ و زانی و
فاسق و مستحل محارم است و بعضے دیگر
گویند کہ وے امر بقتل آنحضرت نکردہ و
بداں راضی نبودہ و بعد از قتل وے و
اہل بیت وے رضوان اللہ تعالیٰ علیہم مسرور
و مستبشر نشدہ ایں سخن مردود و باطل است

بعض علماء یزید بدبخت کے بارے میں
(لعنت کرنے میں) توقف کرتے ہیں اور
بعض لوگ تو براہِ غلو و افراط یزید کے معاملے
میں اور اسکی دوستی میں اس قدر بہہ گئے
ہیں کہ کہتے ہیں کہ وہ مسلمانوں کے اتفاق سے
امیر ہوا تھا اور اسکی اطاعت امام حسین
پر واجب تھی۔ ہم اس قول اور اس اعتقاد
سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں حاشا کہ وہ
یزید امام حسین کے ہوتے ہوئے کیونکر امام
امیر ہو سکتا تھا اور مسلمانوں کا اتفاق بھی
اس پر کب ہوا صحابہ کرام اور تابعین جو
اس کے زمانے میں تھے سب اس کے منکر
اور اس کی اطاعت سے خارج تھے۔
مدینہ طیبہ سے ایک جماعت جبراً و کرہاً اس
کے پاس شام میں گئی تھی اس نے انکی
بہت آؤ بھگت اور خاطر مدارات کی اور
ان کو تحفے تحائف دیئے لیکن جب انہوں
نے اس کے بدترین کارناموں اور اس کے
خطرناک انجام پر غور کیا تو مدینہ میں واپس
آکر اسکی بیعت توڑ دی اور اعلان کیا کہ
(یزید) اللہ کا دشمن، شرابی، تارک الصلوٰۃ،

Marfat.com

چہ عداوت آں بے سعادت با اہل بیتِ
نبوی صلی اللہ علیہ وسلم واستبشار وے بقتلِ
ایشاں واذلال واہانت او مر ایشاں را بدرجۂ
تواتر معنوی رسیدہ است وانکار آں تکلف
ومکابرہ است وبعضے گویند کہ قتل امام
گناہِ کبیرہ است چہ قتل نفس مومن یا مومنہ
بناحق کبیرہ است نہ کفر ولعنت مخصوص
بہ کافراں است ولیت شعری کہ اربابِ ایں
اقاویل باحادیثِ نبوی کہ ناطق اند بآنکہ
بغض وایذا واہانت فاطمہؓ واولاد وے موجب
بغض وعداوت واہانتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم
چہ میگویند۔ وآں سببِ کفر وموجب لعن و
خلود نارِ جہنم است بلا شک وریب اِنَّ
الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ
فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا
مُّهِيْنًا وبعضے دیگر گویند کہ خاتمتِ وے
معلوم نیست شاید بعد از ارتکابِ آں
کفر ومعصیت توبہ کردہ باشد ودر نفس
آخر توبہ رفتہ باشد ومیل امام محمد غزالی
در احیاء العلوم باین حکایت است و
بعضے از علماء سلف واعلامِ امت مثل امام

زانی فاسق اور حرام چیزوں کا حلال کرنے
والا ہے اور بعض یہ کہتے ہیں کہ اس (یزید)
نے امام حسین کے قتل کا حکم نہیں دیا تھا اور
نہ ان کے قتل سے راضی تھا اور نہ اُن کے
قتل کے بعد ان کے اور ان کے عزیزوں
کے قتل سے خوش وسرور ہوا۔ یہ بات بھی
مردود اور باطل ہے اس لیے کہ اس شقی کا
اہلِ بیتِ نبوت رضی اللہ عنہم سے عداوت
رکھنا اور اُن کے قتل سے خوش ہونا اور
ان کی اہانت کرنا معنوی طور پر درجۂ تواتر
کو پہنچ چکا ہے اور اس کا انکار تکلف و
مکابرہ یعنی خواہ مخواہ کا جھگڑا ہے۔ اور
بعض کہتے ہیں کہ امام حسین کا قتل گناہِ کبیرہ
ہے اس لیے کہ نفس مومن و مومنہ کا قتلِ
ناحق گناہِ کبیرہ ہے کفر نہیں اور لعنت
کافروں کے ساتھ مخصوص ہے۔ ایسی
باتیں بنانے والوں پر افسوس ہے کہ
وہ صریح احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم
پر نظر نہیں رکھتے کہ حضرت فاطمہ اور
ان کی اولاد کے ساتھ بغض رکھنا اور
ان کو ایذا پہنچانا اور اُن کی توہین کرنا حقیقتاً

Marfat.com

احمد حنبل و امثال او بروے لعنت کردہ
اند و ابن جوزی کہ کمال شدت و تعصب در
در حفظ سنت و شریعت دارد در کتاب خود
لعن وے از سلف نقل کردہ و بعضے منع
کردہ اند و بعضے متوقف ماندہ اند و بالجملہ
وے مبغوض ترین مردم است نزد ما و کار
ہائیکہ آں بے سعادت دریں امت کردہ
ہیچ کس نکردہ و بعد از قتل امام حسین و اہانت
اہل بیت لشکر بہ تخریب مدینہ مطہرہ و قتل
اہل آں فرستادہ و بقیہ از اصحاب و تابعین
را امر بقتل کردہ و بعد از تخریب مدینہ منورہ
امر بہ انہدام حرم مکہ معظمہ و قتل عبداللہ بن
زبیر کردہ و ہم در اثنائے ایں حالت از
دنیا رفتہ دیگر احتمال توبہ و رجوع او را
خداوند حق تعالیٰ دل ہائے مارا و تمامہ
مسلمان ہارا از محبت و موالات وے و
اعوان و انصار وے و ہر کہ با اہل بیت نبوت
بد بودہ و بد اندیشیدہ و حق ایشاں پامال
کردہ و با ایشاں براہ محبت و صدق عقیدت
نیست و نبودہ نگاہ دارد و ما را و دوستان
مارا در زمرہ محبان ایشاں محشور گرداند

میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ
بغض رکھنا اور آپ کو ایذا پہنچانا اور
آپ کی توہین کرنا ہے اور یہ بلا شک و شبہ
موجب کفر و لعنت و خلودِ نارِ جہنم ہے۔ اللہ
کا فرمان ہے کہ بیشک وہ لوگ جو اللہ اور
اُس کے رسول کو ایذا پہنچاتے ہیں اُن پر
دنیا و آخرت میں اللہ کی لعنت ہے اور ان
کے واسطے دردناک عذاب ہے۔ اور بعض
کہتے ہیں کہ اس کے خاتمہ کا حال معلوم
نہیں شاید اس ارتکابِ کفر و معصیت کے
بعد اس نے توبہ کر لی ہو اور خاتمہ اسکا
توبہ کی حالت میں ہوا ہو اور امام محمد
غزالی کا احیاء العلوم میں اسی طرف میلان
ہے اور بعض علماء سلف و اکابرینِ امت
مثلاً امام احمد بن حنبل اور ان جیسے دوسرے
جلیل القدر ائمہ کرام نے اور ابن جوزی کہ
حفظِ سنت و شریعت میں بہت ہی زیادہ
سخت ہیں اپنی کتاب میں سلف صالحین
سے یزید پر لعنت کرنا نقل کیا ہے اور
بعض نے لعنت کرنے سے منع کیا ہے
اور بعض توقف کرتے ہیں الحاصل ہمارے

Marfat.com

در دنیا و آخرت بر دین وکیش ایشان بدارد بمنّہ وکرمہ وھو قریبٌ مجیبٌ، آمین (تکمیل الایمان صہ ۹۵)

نزدیک یزید سب سے زیادہ مبغوض ہے اس شقی نے اس امت میں وہ کام کئے کہ کسی اور نے نہیں کئے۔ (مثلاً) امام حسین کے قتل اور اہلِ بیت کی اہانت کرنے کے بعد مدینہ منورہ کی تخریب کے لیے لشکر کا بھیجنا اور صحابہ و تابعین کے قتل کا حکم کرنا اور مدینہ منورہ کی تخریب کے بعد حرمِ مکہ کو ڈھانے کا حکم دینا وغیرہ اور اسی اثنا میں وہ مرگیا۔ تو ایسے حال میں اسکی توبہ و رجوع کا احتمال خدا ہی جان سکتا ہے۔ حق تعالیٰ ہمارے اور تمام مسلمانوں کے دلوں کو اسکی اور اس کے دوستوں اور مددگاروں کی محبت و دوستی سے محفوظ رکھے اور ہر اس شخص جس نے اہلِ بیتِ نبوّت سے برائی کی ہو اور اُن کا بُرا چاہا ہو اور اُن کا حق پامال کیا ہو اور اُن سے سچی عقیدت و محبت کی راہ نہ چلا ہو کی محبت سے بچائے اور اپنی حفاظت میں رکھے۔ اللہ تعالیٰ اپنے کرم و احسان سے ہم کو اور ہمارے دوستوں کو قیامت کے دن اہلِ بیتِ نبوّت کے سچے محبّوں میں اٹھائے اور دنیا و آخرت میں دینِ اسلام اور ان کے طریقہ پر رکھے۔ وَھُوَ قَرِیبٌ مُّجِیبٌ۔ آمین،

امام احمد قسطلانی شارح صحیح بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

وَقَدْ اَطْلَقَ بَعْضُھُمْ فِیْمَا نَقَلَہٗ الْمَوْلٰی سَعْدُ الدِّیْنِ اللَّعْنَ عَلٰی یَزِیْدَ لِمَا اَنَّہٗ کَفَرَ حِیْنَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْحُسَیْنِ وَ اتَّفَقُوْا عَلٰی جَوَازِ اللَّعْنِ عَلٰی مَنْ قَتَلَہٗ اَوْ اَمَرَ بِہٖ اَوْ اَجَازَہٗ وَ رَضِیَ بِہٖ وَالْحَقُّ اِنَّ رَضَا یَزِیْدَ بِقَتْلِ الْحُسَیْنِ وَ

اور بعض علماء نے یزید پر لعنت کا اطلاق کیا ہے جیسا کہ علامہ سعد الدین تفتازانی کا یزید پر لعنت کرنا نقل کیا گیا ہے اس لیے کہ جب اُس نے امام حسین کے قتل کا حکم دیا تھا وہ کافر ہوگیا تھا اور جمہور علماء اس پر متفق ہیں کہ جس نے امام کو قتل کیا اور جس نے قتل کا حکم دیا اور جس نے اسکی اجازت دی اور

Marfat.com

استبشاره بذالك واهانته اهل بيت النبي صلى الله عليه وسلم مما تواتر معناه وان كان تفاصيلها احادا فنحن لا نتوقف في شأنه بل في ايمانه لعنة الله عليه وعلى انصاره واعوانه

ارشاد الساری

ص ۱۰۱ ، ۵

جو ان کے قتل پر راضی ہوا اس پر لعنت کرنا جائز ہے اور حق بات یہی ہے کہ یزید کا امام کے قتل پر راضی ہونا اور اس پر خوش ہونا اور اہل بیت نبوت صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کرنا تواتر معنوی کے ساتھ ثابت ہو چکا ہے اگرچہ اسکی تفاصیل احاد ہیں پس ہم نہیں توقف کرتے اُسکی شان میں بلکہ اُس کے ایمان میں اللہ کی لعنت ہو اس پر اور اس کے دوستوں اور مددگاروں پر۔

علامہ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں :-

لعن الله قاتله وابن زياد معه ويزيد ايضا وكان قتله بكربلاء وفي قتله قصة فيها طول لا يحتمل القلب ذكرها فانا لله وانا اليه راجعون تاریخ الخلفاء ص ۸

اللہ کی لعنت ہو امام حسین کے قاتل ابن زیاد اور یزید پر۔ امام کربلا میں شہید ہوئے اور آپکی شہادت کا قصہ طویل ہے۔ قلب اسکے ذکر کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

علامہ ابن تیمیہ فرماتے ہیں :-

ومن قال انه امام ابن امام فان اراد بذلك انه تولى الخلافة كما تولاها سائر خلفاء بني امية والعباس فهذا صحيح لكن ليس في ذلك ما يوجب مدحه وتعظيمه والثناء

اور جو شخص یزید کو امام ابن امام کہتا ہے تو اگر اس سے اسکی مراد صرف یہ ہے کہ دوسرے اموی اور عباسی خلفاء کی طرح اس نے بھی حکومت کی تو یہ صحیح ہے لیکن وہ اس معاملے میں کسی مدح وثنا اور تعظیم وتفضیل کا مستحق نہیں ہے کیونکہ ہر وہ شخص جو حکومت و

Marfat.com

عَلَيْهِ وَ تَقْدِيمَهُ فَلَيْسَ كُلُّ مَنْ
تَوَلَّى كَانَ مِنَ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ
وَالْأَئِمَّةِ الْمَهْدِيِّينَ فَمُجَرَّدُ الْوِلَايَةِ
عَلَى النَّاسِ لَا يُمْدَحُ بِهَا الْإِنْسَانُ
وَلَا يَسْتَحِقُّ عَلَى ذٰلِكَ الثَّوَابَ
وَ إِنَّمَا يُمْدَحُ وَ يُثَابُ عَلَى مَا
يَفْعَلُهُ مِنَ الْعَدْلِ وَالصِّدْقِ
وَالْأَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيِ
عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْجِهَادِ وَإِقَامَةِ
الْحُدُودِ كَمَا يُذَمُّ وَ يُعَاقَبُ
عَلَى مَا يَفْعَلُهُ مِنَ الظُّلْمِ وَ
الْكَذِبِ وَ الْأَمْرِ بِا
لْمُنْكَرِ وَالنَّهْيِ عَنِ
الْمَعْرُوفِ وَ تَعْطِيلِ الْحُدُودِ
تَضْيِيعِ الْحُقُوقِ وَ تَعْطِيلِ الْجِهَادِ
وَ قَدْ سُئِلَ أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ
عَنْ يَزِيدَ أَيُكْتَبُ عَنْهُ الْحَدِيثُ؟
فَقَالَ لَا! وَلَا كَرَامَةَ أَلَيْسَ هُوَ
الَّذِي فَعَلَ بِأَهْلِ الْحَرَّةِ مَا فَعَلَ
وَقَالَ ابْنُهُ إِنَّ قَوْمًا يَقُولُونَ إِنَّا نُحِبُّ
يَزِيدَ؛ فَقَالَ هَلْ يُحِبُّ يَزِيدَ أَحَدٌ فِيهِ

سلطنت کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لے لے
وہ خلفاء راشدین مہدیین میں سے نہیں ہوجاتا
صرف لوگوں پر حکمران ہوجانے سے انسان قابل
مدح وستائش نہیں ہوجاتا اور نہ اُس پر
مستحق اجر وثواب ہوجاتا ہے مدح وثواب
کے لائق تو وہ اُس وقت ہوتا ہے جبکہ عدل
انصاف، حق وصداقت امر بالمعروف، نہی
عن المنکر اور جہاد اور حدود اللہ کو قائم کرے
اسی طرح ظلم وکذب، امر بالمنکر، نہی عن المعروف
حدود اللہ کو معطل اور حقوق العباد کو ضائع
اور جہاد کو ترک کرنے سے انسان قابل مذمت و
گرفت ہوجاتا ہے چنانچہ امام احمد بن حنبل
سے یزید کے متعلق پوچھا گیا کہ کیا اُس سے
حدیث روایت کی جائے؟ تو انھوں نے فرمایا
نہیں! اس کا یہ مقام نہیں. کیا یہ وہی شخص
نہیں ہے جس نے اہل حرہ کے ساتھ کیا جو کیا؟
اور ان کے فرزند نے کہا کہ لوگ کہتے ہیں کہ ہم
یزید کو محبوب رکھتے ہیں؟ تو امام صاحب نے فرمایا
کیا کوئی شخص جس میں ذرا بھی خیر و بھلائی ہو
وہ یزید کو محبوب رکھ سکتا ہے؟ تو اُن کے
فرزند نے کہا پھر آپ اس پر لعنت کیوں نہیں

Marfat.com

خَیْرٌ فَقِیْلَ لَہٗ فَلِمَ لَا تَلْعَنُہٗ؟ فَقَالَ مَتٰی رَأَیْتَ اَبَاکَ یَلْعَنُ اَحَدًا (یزید بن معاویہ ۱۲۳ ابن تیمیہ اکیڈیمی) — کرتے، فرمایا کیا تم نے اپنے باپ کو کسی پر لعنت کرتے دیکھا ہے۔

ف: ابن تیمیہ کی اس روایت کے آخری الفاظ کہ امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ نے فرمایا "کیا تم نے اپنے باپ کو کسی پر لعنت کرتے دیکھا ہے" کا یہ مطلب نہیں کہ یزید مستحق لعنت نہیں ہے گزشتہ صفحات میں گزر چکا ہے کہ امام احمد بن حنبل نے قرآن کریم سے یزید پر لعنت ثابت کی۔ غواص بحر حقیقت حضرت مولانا روم علیہ رحمۃ القیوم فرماتے ہیں:۔

از بیروں طعنہ زنی بر بایزیدا — واز درونت ننگ می دارد یزید

تو باہر سے بایزید پر طعنہ زنی کرتا ہے اور تیرے باطن سے یزید کو بھی شرم آتی ہے

علامہ امام حافظ ابن کثیر رحمہم اللہ فرماتے ہیں:۔

وَقَدْ رُوِیَ اَنَّ یَزِیْدَ کَانَ قَدِ اشْتَھَرَ بِالْمَعَازِفِ وَ شُرْبِ الْخَمْرِ وَالْغِنَا وَالصَّیْدِ وَ اتِّخَاذِ الْغِلْمَانِ وَالْقِیَانِ وَ الْکِلَابِ وَ النِّطَاحِ بَیْنَ الْکِبَاشِ وَ الدِّبَابِ وَالْقُرُوْدِ وَمَا مِنْ یَوْمٍ اِلَّا یُصْبِحُ فِیْہِ مَخْمُوْرًا وَ کَانَ یَشُدُّ الْقِرْدَ عَلٰی فَرَسٍ مُسْرِجَۃٍ بِحِبَالٍ وَ یَسُوْقُ بِہٖ وَ یَلْبِسُ الْقِرْدَ قَلَانِسَ الذَّھَبِ وَ کَذٰلِکَ الْغِلْمَانَ وَ کَانَ یُسَابِقُ بَیْنَ الْخَیْلِ وَ کَانَ اِذَا مَاتَ الْقِرْدُ حَزِنَ

اور بیشک روایت کیا گیا ہے کہ وہ یزید مشہور تھا آلات لہو ولعب کے ساتھ اور شراب کے پینے اور گانا بجانا سننے اور شکار کھیلنے اور بے ریش لڑکوں کو رکھنے اور چھینے بجانے اور کتوں کے رکھنے میں اور سینگوں والے دنبوں اور ریچھوں اور بندروں کو آپس میں لڑانے میں اور کوئی دن ایسا نہ ہوتا تھا جبکہ وہ شراب سے مخمور نہ ہوتا۔ اور بندروں کو زین شدہ گھوڑوں پر سوار کرکے دوڑاتا تھا اور بندروں کے سروں پر سونے کی ٹوپیاں رکھتا تھا اور ایسے ہی لڑکوں کے سروں پر بھی اور گھوڑوں کی دوڑ کرتا تھا اور جب کوئی بندر مرجاتا تھا تو اسکو اس کے

Marfat.com

عَلَيْهِ وَ قِيلَ اَنَّ سَبَبَ مَوْتِهِ اَنَّهُ
حَمَلَ قِرْدَةً وَ جَعَلَ يُنَقِّزُهَا
فَعَضَّتْهُ وَ ذَكَرُوْا عَنْهُ غَيْرَ
ذٰلِكَ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِصِحَّةِ ذٰلِكَ
البدایہ والنہایہ ص۲۳۵ ج۸

مرنے کا صدمہ ہوتا تھا۔ اور کہا گیا ہے کہ
اسکی موت کا سبب یہ تھا کہ اس نے ایک بندر
کو اٹھایا ہوا تھا اور اسکو اچھالتا تھا کہ اس نے
اسکو کاٹ لیا۔ مؤرخین نے اس کے علاوہ بھی
اس کے قبائح بیان کئے ہیں۔ واللہ اعلم،

شافعیوں کے امام اور جلیل القدر فقیہ علامہ الکیا الہراسی رحمۃ اللہ علیہ سے یزید کے بارے میں سوال کیا گیا کہ کیا یزید صحابہ میں سے ہے اور کیا اس پر لعنت کرنا جائز ہے یا نہیں؟ تو انھوں نے جواب دیا۔

اَنَّهُ لَمْ يَكُنْ مِنَ الصَّحَابَةِ
لِاَنَّهُ وُلِدَ فِي اَيَّامِ عُثْمَانَ
رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَ اَمَّا
قَوْلُ السَّلَفِ فَفِيهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ
مِنْ اَبِي حَنِيفَةَ وَ مَالِكٍ وَ اَحْمَدَ
قَوْلَانِ تَصْرِيحٌ وَ تَلْوِيحٌ وَ لَنَا
قَوْلٌ وَاحِدٌ اَلتَّصْرِيحُ دُوْنَ
التَّلْوِيحِ وَ كَيْفَ لَا يَكُونُ كَذٰلِكَ
وَ هُوَ الْمُتَصَيِّدُ بِالْفَهْدِ وَ يُلَاعِبُ
بِالنَّرْدِ وَ مُدْمِنُ الْخَمْرِ وَ مِنْ
شِعْرِهِ فِي الْخَمْرِ ـ
اَقُوْلُ لِصَحْبٍ ضَمَّتِ الْكَاسُ شَمْلَهُمْ
وَ دَاعِي صَبَابَاتِ الْهَوٰى يَتَرَنَّمُ

کہ وہ یزید صحابہ میں سے نہیں تھا کیونکہ
اسکی ولادت حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ
کے زمانہ میں ہوئی ہے۔ رہا اس پر لعنت کرنا
تو اس میں سلف صالحین امام ابو حنیفہ، امام مالک
اور امام احمد بن حنبل کے دو قسم کے قول ہیں
ایک تصریح کے ساتھ (یعنی اسکا نام لیکر
لعنت کرنا) دوسرا تلویح کے ساتھ (یعنی بغیر
نام لیے اشارۃً جیسے اللہ امام کے قاتلوں اور
دشمنوں پر لعنت کرے) لیکن ہمارے نزدیک
ایک ہی قول ہے یعنی تصریح نہ کہ تلویح اور
کیوں نہ ہو جبکہ وہ یزید چیتوں کا شکار کھیلتا
اور نرد سے کھیلتا اور ہمیشہ شراب پیتا تھا چنانچہ
اسی کے اشعار میں سے ایک شراب کے بارے میں

Marfat.com

خذوا بنصیب من نعیم و لذّة — یہ ہے۔

فکلٌ و إن طال المدیٰ یتصرّم — کہ میں اپنے ساتھیوں سے کہتا ہوں جن کو دورِ

وکتب فصلاً طویلاً أضربنا — جام و شراب نے جمع کر دیا ہے اور عشق کی گرمیاں

عن ذکرہ ثم قلب الورقۃ و — ترنم سے پکار رہی ہیں کہ اپنی نعمتوں اور لذتوں

کتب و لو مددت ببیاض — کے حصہ کو حاصل کر لو کیونکہ ہر انسان ختم ہو

لأطلقتُ العنانَ و بسطتُ — جائے گا۔ خواہ اسکی عمر کتنی ہی طویل کیوں نہ

الکلام فی مخازی ھٰذا الرّجل — (لہذا جو عیش کرنا ہے کر لو پھر وقت ہاتھ نہیں

حیوۃ الحیوان ص۲۲۵ ج۲ — آئیگا) اور اس پر فقیہ الہراسی نے ایک لمبی

فصل لکھی ہے جس کے ذکر کو ہم نے (طول کی وجہ سے) چھوڑ دیا ہے۔ پھر انھوں نے ایک ورق پلٹا اور لکھا کہ اگر اس میں کچھ اور بھی جگہ ہوتی تو میں قلم کی باگ ڈھیل چھوڑ دیتا اور کافی تفصیل سے اس شخص (یزید) کی رسوائیاں لکھتا۔

امام ملّا علی قاری علیہ رحمۃ الباری حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر لعنت کہنے کے بارے میں فرماتے ہیں :۔

فلا یجوزُ اصلا بخلافِ یزیدَ — پس ہرگز جائز نہیں ہے۔ ہاں یزید اور ابن

و ابنِ زیادٍ وَ امثالِھا فانَ بعض — زیاد اور انھی کی مثل دوسرے لوگوں پر جائز

العلماءِ جوّز و العنھما بل الامامُ — ہے کیونکہ بعض علماء کرام نے ان دونوں پر

احمدُ بن حنبلٍ قال بکفرِ یزیدَ — لعنت کرنا جائز قرار دیا ہے بلکہ امام احمد

لکن جمھورَ اھلِ السُّنۃِ لا — بن حنبل یزید کے کفر کے قائل ہیں۔ لیکن جمہور

یجوزونَ لعنَہ حیثُ لم — اہلِ سنّت یزید پر لعنت کرنا جائز نہیں سمجھتے

یثبُت کفرُہٗ عِندھم — کیونکہ اُن کے نزدیک اس کا کفر ثابت

شرح شفاء ص۵۵۶ ج۲ — نہیں ہوا۔

Marfat.com

امام ربّانی حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :۔

یزید بے دولت از اصحاب نیست در بدبختی او کراسخن است کارے کہ آں بدبخت کردہ ہیچ کافر فرنگ نہ کند۔ بعضے از علماء اہلِ سنت کہ در لعن او توقف کردہ اند نہ آنکہ از وے راضی اند بلکہ رعایت احتمال رجوع و توبہ کردہ اند۔

(مکتوبات شریف ص۵۴)

یزید بے دولت صحابہ کرام میں سے نہیں اسکی بدبختی میں کس کو کلام ہے جو کام اس بدبخت نے کئے ہیں کوئی کافر فرنگی بھی نہ کرے گا بعض علماء اہل سنّت جو اس کے لعن میں توقف کرتے ہیں وہ اس سبب سے نہیں کہ وہ اس سے راضی ہیں بلکہ اس رعایت سے کہ رجوع و توبہ کا احتمال ہو سکتا ہے۔

دوسرے مقام پر فرماتے ہیں :۔

یزید بے دولت از زمرۂ فسقہ است۔ توقف در لعنت او بنا بر اصل مقرر اہلِ سنت است کہ شخص معین را اگرچہ کافر باشد تجویز لعنت نہ کردہ اند مگر آنکہ بہ یقین معلوم کنند کہ ختم او بر کفر بودہ کابی لہب الجہنمی وامرأتہ نہ آنکہ او شایانِ لعنت نیست ان الذین یؤذون اللہ و رسولہ لعنہم اللہ فی الدنیا والاٰخرۃ،

(مکتوبات شریف ص۲۵۱)

یزید بدبخت زمرۂ فاسقین سے ہے اسکی لعنت میں توقف کرنا اہل سنّت کے مقررہ قاعدہ کی بنا پر ہے کہ انھوں نے شخص معیّن پر اگرچہ کافر ہو لعنت کرنا جائز نہیں کیا مگر جبکہ یقیناً معلوم کرلیں کہ اسکا خاتمہ کفر پر ہوا ہے جیسے کہ ابولہب جہنمی اور اسکی عورت۔ نہ اس لیے کہ وہ لائق لعنت نہیں بیشک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو ایذا دیتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں اللہ کی لعنت ہے۔

مولانا عبد الحیٔ لکھنوی فرماتے ہیں کہ :۔

بعضے در شانِ وے براہِ افراط و موالات رفتہ میگویند کہ وے بعد از آنکہ باتفاق

بعض لوگ یزید کے معاملے میں براہِ افراط و دوستی کہتے ہیں کہ وہ تمام مسلمانوں کے اتفاق

Marfat.com

مسلماناں امیر شد اطاعتش را بر امام حسین
واجب شد و ندانستند کہ وے باوجود امام
حسین امیر شود اتفاق مسلماناں کے شد
جماعتے از صحابہ و اولاد صحابہ خارج از
اطاعت او بودند و برخے کہ حلقۂ اطاعت
او بگردن انداختند چوں حال او از شرب
خمر و ترک صلوٰۃ و زنا و استحلال محارم
معاینہ کردند بمدینہ منورہ باز آمدند و خلع
بیعت کردند و بعضے گویند کہ وے امر بقتل
امام حسین نکردہ و نہ بداں راضی بود و نہ بعد
از قتل وے و اہل بیت وے مستبشر شد و
ایں سخن نیز باطل است قال العلامۃ
التفتازانی فی شرح العقائد النسفیۃ
والحق۔ الخ و بعضے دیگر گویند کہ قتل امام
حسین گناہ کبیرہ است نہ کفر و لعنت خصوص
بہ کفار است و نازم بر فطانت ایشاں نہ انستند
کہ کفر یکسطرف خود ایذائے رسول الثقلین
چہ ثمرہ می دارد قال اللہ تعالیٰ اِنَّ الَّذِیْنَ
یُؤْذُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ لَعَنَہُمُ اللّٰہُ فِی
الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَاَعَدَّ لَہُمْ عَذَابًا مُّہِیْنًا۔
و بعضے دیگر گویند کہ حال خاتمہ وے

سے امیر مقرر ہوا تھا لہٰذا اسکی اطاعت
امام حسین پر واجب تھی ایسے لوگ نہیں جانتے
کہ وہ امام حسین کے ہوتے ہوئے کیسے
امیر ہو سکتا تھا اور اسکی امارت پر مسلمانوں
کا اتفاق کب ہوا؟ صحابہ کرام کی ایک جماعت
اور ان کی اولاد اسکی اطاعت سے خارج تھی
اور کچھ لوگ جنھوں نے اسکی اطاعت قبول
کی جب انھوں نے اس کے شراب پینے، تارک الصلوٰۃ
ہونے، زناکار ہونے اور محارم کا حلال کرنے
والا ہونے کا معائنہ کیا تو مدینہ منورہ واپس
آکر خلع بیعت کیا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ
اس نے امام حسین کے قتل کا حکم نہیں دیا تھا
اور نہ وہ اس سے راضی تھا اور نہ وہ آپ کے
اور آپ کے اہل بیت کے قتل کے بعد خوش
ہوا یہ سخن بھی باطل ہے۔ علامہ تفتازانی
شرح عقاید نسفیہ میں فرماتے ہیں (آگے
شرح عقائد کی وہ عبارت ہے، جو گزشتہ
صفحات میں گزر چکی ہے)

اور بعض کہتے ہیں کہ امام حسین کا قتل
گناہ کبیرہ ہے کفر نہیں اور لعنت مخصوص
بکفار ہے ایسے لوگوں کی فطانت پر افسوس

Marfat.com

معلوم نیست شاید کہ وے بعد از ارتکاب
ایں کفر و معصیت توبہ کردہ باشد و نفس اخیر
وے بر توبہ رفتہ باشد و میل امام غزالی در احیاء
العلوم بایں طرف است و مخفی باد کہ احتمال
توبہ و رجوع از معاصی احتمالے ست و الا
آں بے سعادت آنچہ دریں امت کردہ ہیچکس
نہ کردہ باشد بعد از قتل امام حسین و اہانت
اہل بیت لشکر بہ تخریب مدینہ مطہرہ و قتل
اہل آں فرستاد و در واقعۂ حرہ تا سہ روز مسجد
نبوی بے اذان و نماز ماند و من بعد لشکرکشی
بحرم مکہ معظمہ کردہ و شہادت عبداللہ بن زبیر
دریں معرکہ در عین حرم مکہ واقع شد و ہیچو
مشاغل شغلے می داشت کہ مرد ایں جہاں را
پاک کرد و پسرش معاویہ بر سر منبر زشتی
حالِ پدرِ خود بیان کرد و اللہ اعلم بما
فی الضمائر و بعضے بیباکانہ بلعن آں شقی
تجویز می سازند از سلف و اعلام امت
امام احمد بن حنبل و امثالِ ایشاں بر وے
لعنت کردہ اند و ابن جوزی کہ کمال عصبیت
در حفظِ سنّت و شریعت می دارد در کتاب
خود لعن و یرا از سلف منقول کردہ و علامہ

ان کو یہ نہیں معلوم کہ کفر تو دوسری چیز ہے
خود ایذائے رسول الثقلین صلی اللہ علیہ وسلم کیا
نتیجہ و ثمرہ رکھتی ہے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے
کہ بیشک جو لوگ اللہ اور اُسکے رسول کو ایذاء
پہنچاتے ہیں اُن پر دنیا و آخرت میں اللہ کی
لعنت ہے اور اُن کے لیے ذلیل کرنے والا
عذاب ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ اسکے خاتمے کا حال
معلوم نہیں۔ شاید اس نے کفر و معصیت کے
ارتکاب کے بعد توبہ کر لی ہو اور اسکی آخری
سانس توبہ پر نکلی ہو۔ اور امام غزالی کا احیاء
العلوم میں اسی طرف میلان ہے اور مخفی
نہ رہے کہ معاصی سے توبہ اور رجوع کا
صرف احتمال ہی احتمال ہے ورنہ اس
بے سعادت نے اِس امّت میں جو کچھ کیا ہے
وہ کسی نے نہ کیا ہوگا۔ امام حسین کے قتل
کے بعد اہل بیت کی اہانت اور مدینہ منورہ
کے خراب کرنے اور وہاں کے رہنے والوں
کو قتل کرنے کے لیے لشکر بھیجا اور اس واقعۂ
حرّہ میں تین روز تک مسجد نبوی بے اذان و
نماز رہی اور اس کے بعد اُس لشکر نے حرم
مکہ معظّمہ پر چڑھائی کی اور اس معرکہ میں عین۔

Marfat.com

تفتازانی بکمال جوش وخروش بر وے و
براعوان و انصار وے لعنت کردہ اند، و بعضے
توقف کردہ اند و براہ سکوت رفتہ اند و مسلک
اسلم آنست کہ آں شقی را بمغفرت و ترحم ہرگز
یاد نہ باید کرد و بہ لعن او کہ در عرف مختص
بہ کفار گشتہ زبانِ خود را آلودہ نہ باید کرد
در کف لسان از لعنِ ابلیس لعین باوجود منصوصیت
کفرش ہم ہیچ خطر نیست، فضلاً عن یزید
البلید (مجموعۃ الفتاویٰ صـ۳)

حرم کے اندر عبداللہ بن زبیر شہید ہوتے (یزید)
اسی قسم کے مشاغل میں مصروف تھا کہ مر گیا
اور اس جہان کو پاک کر گیا اس کے بیٹے
معاویہ (اصغر) نے بر سرِ منبر اس کے برے
احوال بیان کیے اور پوشیدہ حالات کو
اللہ ہی خوب جانتا ہے اور بعض کھلم کھلا
اس شقی پر لعنت کرنا جائز رکھتے ہیں سلف
اور اعلام امت سے امام احمد بن حنبل اور
انکی مثل اور بزرگوں نے اس پر لعنت کی
ہے۔ ابن جوزی نے جو حفظِ سنت و شریعت میں بہت ہی زیادہ سخت ہیں اپنی کتاب میں یزید پر لعنت کرنا سلف سے نقل کیا ہے اور علامہ تفتازانی نے کمال جوش وخروش سے یزید اور اُس کے انصار و اعوان پر لعنت کی ہے اور بعض نے توقف کیا ہے اور سکوت کی راہ اختیار کی ہے اور سلامتی کا طریقہ یہ ہے کہ اس شقی کو مغفرت اور ترحم کے ساتھ ہرگز یاد نہ کرنا چاہیئے اور نہ ہی اس پر لعنت کرکے جو کہ عرف میں کفّار کے ساتھ مختص ہے اپنی زبان کو آلودہ کرنا چاہیئے جیسا کہ ابلیس لعین کے لعن سے باوجود اس کے کہ اس کا کفر منصوص ہے زبان روکنے میں کوئی خطرہ نہیں۔ فضلاً عن یزید البلید۔"

حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :۔

فَامْتَنَعَ الْحُسَیْنُ عَلَیْہِ السَّلَامُ مِنْ
بَیْعَتِہٖ لِاَنَّہٗ کَانَ فَاسِقًا مُدْمِنًا لِلْخَمْرِ
وَخَرَجَ الْحُسَیْنُ اِلٰی مَکَّۃَ۔
سرالشہادتین صـ۱۲

پس انکار کیا امام حسین علیہ السلام نے
یزید کی بیعت سے کیونکہ وہ فاسق شرابی
اور ظالم تھا۔ اور امام حسین مکہ تشریف
لے گئے۔

Marfat.com

اور یہی شاہ صاحب اپنے فتاوٰی میں ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں:-

سوال : یزید پر لعن کرنے کے بارے میں بعض سے توقف منقول ہے تو اس بارہ میں تحقیق کیا ہے ؟

جواب : اور اس حکم میں کہ یزید پر لعن کرنا چاہیئے یا نہیں، توقف اس وجہ سے ہے کہ روایات متعارضہ و متخالفہ یزید پلید کے بارہ میں شہادت حضرت امام حسین علیہ السلام میں وارد ہوئی ہیں. چنانچہ بعض روایات سے مفہوم ہوتا ہے کہ حضرت امام علیہ السلام کی شہادت پر یزید پلید راضی ہوا اور آپ کی شہادت سے خوش ہوا اور اُس نے اہل بیت اور خاندانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اہانت کی. تو جن علماء کے نزدیک یہ ثابت ہوا کہ یہ روایات مرجح ہیں تو ان علماء نے یزید پلید پر لعن کیا. چنانچہ احمد بن حنبل اور کیا ہراسی جو فقہائے شافعیہ سے ہوئے ہیں اور دیگر علماء کثیر نے یزید پلید پر لعن کیا ہے اور بعضے روایات سے مفہوم ہوتا ہے کہ یزید کو شہادت سے امام علیہ السلام کے رنج تھا اور شہادت کی وجہ سے یزید نے ابن زیاد اور اس کے اعوان پر عتاب کیا اور یزید کو اس کام سے ندامت ہوئی کہ اس کے نائب کے ہاتھ سے یہ واقعہ وقوع میں آیا تو جن علماء کے نزدیک یہ ثابت ہوا کہ یہ روایات مرجح ہیں تو ان علماء نے یزید کے لعن سے منع کیا. چنانچہ حجۃ الاسلام امام غزالی علیہ الرحمۃ اور دیگر علماء شافعیہ اور اکثر علماء حنفیہ نے یزید کے لعن سے منع کیا ہے اور بعضے علمائے کے نزدیک ثابت ہوا کہ دونوں طرح کے روایات میں تعارض ہے اور کوئی ایسی وجہ ثابت نہ ہوئی کہ اس کے اعتبار سے ایک جانب کی روایات کو ترجیح ہو سکے تو ان علماء نے احتیاطاً اس مسئلہ میں توقف کیا اور جب روایات میں تعارض ہووے اور کوئی وجہ کسی روایت کی ترجیح کے لیے نہ ہو تو علماء پر یہی واجب ہے یعنی حکم دینے میں توقف کرنا واجب ہے اور امام ابو حنیفہ کا یہی قول ہے. البتہ شمر و ابن زیاد پر -

Marfat.com

پر لعن کرنا قطعی طور پر جائز ہے اس واسطے کہ قطعی طور پر ثابت ہے کہ شمر و ابن زیاد شہادت پر حضرت امام حسین علیہ السلام کے راضی تھے اور آپ کی شہادت سے وہ دونوں خوش ہوئے اور اس بارہ میں روایات میں تعارض نہیں اس لیے شمر و ابن زیاد پر لعن کرنے میں علماء سے کسی نے توقف نہیں کیا بلکہ بالاتفاق سب علماء کے نزدیک قطعی طور پر ثابت ہے کہ شمر و ابن زیاد بدنہاد پر لعن کرنا جائز ہے

(فتاویٰ عزیزی اردو ص۲۵۲)

یہی شاہ صاحب دوسری جگہ فرماتے ہیں :-

اہل بیت کی محبت فرائض ایمان سے ہے یہ لوازم سنت اور محبت اہل بیت سے ہے کہ مروان علیہ اللعنۃ کو برا کہنا چاہیئے اور اس سے دل بیزار رہنا چاہیئے علی الخصوص اس نے نہایت بدسلوکی حضرت امام حسین اور اہل بیت کے ساتھ کی اور کامل عداوت ان حضرات سے رکھتا تھا اس خیال سے اس شیطان سے نہایت ہی بیزار رہنا چاہیئے (فتاویٰ عزیزی اردو ص۲۴۲)

حضرت بوعلی شاہ قلندر پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ اپنی مثنوی شریف میں فرماتے ہیں :-

بہر دنیا آں یزید ناخلف ۔۔۔ دین خود کردہ برائے او تلف

اس نالائق ناخلف یزید نے دنیا کی خاطر اپنے دین کو برباد کیا !

زال دنیا چوں در آمد در نکاح ۔۔۔ کرد بر خود خون آں سید مباح

جب مکار دنیا کی بڑھیا اس کے نکاح میں آئی تو اس نے جگر گوشۂ رسول سید حسین کے خون کو اپنے اوپر مباح کر لیا (مثنوی ص۶)

خاتمۃ المحققین عمدۃ المدققین مفتی بغداد العلامۃ ابی الفضل شہاب الدین السید محمود آلوسی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ یزید پلید کے بارے میں فرماتے :-

وَاَنَا اَقُولُ الَّذِیْ یَغْلِبُ عَلٰی ظَنِّیْ ۔۔۔ اور میں کہتا ہوں جو میرے گمان

Marfat.com

اَنَّ الخَبِيثَ لَمْ يَكُنْ مُصَدِّقًا بِرِسَالَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَّ مَجْمُوْعَ مَا فَعَلَ مَعَ اَهْلِ حَرَمِ اللهِ تَعَالٰى وَاَهْلِ حَرَمِ نَبِيِّهٖ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَعِتْرَتِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ فِي الْحَيَاةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ وَمَا صَدَرَ مِنْهُ مِنَ الْمَخَازِي لَيْسَ بِاَضْعَفَ دَلَالَةً عَلٰى عَدَمِ تَصْدِيْقِهٖ مِنْ اِلْقَاءِ وَرَقَةٍ مِنَ الْمُصْحَفِ الشَّرِيْفِ فِي قَذَرٍ وَلَا اَظُنُّ اَنَّ اَمْرَهٗ كَانَ خَافِيًا عَلٰى اَجِلَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ اِذْ ذَاكَ وَلٰكِنْ كَانُوْا مَغْلُوْبِيْنَ مَقْهُوْرِيْنَ لَمْ يَسَعْهُمْ اِلَّا الصَّبْرَ لِيَقْضِيَ اللهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا وَلَوْ سُلِّمَ اَنَّ الْخَبِيْثَ كَانَ مُسْلِمًا فَهُوَ مُسْلِمٌ جَمَعَ مِنَ الْكَبَائِرِ مَا لَا يُحِيْطُ بِهٖ نِطَاقُ الْبَيَانِ وَاَنَا اَذْهَبُ اِلٰى جَوَازِ

پر غالب ہے کہ وہ خبیث نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی تصدیق کرنے والا نہیں تھا۔ بیشک اس کا مجموعی عمل جو اس نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حرم پاک کے رہنے والوں کے ساتھ کیا اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی طیب و طاہر عترت یعنی اولاد کے ساتھ ان کی زندگی اور انکی وفات کے بعد جو کچھ روا رکھا اور جو کچھ اس سے ذلت آمیز افعال صادر ہوئے ہیں یہ زیادہ دلالت کرنے والے ہیں اسکی عدم تصدیق پر اس شخص کے عمل سے کہ جس نے قرآن پاک کے اوراق کو نجاست میں پھینکا[۱] اور میں یہ گمان نہیں کرتا کہ اس کا حال اس وقت کے جلیل القدر مسلمانوں پر مخفی تھا۔ لیکن وہ مغلوب و مقہور تھے اور ان کے لیے سوائے صبر کے اور کوئی چارۂ کار نہ تھا (لِيَقْضِيَ اللهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا) تاکہ تقدیر الٰہی پوری ہو کر رہے۔ اور اگر تسلیم کر لیا جائے کہ وہ خبیث مسلمان تھا تو وہ ایسا مسلمان تھا کہ اس نے

---

[۱] تمام فقہا نے لکھا ہے کہ جو شخص قرآن شریف کے اوراق کو نجاست میں پھینکے وہ کافر ہے۔ المؤلف

Marfat.com

لَعْنِ مِثْلِہٖ عَلَی التَّعْیِیْنِ وَ لَوْلَمْ یَتَصَوَّرْ اَنْ یَّکُوْنَ لَہٗ مِثْلٌ مِّنَ الْفَاسِقِیْنَ وَ الظَّاھِرُ اَنَّہٗ لَمْ یَتُبْ وَ احْتِمَالُ تَوْبَتِہٖ اَضْعَفُ مِنْ اِیْمَانِہٖ وَ یُلْحَقُ بِہٖ ابْنُ زِیَادٍ وَ ابْنُ سَعْدٍ وَ جَمَاعَۃٌ فَلَعْنَۃُ اللّٰہِ عَزَّ وَ جَلَّ عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ وَ عَلٰی اَنْصَارِھِمْ وَ اَعْوَانِھِمْ وَ شِیْعَتِھِمْ وَ مَنْ مَّالَ اِلَیْھِمْ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ مَا دَمَعَتْ عَیْنٌ عَلٰی اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ الْحُسَیْنِ۔

اپنے لیے اتنے کبیرہ گناہ جمع کر لیے تھے کہ احاطۂ بیان سے باہر ہیں اور میرے نزدیک یزید جیسے شخص معیّن پر لعنت کرنا جائز و درست ہے۔ اگرچہ اس جیسا کوئی فاسق بھی متصوّر نہیں ہو سکتا۔ اور ظاہر یہی ہے کہ اس نے توبہ نہیں کی اسکی توبہ کا احتمال اس کے ایمان کے احتمال سے بھی کمزور ہے۔ یزید کے ساتھ ابن زیاد۔ ابن سعد۔ اور اسکی جماعت کو بھی لاحق و شامل کیا جائے گا پس اللہ عزّوجلّ کی لعنت ہو ان سب پر اور انکے اعوان وانصار پر اور انکے گروہ پر اور جو بھی انکی طرف مائل ہو قیامت تک اور اس وقت تک کہ کوئی بھی آنکھ ابو عبداللہ حسین رضی اللہ عنہ پر آنسو بہائے۔

تفسیر روح المعانی ص ٦٦/٢٦

یہی محقق، مدقق مفسّر علامہ آلوسی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ دوسرے مقام پر فرماتے ہیں کہ صحیح احادیث میں آیا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے محبت رکھنا ایمان اور بغض رکھنا علامتِ نفاق ہے چنانچہ امّ المؤمنین حضرت امّ سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے (حضرت) علی سے فرمایا اے علی

لَا یُحِبُّکَ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَّلَا یُبْغِضُکَ اِلَّا مُنَافِقٌ نسائی شریف

تجھ سے محبت نہیں رکھے گا مگر مومن اور تجھ سے بغض نہیں رکھے گا مگر منافق۔

حضرت ذر بن حبیش فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔

Marfat.com

وَاللّٰہِ الَّذِی فَلَقَ الْحَبَّۃَ وَبَرَءَ النَّسَمَۃَ اِنَّہٗ لَعَھْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَیَّ اَنْ لَّا یُحِبَّنِیْ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَّلَا یُبْغِضُنِیْ اِلَّا مُنَافِقٌ

قسم ہے اس ذات کی جو دانے کو پھاڑ کر درخت پیدا کرتا ہے اور آدمی کو ظاہر فرماتا ہے مجھ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ عہد ہے کہ مجھ سے محبت نہیں رکھے گا مگر مومن اور مجھ سے بغض نہیں رکھے گا مگر منافق۔

احمد، ترمذی۔ نسائی۔ مسلم

اس کے بعد فرماتے ہیں:۔

فَیَالَیْتَ شِعْرِی مَاذَا تَقُوْلُ فِیْ یَزِیْدَ الطَّرِیْدِ اَکَانَ یُحِبُّ عَلِیًّا کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہٗ اَمْ کَانَ یُبْغِضُہٗ وَلَا اَظُنُّکَ فِیْ مِرْیَۃٍ مِنْ اَنَّہٗ عَلَیْہِ اللَّعْنَۃُ کَانَ یُبْغِضُہٗ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اَشَدَّ الْبُغْضِ وَکَذَا یُبْغِضُ وَلَدَیْہِ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ عَلٰی جَدِّھِمَا وَاَبَوَیْھِمَا وَعَلَیْھِمَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ کَمَا تَدُلُّ عَلٰی ذٰلِکَ الْاٰثَارُ الْمُتَوَاتِرَۃُ مَعْنًی وَحِیْنَئِذٍ لَا مَجَالَ لَکَ عَنِ الْقَوْلِ بِاَنَّ اللَّعِیْنَ کَانَ مُنَافِقًا (روح المعانی پ ۲۶)

(اے مخاطب) تو کیا کہے گا یزید مردود کے بارے میں کیا وہ (حضرت) علی کرم اللہ وجہہ سے محبت رکھتا تھا یا بغض؟ میں گمان کرتا ہوں کہ تو اس میں شک و شبہ نہ کرے گا وہ یزید علیہ اللعنہ حضرت علی کے ساتھ سخت بغض و عداوت رکھتا تھا اور اسی طرح ان کے دونوں بیٹوں حسن و حسین کے ساتھ بھی بغض و عداوت رکھتا تھا جیسا کہ معنوی طور پر احادیث متواترہ اس پر دلالت کرتی ہیں تو پھر تیرے لیے ضروری ہے یہ کہنا کہ وہ لعین منافق تھا

حضرت علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

ثُمَّ کَفَرَ یَزِیْدُ وَمَنْ مَّعَہٗ بِمَا اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْھِمْ وَانْتَصَبُوْا الْعَدَاوَۃَ اِلٰی

یزید اور اس کے ساتھیوں نے اس نعمت کا کفر کیا جو اللہ نے ان پر کی تھی اور نبی

Marfat.com

النَّبِيِّ صَلَّے اللهُ عَلَیہ وَسَلَّمَ
وَقتلوا حُسَینًا رَضِیَ اللهُ
عَنہ ظلمًا و کفرًا یزیدُ
بدِینِ مُحَمَّد صَلَّے اللهُ علیہ
وَسلم حتّٰی انشد ابیاتًا حِینَ
قَتَلَ حُسَینًا رضے الله
عَنہ مَضمُونُہا این
اشیاخی یَنظُرُونَ انتقامِی
بِاٰلِ مُحَمَّد و بَنِی ھَاشِم
و اٰخر الاَبیَات ۔
وَلستُ مِنْ جندبٍ ان لم
انْتقِم، مِنْ بَنِی احمدَ
مَاکَانَ فعل و ایضا
احلّ الخمرَ و قال ۔ مُدام
کنزٍ فی اناء کفضّۃ و سَاقِ
کبد مع مُدام کنجمِ و شمسہ
کرم برُجُہا قعرھا و مشرقہا
الساقی و مغربہا فبی فان حرّمت
یومًا علی دینِ احمد فخذھا علی دینِ
المسیح بنِ مریم ۔ تفسیر مظہری ص۲۱

صلی اللہ علیہ وسلم کی آل کی عداوت میں
کھڑے ہو گئے اور انھوں نے حضرت حسین
رضی اللہ عنہ کو ظلم سے شہید کیا اور یزید نے
دینِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کفر کیا
یہاں تک کہ اُس نے حضرت حسین رضی اللہ
عنہ کے قتل کے وقت یہ اشعار کہے "کہاں
ہیں میرے بزرگ کہ وہ میرا بدلہ لینا دیکھ
لیں آلِ محمد اور بنی ہاشم سے" اور آخری
شعر یہ ہے "میں جندب کی اولاد میں سے
نہیں ہوں گا اگر میں احمد کی اولاد سے
بدلہ نہ لوں جو کچھ انھوں نے کیا۔" نیز اس
نے شراب کو حلال کیا اور شراب کے بارے
میں اس کے یہ اشعار ہیں۔ "شراب کا خزانہ ایسے
برتن میں ہے جو کہ مثل چاندی کے ہے اور
انگور کی شاخ انگوروں کے ساتھ لدی ہوئی
ہے جو کہ مثل ستاروں کے ہیں انگور کی بیل
کی گہرائی آفتاب کے برج کے قائم مقام ہے
اس آفتاب (شراب) کا مشرق ساقی کا ہاتھ
ہے اور (شراب) کے غروب ہونے کی جگہ میرا منہ
ہے۔ پس اگر یہ شراب دینِ احمد میں ایک
دن حرام ہوئی ہے تو اے مخاطب! تو اسکو مسیح ابنِ مریم کے دین پر لے لے یعنی حلال سمجھ۔

Marfat.com

اور یہی قاضی صاحب اپنے مکتوبات میں فرماتے ہیں :۔

غرضیکہ کفر بر یزید از روایت معتبرہ ثابت می شود پس او مستحق لعن است اگرچہ در لعن گفتن فائدہ نیست لیکن الحب فی اللہ والبغض فی اللہ مقتضی انست ۔ واللہ اعلم ، (مکتوبات صـ۲۳۱)

غرضیکہ یزید کا کفر معتبر روایت سے ثابت ہے۔ پس وہ مستحق لعنت ہے اگرچہ لعنت کرنے میں کوئی فائدہ نہیں ہے لیکن الحب فِی اللہ والبُغض فِی اللہ اس کا مقتضی ہے۔

اعلیٰ حضرت امام اہلِ سنّت مولانا شاہ احمد رضا خاں صاحب بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :۔

" اس طائفہ طائفہ خصوصًا اُن کے پیشوا کا حال مثل یزید پلید علیہ ما علیہ ہے کہ محتاطین نے اس کی تکفیر سے سکوت پسند کیا۔ ہاں یزید مرید اور ان کے امام عنید میں اتنا فرق ہے کہ اس خبیث سے ظلم وفسق متواتر مگر کفر متواتر نہیں اور ان حضرت سے یہ سب کلمات کفر اعلیٰ درجۂ تواتر پر ہیں۔" (الکوکبۃ الشہابیہ صـ۶)

دوسرے مقام پر فرماتے ہیں :۔

" کہ یزید کو اگر کوئی کافر کہے تو ہم منع نہیں کریں گے اور خود نہ کہیں گے۔" (الملفوظ صـ۳۶)

تیسرے مقام پر فرماتے ہیں :۔

" اوس خبیث (یزید) نے مسلم بن عقبہ مری کو مدینۂ سکینہ پر بھیج کر سترہ سو مہاجرین و انصار و تابعین کبار کو شہید کرایا اور اہلِ مدینہ لوٹ اور قتل اور انواع مصائب میں مبتلا رہے اور فوج اشقیاء نے مسجد اقدس میں گھوڑے باندھے اور کسی کو وہاں نماز نہ پڑھنے دی۔ اہلِ حرم سے یزید کی غلامی پر جبر بیعت لی کہ چاہے بیچے چاہے آزاد کرے جو کہتا میں خدا و رسول کے حکم پر بیعت کرتا ہوں اسے شہید کرتے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کے گھر کی بے حرمتی کر چکے خانۂ خدا پر چلے۔ راہ میں مسلم بن عقبہ مرگیا

Marfat.com

حصین بن نمیر نے مع فوج کثیر مکہ میں پہنچ کر بیت اللہ کو جلا دیا اور وہاں کے رہنے والوں پر طرح طرح کا ظلم و ستم کیا۔" (احسن الوعار ص۵۲)

چوتھے مقام پر فرماتے ہیں:۔

**مسئلہ:۔** کیا فرماتے ہیں علمائے اہل سنت اس مسئلہ میں کہ از روئے فرمانِ اللہ و رسول یزید بخشا جائے گا یا نہیں؟

**الجواب:۔** یزید پلید کے بارے میں ائمہ اہلِ سنت کے تین قول ہیں۔ امام احمد وغیرہ اکابر اُسے کافر جانتے ہیں تو ہرگز بخشش نہ ہوگی۔ اور امام غزالی وغیرہ مسلمان کہتے ہیں تو اس پر کتنا ہی عذاب ہو بالآخر بخشش ضرور ہوگی۔ اور ہمارے امام سکوت فرماتے ہیں کہ ہم نہ مسلمان کہیں نہ کافر لہٰذا یہاں بھی سکوت کریں گے۔ واللہ تعالیٰ اعلم (احکام شریعت ص۹۲) پانچویں مقام پر فرماتے ہیں:۔

**سوال!** کیا فرماتے ہیں علمائے کرام و مفتیانِ عظام اس مسئلہ میں کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ یزید فاسق فاجر نہ تھا اس کو بُرا نہ کہا جائے اور سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اُس کے وہاں نہ جانا چاہیئے تھا کیوں گئے اور یہ ملکی جنگ تھی۔

**الجواب:۔** یزید پلید علیہ ما یستحقہ من العزیز المجید قطعاً یقیناً باجماعِ اہلِ سنت فاسق فاجر وجری علی الکبائر تھا۔ اس قدر پر ائمہ اہلِ سنّت کا اطباق و اتفاق ہے۔ صرف اس کی تکفیر و لعن میں اختلاف فرمایا۔ امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ اور ان کے اتباع و موافقین اسے کافر کہتے اور بہ تخصیص اس پر لعن کرتے ہیں اور اس آیۂ کریمہ سے اس پر سند لاتے ہیں فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ تَوَلَّيْتُمْ أَنْ تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ وَتُقَطِّعُوا أَرْحَامَكُمْ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فَأَصَمَّهُمْ وَأَعْمَىٰ أَبْصَارَهُمْ کیا قریب ہے کہ اگر والی ملک ہو تو زمین میں فساد کرو اور اپنے نسبی رشتہ کاٹ دو۔ یہ ہیں وہ لوگ جن پر اللہ نے لعنت فرمائی تو انھیں بہرا کر دیا اور ان کی آنکھیں پھوڑ دیں۔

Marfat.com

شک نہیں کہ یزید نے والی ملک ہو کر زمین میں فساد پھیلایا حرمین طیبین و خود کعبہ معظمہ و روضہ طیبہ کی سخت بے حرمتیاں کیں مسجد کریم میں گھوڑے باندھے ان کی لید اور پیشاب منبر اطہر پر پڑے تین دن مسجد نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بے اذان و نماز رہی۔ مکہ و مدینہ و حجاز میں ہزاروں صحابہ و تابعین بے گناہ شہید کئے۔ کعبہ معظمہ پر پتھر پھینکے۔ غلاف شریف پھاڑا اور جلایا مدینہ طیبہ کی پاک دامن پارسائیں تین شبانہ روز اپنے خبیث لشکر پر حلال کر دیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جگر پارے کو تین دن بے آب و دانہ رکھ کر مع ہمراہیوں کے تیغ ظلم سے پیاسا ذبح کیا؛ مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے گود کے پالے ہوئے تن نازنیں پر بعد شہادت گھوڑے دوڑائے گئے کہ تمام استخوان مبارک چور ہو گئے۔ سر انور کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ وسلم کا بوسہ گاہ تھا کاٹ کر نیزہ پر چڑھایا اور منزلوں پھرایا۔ حرم محترم مخدرات مشکوئے رسالت قید کئے گئے۔ اور بے حرمتی کے ساتھ اس خبیث کے دربار میں لائے گئے۔ اس سے بڑھ کر قطع رحم اور زمین میں فساد کیا ہو گا ملعون ہے وہ جو ان ملعون حرکات کو فسق و فجور نہ جانے۔ قرآن کریم میں صراحۃً اس پر لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فرمایا۔ لہٰذا امام احمد اور ان کے موافقین اس پر لعنت فرماتے ہیں اور ہمارے امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ لعن و تکفیر سے احتیاطاً سکوت کہ اس سے فسق و فجور متواتر ہیں کفر متواتر نہیں اور بحال احتمال نسبت کبیرہ بھی جائز نہیں نہ کہ تکفیر۔ اور امثال وعیدات مشروط بعدم توبہ ہیں لقولہٖ تعالیٰ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا اِلَّا مَنْ تَابَ اور توبہ تا دمِ غرغرہ مقبول ہے اور اس کے عدم پر جزم نہیں اور یہی احوط و اسلم ہے مگر اس کے فسق و فجور سے انکار کرنا اور امام مظلوم پر الزام رکھنا ضروریات مذہب اہل سنت کے خلاف ہے اور ضلالت و بد دینی صاف ہے بلکہ انصافاً یہ اس قلب سے متصور نہیں جس میں محبت سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا شمہ ہو سَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ۔ شک نہیں کہ اس کا قائل ناصبی مردود اور اہل سنت کا عدو و عنود ہے۔ ایسے گمراہ بد دین سے مسئلہ مصافحہ کی شکایت بے سود ہے۔

Marfat.com

اسکی غایت اسی قدر تو کہ اس نے قول صحیح کا خلاف کیا اور بلا وجہ شرعی دشت کشی کرکے ایک مسلمان کا دل دکھایا مگر وہ تو اُن کلمات ملعونہ سے حضرت بتول زہرا و علی مرتضیٰ اور خود حضور سیّد الانبیاء علیہ وعلیہم افضل الصلوٰۃ والثنا کا دل دکھا چکا ہے۔ اللہ واحد قہار کو ایذا دے چکا ہے، وَالَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰہِ لَھُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ہ اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ لَعَنَھُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَاَعَدَّ لَھُمْ عَذَابًا مُّھِیْنًاہ وَاللّٰہُ تعالیٰ اَعْلَم (فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ)

(عرفانِ شریعت صہ ۳۱)

صدر الشریعہ حضرت مولانا امجد علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

یزید پلید فاسق فاجر مرتکب کبائر تھا۔ معاذ اللہ اس سے ریحانۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ سے کیا نسبت، آجکل جو بعض گمراہ کہتے ہیں کہ ہمیں اُن کے معاملہ میں کیا دخل ہے۔ ہمارے وہ بھی شہزادے وہ بھی شہزادے۔ ایسا بکنے والا مردود خارجی، ناصبی، مستحق جہنم ہے۔ ہاں یزید کو کافر کہنے اور اس پر لعنت کرنے میں علماء اہلِ سنّت کے تین قول ہیں اور ہمارے امام اعظم رضی اللہ عنہ کا مسلک سکوت یعنی ہم اسے فاسق فاجر کہنے کے سوا نہ کافر کہیں نہ مسلمان۔ (بہار شریعت صہ ۸۶)

اس سلسلے میں مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کا ایک فتویٰ ملاحظہ ہو۔

**سوال:۔** امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت محض تقلیداً للشیعہ حضرات اہلِ سنّت والجماعت مانتے ہیں یا اس پر کوئی دلیل شرعی نہیں ہے اور محض شیعوں کی تقلید سے یہ بات مانی جاتی ہے کیونکہ صرف جان دینا شہادت نہیں بلکہ جان دینا واسطے اعلاء کلمۃ اللہ کے شہادت ہے (کما قال علیہ الصلوٰۃ والسلام مَنْ قَاتَلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ لِتَکُوْنَ کَلِمَۃُ اللّٰہِ ھِیَ الْعُلْیَا) اور کربلا کے معرکہ میں یہ بات کہاں پائی جاتی ہے وہاں تو صرف یہ بات تھی کہ یزید کے لشکر نے بحکمِ یزید یہ چاہا کہ آپ یزید کی سلطنت میں داخل

Marfat.com

ہو جائیے اور یزید کو بادشاہِ وقت تسلیم کر لیجئے! مگر امام حسین نے یزید کو بادشاہ وقتی نہیں تسلیم کیا اور صاف انکار کر کے یہ فرمایا (ماعندی لھذا جواب) پس ایسی صورت میں یزید کے لشکر اگر سیاست سے کام نہ لیتے تو کیا کرتے۔ کیونکہ اسلام میں بھی تو سیاسی احکام موجود ہیں اور سیاست کا اقتضا تو یہی ہے کہ جو کوئی بادشاہ وقت کی سلطنت سے انکار کرے اور بادشاہ کا مدِ مقابل بننا چاہے تو اس کو مار ڈالو۔ چنانچہ صحاح ستہ میں تقریباً انہیں الفاظ کی حدیث ہے۔ (اذا اجتمع امرکم احد ثم جاء الاٰخر یدعی الامر فاضربوا عنقه) یعنی جبکہ امر سلطنت کسی ایک پر مجتمع ہو اور سلطنت کی باگ کسی ایک کے قبضہ میں آوے اور اس کے بعد کوئی دوسرا شخص مدِ مقابل بننا چاہے تو اسکی گردن مارو۔ اور اس میں شک نہیں کہ احکامِ شریعت عام ہیں۔ اہلِ بیت وغیرہ سب اس میں یکساں شامل ہیں۔ پس اگر یزید کے لشکر نے اس حدیث پر عمل کیا اور امام حسینؓ جو ان کے مدِ مقابل بننا چاہتے تھے تو انہوں نے کیا بے جا کیا؟ کیونکہ امام حسینؓ مکہ معظمہ سے اسی خیال پر گئے تھے کہ تخت نصیب ہو گا باوجودیکہ ابن عباس وغیرہ تجربہ کار صحابہ کرام ان کو منع کرتے تھے اور کہتے تھے کہ آپ اہلِ کوفہ کے خطوط پر نہ اعتماد کیجئے مگر امام حسین نے نہیں مانا اور اہلِ کوفہ نے جو متعدد خطوط ان کو لکھے تھے کہ آپ آئیے جب آپ تشریف لائیں گے تو ہم سب تمہارے ساتھ ہو جائیں گے اور یزیدیوں کو نکال کر آپ کو تخت پر بٹھائیں گے چنانچہ آپ نے اُن کے خطوط پر بھروسا کیا اور گئے مگر اہلِ کوفہ نے وفا نہیں کی اور کسی نے ساتھ نہیں دیا اور اسی لیے (کوفی لایوفی) مشہور ہوا۔ چونکہ یزیدیوں کو خبر لگی کہ امام حسین ہمارے مدِ مقابل بننے کے لیے آئے۔ اس لیے انھوں نے یہ چالاکی کی کہ آپ کو کوفہ میں آنے ہی نہیں دیا بلکہ راہ میں اور فراط کے اس پار آپ کو روک دیا۔ طرح طرح کی کوشش کی کہ امام حسین یزید کو بادشاہِ وقت تسلیم کریں اور قتال کی نوبت نہیں آئے۔ چنانچہ پانی بند کیا اور قسم قسم کی تکالیف دیں تاکہ امام صاحب کسی طرح مان جائیں اور قتال کا موقع درمیان

Marfat.com

میں نہ آئے۔ جب یزیدی مجبور ہوئے تو انھوں نے عملاً بالحدیث المذکور سیاست سے کام لیا۔ پس شہادت کیوں ہوئی اور یہ بھی نہیں کہا جاتا کہ یزید کو بادشاہ تسلیم کرنا ناجائز تھا۔ اس لیے امام حسین نے تسلیم نہیں کیا۔ اور جان دے دی۔ کیونکہ یزید کو بہت سے صحابہ کرام نے بادشاہِ وقت مان لیا تھا اور ان میں سے بہت ایسے بھی تھے جو مرتبے میں بحکم قرآن امام حسین سے بڑے تھے (قال اللّٰه تعالیٰ لَا یَسْتَوِی مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِیْنَ اَنْفَقُوْا مِنْ بَعْدُ وَقَاتَلُوْا) یعنی فتح سے قبل جنھوں نے جہاد مالی ونفسی کیا ہے ان کا مرتبہ بہت بڑا ہے ان لوگوں سے جنھوں نے بعد فتحِ مکہ کے جہاد مالی ونفسی کیے ہیں۔ اور اس میں شک نہیں کہ امام حسین ونیز امام حسن نے نہ جہاد مالی اور نہ نفسی قبل فتحِ مکہ کیے کیونکہ یہ دونوں حضرات تو قبل فتحِ مکہ کے کم سن بچے تھے۔ پس وہ اصحاب کرام جنھوں نے قبل فتحِ مکہ کے جہاد مالی و نفسی کیے ہیں بحکم قرآن مرتبے میں بڑے ہوئے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ ان حضرات صحابہ میں سے بہت سے یزید کی سلطنت میں شامل تھے اور اس کو بادشاہِ وقت تسلیم کر لیا تھا۔ اس لیے یہ کہنا بھی غیر ممکن ہے کہ یزید کو بادشاہ وقت ماننا گناہ کبیرہ تھا لہٰذا اس حدیث پر (لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوْقٍ فِیْ مَعْصِیَةِ الْخَالِقِ) امام حسین نے عمل کیا اور جان دے دی۔ کیونکہ اگر ایسا مانا جائے گا تو ان صحابہ پر فسق کا الزام عائد ہوگا۔ جس کو کوئی سُنی کہہ نہیں سکتا ہے۔ پس معلوم ہوا کہ یزید کو بادشاہِ وقت تسلیم کرنا گناہ نہ تھا کیونکہ یزید دو حالتوں سے خالی نہیں۔ یا تو فاسق مسلمان مانا جائے گا یا کافر مانا جائے گا۔ اگر کافر بھی مانا جائے گا تو کافر کی اطاعت بھی فی غیر معصیۃ در وقت مجبوری جائز ہے۔ (قال اللّٰه تعالیٰ لَا یَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِیْنَ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَمَنْ یَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَیْسَ مِنَ اللّٰهِ فِیْ شَیْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً) اور اس میں کوئی شک نہیں کہ واقعۂ کربلا میں یزید کے غلبہ کو دیکھ کر ضرور یہ کہنا صحیح ہے کہ امام حسین کو اس آیت

Marfat.com

پر عمل کرنا ضرور جائز تھا مگر انھوں نے کیوں عمل نہیں کیا۔ یہ دوسری بات ہے کہ ان کی شان میں وارد ہے (سَیِّدَا شَبَابِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ) کیونکہ اس سے اور شہادت سے کوئی تعلق نہیں۔ اور یہ حدیث بھی بہ تقدیرِ صحت کے بطور عموم کے قابل نہیں کیونکہ صحابہؓ کرام میں سے بہت سے شباب ہوں گے جو (مَنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَ قَاتَلَ) میں داخل ہیں پس ان کا مرتبہ یقیناً حسین سے بڑا ہے اور یہ بھی نہیں کہ شہادت پر اجماع ہے کیونکہ اجماع کے لیے سند درکار ہے (واین ھو) یہ البتہ ممکن ہے کہ کہا جائے کہ امام حُسین سے غلطی اجتہادی ہوئی اس لیے انھوں نے جان دے دی مگر اس میں میرا کلام نہیں کلام تو اس میں ہے کہ ہم لوگ کس دلیل کی بنا پر ان کو شہید سمجھیں گے۔ کیونکہ مجتہد کی غلطی صرف ان کے حق میں کام آنے والی ہے کہ کم از کم ایک اجر اُن کو ملا۔ غیروں کے لیے حجت نہیں ہو سکتی۔ فقط۔ جناب کی عادتِ شریفہ یہ ہے کہ ضرور جواب دیتے ہیں مگر نہ معلوم کس وجہ سے مجھے جواب نہیں دیتے ہیں بہرحال ملتمس ہوں کہ جواب سے ارشاد فرمائیے۔ جواب تفصیلی ہو تاکہ دوبارہ تکلیف دہی کی نوبت نہ آئے۔ فقط۔

**جواب**:۔ یزید فاسق تھا اور فاسق کی ولایت مختلف فیہ ہے۔ دوسرے صحابہؓ نے جائز سمجھا۔ حضرت امام نے ناجائز سمجھا۔ اور گو اکراہ میں انقیاد جائز تھا مگر واجب نہ تھا اور متمسک بالحق ہونے کے سبب یہ مظلوم تھے اور مقتول مظلوم شہید ہوتا ہے۔ شہادت غزوہ کے ساتھ مخصوص نہیں لیس ہم اسی بنائے مظلومیت پر اُن کو شہید مانیں گے۔ باقی یزید کو اس قتال میں اس لیے معذور نہیں کہہ سکتے کہ وہ مجتہد سے اپنی تقلید کیوں کراتا تھا خصوص جبکہ حضرت امام آخر میں فرمانے بھی لگے تھے کہ میں کچھ نہیں کہتا۔ اس کو تو عداوت ہی تھی۔ چنانچہ امام حسن کے قتل کی بنا یہی تھی۔ اور مسلط کی اطاعت کا جواز الگ بات ہے مگر مسلط ہونا کب جائز ہے۔ خصوص نااہل کو۔ اس پر خود واجب تھا

Marfat.com

کر معزول ہو جاتا۔ پھر اہل حل وعقد کسی کو خلیفہ بناتے۔ (امداد الفتاویٰ ص۱۵)

ف! سائل نے اپنے سوال میں جو شبہات وارد کئے ہیں ان کا تفصیلی جواب اس کتاب کے گزشتہ اور آئندہ صفحات میں بفضلہٖ تعالیٰ قارئین کو واضح طور پر مل جائے گا۔ اس فتویٰ کے نقل کرنے کا اصل مقصد یہ ہے کہ معلوم ہو جائے کہ جناب تھانوی صاحب کے نزدیک یزید کی حیثیت کیا ہے اور آج بعض دیوبندی کہلانے والے یزید کو کیا سمجھ رہے ہیں۔ اور سنئے ایک سوال کے جواب میں یہی تھانوی صاحب دوسری جگہ فرماتے ہیں:۔

فی الحقیقت واقعہ جانکاہ جناب سید الشہداء حضرت امام حسین رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَعَنْ اَحِبَّائِہٖ وَسَخِطَ عَلٰی قَاتِلِیْہِ وَاَعْدَائِہٖ اس قابل ہے کہ اگر تمام زمین وآسمان وحور وملک وجن وانس وجمادات ونباتات وحیوانات قیامت تک یہ کہہ کر روئیں کہ ؎

صُبَّتْ عَلَیَّ مَصَائِبٌ لَوْ اَنَّھَا
صُبَّتْ عَلَی الْاَیَّامِ صِرْنَ لَیَالِیَا

تو بھی تھوڑا ہے مگر خیال کرنے کی بات ہے کہ جن کی محبت میں رو دیں پیٹیں تو جو حرکات ان کے خلاف طبع ہوں ان کا ارتکاب ان حضرت کے ساتھ سخت عداوت کرنا ہے۔ (بقدر ضرورت) فتاویٰ اشرفیہ ص۳

مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی فرماتے ہیں:۔

بعض ائمہ نے جو یزید کی نسبت کفر سے کف لسان کیا ہے وہ احتیاط ہے کیونکہ قتل حسین کو حلال جاننا کفر ہے۔ مگر یہ امر کہ یزید حلال قتل کو جانتا تھا محقق نہیں لہذا کافر کہنے سے احتیاط رکھے مگر فاسق بے شک تھا۔ (فتاویٰ رشیدیہ ص۲)

یہی گنگوہی صاحب دوسری جگہ فرماتے ہیں:۔

یزید کے وہ افعال ناشائستہ ہر چند موجب لعن کے ہیں مگر جس کو محقق اخبار سے

Marfat.com

اور قرائن سے معلوم ہو گیا کہ وہ اِن مفاسد سے راضی و خوش تھا اور ان کو مستحسن اور اور جائز جانتا تھا اور بدون توبہ کے مرگیا تو وہ لعن کے جواز کے قائل ہیں اور مسئلہ یونہی ہے۔ اور جو علماء اس میں تردّد رکھتے ہیں کہ اوّل میں وہ مومن تھا اس کے بعد ان افعال کا وہ مستحل تھا یا نہ تھا اور ثابت ہوا یا نہ ہوا تحقیق نہیں ہوا پس بدون تحقیق اس امر کے لعن جائز نہیں۔ لہٰذا وہ فریق علماء کا بوجہ حدیثِ منع لعن مسلم کے لعن سے منع کرتے ہیں اور یہ مسئلہ بھی حق ہے۔ پس جوازِ لعن و عدمِ جواز کا مدار تاریخ پر ہے اور ہم مقلدین کو احتیاط سکوت میں ہے۔ کیونکہ اگر لعن جائز ہے تو لعن نہ کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ لعن نہ فرض ہے نہ واجب نہ سنت نہ مستحب۔ محض مباح ہے اور جو وہ محل نہیں تو خود مبتلا ہونا معصیت کا اچھا نہیں۔ (فتاویٰ رشیدیہ ص۹)

مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی بانیٔ مدرسہ دیوبند فرماتے ہیں۔

بالجملہ بر اصول اہل سنت حال یزید بہ نسبت سابق متبدل شود نزد بعض کافر شد و نزد بعض کفر او متحقق نہ گشت۔ اسلام سابق مخلوط بفسق لاحق شد۔ اگر حضرت امام کافرش پنداشتند در خروج بر وچہ خطا کردند۔ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ ایں خاطر پسند خاطر افتاد مگر چنانکہ ممکن است کہ کفر کسے نزدیک متحقق شود و نزد دیگراں نشود ہمچنیں خروج برو در حق ایں و آں مختلف خواہد بود۔ اتفاق در تکفیر و تفسیق و تعدیل و تجریح کسے از ضروریات دینی یا از بدیہات

الحاصل اہل سنت کے اصول پر یزید کی پہلی حالت بدل گئی۔ بعض کے نزدیک وہ کافر ہو گیا اور بعض کے نزدیک اس کا کفر متحقق نہ ہوا بلکہ اس کا پہلا اسلام فسق کے ساتھ مخلوط ہو گیا۔ اگر امام حسینؓ نے اس کو کافر سمجھا تو اس پر خروج کرنے میں کیا غلطی کی؟ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کو یہی بات پسند آئی چنانچہ ممکن ہے کہ کسی کا کافر ہونا ایک شخص کے نزدیک ثابت ہو اور دوسرے کے نزدیک ثابت نہ ہو۔ اسی طرح اس پر خروج کرنے میں بھی اختلاف ہو جائیگا اور تکفیر، تفسیق، تعدیل اور تجریح

Marfat.com

وغیرہ میں کسی کا اتفاق کرنا ضروریاتِ دینی یا بدیہات عقل میں سے نہیں ہے۔

عقل نیست۔

(مکتوبات شیخ الاسلام صـ۲۵۸ا)

مولوی محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند فرماتے ہیں:۔

بہرحال یزید کے فسق وفجور پر جبکہ صحابہ کرام سب کے سب ہی متفق ہیں خواہ مبایعین ہوں یا مخالفین۔ پھر ائمہ مجتہدین بھی متفق ہیں اور ان کے بعد علماء راسخین محدثین فقہاء مثل علامہ قسطلانی۔ علامہ بدرالدین عینی۔ علامہ ہیتمی۔ علامہ ابن جوزی۔ علامہ سعد الدین تفتازانی۔ محقق ابن ہمام۔ حافظ ابن کثیر۔ علامہ الکیا الہراسی جیسے محققین یزید کے فسق پر علماء سلف کا اتفاق نقل کر رہے ہیں اور خود بھی اسی کے قائل ہیں ۔ تو اس سے زیادہ یزید کے فسق کے متفق علیہ ہونے کی شہادت اور کیا ہو سکتی ہے؟

(شہید کربلا اور یزید صـ۱۸۹)

دوسرے مقام پر فرماتے ہیں:۔

فسق تو فسق بعض ائمہ کے یہاں تو یزید کی تکفیر تک کا مسئلہ بھی زیرِ بحث آگیا یعنی جن کو ان کے قلبی دواعی اور اندرونی جذبات کھلنے پر ان کی اطلاع ہوئی تو انھوں نے اس پر کفر تک کا حکم لگا دیا گویا جمہور کا مسلک نہیں لیکن اس سے کم از کم اس کے فسق کی تصدیق اور تائید تو ضرور ہو جاتی ہے۔ (شہید کربلا اور یزید صـ۱۹۳)

غیر المقلدین کے امام نواب صدیق حسن خانصاحب فرماتے ہیں:۔

ابن عباس کہتے ہیں میں نے حضرتؐ کو خواب میں وقت دوپہر کے پریشاں موئے گرد آلودہ دیکھا ان کے ہاتھ میں ایک شیشی تھی اس میں خون تھا میں نے کہا اے رسولِ خدا یہ کیا ہے فرمایا خون ہے حسینؓ اور اصحاب حسینؓ کا میں اسکو پاس اللہ عزّوجلّ کے لیے جاتا ہوں۔ بعد چند روز کے خبر آئی کہ وہ اوسی دن اوسی گھڑی مارے گئے رواہ البیہقی لوگوں نے جنات کا نوحہ حسینؓ پر سنا کما اخرجہ ابو نعیم وغیرہ۔ اور بہت سے لوگوں نے ذکر

Marfat.com

کیا ہے کہ جب ان کے سر شریف کو پاس یزید بن معاویہ کے لے چلے راہ میں ایک جگہ اترے وہاں ایک بت خانہ تھا وہاں قیلولہ کیا اس کی دیوار پر لکھا پایا ؎

اَتَرْجُوْا اُمَّۃٌ قَتَلَتْ حُسَیْنًا شَفَاعَۃَ جَدِّہٖ یَوْمَ الْحِسَابِ

مقریزی نے خطط میں ذکر کیا ہے کہ جب حسینؓ مارے گئے آسمان رویا۔ اس کا رونا یہی سرخی فلک کی ہے علما نے اس آیت میں فَمَا بَکَتْ عَلَیْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ کہا ہے بکاؤھا حمرۃ اطرافھا زہری نے کہا ہم کو یہ بات پہنچی ہے کہ دن قتل حسین کے کوئی پتھر احجار بیت المقدس میں کا نہیں اٹھایا گیا لیکن نیچے اس کے خون سرخ تازہ نکلا اور دنیا تین دن تک تاریک رہی لشکر حسینؓ کے اونٹوں کو نحر کر کے پکایا تھا وہ علقم کی طرح ہو گئے کوئی شخص اُن کا گوشت نہ کھا سکا اور آسمان سے خون برسا اکثر ہر شے خون آلودہ ہو گئی انتہٰی۔ زہری نے کہا قاتلان حسین میں سے کوئی شخص نہ بچا لیکن آخرت سے پہلے دنیا میں بھی معاقب ہوا یا تو مارا گیا یا رُوسیاہ ہو گیا یا اسکی خلقت متغیر ہو گئی یا مدت یسیر میں اس کا ملک زائل ہو گیا۔ سبط ابن الجوزی نے روایت کیا ہے کہ ایک بوڑھا آدمی فقط اس معرکہ میں حاضر ہوا تھا وہ اندھا ہو گیا اس سے پوچھا کیا سبب ہے کہا میں نے حضرتؐ کو دیکھا کہ ذراع برہنہ کئے ہوئے ہاتھ میں تلوار لئے ہوئے ہیں اور ایک نطع ہے اور اس پر دس نفر جنھوں نے حسینؓ کو قتل کیا تھا مذبوح پڑے ہیں پھر مجھ پر لعنت کی اور برا کہا اور ایک سلائی خونِ حسینؓ کی میری آنکھوں میں پھیر دی میں صبح کو اندھا اٹھا یہ بھی سبط ابن الجوزی نے روایت کیا ہے کہ ایک شخص نے سر مبارک حسین کو گردن اسپ سے لٹکایا تھا بعد چند روز کے وہ قار سے بھی زیادہ سیاہ رُو ہو گیا اور بہت بُری حالت پر مرا ایک شخص نے یہ حکایت سُن کر انکار کیا آگ لپک کر اس کے بدن میں جا لگی اور اس کو جلا دیا (تشریف البشر بذکر الائمۃ الاثنی عشر۔ ص۹۹)

ابن عباس کہتے ہیں اللہ نے حضرتؐ کو وحی کی کہ میں نے یحیٰی بن زکریا کے عوض

Marfat.com

ستر ہزار قتل کئے اور میں عوض تمہارے نواسے کے دو بار ستر ستر ہزار قتل کروں گا۔

اخرجه الحاکم وصححه وقال الذهبی فی التلخیص علی شرط مسلم

حافظ ابن حجر نے کہا ہے کہ ایک طریق ضعیف سے آیا ہے کہ علی نے رفعا کہا ہے کہ قاتل حسین ایک تابوت نار میں ہے اسکو نصف عذاب اہل دنیا کا ہوتا ہے۔ سیوطی نے محاضرات ومحاورات میں کہا ہے کہ کوفہ میں ایک سال چیچک ہوئی ڈیڑھ ہزار ذریت ان لوگوں کی جو حاضر وقاتل حسین تھے اندھی ہو گئی نسائل اللہ العافیۃ۔

ف: قصہ شہادت امام حسین کا تفصیل وار بروایات صحیحہ کتاب سر الشہادتین میں لکھا ہے اسکی طرف مراجعت کرنا چاہیئے۔ لعن یزید میں اختلاف ہے ایک گروہ اہل علم کے نزدیک امر ورضار یزید در بارۂ قتل امام ثابت نہیں ہے وہ لعن سے منع کرتے ہیں۔ غزالی وغیرہ کا میل اسی طرف ہے وہ کہتے ہیں ابلیس بالاجماع ملعون ہے لیکن اس پر لعنت کرنا مطلوب نہیں ہے اور نہ یہ لعنت کوئی عبادت وفضیلت رکھتی ہے یزید جانے اور اللہ جانے۔ دوسرا گروہ جس کے نزدیک یہ فعل یزید کا تھا وہ لعن کو جائز کہتا ہے تفتازانی اسی طرف گئے ہیں اور کہا ہے نحن لا نتوقف فی شانه بل فی ایمانه لعنة الله علیه وعلی انصاره واعوانه۔ راجح یہی ہے کہ سکوت افضل ہے اس شغل سے رہا یہ فقرہ بعض اشخاص کا کہ قتل الحسین لبیف جدہ سو اس سے اہل ایمان کے بدن پر بال کھڑے ہوتے ہیں کوئی دلیل اس پر قائم نہیں ہے مجرد وسوسۂ خاطر ہے۔ (تشریف البشر ص۵۳)

جناب ابوالاعلیٰ مودودی سابق امیر جماعت اسلامی لکھتے ہیں:۔

یزید کے دور میں تین ایسے واقعات ہوئے جنھوں نے پوری دنیائے اسلام کو لرزہ براندام کر دیا۔

پہلا واقعہ سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کا واقعہ ہے۔ بلاشبہ وہ اہل عراق

Marfat.com

کی دعوت پر یزید کی حکومت کا تختہ الٹنے کے لیے تشریف لے جا رہے تھے۔ اور یزید کی حکومت انھیں برسر بغاوت سمجھتی تھی۔ ہم اس سوال سے تھوڑی دیر کے لیے قطع نظر کئے لیتے ہیں کہ اصول اسلام کے لحاظ سے حضرت حسین کا یہ خروج جائز تھا یا نہیں۔ اگرچہ انکی زندگی میں اور ان کے بعد صحابہ و تابعین میں سے کسی ایک شخص کا بھی یہ قول ہمیں نہیں ملتا کہ ان کا خروج ناجائز تھا اور وہ ایک فعل حرام کا ارتکاب کرنے جا رہے تھے۔ صحابہ میں سے جس نے بھی ان کو نکلنے سے روکا وہ اس بنا پر تھا کہ تدبیر کے لحاظ سے یہ اقدام نامناسب ہے۔ تاہم اس معاملہ میں یزید کی حکومت کا نقطۂ نظر ہی صحیح مان لیا جائے تب بھی یہ تو امر واقعہ ہے کہ وہ کوئی فوج لیکر نہیں جا رہے تھے۔ بلکہ ان کے ساتھ ان کے بال بچے تھے اور صرف ۳۲ سوار اور ۴۰ پیادے۔ اسے کوئی شخص بھی فوجی چڑھائی نہیں کہہ سکتا ان کے مقابلہ میں عمر بن سعد بن ابی وقاص کے تحت جو فوج کوفہ سے بھیجی گئی تھی اسکی تعداد ۴ ہزار تھی۔ کوئی ضرورت نہ تھی کہ اتنی بڑی فوج اس چھوٹی سی جمعیت سے جنگ ہی کرتی اور اسے قتل کر ڈالتی وہ اسے محصور کرکے بآسانی گرفتار کر سکتی تھی۔ پھر حضرت حسین نے آخر وقت میں جو کچھ کہا تھا وہ یہ تھا کہ یا تو مجھے واپس جانے دو یا کسی سرحد کی طرف نکل جانے دو یا مجھ کو یزید کے پاس لے چلو۔ لیکن ان میں سے کوئی بات بھی نہ مانی گئی اور اصرار کیا گیا کہ آپ کو عبیداللہ بن زیاد (کوفہ کے گورنر) ہی کے پاس چلنا ہوگا۔ حضرت حسین اپنے آپ کو ابن زیاد کے حوالہ کرنے کے لیے تیار نہ تھے۔ کیونکہ مسلم بن عقیل کے ساتھ جو کچھ وہ کرچکا تھا وہ انھیں معلوم تھا آخرکار ان سے جنگ کی گئی۔ جب ان کے سارے ساتھی شہید ہو چکے تھے اور وہ میدان جنگ میں تنہا رہ گئے تھے اسوقت بھی ان پر حملہ کرنا ہی ضروری سمجھا گیا اور جب وہ زخمی ہو کر گر پڑے تھے اسوقت ان کو ذبح کیا گیا۔ پھر ان کے جسم پر جو کچھ تھا وہ لوٹا گیا حتّٰی کہ ان کی لاش پر سے کپڑے تک اتار لیے گئے اور اس پر گھوڑے دوڑا کر اسے روندا گیا۔ اس کے بعد ان کی قیام گاہ کو لوٹا گیا اور خواتین کے جسم

Marfat.com

پر سے چادریں تک اتار لی گئیں۔ اس کے بعد اُن سمیت تمام شہدائے کربلا کے سر کاٹ کر کوفے جائے گئے اور ابن زیاد نے نہ صرف بر سر عام انکی نمائش کی بلکہ جامع مسجد میں ممبر پر کھڑے ہوکر یہ اعلان کیا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَظْہَرَ الْحَقَّ وَ اَہْلَہٗ وَ نَصَرَ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ یَزِیْدَ وَ حِزْبَہٗ وَ قَتَلَ الْکَذَّابُ ابْنُ الْکَذَّابِ الْحُسَیْنَ بْنَ عَلِیٍّ وَ شِیْعَتَہٗ۔ پھر سارے سر یزید کے پاس دمشق بھیجے گئے اور اس نے بھرے دربار میں انکی نمائش کی (اس پوری داستان کی تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو الطبری ج ۴ ص ۳۰۹ تا ۳۵۶۔ ابن الاثیر ج ۳، ص ۲۸۲ تا ۲۹۹۔ البدایہ ج ۸، ص ۱۷۰ تا ۲۰۴۔)

فرض کیجیے کہ حضرت حسین یزید کے نقطۂ نظر کے مطابق بر سر بغاوت ہی تھے، تب بھی کیا اسلام میں حکومت کے خلاف خروج کرنیوالوں کے لیے کوئی قانون نہ تھا؟ فقہ کی تمام مبسوط کتابوں میں یہ قانون لکھا ہوا موجود ہے مثال کے طور پر صرف ہدایہ اور اسکی شرح فتح القدیر، باب البغاۃ میں اسکو دیکھا جا سکتا ہے۔ اس قانون کے لحاظ سے دیکھا جائے تو وہ ساری کارروائی جو میدان کربلا سے لیکر کوفے اور دمشق کے دربار تک کی گئی اس کا ایک ایک جز قطعاً حرام اور سخت ظلم تھا۔ دمشق کے دربار میں جو کچھ یزید نے کیا اور کہا اس کے متعلق روایات مختلف ہیں۔ لیکن ان سب روایتوں کو چھوڑ کر ہم یہی روایت صحیح مان لیتے ہیں کہ وہ حضرت حسین اور ان کے ساتھیوں کے سر دیکھ کر آبدیدہ ہو گیا اور اس نے کہا کہ میں حسین کے قتل کے بغیر بھی تم لوگوں کی طاعت سے راضی تھا۔ اللہ کی لعنت ہو ابن زیاد پر، خدا کی قسم اگر میں وہاں ہوتا تو حسین کو معاف کر دیتا اور یہ کہ خدا کی قسم اے حسین میں تمہارے مقابلے میں ہوتا تو تمھیں قتل نہ کرتا۔ پھر یہ بھی سوال لازماً پیدا ہوتا ہے کہ اس ظلم عظیم پر اس نے اپنے سر پھرے گورنر کو کیا سزا دی؟ حافظ ابن کثیر کہتے ہیں کہ اس نے ابن زیاد کو نہ کوئی سزا دی، نہ اسے معزول کیا نہ اسے ملامت ہی کا کوئی خط لکھا اسلام تو خیر بدرجہا بلند چیز ہے۔ یزید میں اگر انسانی

Marfat.com

شرافت کی بھی کوئی رمق ہوتی تو وہ سوچتا کہ فتحِ مکہ کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے پورے خاندان پر کیا احسان کیا تھا اور اسکی حکومت نے ان کے نواسے کے ساتھ کیا سلوک کیا۔

اس کے بعد دوسرا سخت المناک واقعہ جنگ حرّہ کا تھا جو ۶۳ھ کے آخر اور خود یزید کی زندگی کے آخری ایام میں پیش آیا اس واقعہ کی مختصر روداد یہ ہے کہ اہل مدینہ نے یزید کو فاسق و فاجر اور ظالم قرار دیکر اس کے خلاف بغاوت کر دی۔ اس کے عامل کو شہر سے نکال دیا اور عبداللہ بن حنظلہ کو اپنا سربراہ بنا لیا۔ یزید کو یہ اطلاع پہنچی تو اس نے مسلم بن عقبہ المری کو (جسے سلف صالحین مُسرف بن عقبہ کہتے ہیں) ۱۲ ہزار فوج دیکر مدینہ پر چڑھائی کے لیے بھیج دیا اور اسے حکم دیا کہ تین دن تک اہل شہر کو اطاعت قبول کرنے کی دعوت دیتے رہنا۔ پھر اگر وہ نہ مانیں تو ان سے جنگ کرنا اور جب فتح پالو تو تین دن کے لیے مدینہ کو فوج پر مباح کر دینا۔ اس ہدایت پر یہ فوج گئی جنگ ہوئی۔ مدینہ فتح ہوا اور اس کے بعد یزید کے حکم کے مطابق تین دن کے لیے فوج کو اجازت دے دی گئی کہ شہر میں جو کچھ چاہے کرے ان تین دنوں میں شہر کے اندر ہر طرف لوٹ مار کی گئی۔ شہر کے باشندوں کا قتل عام کیا گیا۔ جسمیں امام زہری کی روایت کے مطابق سات سو معززین (صحابہ) اور دس ہزار کے قریب عوام مارے گئے۔ اور غضب یہ ہے کہ وحشی فوجیوں نے گھروں میں گھس گھس کر بے دریغ عورتوں کی عصمت دری کی۔ حافظ ابن کثیر کہتے ہیں کہ حتی قیل انہ حملت الف امرۃ فی تلک الایام من غیر زوج (کہا جاتا ہے کہ ان دنوں میں ایک ہزار عورتیں زنا سے حاملہ ہوئیں) اس واقعہ کی تفصیلات کے لیے ملاحظہ ہو الطبری ج ۴۔ ص ۳۷۲ تا ۳۷۹۔ ابن الاثیر ج ۳ ص ۳۱۰ تا ۳۱۳۔ البدایہ والنہایہ ج ۸ ص ۲۱۹ تا ۲۲۱) بالفرض اہلِ مدینہ کی بغاوت ناجائز ہی تھی مگر کیا کسی باغی مسلمان آبادی بلکہ غیر مسلم باغیوں اور حربی کافروں کے ساتھ بھی

Marfat.com

اسلامی قانون کی رُو سے یہ سلوک جائز تھا؟ اور یہاں تو معاملہ کسی اور شہر کا نہیں، خاص مدینۃ الرسولؐ کا تھا جس کے متعلق نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ ارشادات بخاری، مسلم، نسائی اور مسند احمد میں متعدد صحابہ سے منقول ہوئے ہیں کہ لا یرید احدٌ المدینۃ بسوءٍ الا اذابہ اللہ فی النار ذوب الرّصاص (مدینہ کے ساتھ جو شخص بھی برائی کا ارادہ کریگا اللہ اسے جہنم کی آگ میں سیسے کی طرح پگھلا دیگا) اور من اخافَ اهلَ المدینۃ ظلماً اخافہُ اللہُ وعلیہ لعنۃُ اللہ والملائکۃ والنّاسِ اجمعین لَا یقبلُ اللہُ منہ یومَ القیامۃ صرفاً ولَا عدلاً (جو شخص اہل مدینہ کو ظلم سے خوف زدہ کرے اللہ اسے خوف زدہ کریگا۔ اس پر اللہ اور ملائکہ اور تمام انسانوں کی لعنت ہے قیامت کے روز اللہ اس سے کوئی چیز اس کے گناہ کے فدیے قبول نہ فرمائے گا)

حافظ ابن کثیر کہتے ہیں کہ انھی احادیث کی بنیاد پر علماء کے ایک گروہ نے یزید پر لعنت کو جائز رکھا ہے اور ایک قول انکی تائید میں امام احمد بن حنبل کا بھی ہے۔ مگر ایک دوسرا گروہ صرف اس لیے اس سے منع کرتا ہے کہ کہیں اسطرح اس کے والد یا صحابہ میں سے کسی اور پر لعنت کرنے کا دروازہ نہ کھل جائے۔ حضرت حسن بصری کو ایک مرتبہ یہ طعنہ دیا گیا کہ آپ جو بنی امیہ کے خلاف خروج کی کسی تحریک میں شامل نہیں ہوتے تو کیا آپ اہل شام (یعنی بنی امیہ) سے راضی ہیں؟ جواب میں انہوں نے فرمایا میں اور اہل شام سے راضی ہوں؟ خدا ان کا ناس کرے۔ کیا وہی نہیں ہیں جنھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حرم کو حلال کر لیا اور تین دن تک اس کے باشندوں کا قتل عام کرتے پھرے۔ اپنے نبطی اور قبطی سپاہیوں کو اس میں سب کچھ کر گزرنے کی چھوٹ دے دی اور وہ شریف دیندار خواتین پر حملے کرتے رہے اور کسی حرمت کی ہتک کرنے سے نہ رُکے۔ پھر بیت اللہ پر چڑھ دوڑے اس پر سنگ باری کی اور اسکو آگ لگائی ان پر خدا کی لعنت ہو اور وہ بُرا انجام دیکھیں (ابن الاثیر صفحہ ۱۱۱)

Marfat.com

تیسرا واقعہ وہی ہے جس کا حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے آخر میں ذکر کیا ہے مدینہ سے فارغ ہونے کے بعد وہی فوج جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حرم میں یہ اودھم مچایا تھا حضرت ابن زبیرؓ سے لڑنے کے لیے مکہ پر حملہ آور ہوئی اور اس نے منجنیقیں لگا کر خانہ کعبہ پر سنگ باری کی جس سے کعبہ کی ایک دیوار شکستہ ہو گئی۔ اگرچہ روایات یہ بھی ہیں کہ انھوں نے کعبہ پر آگ بھی برسائی تھی لیکن آگ لگنے کے کچھ دوسرے وجوہ بھی بیان کئے جاتے ہیں البتہ سنگ باری کا واقعہ متفق علیہ ہے۔

ان تمام احادیث اور روایات سے یزید کا کردار، اس کی سیرت اور اسکا مقام اظہر من الشمس ہے تمام صحابہ کرام۔ ائمہ عظام اور علماء اعلام اس کے فاسق و فاجر اور ظالم و شرابی ہونے پر متفق ہیں اور جہاں تک اس کے کافر ہونے اور مستحق لعنت ہونے کا تعلق ہے اس میں اختلاف ہے۔ بعض نے کھلم کھلا اس کی تکفیر کی اور اس پر لعنت کرنا جائز قرار دیا۔ اور بعض نے اس سے منع اور بعض نے سکوت اختیار کیا۔ کما مرّ۔ لیکن یہ کہنا کہ وہ عالم و فاضل، متقی پرہیزگار، نہایت صالح اور پابند صوم وصلوٰۃ اور حد درجہ کریم النفس اور حلیم الطبع وغیرہ تھا۔ بالکل جھوٹ اور سراسر غلط ہے جس کا اصل حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ ایسا عقیدہ و نظریہ اسی کا ہو سکتا ہے جس کے دل میں اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم کے بغض اور نفاق کا مرض ہو۔

اب خود یزید کے ہم عصر حضرات صحابہ و تابعین کا یزید کے متعلق بیان ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

# یزید کے ہمعصر حضرات صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم کا یزید کے متعلق بیان

حضرت عبداللہ بن حنظلہ غسیل الملائکہ رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں :-

فو اللہِ ما خرجنا علیٰ یزید حتی خفنا ان نرم بالحجارۃ من السماء ان رجلا ینکح الامھات والبنات والاخوات ویشرب الخمر و یدع الصلوٰۃ

طبقات ابن سعد ص۶۶/۵

ابن اثیر ص۴۱/۴

خدا کی قسم ! ہم یزید کے خلاف اس وقت اٹھ کھڑے ہوئے جبکہ ہمیں یہ خوف لاحق ہو گیا کہ اسکی بدکاریوں کی وجہ سے ہم پر آسمان سے پتھر نہ برس پڑیں کیونکہ یہ شخص (یزید) ماؤں بیٹیوں اور بہنوں کے ساتھ نکاح جائز قرار دیتا اور شراب پیتا اور نمازیں چھوڑتا تھا۔

حضرت عمر بن سبیہ فرماتے ہیں کہ یزید نے اپنے والد کے حین حیات میں ایک حج کیا جب وہ مدینہ منورہ پہنچا تو اس نے شراب کی مجلس قائم کی۔ اتفاق سے حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما تشریف لائے اور ملاقات کی اجازت چاہی تو ابن عباس کو تو روک دیا گیا اور امام حسین کو اندر آنے کی اجازت دی گئی جب آپ تشریف لائے تو آپ نے کہا سبحان اللہ ! یہ خوشبو کیسی ہے ؟ یزید نے کہا یہ ایک خوشبو ہے جو شام میں بنتی ہے !

ثم دعا بقدح فشربہ ثم دعا باخر فقال اسق ابا عبداللہ فقال لہ الحسین علیک شرابک ایھا المرء لا عین علیک منی فقال یزید ؎

پھر اس نے شراب کا ایک پیالہ منگوایا اور پیا۔ پھر دوسرا منگوا کر کہا۔ لو ابو عبداللہ پیو ! امام حسین نے فرمایا۔ یہ تو اپنے پاس ہی رکھ میں دیکھتا بھی نہیں، یزید نے یہ اشعار پڑھے سہ اے دوست سخت تعجب

Marfat.com

اَلا یَا صاحُ لِلْعَجَبِ ۔ دَعوتُکَ
ذَا وَ لَمْ تُجِب - اِلَی الفَتَیَاتِ
وَالشَّھَوَاتِ وَ الصَّھبَا وَالطَّرَبِ
وَ بَاطِیَۃٍ مُکَلَّلَۃٍ عَلَیھَا سَادَۃُ
الْعربِ وَ فِیھنَّ الَّتِی تبلت
فُؤَادُکَ ثُمَّ لَمْ تَتُبْ فَنَھَضَ
الْحُسَیْنُ وَ قَالَ بَلْ فُؤَادُکَ یَا ابْنَ مُعَاوِیَۃَ
تَبَلَّتْ ابن اثیر منہ

ہے کہ میں تجھ کو عیش کی دعوت دیتا ہوں
اور تو قبول نہیں کرتا۔ نوجوان لڑکیاں شہوات
طرب اور مرصع خُم جن پر عرب کے سردار جمع
ہوتے ہیں۔ ان نازنین عورتوں میں وہ بھی
ہے جس کی تمہارے دل میں محبت ہے۔ پھر
بھی تم رجوع نہیں کرتے؟ امام حسین
کھڑے ہو گئے اور فرمایا اے ابن معاویہ!
بلکہ تمہارے دل پر اس کا قبضہ ہے۔

علامہ ابن جوزی امام قرطبی اور امام طبرانی رحمہم اللہ نقل فرماتے ہیں کہ واقعہ کربلا کے بعد یزید نے اپنے چچازاد بھائی عثمان بن محمد بن ابو سفیان کو مدینہ منورہ کا حاکم مقرر کیا اور اس کو کہا کہ اہلِ مدینہ سے میری بیعت لے۔ اس نے مدینہ طیبہ آکر ایک وفد تیار کیا اور اسکو بغرض بیعت یزید کے پاس بھیجا۔ یزید نے ان کو ہدیئے اور تحفے دیئے مگر بایں ہمہ یزید کے متعلق اس وفد کا بیان یہ ہے :-

فَلَمَّا رَجَعَ الْوَفْدُ اَظْھَرَ وْ اشْتَمَ
یَزِیدَ وَقَالُوا قَدِمنَا مِنْ عِنْدِ
رجل لَیْسَ لَہُ دِیْنٌ یَشْرَبُ
الْخَمْرَ وَیَعزِفُ بِالطَّنَابِیْرِ وَیَلْعَبُ
بِالْکِلَابِ وَاِنَّا نُشْھِدُکُمْ اَنَّا قَدْ
خَلَعْنَاہُ ..... وَقَالَ عَبْدُ اللہِ ابْنُ
اَبِیْ عُمَرِ بْنِ حَفْصٍ الْمَخْزُوْمِیْ قَدْ
خَلَعْتُ یَزِیْدَ کَمَا خَلَعْتُ عِمَا

پس جب وہ وفد واپس لوٹا تو انھوں نے یزید
کی برائیاں ظاہر کیں اور کہا کہ ہم ایسے شخص کے
پاس سے آئے ہیں جس کا کوئی دین نہیں وہ شراب
پیتا اور طنبورے بجا کر گانے بجانے والے اس
کے پاس بیٹھے گاتے بجاتے رہتے ہیں اور
وہ کتوں کے ساتھ کھیلتا رہتا ہے ہم تمہارے
سامنے گواہی دیتے ہیں کہ ہم نے اسکی بیعت
توڑ دی ...... عبداللہ بن ابی عمرو بن حفص

Marfat.com

مَتِّیْ وَ نَزَعَهَا عَنْ رَاسِهٖ
وَ اِنِّیْ لَا قُوْلُ هٰذَا وَ
قَدْ وَصَلَنِیْ وَ اَحْسَنَ
جَائِزَتِیْ وَ لٰکِنْ عَدُوُّ اللّٰهِ
سِکِّیْرٌ وَقَالَ اٰخَرُ قَدْ خَلَعْتُهٗ
کَمَا خَلَعْتُ نَعْلِیْ حَتّٰی کَثُرَتِ
الْعَمَائِمُ وَالنِّعَالُ
وفاء الوفا صـ ۸۹/۱

مخزومی نے کہا اگرچہ یزید نے مجھے صلہ و انعام دیا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ وہ دشمن خدا شرابی ہے اور میں اس کی بیعت سے اس طرح الگ ہوتا ہوں جس طرح اپنا یہ عمامہ اپنے سر سے الگ کرتا ہوں اور یہ کہہ کر اپنا عمامہ سر سے الگ کر دیا۔ ایک اور شخص نے کہا میں اسکی بیعت سے اس طرح نکلتا ہوں جس طرح میں اپنی اس جوتی سے نکلتا ہوں پھر سب اس طرح کرنے لگے۔ یہاں تک کہ عماموں اور جوتیوں کا ڈھیر ہو گیا۔

حضرت منذر بن زبیر رضی اللہ عنہ نے علی الاعلان لوگوں کے سامنے کہا۔

اِنَّهٗ قَدْ اَجَازَنِیْ بِمِائَةِ اَلْفٍ وَلَا
یَمْنَعُنِیْ مَا صَنَعَ بِیْ اَنْ اُخْبِرَکُمْ
خَبَرَهٗ وَاللّٰهِ اِنَّهٗ یَشْرَبُ الْخَمْرَ
وَاللّٰهِ اِنَّهٗ لَیَسْکَرُ حَتّٰی یَدَعَ
الصَّلٰوۃَ (ابن اثیر صـ ۴۲ وفاء الوفا صـ ۸۹/۱)

کہ بیشک یزید نے مجھے ایک لاکھ درہم انعام دیا ہے مگر اسکا یہ سلوک مجھے اس امر سے باز نہیں رکھ سکتا کہ میں تمہیں اس کا حال نہ سناؤں خدا کی قسم وہ شراب پیتا ہے اور اسے اس قدر نشہ ہو جاتا ہے کہ وہ نماز ترک کر دیتا ہے۔

امام الاولیاء حضرت امام حسن بصری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ امیر معاویہ نے

وَاسْتِخْلَافُهٗ بَعْدَهٗ اِبْنَهٗ سِکِّیْرًا خِمِّیْرًا
یَلْبِسُ الْحَرِیْرَ وَیَضْرِبُ بِالطَّنَابِیْرِ
ابن اثیر صـ ۱۹۳/۴

اپنے بعد اپنے بیٹے یزید کو خلیفہ بنایا جو حد درجے کا نشہ باز، شرابی، ریشمی کپڑے پہنتا اور طنبورے بجاتا تھا۔

جب امیر معاویہ نے یزید کو ولی عہد بنانے کا فیصلہ کیا اور مختلف شہروں سے لوگوں کو جمع کیا تو اس اجتماع میں لوگوں نے تقریریں کیں۔ یزید بن مقنع العذری نے کہا۔

Marfat.com

فَقَالَ هٰذَا اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَشَارَ اِلٰى مُعٰوِيَةَ
فَاِنْ هَلَكَ فَهٰذَا وَاَشَارَ اِلٰى يَزِيْدَ وَمَنْ اَبٰى
فَهٰذَا وَاَشَارَ اِلٰى سَيْفِهٖ فَقَالَ مُعَاوِيَةُ اِجْلِسْ
فَاَنْتَ سَيِّدُ الْخُطَبَاءِ، ابن اثیر صفحہ ۲

یہ امیر المؤمنین معاویہ ہیں۔ ان کی وفات کے بعد
یہ یزید امیر المؤمنین ہوگا۔ اگر کسی نے انکار کیا تو
اس کا فیصلہ یہ تلوار کریگی۔ امیر معاویہ نے
کہا۔ آپ بیٹھ جائیے آپ سید الخطباء ہیں۔

حضرت امیر معاویہ نے حضرت احنف بن قیس بصری سے جو ابھی تک خاموش تھے فرمایا
ابوالبحر! تم کیا کہتے ہو؟

فَقَالَ نَخَافُكُمْ اِنْ صَدَقْنَا وَ
نَخَافُ اللّٰهَ اَنْ كَذَبْنَا وَ اَنْتَ يَا
اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَعْلَمُ بِيَزِيْدَ
فِيْ لَيْلِهٖ وَ نَهَارِهٖ وَ سِرِّهٖ وَعَلَانِيَتِهٖ
وَ مَدْخَلِهٖ وَمَخْرَجِهٖ فَاِنْ كُنْتَ
تَعْلَمُهُ لِلّٰهِ تَعَالٰى وَلِلْاُمَّةِ رِضًا
فَلَا تُشَاوِرْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ
فِيْهِ غَيْرَ ذٰلِكَ فَلَا تُزَوِّدْهُ
الدُّنْيَا وَ اَنْتَ صَائِرٌ اِلَى
الْاٰخِرَةِ وَ اِنَّمَا عَلَيْنَا اَنْ نَقُوْلَ
سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَ قَامَ رَجُلٌ
مِنْ اَهْلِ الشَّامِ فَقَالَ مَا نَدْرِيْ
مَا تَقُوْلُ هٰذِهِ الْمَعَدِيَّةُ
الْعِرَاقِيَّةُ وَ اِنَّمَا عِنْدَنَا سَمْعٌ
وَطَاعَةٌ وَضَرْبٌ وَ اِزْدِلَافٌ۔

انھوں نے کہا اگر ہم سچ کہیں تو آپ لوگوں کا
ڈر ہے اور اگر جھوٹ کہیں تو اللہ کا خوف ہے
امیر المؤمنین! آپ یزید کے لیل و نہار، ظاہر و
باطن اور خلوت جلوت سے خوب واقف
ہیں۔ اگر آپ اسکو اللہ تعالیٰ اور اُمت کے
لیے واقعی پسندیدہ و بہتر خیال کرتے ہیں تو اس
کے لیے کسی سے مشورہ لینے کی ضرورت نہیں
اور اگر آپ اُسکے متعلق اسکے علاوہ خیال رکھتے
ہیں تو راہیٔ آخرت ہوتے ہوئے اس معاملہ کو توشۂ
دُنیا بنا کر اسکے حوالے نہ کیجیے، ویسے ہمارا کام
تو یہی ہے کہ ہم کہہ دیں سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا کہ ہم
نے سُنا اور مانا۔ اس پر شامیوں میں سے
ایک شخص نے کھڑے ہوکر کہا کہ ہم نہیں جانتے
کہ معدی عراقی لوگ کیا کہہ رہے ہیں؟ بات
یہ ہے کہ ہمارے پاس سمع و اطاعت بھی

Marfat.com

ابن اثیر ص ۲/۲ — ہے اور تلوار و قوت بھی ہے۔

حضرت محمد بن عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ جو مدینہ منورہ سے آئے تھے، انھوں نے فرمایا۔

إِنَّ كُلَّ رَاعٍ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ فَانْظُرْ مَنْ تُوَلِّي أَمْرَ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ (صلى الله عليه وسلم) فَاخَذَ مُعَاوِيَةَ بَهْوٌ حَتَّى جَعَلَ يَتَنَفَّسُ فِي يَوْمٍ شَاتٍ ثُمَّ وَصَلَهُ وَصَرَفَهُ

کہ بیشک ہر راعی سے اسکی رعیت کے متعلق پوچھا جائیگا۔ لہٰذا آپ دیکھ لیجئے کہ آپ اُمتِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے اُمور کا والی کس کو بنا رہے ہیں؟ یہ سُن کر امیر معاویہ کچھ ایسی سوچ میں پڑ گئے کہ کافی دیر تک سر کو جھکائے رکھا اور سردی کے موسم میں ان کا سانس پھولنے لگا پھر ان کو انعام دے کر واپس پھیر دیا۔

ابن اثیر ص ۱۹۹/۲

حضرت معقل بن سنان رضی اللہ عنہ یزید کی غیر شرعی حرکات کی وجہ سے اس کے سخت مخالف تھے۔ حضرت معاویہ نے جب یزید کی بیعت کے لیے ممالک محروسہ سے وفود طلب کئے تو انکو بھی مدینہ والوں کے ساتھ زبردستی بیعت کے لیے بھیجا گیا۔ جب یہ شام پہنچے تو انھوں نے یزید کے ندیمِ خاص مسلم بن عقبہ مسرف کے سامنے یہ کہا۔

اَنِّي خَرَجْتُ كُرْهًا بِبَيْعَةِ هٰذَا الرَّجُلِ وَقَدْ كَانَ مِنَ الْقَضَاءِ وَالْقَدَرِ خُرُوجِي اِلَيْهِ رَجُلٌ يَشْرَبُ الْخَمْرَ وَيَنْكِحُ الْحُرَمَ ثُمَّ نَالَ مِنْهُ فَلَمْ يَتْرُكْ ثُمَّ قَالَ لِمُسْرِفٍ اَحْبَبْتُ اَنْ اَضَعَ ذٰلِكَ عِنْدَكَ فَقَالَ مُسْرِفٌ اَمَّا اَنْ اَذْكُرَ ذٰلِكَ لِاَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ يَوْمِي هٰذَا فَلَا وَ

میں اس شخص (یزید) کی بیعت کیلئے جبراً بھیجا گیا ہوں اور میرے آنے کو قضا و قدر کے سوا کیا کہا جائے۔ جو شخص شراب پیتا ہو اور محرمات کے ساتھ نکاح کرتا ہو وہ کس طرح مستحق بیعت ہے) پھر انھوں نے یزید کی تمام برائیاں کیں اور مسرف سے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ یہ بات تم اپنے تک رکھنا۔ مسرف نے کہا میں آج تو امیر المؤمنین سے اسکا ذکر نہ کروں گا۔

Marfat.com

اللہ لا افعل ولکن للہ علی عھدٌ و میثاقٌ الا تمکنی ید ای منک و لی علیک مقدرۃٌ الا ضربت الذی فیہ عیناک (طبقات ابن سعد صہ ۲۸۴)

لیکن یہ میں نے پکا عہد کر لیا ہے کہ جب موقع ملے گا اور میں تم پر قابو پالوں گا تو ایسی ضرب لگاؤں گا جس میں تمہاری آنکھیں بند ہو جائیں گی۔ یعنی موت کی نیند سلا دوں گا۔

دینوری کا بیان ہے کہ حضرت معقل نے یہ بھی کہا تھا کہ میں مدینہ منورہ واپس جا کر اس فاجر و فاسق کی بیعت توڑ کر مہاجرین میں سے کسی کے ہاتھ پر بیعت کر لوں گا۔ (اخبار الطوال صہ ۲۶۷)

چنانچہ انھوں نے جو کچھ کہا تھا کر دکھایا جب حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے حجاز میں خلافت کا دعویٰ کیا تو انھوں نے بیعت کی۔ مسلم بن عقبہ مسرف اس وقت تو ان پر قابو نہ پا سکا لیکن ایام حرہ میں جب وہ مدینہ طیبہ آیا اور قتل و غارت کیا تو حضرت معقل بھی مدینہ طیبہ کے لوگوں کے ساتھ گرفتار ہوئے اور اس کے سامنے پیش کئے گئے۔ معقل پیاسے تھے۔ مسلم نے کہا پیاسے معلوم ہوتے ہو؟ انھوں نے کہا ہاں! مسلم نے شربت بادام بنانے کا حکم دیا۔ پلا کر کہا کہ اب کسی مفرح چیز کی خواہش نہیں کر سکو گے۔ پھر نوفل بن مساحق کو حکم دیا کہ اٹھ اور اسکی گردن مار دے۔ فوراً حکم کی تعمیل ہوئی اور یہ صحابیٔ رسول اس کے ظلم کا شکار ہو گئے۔ (ابن سعد صہ ۲۸۴)

خود یزید کے ساتھی ابن زیاد کے نزدیک یزید کا مقام کیا ہے۔ ملاحظہ ہو۔

وَ بَعثَ الی عبیدِ اللہ بْنِ زیادٍ یأمرُہٗ بالمسیرِ الی المدینۃِ و محاصرۃِ ابنِ الزبیرِ بمکۃَ فقال وَ اللہ لا جمعتھما للفاسقِ قتلَ ابْنِ رسولِ اللہ وَ غزْوَ الکعبۃِ

پھر یزید نے عبید اللہ بن زیاد (گورنر کوفہ) کو مدینہ منورہ پر چڑھائی کرنے اور مکہ مکرمہ میں حضرت عبداللہ بن زبیر کا محاصرہ کرنے کا پیغام بھیجا تو اس نے کہا خدا کی قسم! میں اس فاسق (یزید) کے لیے قتل ابن رسول اللہ

Marfat.com

ثم ارسل الیہ یعتذر
ابن اثیر ص۴۵ ج۴

(جو پہلے کر چکا ہوں) اور کعبہ میں لڑائی دونوں کو (اپنے لیے) جمع نہیں کرونگا۔ پھر اس نے یزید کی طرف معذرت نامہ بھیج دیا۔

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کو جب حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبر ملی تو انھوں نے لوگوں کے سامنے جو تقریر کی ملاحظہ ہو۔

"اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ و سلام کے بعد فرمایا۔ عراق میں سوائے چند افراد کے سب غدار اور فاجر ہیں خصوصاً اہلِ کوفہ بڑے شریر ہیں۔ انھوں نے حضرت حسینؓ کو بلایا کہ وہ اُنکی ضرور مدد کریں گے اور انکو اپنا والی بنائیں گے اور جب حضرت حسینؓ ان کے پاس گئے تو وہ دشمن کے ساتھ مل کر ان پر حملہ آور ہو گئے اور کہا تم اپنا ہاتھ ہمارے ہاتھوں میں دے دو تو ہم تمہیں ابن زیاد بن سمیہ کے پاس بھیج دیں گے تاکہ تمہارے معاملے میں اپنا حکم جاری کرے یا پھر ہم سے جنگ کرو! امام حسین نے دیکھا کہ وہ اور ان کے اصحاب تعداد میں قلیل ہیں اور ان کے مقابلے میں لوگ بہت زیادہ ہیں مگر بایں ہمہ انھوں نے ذِلت کی زندگی پر عزت کی موت کو ترجیح دی۔ اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرمائے اور ان کے قاتل کو ذلیل کرے۔ مجھے اپنی جان کی قسم ہے کہ اہلِ عراق نے جو اُن کی نافرمانی کی اور غدار بن کر مخالف کی دوسروں کے لیے نصیحت حاصل کرنے اور اہلِ عراق سے باز رہنے کے لیے کافی ہے جو مقدور ہو چکا ہے وہ ہو کر رہتا ہے اور اللہ تعالیٰ جب کسی امر کا ارادہ فرما لیتا ہے تو اسے روکا نہیں جا سکتا۔ کیا امام حسین کے واقعے کے بعد ہم اہلِ عراق سے مطمئن ہو سکتے ہیں اور ان کو سچا سمجھ سکتے ہیں؟ اور ان کے وعدوں کو قبول کر سکتے ہیں؟ نہیں خدا کی قسم ہم اُن کو اس کا اہل نہیں سمجھتے وَاللّٰہِ لَقد قتلوہ طویلاً بِاللیلِ قیامہ کثیراً فِی النھارِ صیامہ احقَّ بِما ھُم فِیہ منھم واولی بہ فِی الدّینِ والفضلِ اما واللّٰہ ما کان یبدّلُ بالقرآنِ غنا ولا بالبکاءِ من خشیۃِ اللّٰہِ حدا ولا بالصیّام شربَ الخمرِ

Marfat.com

وَلَا بِالمجالِسِ فِي حقِّ الذِّكرِ بكلابِ الصيدِ يَعْرِضْنَ بِيَزِيدَ فَسَوفَ يَلقَونَ غَيًّا۔ (ابن اثیر ص۴۱)

خدا کی قسم! بلاشبہ انھوں نے ایسے شخص (امام حسین) کو قتل کیا ہے جو قائم اللیل اور صائم النہار تھے۔ جو اُن سے اِن امور (حکومت) کے زیادہ حقدار تھے اور اپنے دین اور فضیلت و بزرگی میں ان سے بہت بہتر تھے۔ خدا کی قسم! وہ قرآن شریف کے بدلے گمراہی پھیلانے والے نہ تھے۔ اللہ تعالیٰ کے خوف سے ان کے گریہ و بکا کی کوئی انتہا نہ تھی وہ روزوں کو شراب کے پینے سے نہ بدلا کرتے تھے۔ اور نہ ان کی مجلسوں میں ذکر الٰہی کی بجائے شکاری کتوں کا ذکر ہوتا تھا۔ یہ باتیں انھوں نے یزید کے متعلق کہی تھیں پس عنقریب یہ لوگ جہنم کی وادی غیّ میں جائیں گے۔

اور انھوں نے ہی یزید کے یہ عیوب بیان کئے :۔

وعابَ يَزِيدَ بِشُربِ الخَمرِ وَاللَّعبِ بِالكِلَابِ وَالتَّهاوُنِ بِالدِّينِ وَاَظهَرَ ثَلبَه

حیوٰۃ الحیوان ص۹۱

کہ یزید شراب پینے اور کتوں کے ساتھ کھیلنے اور دین کی تحقیر و توہین کرنے میں مشہور ہے اور اسی طرح اسکی بہت سی برائیاں ظاہر کیں۔

رہا حضرت محمد بن حنفیہ کا یزید کے پاس جاکر قیام کرنا اور اس کے پکا نمازی ہونے، نیکوکار ہونے عالم و فاضل اور متبع سُنّتِ نبوی ہونے کی شہادت دینا۔ اس کے متعلق صرف یہی جواب کافی ہے کہ یہ کسی صحیح سند سے ثابت نہیں ہے۔ ابن کثیر نے بھی البدایہ والنہایہ میں اس کو بلا سند روایت کیا ہے جو معتبر نہیں ہے۔

اموی خلیفہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کی مجلس میں ایک مرتبہ ایک شخص نے یزید کا ذکر کرتے ہوئے اس کو امیر المومنین کہا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے سخت ناراض ہوکر فرمایا تقول امیر المؤمنین! وامر بہ فضرب عشرین سوطًا۔ تو یزید کو امیر المومنین کہتا ہے! پھر اس کو (بطور سزا) بیس کوڑے لگوائے۔ (تہذیب التہذیب ص۳۶۱)

Marfat.com

# سوال نمبر ۴

اگر یزید واقعی فاسق و فاجر اور ظالم و شرابی وغیرہ تھا تو ان صحابہ کرام کے بارے میں کیا کہا جائے گا جنھوں نے اس کی بیعت کرلی تھی۔ انھوں نے اسکی بیعت کیوں کی۔ کیا ان پر فاسق و فاجر کی بیعت کا الزام عائد نہیں ہوتا؟ اگر نہیں ہوتا تو پھر امام حسین پر الزام عائد ہوتا ہے کہ انھوں نے یزید کی بیعت سے کیوں انکار کیا اور کیوں اس پر خروج کیا؟

اب ان دو صورتوں میں سے ایک صورت کو لازمًا اختیار کرنا پڑے گا۔

(۱) اگر امام حسین حق پر تھے تو وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جنھوں نے یزید کی بیعت کی یقینًا غلطی پر تھے۔ اور ان پر فسق کا الزام عائد ہوگا۔

(۲) اور اگر وہ صحابۂ کرام حق پر تھے تو حضرت امام غلطی پر تھے اور اُن پر خروج و بغاوت کا الزام عائد ہوگا؟

## جواب

وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جنھوں نے یزید کی بیعت کی تھی وہ بھی حق پر تھے اور حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ بھی حق پر تھے۔ کسی پر کوئی الزام عائد نہیں ہوتا۔ اس لیے کہ دونوں نے شریعتِ مطہرہ پر عمل کیا۔ اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ شریعتِ مقدسہ کے احکام دو قسم پر ہیں۔ مبنی بر رخصت اور مبنی بر عزیمت۔ مثلًا

ایک مسلمان ظالموں یا کافروں کے نرغہ میں آجاتا ہے اور وہ اسکو کلماتِ کفریہ کہنے پر مجبور کرتے ہیں اور بصورتِ دیگر اسکو طرح طرح کی دھمکیاں دیتے ہیں کہ تجھے مار

Marfat.com

دیا جائے گا یا تیری عزت و آبرو لوٹ لی جائے گی۔ یا تیرا مال چھین لیا جائے گا۔ اور وہ مسلمان بھی قوی آثار و علامات سے یہ سمجھتا ہے کہ اگر میں ان کے کہنے کے مطابق کلماتِ کفریہ نہیں کہوں گا تو واقعی ان کے ظلم و ستم کا شکار ہو جاؤں گا اور کہہ دوں گا تو بچ جاؤں گا تو اس بے بسی کے عالم میں شریعت نے اس کو اجازت دی ہے کہ وہ ان کے ظلم و ستم سے بچنے کے لیے زبان سے کفریہ کلمات کہہ دے مگر شرط یہ ہے کہ اس کا دل ایمان وحق پر مطمئن ہو۔ اس کا نام ہے "رخصت" اس کو چونکہ شریعت نے اسکی اجازت دی ہے اور اس نے شریعت کے حکم پر عمل کیا ہے لہذا ہم اس پر کسی قسم کا الزام عائد نہیں کر سکتے۔ اگر ہم اس پر الزام عائد کریں گے تو یہ ہماری نادانی ہوگی اور اگر وہ ظالموں اور کافروں کے سامنے حق اور ایمان پر ڈٹ جائے اور ان کے ظلم و ستم کو برداشت کرلے اور زبان پر کلماتِ کفریہ نہ لائے یہاں تک کہ جان دے دے تو وہ مجاہد اور شہید ہے اور شریعت نے اس کو افضل جہاد قرار دیا ہے۔ اس کا نام ہے "عزیمت" اور یہ رخصت سے افضل ہے۔ تو جس نے شریعت کے حکم کے مطابق افضل جہاد کیا ہے ہمیں ہرگز یہ حق نہیں پہنچتا کہ ہم اس پر بھی کسی قسم کا الزام عائد کریں اگر ہم اس پر الزام عائد کریں گے تو یہ ہماری حماقت ہوگی۔

شریعتِ مطہرہ کے اس اصول کے مطابق جن صحابہ کرام نے یزید کی بیعت کر لی تھی، اسکو خلیفہ برحق یا امام عادل سمجھ کر نہیں کی تھی بلکہ آپس کے جدال و قتال اور فتنہ و فساد اور اس کے ظلم و شر سے بچنے کے لیے کی تھی۔ لہذا ان کا عمل رخصت پر تھا چنانچہ علامہ ابن خلدون فرماتے ہیں:۔

| | |
|---|---|
| وَلَمَّا حَدَثَ فِي يَزِيْدَ مَا حَدَثَ مِنَ الْفِسْقِ اخْتَلَفَ الصَّحَابَةُ حِيْنَئِذٍ فِيْ شَأْنِهِ فَمِنْهُمْ مَنْ رَأَى الْخُرُوْجَ | اور جب یزید میں فسق و فجور کی وہ باتیں پیدا ہوگئیں جو ہونی تھیں تو صحابہ میں اس کے بارے میں اختلاف رائے ہو گیا۔ بعض نے اس کے فسق و فجور کی وجہ سے اس پر خروج |

Marfat.com

عَلَيْهِ وَ نَقَضَ الْبَيْعَةَ مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ كَمَا فَعَلَ الْحُسَيْنُ وَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ الزُّبَيْرِ وَ مَنْ تَبِعَهُمَا فِي ذٰلِكَ وَ مِنْهُمْ مَنْ اَبَاهُ مِمَّا فِيهِ مِنْ اِثَارَةِ الْفِتْنَةِ وَكَثْرَةِ الْقَتْلِ مَعَ الْعَجْزِ عَنِ الْوَفَاءِ بِهٖ لِاَنَّ شَوْكَةَ يَزِيْدَ يَوْمَئِذٍ هِيَ عَصَابَةُ بَنِي اُمَيَّةَ

مقدمہ ابن خلدون صـ۱۷۱

یعنی اس کے خلاف کھڑے ہو جانے اور اسکی بیعت توڑنے کو ضروری سمجھا جیسا کہ حضرت امام حسین اور عبداللہ بن زبیر اور انکے پیروؤں نے کیا۔ اور بعض نے فتنہ اور بہت زیادہ قتل و غارت کے خطرات اور ان کے روک تھام سے عجز محسوس کرتے ہوئے اس پر خروج کرنے سے انکار کیا۔ کیونکہ اس وقت یزید کی قوت و شوکت بنی اُمیّہ کی عصبیت تھی۔

اس عبارت سے ثابت ہو گیا کہ جن صحابہ نے یزید کی بیعت کی اور اس پر خروج نہیں کیا، وہ اس کے خلیفہ برحق یا امام عادل ہونے کی وجہ سے نہ تھا بلکہ وہی فتنہ و فساد اور قتل و غارت سے بچنے کے لیے، کیونکہ وہ سمجھتے تھے کہ اگر فتنہ و فساد کی آگ بھڑک اٹھی تو اس پر قابو پانا مشکل ہو گا لہذا انھوں نے "رخصت" پر عمل کر لیا۔

اور امام عالی مقام حق اور ایمان پر ڈٹ گئے اور اس پر خروج کیا اور اس سلسلے میں یزیدیوں کے بے پناہ مظالم برداشت کیے۔ یہاں تک کہ اپنی اور اپنے رفقاء کی جانیں دے دیں مگر قدم پیچھے نہیں ہٹایا آپ کا عمل "عزیمت" پر مبنی تھا۔ آپ نے افضل ترین جہاد کیا۔ لہذا آپ مجاہد اعظم اور شہید اکبر ہیں۔

اگر آپ ایسا نہ کرتے تو "عزیمت" کی مثال کیسے قائم ہوتی اور آنے والی نسلوں کے بہادر افراد، ظالموں اور جابروں کے سامنے حق و صداقت پر ڈٹ جانے والے اولوالعزم مجاہد کس کی استقامت و جاں بازی کو سامنے رکھتے۔ کس کی یاد ایسے مشکل اور کٹھن اوقات میں اُن کا سہارا اور ثابت قدمی کا باعث بنتی۔ اور یہ کیسے معلوم ہوتا کہ ایک فتح و کامرانی

Marfat.com

ایسی بھی ہوتی ہے۔ علامہ اقبال نے کیا خوب فرمایا ہے ۔

تیغِ لا چوں از میاں بیروں کشید
از رگِ اربابِ باطل خوں کشید

نقشِ اِلّا اللہ بر صحرا نوشت
سطرِ عنوانِ نجاتِ ما نوشت

اسی طرح اگر رخصت کی مثال قائم نہ ہوتی تو آنے والی نسلوں کے وہ افراد جو حق و صداقت پر قائم تو ہوتے مگر ظالموں اور جابروں کے ساتھ مقابلہ کرنے کی طاقت نہ رکھتے یا مسلمانوں کے آپس کے جدال و قتال کو روکنے اور فتنہ و فساد سے بچنے کے لیے وہ کس کے کردار و عمل کو سامنے رکھ کر رخصت پر عمل کرتے۔ اسی لیے تو رسولِ گرامی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میرے صحابہ ستاروں کی مانند ہیں۔ اور اُن کی اقتدا ہدایت ہے۔ خواہ رخصت پر ہو یا عزیمت پر۔ چونکہ عزیمت افضل ہے تو عزیمت پر عمل بھی افضل ہوگا۔

چنانچہ اعلیٰ حضرت امامِ اہلِ سنّت مولانا احمد رضا خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :۔

اب دو صورتیں تھیں یا بخوفِ جان اس پلید کی وہ ملعون بیعت قبول کی جاتی کہ یزید کا حکم ماننا ہوگا اگرچہ خلافِ قرآن و سنّت ہو یہ رخصت تھی۔ ثواب کچھ نہ تھا قال تعالیٰ اِلَّا مَنْ اُکْرِہَ وَ قَلْبُہٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِیْمَانِ ( مگر جو مجبور کیا جائے اور اس کا دل ایمان پر برقرار ہو ) یا جان دے دی جاتی اور وہ ناپاک بیعت نہ کی جاتی۔ یہ عزیمت تھی اور اس پر ثوابِ عظیم، اور یہی ان کی شانِ رفیع کے شایاں تھی اسی کو اختیار فرمایا۔
(المحجۃ المؤتمنہ فی آیۃ الممتحنہ صفحہ ۹۶)

Marfat.com

# "رخصت" کے دلائل

حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :-

| | |
|---|---|
| اَلَا مَنْ وُلِّیَ عَلَیْہِ وَالٍ فَرَاٰہُ یَاْتِیْ شَیْئًا | خبردار! جس پر کوئی امیر وال ہو۔ پھر اس |
| مِنْ مَعْصِیَۃِ اللّٰہِ فَلْیَکْرَہْ مَا یَاْتِیْ مِنْ | میں اللہ کی نافرمانی کا کوئی معاملہ دیکھے تو |
| مَعْصِیَۃِ اللّٰہِ وَلَا یَنْزِعَنَّ یَدًا مِنْ | اس کو تو ناپسند کرے اور اسکی اطاعت |
| طَاعَۃٍ (مسلم شریف ص۱۲۹ ج۲ ، مشکوٰۃ شریف ص۳۱۹) | سے ہاتھ نہ کھینچے۔ |

حضرت سلمہ بن یزید جعفی رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا :-

| | |
|---|---|
| یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اَرَاَیْتَ اِنْ قَامَتْ | اے اللہ کے نبی! بھلا فرمائیے تو اگر ہم پر |
| عَلَیْنَا اُمَرَاءُ یَسْئَلُوْنَا حَقَّھُمْ | ایسے امراء مسلط ہو جائیں جو ہم سے اپنا حق |
| وَیَمْنَعُوْنَ حَقَّنَا فَمَا تَاْمُرُنَا | تو طلب کریں اور ہمارا حق ہم سے روک |
| قَالَ اسْمَعُوْا وَاَطِیْعُوْا فَاِنَّمَا عَلَیْھِمْ | دیں تو ایسی حالت میں آپ ہمیں کیا حکم دیتے |
| مَا حُمِّلُوْا وَعَلَیْکُمْ مَا حُمِّلْتُمْ | ہیں؟ فرمایا سنو اور اطاعت کرو کیونکہ ان |
| مسلم شریف ص۱۱۹ | پر ان کے اعمال کا بوجھ ہے اور تم پر |
| مشکوٰۃ شریف ص۳۱۹ | تمہارے اعمال کا۔ |

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا :-

| | |
|---|---|
| اِنَّکُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِیْ اَثَرَۃً | کہ تم میرے بعد دیکھو گے ناحق ترجیح |
| وَاُمُوْرًا تُنْکِرُوْنَھَا قَالُوْا فَمَا | دینا اور ناپسندیدہ امور۔ صحابہ نے کہا |
| تَاْمُرُنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ اَدُّوْا | یارسول اللہ! اس وقت ہمارے لیے |

Marfat.com

اِلَیۡھِمۡ حَقَّھُمۡ وَ سلُوا اللہَ حَقَّکُم بخاری و مشکوٰۃ صہ ۳۱۹

کیا حکم ہے؟ فرمایا تم ان کے حقوق انھیں دو۔ اور اپنا حق اللہ سے مانگو۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

کَیۡفَ اَنۡتُمۡ وَ اَئِمَّۃٌ مِن بَعۡدِیۡ یَسۡتَاثِرُوۡنَ بِھٰذَا الۡفَیۡءِ قُلۡتُ اَمَا وَالَّذِیۡ بَعَثَکَ بِالۡحَقِّ اَضَعُ سَیۡفِیۡ عَلٰی عَاتِقِیۡ ثُمَّ اَضۡرِبُ بِہٖ حَتّٰی اَلۡقَاکَ قَالَ اَوَلَا اَدُلُّکَ عَلٰی خَیۡرٍ مِنۡ ذٰلِکَ تَصۡبِرُ حَتّٰی تَلۡقَانِیۡ (ابوداؤد، مشکوٰۃ صہ ۳۲۲)

اس وقت تمھاری کیا حالت ہوگی جب میرے بعد حکام مالِ غنیمت میں ناحق تصرف کریں گے؟ میں نے عرض کیا، اسکی قسم جس نے آپکو برحق مبعوث فرمایا ہے میں اس وقت اپنی تلوار اپنے کندھے پر رکھ لوں گا، پھر اس سے ماروں گا۔ یہاں تک کہ آپ سے آملوں گا۔ فرمایا کیا میں تمھیں اس سے اچھی بات نہ بتاؤں؟ تم صبر کرنا حتیٰ کہ مجھ سے آملو۔

حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

تکُوۡنُ بَعۡدِیۡ اَئِمَّۃٌ لَا یَھۡتَدُوۡنَ بِھُدَایَ وَلَا یَسۡتَنُّوۡنَ بِسُنَّتِیۡ وَ سَیَقُوۡمُ فِیۡھِمۡ رِجَالٌ قُلُوۡبُھُمۡ قُلُوۡبُ الشَّیَاطِیۡنِ فِیۡ جُثۡمَانِ اِنۡسٍ قَالَ قُلۡتُ کَیۡفَ اَصۡنَعُ یَا رَسُوۡلَ اللہِ اِنۡ اَدۡرَکۡتُ ذٰلِکَ قَالَ تَسۡمَعُ وَ تُطِیۡعُ وَ اِنۡ ضُرِبَ ظَھۡرُکَ وَ اُخِذَ مَالُکَ فَاسۡمَعۡ وَ اَطِعۡ ۔

میرے بعد ایسے امراء ہوں گے جو میری ہدایت پر نہیں ہوں گے اور نہ میری سنت پر عمل پیرا ہونگے اور عنقریب ان میں ایسے افراد بھی کھڑے ہونگے کہ اُن کے انسانی جسموں میں دل شیطانوں کے ہونگے۔ یعنی بظاہر انسان اور بباطن شیطان۔ حضرت حذیفہ فرماتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! اگر میں اُن کو پاؤں تو پھر کیسے کروں؟ فرمایا سنو اور مانو! اگرچہ تمھاری پیٹھ پر مارا جائے

Marfat.com

اور تمہارا مال چھین لیا جائے۔

مسلم شریف ص ۱۲۷/۲

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ!

ایکون بعد ھذا الخیر شر کما کان قبلہ شر؟ قال نعم، قلت فما العصمۃ قال السیف قلت و ھل بعد السیف بقیۃ قال نعم تکون امارۃ علی اقذاء و ھدنۃ علی دخن قلت ثم ماذا قال ثم ینشاء دعاۃ الضلال فان کان للہ فی الارض خلیفۃ جلد ظھرک و اخذ مالک فاطعہ و الا فمت و انت عاض علی جذل شجرۃ۔

مشکوٰۃ ص ۴۶۳

کیا اسلام کی نیکی کے بعد پھر بدی ہوگی جیسا کہ اسلام سے پہلے تھی؟ فرمایا ہاں! میں نے عرض کی اس سے بچنے کا کیا طریقہ ہوگا؟ فرمایا تلوار یعنی بذریعہ جنگ. میں نے عرض کی تلوار کے بعد بھی وہ برائی کچھ باقی رہے گی؟ فرمایا ہاں اس طرح کہ حکومت غلط طریقے پر قائم ہوگی لوگ اسکو خوش دل سے تسلیم نہیں کریں گے بلکہ بجبر و اکراہ اور مکر و فساد سے صلح ہوگی. میں نے عرض کی پھر کیا ہوگا؟ فرمایا پھر کچھ لوگ گمراہی کی طرف بلائیں گے پس اس وقت اگر کوئی اللہ کا خلیفہ ہو جو تمھاری پیٹھ پر درّے مارے اور تمہارا مال ضبط کرلے تو بھی تم اسکی اطاعت کرنا ورنہ جنگل میں کسی درخت کے نیچے گوشہ گیری کی حالت میں مر جانا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

السلطان ظل الرحمن فی الارض یاوی الیہ کل مظلوم من عبادہ فان عدل کان لہ الاجر و علی الرعیۃ الشکر وان جار او حاف وظلم کان

بادشاہ زمین پر اللہ کا سایہ ہوتا ہے اللہ کے سب مظلوم بندے اسکی طرف پناہ ڈھونڈتے ہیں پس اگر وہ عدل کرے گا اس کیلیے اجر و ثواب ہوگا اور رعیت پر شکر لازم ہوگا اور

Marfat.com

عليه الإصر وعلى الرعية الصبر
السراج المنير شرح جامع الصغير ص۲۳۲

اگر وہ ظلم و ستم کریگا اس پر سخت بوجھ ہو گا اور رعیت پر صبر کرنا لازم ہو گا۔

# "عزیمت" کے دلائل

حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَفضَلُ الجِهَادِ مَنْ قَالَ كَلِمَةَ حَقٍّ عِنْدَ السُّلطَانِ الجَائِرِ۔ ترمذی، ابو داؤد، ابن ماجہ، مشکوٰۃ

افضل جہاد اس کا ہے جو ظالم بادشاہ کے پاس حق بات کہے۔

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا۔

يا كعبُ بن عُجرة أُعيذُكَ بالله من إمارةِ السُّفهاءِ قلتُ يا رسول اللهِ وَمَا إمارةُ السُّفهاءِ قال يُوشِكُ ان تكونَ أُمَراءَ إن حَدَّثُوا كذبُوا وَإنْ عَمِلُوا ظَلَمُوا فَمَنْ جاءَهُمْ فَصَدَّقَهُمْ بِكِذْبِهِم وَأَعَانَهُمْ عَلىٰ ظُلمِهِمْ فَلَيسَ مِنّي ولستُ منهُ ولا يَرِدُ علىٰ حوضِي غدًا وَمن لَم يَأتِهِم وَلم يُصَدِّقهُمْ وَلم يُعِنهُمْ عَلىٰ ظلمِهِم فهُوَ مِنّي وَأنا مِنهُ وَهُوَ يَرِدُ عَلىٰ حوضِي

اے کعب بن عجرہ! میں تجھ کو بیوقوفوں کی حکومت سے اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں۔ میں نے عرض کی یا رسول اللہ! وہ بیوقوفوں کی حکومت کیا ہے؟ فرمایا عنقریب ایسے امراء ہونگے کہ بات کریں گے تو جھوٹ بولیں گے اور عمل کریں گے تو ظلم کریں گے پس جو ان کے پاس آکر ان کے جھوٹ کی تصدیق کرے گا اور ان کے ظلم پر ان کی مدد کریگا تو وہ مجھ سے نہیں اور میں اس سے نہیں ہوں اور نہ وہ کل (قیامت کے دن) میرے حوض پر آئیگا اور جو ان کے پاس نہیں آئیگا اور نہ انکی تصدیق کریگا اور نہ اُن کے ظلم پر اُن کی اعانت کریگا

Marfat.com

غدا | وہ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں اور
کنز العمال صفحہ ۴۶ | وہ کل (قیامت کے دن) میرے حوض پر آئیگا۔

**نکتہ!** امام حسین رضی اللہ عنہ کی شان میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے حُسَیْنٌ مِنِّیْ وَاَنَا مِنْ حُسَیْن اور اس حدیث میں ہے کہ جس نے ان حکام کی تصدیق اعانت کی فَلَیْسَ مِنِّیْ وہ مجھ سے نہیں تو امام عالی مقام کس طرح ان کا ساتھ دیتے اگر ساتھ دیتے تو حُسَیْنٌ مِنِّیْ نہ رہتے بلکہ فَلَیْسَ مِنِّیْ ہو جاتے یعنی اس منصب و مقام سے محروم ہو جاتے۔ لہٰذا امام عالی مقام نے وہی کیا جو آپ کا منصب و مقام تھا۔

حضرت خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا آپ نے فرمایا۔

اِنَّ النَّاسَ اِذَا رَأَوُا الظَّالِمَ فَلَمْ یَاْخُذُوْا عَلٰی یَدَیْہِ اَوْشَکَ اَنْ یَعُمَّہُمُ اللّٰہُ بِعِقَابٍ — ابوداؤد شریف صفحہ ۲۱۴

جب لوگ کسی ظالم کو دیکھیں اور اسکے ہاتھ نہ پکڑیں تو بعید نہیں کہ اللہ ان پر عذاب عام بھیج دے۔

حضرت عمرو بن جشم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بیشک میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا۔

یَقُوْلُ مَا مِنْ قَوْمٍ یُعْمَلُ فِیْہِمْ بِالْمَعَاصِیْ ثُمَّ یَقْدِرُوْنَ عَلٰی اَنْ یُغَیِّرُوْا ثُمَّ لَا یُغَیِّرُوْا اِلَّا یُوْشِکُ اَنْ یَعُمَّہُمُ اللّٰہُ مِنْہُ بِعِقَابٍ — ابوداؤد شریف صفحہ ۲۱۴

فرماتے تھے ہر وہ قوم جس میں گناہ ہونے لگ جائیں پھر اس قوم کے لوگ جو گناہ کو نیکی سے بدلنے کی طاقت رکھتے ہوں نہ بدلیں تو بعید نہیں کہ اللہ ان سب پر عذاب عام نازل کر دے۔

حضرت حذیفہ الیمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

Marfat.com

اَھلُ الجَورِ واَعوانُھُم فِی النَّارِ — اہلِ جور و ستم اور ان کے مددگار دوزخ میں ہوں گے۔
المستدرک صفحہ ۸۹

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا

مَن رَّاٰی مِنکُم مُنکَرًا فَلیُغَیِّرہُ بِیَدِہٖ فَاِن لَّم یَستَطِع فَبِلِسَانِہٖ وَ اِن لَّم یَستَطِع فَبِقَلبِہٖ وَ ذٰلِکَ اَضعَفُ الاِیمَانِ — تم میں سے جو شخص بھی کوئی برائی دیکھے تو چاہیئے کہ وہ اپنی قوتِ بازو سے اُسے (نیکی سے) بدلے اور اگر وہ اسکی طاقت نہیں رکھتا تو زبان سے اسکی مذمت کرے اور اگر اسکی بھی استطاعت نہیں ہے تو دل سے بُرا سمجھے اور یہ ایمان کا ضعیف ترین درجہ ہے۔
مشکوۃ صفحہ ۴۳۶

جس کے گھر سے ایمان و ہدایت اور نیکی و بھلائی کے چشمے جاری ہوئے تھے جن سے ملّت کی تطہیر ہوئی تھی جس کے نانا جان صلّی اللہ علیہ وسلّم نے بے پناہ تکالیف و مصائب برداشت کر کے برائیوں کو مٹایا اور بھلائیوں کو رائج کیا تھا وہ یہ کیسے برداشت کر سکتا تھا کہ وہی برائیاں پھر وجود میں آجائیں۔ یہ کیسے ہو سکتا تھا کہ وہ اپنی آنکھوں سے منکرات کو دیکھے اور پھر ان کو نہ بدلے۔ اس پر سب سے زیادہ ذمّہ داری عائد ہوتی تھی۔ پھر اس کے بازو میں قوت بھی تھی، اسکی زبان میں استطاعت بھی تھی۔ وہ بلاشبہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی جرأت و شجاعت کا مظہر تھا۔ کما سیأتی۔ اس نے وقت کی پکار کو سُنا اور کہا کہ اگر اس وقت میں نے لبیک نہ کہا اور ملّت کی تطہیر کے لیے آگے نہ بڑھا تو ایمان و ہدایت اور نیکی و بھلائی کا پاکیزہ چشمہ مکدر اور ناپاک ہو کر رہ جائیگا۔ اس نے عزمِ صمیم کر لیا اور کربلا کا ذرہ ذرہ شاہد ہے کہ اس نے وہی کر دکھایا جو اس کے شایانِ شان تھا۔

چنانچہ آپ کا وہ خطبہ جو آپ نے لشکرِ یزید کے سامنے کہا اس کا ایک ایک لفظ

Marfat.com

اس حقیقت کی ضمانت اور اس پر مہرِ تصدیق ہے۔
آپ کا یزید کے خلاف کھڑے ہونے کا سبب کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا:-

اَیُّهَا النَّاسُ اَنَّ رَسُوْلَ
اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قَالَ مَنْ رَأَى سُلْطَانًا جَائِرًا
مُسْتَحِلًّا لِحُرَمِ اللهِ نَاكِثًا
لِعَهْدِ اللهِ مُخَالِفًا لِسُنَّةِ
رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْمَلُ فِي
عِبَادِ اللهِ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ
فَلَمْ يُغَيِّرْ مَا عَلَيْهِ
بِفِعْلٍ وَلَا قَوْلٍ كَانَ
حَقًّا عَلَى اللهِ اَنْ يُدْخِلَهُ
مُدْخَلَهُ اَلَا وَاِنَّ
هٰؤُلَاءِ قَدْ لَزِمُوْا طَاعَةَ
الشَّيْطَانِ وَتَرَكُوْا طَاعَةَ الرَّحْمٰنِ
وَاَظْهَرُوا الْفَسَادَ وَعَطَّلُوا
الْحُدُوْدَ، وَاسْتَاْثَرُوْا بِالْفَيْءِ
وَاَحَلُّوْا حَرَامَ اللهِ وَحَرَّمُوْا
حَلَالَهُ وَاَنَا اَحَقُّ مِنْ غَيْرِي

اے لوگو! بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص ایسے ظالم بادشاہ
کو دیکھے جس نے اللہ کے عہد کو توڑ دیا ہو۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی مخالفت
کی ہو۔ اللہ کے بندوں میں گناہ اور ظلم کے
ساتھ عمل کرتا ہو۔ پھر وہ شخص اپنی قوت و
طاقت کی حد تک اپنے قول اور فعل سے اسکو
نہ بدلے تو اللہ تعالیٰ کو حق حاصل ہے کہ اسکو
اس (بادشاہ کے) داخل ہونے کی جگہ میں داخل کردے خبردار
ہو جاؤ! بیشک ان لوگوں نے شیطان کی اطاعت
کو لازم پکڑ لیا ہے اور رحمٰن کی اطاعت کو چھوڑ
دیا ہے اور فتنہ و فساد برپا کر دیا ہے اور
حدود شرعی کو معطل کر دیا ہے اور محاصل کو اپنے
ہی لیے خرچ کرتے ہیں اللہ کی حرام کردہ
باتوں کو حلال اور حلال کو حرام قرار دے دیا ہے
لہذا میں بہ نسبت کسی دوسرے شخص کے انکے خلاف
جہاد کرنے کا زیادہ حقدار ہوں اور بیشک
میرے پاس تمہارے خطوط اور قاصد آکر

Marfat.com

وَقَد اَتَتنِی کُتُبُکُم وَرُسُلُکُم بِبَیعَتِکُم وَاَنَّکُم لَا تُسلِمُونِی وَلَا تَخذُلُونِی فَان اَقَمتُم عَلٰی بَیعَتِکُم تُصِیبُوا رُشدَکُم وَاَنَا الحُسَینُ ابنُ عَلِی ابن فاطمۃ بنتِ رسولِ اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ابن اثیر ص۲/۴

تم میری بیعت کرو گے اور ہر طرح میرا ساتھ دو گے اور مجھے کوئی تکلیف نہ پہنچنے دو گے اور مجھے چھوڑ دو گے نہیں پس اگر تم میری بیعت پر قائم رہو تو ہدایت پاؤ گے میں حسین بن علی اور ابن فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہوں۔

پھر آپ نے یہ اشعار پڑھے ؎

سأمضی وما بالموت عار علی الفتی اذا ما نوی خیرا وجاھد مسلما

میں عنقریب مرجاؤں گا اور موت کسی جوان مرد کے لیے باعثِ عار نہیں ہے جبکہ اسکی نیت میں خیر ہو۔ اور بحالت مسلمان جہاد کرتا ہو۔

وواسی رجالا صالحین بنفسہ وخالف مثبورا وفارق مجرما

اور اس نے اپنی جان سے صالحین بندوں کی تائید کی ہو اور تباہ کار کی مخالفت اور مجرم سے مفارقت کی ہو۔

فان عشت لم اندم وان مت لم الم کفی بک ذلا ان تعیش وترغما

اگر میں زندہ رہا تو نادم نہ ہوں گا اور اگر مرگیا تو ملامت نہ کیا جاؤں گا لیکن (اے دشمن) تیرے لیے یہ ذلت کافی ہے کہ تو زندہ رہے اور ذلیل وخوار ہو۔

بلاشبہ آپ نے وہی کیا جو آپ کے بلند مقام کے لائق تھا اور آپ ایسا کیوں نہ کرتے جبکہ آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جرأت وشجاعت کے مظہر تھے۔ چنانچہ حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری کے ایام میں اپنے دونوں شہزادوں حسن وحسین رضی اللہ عنہما کو لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا کہ یہ دونوں آپ کے بیٹے ہیں۔ ان کو بطور ورثہ کچھ عطا فرمائیں؛

Marfat.com

ارشاد ہوا۔

| | |
|---|---|
| اما الحسن فلہ ھیبتی وسؤددی فاما الحسین فلہ جرأتی وجودی (ابن عساکر، طبرانی فی الکبیر ابن مندہ تہذیب التہذیب ۳۴۵ ج ۲ کنز العمال ۲۲۲ ج ۶) | حسن کے لیے میری ہیبت اور سرداری ہے اور حسین کے لیے میری جرأت اور میری سخاوت ہے۔ |

ابن عساکر کی دوسری روایت میں ہے کہ فرمایا۔

| | |
|---|---|
| اما الحسن فقد نحلتہ حلمی وھیبتی وَ اما الحسین فقد نحلتہ نجدتی وجودی | حسن کو تو میں نے اپنا حلم اور اپنی ہیبت عطا کی اور حسین کو اپنی شجاعت اور اپنا کرم بخشا۔ |

اور العسکری کی تیسری روایت میں ہے کہ فرمایا۔

| | |
|---|---|
| نحلت ھذا الکبیر المھابۃ والحلم ونحلت ھذا الصغیر المحبۃ والرضا۔ | اس بڑے کو میں نے ہیبت وحلم عطا فرمایا اور اس چھوٹے کو محبت ورضا کی نعمت دی۔ |

سبحان اللہ! دونوں شاہزادوں سے وہی کچھ ظاہر ہوا جو بارگاہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے انھیں عطا ہوا تھا۔ سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ حلم و بردباری میں یکتا تھے اور سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے جرأت وشجاعت اور محبت ورضا کا وہ مظاہرہ کیا جس کی مثال نہیں ملتی۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کسی مقام پر باطل سے نہیں دبے تو جو ان کی شجاعت وجرأت کا مظہر تھا وہ باطل کے سامنے کیسے دب سکتا تھا۔

کرتی ہے پیش اب بھی شہادت حسین کی
آزادی حیات کا یہ سرمدی اصول،
چڑھ جائے کٹ کے سر ترا نیزے کی نوک پر
لیکن تو فاسقوں کی اطاعت نہ کر قبول

اور یہ روایت کہ امام عالی مقام نے فرمایا کہ مجھے یزید کے پاس لے چلو میں اپنا ہاتھ اس کے ہاتھ میں رکھ دوں گا یعنی بیعت کروں گا، درست نہیں ہے۔ چنانچہ

Marfat.com

عقبہ بن سمعان فرماتے ہیں کہ میں مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ تک اور مکہ سے عراق تک امام عالی مقام کے ہمراہ رہا اور ان کی شہادت کے وقت تک ان سے جدا نہ ہوا اور ان کی وہ تمام تقاریر سنیں جو انھوں نے اپنی شہادت کے دن تک لوگوں کے سامنے کیں۔

فو اللہِ ما اعطاھم ما یتذاکرُ بہ الناس من انہ یضعُ یدہٗ فی یدِ یزیدَ ولا ان یُسیّرُوہ الیٰ ثغرٍ من ثغورِ المسلمین ولکنہ قالَ دعونی ارجعُ الی المکانِ الذی اقبلتُ منہُ او دعونی اذھبُ فی ھذہِ الارضِ العریضۃِ حتی ننظرَ الی ما یصیرُ الیہ امرُ الناسِ فلم یفعلوا (ابن اثیر ص۲۲)

خدا کی قسم! انھوں نے کسی وقت بھی لوگوں پر نہیں کہا کہ میں اپنا ہاتھ یزید کے ہاتھ میں رکھ دوں گا اور نہ یہ کہ مجھے تم مسلمانوں کی کسی سرحد تک لے چلو بلکہ انھوں نے یہ کہا تھا کہ مجھے چھوڑ دو میں جہاں سے آیا ہوں وہیں واپس چلا جاؤں یا مجھے اس وسیع و عریض زمین میں کہیں نکل جانے دو حتّٰی کہ ہم دیکھ لیں کہ لوگوں کا فیصلہ (حکومت کے لیے) کس کی طرف لوٹتا ہے پس انھوں نے نہ مانا۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

سَیَکُوْنُ علیکم امراءُ یُؤخِّرونَ الصلوٰۃَ عن مواقیتِھا وَ یُحدِثُونَ البِدَعَ قالَ ابنُ مسعودٍ فکیفَ اَصْنَعُ قالَ تسألنی یا ابنَ امِّ عبدٍ کیفَ تصنعُ؛ لا طاعۃَ لِمَن عصی اللہَ

المعجم الکبیر ص۱۹۵ ج۲

عنقریب تم پر ایسے امراء ہوں گے جو نمازوں کو وقت گزار کر پڑھیں گے اور خلافِ سنت نئی باتیں ایجاد کریں گے۔ ابن مسعود فرماتے ہیں میں نے عرض کیا اس وقت میں کیا کروں؟ فرمایا اے ابنِ امّ عبد! تم مجھ سے پوچھتے ہو کہ تم اس وقت کیا کرو؟ سنو جو اللہ کا نافرمان ہو اس کی اطاعت نہیں۔

حضرت عبادہ بن الصامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

Marfat.com

سَتَکُونُ علیکم اُمراءُ مِن بَعدِی یَامرونکم بِمالا تَعرِفُونَ وَیعملون بِماتنکرون فلیس اُولئِکَ علیکم بِائمّۃٍ
السراج المنیر صـ ۳۱۴

میرے بعد عنقریب تم پر ایسے امرا مسلط ہوں گے جو تمھیں ایسے امور کا حکم دینگے جن میں تم بھلائی نہیں دیکھو گے اور وہ ایسے عمل کرینگے جنکو تم برا جانو گے۔ پس وہ تم پر حاکم نہیں یعنی انکی اطاعت تم پر لازم نہیں۔

حضرت ابی سلالۃ الاسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

سَتَکُونُ علیکم ائمۃٌ یملِکُونَ اَرزاقکم یُحدِّثونکم فیکذبونکم ویعملون فیسیئون العمل لا یرضَونَ منکم حتّٰی تحسّنوا قبیحَھُم وَ تَصدّقوا کذبھم فاعطوھم الحق ما رضوا بہ فاذا تجاوزوا فمن قتل علٰی ذٰلِکَ فھو شھیدٌ
السراج المنیر صـ ۳۱۴

عنقریب تم پر ایسے امرا ہوں گے جو تمھاری روزی کے مالک ہوں گے وہ تم سے بات کریں گے تو جھوٹ بولیں گے اور کام کریں گے تو برے کام کریں گے وہ تم سے اس وقت تک راضی نہ ہوں گے جب تک تم انکی برائیوں کی تعریف اور ان کے جھوٹ کی تصدیق نہ کروگے۔ پس تم ان کے سامنے حق پیش کرو جب تک وہ اسے گوارا کریں پھر جب وہ اس سے تجاوز کریں تو جو شخص اس پر قتل کیا جائے وہ شہید ہے۔

ف: اس ارشاد گرامی کے مطابق بلاشک وشبہ امام عالی مقام شہید ہیں بلکہ سید الشہدا ہیں چنانچہ ملاحظہ ہو۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

سَیِّدُ الشُّھَدَاءِ حمزۃُ بن عبدِالمُطّلب وَرجل قامَ اِلٰی امامٍ جائرٍ فامرہ ونھاہ فقتلہٗ۔

سید الشہدا حمزہ بن عبد المطلب اور وہ شخص ہے جو ظالم امیر کے خلاف کھڑا ہوگا اور اسکو نیکی کا حکم دیگا اور برائی سے منع کریگا۔ پس وہ

Marfat.com

السراج المنیر ص۳۲۱ ج۲ المستدرک ص۱۹۵ ج۲ (اس جرم میں) قتل کر دیا جائیگا۔

الحاصل! ان دلائلِ حقہ معتبرہ سے ثابت ہو گیا کہ جن صحابہ کرام نے یزید کی بیعت کر لی تھی ان پر کسی قسم کا الزام عائد نہیں ہوتا۔ کیونکہ انھوں نے شریعتِ مقدسہ کے حکم "رخصت" پر عمل کیا۔ اور حضرت امام پر بھی کسی قسم کا الزام عائد نہیں ہوتا کیونکہ آپ نے بھی شریعتِ مطہرہ کے حکم "عزیمت" پر عمل کیا۔ اور عزیمت پر عمل افضل اور اس پر اجرِ عظیم ہے۔ لہذا آپ کا مقام بہت بلند اور افضل و اعلیٰ ہے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

حسین ابنِ علی نے کی ہے قائم اک مثال ایسی
کہ تقلید اس کی تقدیرِ حیاتِ جاودانی ہے

Marfat.com

# سوال نمبر ۵

**یزید نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے قتل کا حکم نہیں دیا تھا اور نہ وہ اس سے راضی تھا۔ لہذا قتلِ حسین اور اسکی رضا کی نسبت یزید کی طرف کرنا غلط ہے کیا یہ درست ہے؟**

**جواب** یہ کہنا غلط ہے کہ یزید پلید نے امام کے قتل کا حکم نہیں دیا تھا اور نہ وہ اس سے راضی تھا۔ بلکہ سب کچھ اس کے حکم اور اسکی رضا سے ہوا۔ چنانچہ علامہ سعدالدین تفتازانی صاحبِ شرح عقائد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

| | |
|---|---|
| والحقُّ اَنَّ رضاءَ یزیدَ بقتلِ الحُسَیْنِ واستبشارَہٗ بذٰلکَ واھانتَہٗ اھلَ بیتِ النبیِّ صَلَّی اللہُ علیہِ وَسلَّمَ ممَّا تَواترَ معناہُ وَاِن کانَ تفاصیلُھا اٰحادًا | اور حق یہ ہے کہ یزید کا حضرت حسین کے قتل پر راضی اور خوش ہونا اور اہلِ بیت نبوت صلی اللہ علیہ وسلم کی اہانت کرنا ان امور میں سے ہے جو تواترِ معنوی کے ساتھ ثابت ہیں۔ اگرچہ انکی تفاصیل احاد ہیں۔ |
| شرح عقائد نسفی ص۱۱۲ | |

شیخ محقق حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

| | |
|---|---|
| و بعضے دیگر گویند کہ وے امر بقتلِ آنحضرت نکردہ و بداں راضی نبودہ و بعد از قتلِ وے و اہلِ بیتِ وے رضوان اللہ تعالیٰ علیہم مسرور و مستبشر نشدہ۔ ایں سخن مردود و باطل است | اور بعض یہ کہتے ہیں کہ یزید نے امام حسین کے قتل کا حکم نہیں دیا تھا اور نہ آپکے قتل سے راضی تھا اور نہ ان کے قتل کے بعد ان کے اور انکے عزیزوں کے قتل سے خوش و |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| چہ عداوت آں بے سعادت با اہل بیت | مسرور ہوا۔ یہ بات مردود اور باطل ہے کہ |
| نبوی صلی اللہ علیہ وسلم و استبشارِ وے بقتلِ | اس شقی کا اہلِ بیتِ نبوت رضی اللہ |
| ایشاں و اذلال و اہانتِ او مرایشاں را | عنہم سے عداوت رکھنا اور ان کے قتل سے |
| بدرجۂ تواترِ معنوی رسیدہ است و انکارِ | خوش ہونا اور انکی اہانت کرنا معنوی طور پر درجۂ تواتر |
| آں تکلف و مکابرہ است۔ | کو پہنچ چکا ہے اور اسکا انکار تکلف و مکابرہ |
| (تکمیل الایمان ص۹۰) | یعنی خواہ مخواہ کا جھگڑا ہے۔ |

علامہ تفتازانی صاحب شرح عقائد اور حضرت شیخ محقق جیسے بزرگوں کے فیصلے کے بعد اگرچہ مزید کسی شہادت اور حوالے کی ضرورت نہیں رہتی لیکن ہم خود یزید کے دستِ راست اور خاص اس مہم کے لیے مقرر کردہ امیرِ کوفہ ابن زیاد بدنہاد کی شہادت پیش کرتے ہیں۔ ملاحظہ ہو۔

یزید کی موت کے بعد ابنِ زیاد شام کو روانہ ہُوا تو راستہ میں وہ سواری پر کسی گہری سوچ میں تھا۔ اس کے رفیقِ سفر مسافر بن شریح نے کہا، کیا آپ کو نیند آرہی ہے؟ ابن زیاد نے کہا نہیں مَیں کچھ سوچ رہا تھا! مسافر بن شریح نے کہا: مَیں بتاؤں آپ کیا سوچ رہے تھے؟ ابن زیاد نے کہا بتاؤ! مسافر بن شریح نے کہا کُنْتَ تَقُوْلُ لَیْتَنِیْ لَمْ اَقْتُلْ حُسَیْنًا، آپ اپنے دل میں یہ کہہ رہے تھے کہ اے کاش، مَیں نے امام حسین کو قتل نہ کیا ہوتا! ابن زیاد نے کہا اَمَّا قَتْلِی الْحُسَیْنَ فَاِنَّہٗ اَشَارَ اِلَیَّ یَزِیْدُ بِقَتْلِہٖ اَوْ قَتْلِیْ فَاخْتَرْتُ قَتْلَہٗ، جہاں تک میرے امام حسین کو قتل کرنے کا تعلق ہے تو وہ اس لیے تھا کہ یزید نے مجھے حکم دیا تھا کہ مَیں انکو قتل کروں ورنہ وہ مجھے قتل کر دے گا۔ تو مَیں نے ان کے قتل کو اختیار کیا۔ (ابن اثیر ص۳۲۴)

اور سنئے! امام عالی مقام کی شہادت کے بعد مدینہ منورہ اور مکہ مکرمہ میں یزید کے خلاف جب عام بغاوت ہو گئی تو۔

| | |
|---|---|
| بَعَثَ اِلٰی عُبَیْدِ اللّٰہِ بْنِ زِیَادٍ | یزید نے عبید اللہ ابن زیاد کو مدینہ منورہ پر |

Marfat.com

يأمره بالمسير إلى المدينة ومحاصرة ابن الزبير بمكة
فقال والله لا أجمعهما للفاسق قتل ابن رسول الله وغزو الكعبة ثم أرسل اليه يعتذر

ابن اثیر ص ۴۲

چڑھائی کرنے اور مکہ مکرمہ میں عبداللہ بن زبیر کا محاصرہ کرنے کا پیغام بھیجا تو اس نے کہا خدا کی قسم! میں اس فاسق (یزید) کے لیے ابن رسول اللہ کا قتل (جو پہلے کر چکا ہوں) اور کعبہ میں لڑائی دونوں کو اپنے لیے جمع نہیں کرونگا تو اس نے معذرت کر دی۔

جب امامِ عالی مقام کو شہید کیا گیا تو مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے لوگ یزید کے خلاف ہو گئے انھوں نے حضرت عبداللہ بن زبیر کے ہاتھ پر بیعت کر لی مگر حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے بیعت نہ کی۔ یزید کو معلوم ہوا کہ ابنِ عباس نے ابن زبیر کی بیعت نہیں کی تو وہ سمجھا کہ ابنِ عباس ابنِ زبیر کے مخالف اور میری بیعت پر قائم ہیں۔ اس نے ابن عباس کو خط لکھا کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ نے ملحد ابن زبیر (معاذاللہ) کی دعوتِ بیعت کو رد کر دیا ہے۔ لہٰذا آپ میری بیعت پر قائم رہیں اور وفادار رہیں۔ اور دوسروں کو بھی وفاداری اور ابن زبیر کی مخالفت کی پُر زور تلقین کریں کیونکہ لوگ آپکی بات سنتے اور مانتے ہیں۔ میں آپ کی اس وفاداری اور نیکی کو فراموش نہیں کروں گا اور اس کا صلہ ادا کروں گا۔

اس کے جواب میں حضرت ابنِ عباس نے یزید کو لکھا کہ خدا کی قسم! میں نے ابن زبیر کی بیعت کو اس لیے ترک نہیں کیا کہ میں تمہاری خوشنودی یا تم سے کوئی صلہ حاصل کروں بلکہ ترکِ بیعت سے میرا جو مقصود ہے اس کو اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے۔ اور تمہارا یہ گمان کہ میں صلہ و احسان کے لالچ میں آکر لوگوں کو تمہاری دوستی کی دعوت دوں اور ان کے دلوں میں ابنِ زبیر کا بُغض پیدا کروں اور اُن کے چھوڑنے پر مجبور کروں۔ ایسا ہرگز نہیں ہوگا اور ایسا ہو بھی کیسے سکتا ہے جبکہ ،

Marfat.com

قد قتلتَ حسینا وَ فتیانَ
عبدِ المطلب مصابیحَ الھدٰی و
نجومَ الاعلام غادرتھم خیُولکَ
بامرِکَ فی صَعیدٍ واحدٍ مُزمّلینَ
بالدّماءِ مَسلُوبِینَ بالعراءِ
مقتولینَ بالظماءِ لا مکفنِینَ
ولا مستورینَ تسفی علیھم
الرّیاحُ وینشیٰ بھم عُرج
البِطاح حتّی اتاحَ اللهُ
بقومٍ لم یُشرکوا فی دِمائِھِم
کَفنُوھم و اَجنُوھم وَبی
و بِھم لو عزَزتُ وجلستُ
مجلسکَ الذی جلستَ فما انسیٰ
مِنَ الاشیاءِ فلستُ بناسٍ اطرادکَ
حسینًا من حرمِ رسولِ اللّٰہ
صَلّی اللّٰہ علیہ وَسلّم الیٰ حرمِ
اللّٰہ و تسییرکَ الخیولَ الیہ
فما زلت بذلک حتی اُشخصتہٗ
الی العراق فخرج خائفاً
یترقّبُ فنزلتْ بہ خیلکَ
عداوۃً منکَ للہِ و لِرسُولہٖ

بلاشبہ تو نے حسینؑ اور عبدالمطلب کے جوانوں کو
قتل کیا ہے جو ہدایت کے روشن چراغ اور
چمکتے ہوئے ستارے تھے، تیرے حکم سے تیرے
لشکر کے سواروں نے ایک ہی جگہ انکو خاک و
خون میں ملا دیا۔ وہ سخت پیاس کی حالت
میں شہید ہوئے اور ان کے لاشے برہنہ،
بے کفن کھلے میدان میں پڑے رہے۔ ہوائیں
ان پر خاک اڑاتیں اور جنگل کے کفتار انکی
بوئیں سونگھتے تھے تا آنکہ ایک قوم کو جوان کی
خوں ریزی میں شریک نہ تھی، اللہ نے توفیق
دی کہ انھوں نے ان سب کا کفن دفن کیا اگرچہ
میں تیری مجلس میں بیٹھ کر عزتِ دنیوی حاصل
کرتا ہوں لیکن میں ابھی ان باتوں کو نہیں بھولا
اور نہ بھولوں گا کہ تو نے حسینؑ کو حرمِ رسول
اللہ مدینہ منورہ سے حرم اللہ مکہ مکرمہ کی طرف
نکالا اور انکی طرف برابر سوار اور پیادے بھیجتا
رہا یہاں تک کہ انھوں نے امام کو عراق کی طرف
نکلنے کیلئے بے قرار دیا۔ چنانچہ وہ مکہ سے بھی
ڈرتے ہوئے نکلے تو پھر تیرے سواروں نے
انکو اس عداوت کی بنا پر جو تجھ کو اللہ اور اسکے
رسول اور اہل بیت رسول جن کو اللہ تعالیٰ نے

Marfat.com

ولاهل بيته الذين اذهب
الله عنهم الرجس وطهرهم
تطهيرا فطلب اليكم الموادعة
وسألكم الرجعة فاغتنمتم
قلة انصاره واستيصال
اهل بيته وتعاونتم عليه
كأنكم قتلتم اهل بيت
من الترك والكفر فلا شيء
اعجب عندى من طلبتك
ودى وقد قتلت ولد
أبي وسيفك يقطر من
دمي وانت احد ثارى
ولا يعجبك ان ظفرت بنا
اليوم فلنظفرن بك يوما
والسلام ابن اثیر منہ

نے ظاہری و باطنی آلائشوں سے پاک کرکے
طاہر و مطہر بنا دیا تھا، گھیر لیا۔ امام حسین نے
تم سے صلح کرنا چاہی اور واپس چلے جانے
کا سوال کیا مگر تم نے انکے مددگاروں کی قلت
اور ان کے اہل بیت کے استیصال کے موقع کو
غنیمت جان کر انکے خلاف اس طرح ایک
دوسرے کی معاونت کی کہ گویا تم کسی ترک
یا کافروں کے کسی خاندان کو قتل کرتے ہو۔
کس قدر تعجب ہے کہ تم مجھ سے دوستی کی توقع
رکھتے ہو، حالانکہ تم نے میرے باپ کی اولاد
کو قتل کیا ہے اور تمہاری تلوار سے میرا خون
ٹپک رہا ہے تم میرے عزیزوں کے قاتل ہو
اور تم اس پر خوش اور مغرور نہ ہو کہ آج تم
نے ہم پر غلبہ پا لیا ہے، ایک دن ہم بھی تم
پر ضرور فتح یاب ہوں گے۔

چنانچہ علامہ حافظ ابن کثیر فرماتے ہیں :-

وقد اخطأ يزيد خطأ
فاحشا فى قوله لمسلم بن
عقبة أن يبيح المدينة
ثلثة ايام، وهذا خطاء
كبير فاحش مع ما انضم الى

اور بلا شبہ یزید نے بڑی سخت غلطی کی اپنے
اس قول میں جو اس نے مسلم بن عقبہ سے کہا کہ وہ
تین دن تک مدینہ منورہ کو مباح الدم (قتل
عام وغیرہ) قرار دیدے یہ ایک اور مجرمانہ غلطی
تھی جس سے (اسکی غلطیوں میں) اور اضافہ

Marfat.com

ذلك من قتل خلق من
الصحابة و ابناءهم وقد
تقدم انه قتل الحسين
و اصحابه على يدى عبيد الله
ابن زياد وقد وقع في
هذه الثلثة ايام من المفاسد
العظيمة في المدينة النبوية
ما لا يحد ولا يوصف
مما لا يعلمه الا الله عز
وجل وقد اراد بارسال
مسلم بن عقبة توطية
سلطانه و ملكه و دوام
ايامه من غير منازع
فعاقبه الله بنقيض قصده
وحال بينه و بين ما
يشتهيه فقصمه الله قاصم
الجبابرة و اخذه عزيز مقتدر
و كذلك اخذ ربك اذا اخذ
القرى وهي ظالمة ان اخذه
اليم شديد ۔

البدایہ والنہایہ صـ ۲۲۲

ہوا کہ صحابہ کرام اور انکی اولاد کی ایک
بڑی تعداد قتل ہو گئی۔ اور یہ پہلے آچکا ہے
کہ اس نے حضرت حسین اور ان کے اصحاب کو
ابن زیاد کے ہاتھ سے قتل کرایا۔ اور بیشک
(مدینہ کے) ان تین دنوں میں بڑے بڑے
عظیم مفاسد مدینۃ النبی میں نمایاں ہوئے
جن کو بیان نہیں کیا جا سکتا اور نہ کیفیت
بتلائی جا سکتی ہے (یعنی اسقدر شرمناک ہیں
کہ) انھیں اللہ ہی خوب جانتا ہے۔ اور یزید
نے تو مسلم بن عقبہ کو مدینہ بھیج کر یہ چاہا
تھا کہ اسکی بادشاہی اور حکومت مضبوط اور
دائمی ہو جائے جس میں کوئی خصومت اور جھگڑا
نہ رہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے اُسے اس کے
قصد اور ارادے کے خلاف سزا دی اور جو وہ چاہتا
تھا وہ نہ ہونے دیا اور اسے اسی طرح ہلاک
کیا جس طرح وہ جابر ظالموں کو ہلاک کیا
کرتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے اسکو بھی اپنی مضبوط
غالب قدرت سے پکڑا اور تیرے رب کا پکڑنا ایسا
ہی ہے۔ جبکہ اس نے (پہلے بھی) ظالم بستیوں
کو پکڑا۔ بلا شبہ اسکی پکڑ بڑی سخت
الم انگیز ہوتی ہے۔

Marfat.com

ان عبارات میں خط کشیدہ الفاظ کو غور سے دیکھیں جن سے صاف طور پر یہ ثابت ہوتا ہے کہ بلاشبہ امام عالی مقام کا قتل یزید کی رضا اور اُسکے حکم سے ہوا تھا۔

اور پھر ابن زیاد بدنہاد جسکو یزید نے کوفہ کا گورنر مقرر ہی اس لیے کیا تھا کہ وہ امام حسین رضی اللہ عنہ کا اثر جو اہل کوفہ پر ہے ختم کرے اور اس سلسلے میں اُسکو جو کچھ بھی کرنا پڑے وہ کرے خود ابن زیاد کی شہادت اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ جیسے جلیل القدر صحابی اور امام اہل سنت علامہ تفتازانی صاحب شرح عقائد نسفی اور علامہ حافظ ابن کثیر اور شیخ محقق کے بیان کے بعد یہ شبہ بالکل زائل ہو جاتا ہے کہ امام عالی مقام کا قتل یزید کی مرضی اور حکم سے نہیں ہوا اور واقعۂ کربلا کی ذمہ داری اس پر عائد نہیں ہوتی معمولی عقل رکھنے والا انسان بھی اس حقیقت کو آسانی سے سمجھ سکتا ہے کہ کوئی فوجی افسر یا کسی صوبہ کا گورنر محض اپنی مرضی اور رائے سے ملک کے امیر کے حکم یا اس کی مرضی کے بغیر ملک کی کسی عظیم ترین شخصیت کو قتل نہیں کر سکتا۔ خاندانِ رسالت کی عظیم ترین ہستیاں یعنی حضرت امام حسین اور ان کے عزیز و اقارب اور رفقاء کا قتل یزیدی فوج کے کسی افسر یا صوبہ کے گورنر کا ذاتی فعل نہیں ہو سکتا۔

حقیقت یہ ہے کہ سب کچھ یزید کے حکم اور رضا سے ہوا اور اسکی پوری پوری ذمہ داری اس پر عائد ہوتی ہے۔ قرآن کریم میں اسکی نظیر موجود ہے۔ دیکھئے فرعون نے اپنے ہاتھوں سے بنی اسرائیل کا کوئی بچہ ذبح نہیں کیا تھا مگر اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کے تمام بچوں کا قاتل اور ذابح اسی کو قرار دیا کیونکہ تمام بچے اسی کے حکم سے ذبح کئے گئے تھے۔ چنانچہ فرمایا:۔

يُذَبِّحُ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيِيْ نِسَآءَكُمْ (اے اسرائیلو! جبکہ فرعون) تمہارے بچوں کو ذبح کرتا تھا اور تمہاری بیٹیوں کو زندہ چھوڑتا تھا) ثابت ہوا کہ جس کے حکم اور رضا سے قتل ہو اس حاکم کو حکماً قاتل ہی کہا جائے گا۔ لہٰذا یہ کہنا غلط ہے کہ یزید حضرت امام

Marfat.com

حسینؓ کے قتل سے راضی نہ تھا اور نہ یہ قتل اس کے حکم اور رضا سے ہوا، بلکہ بلاشبہ یہ سب کچھ یزید پلید کے حکم اور رضا سے ہوا۔

یزید اور اس کے ساتھی خوش ہوئے اس کامیابی پر
یہ غم تھا ان کو اجل آلِ اطہر کی تباہی پر
چنانچہ جب شہادت ہوگئی فرزندِ زہرا کی
تو مقصد اس کا بر آیا یہی اس کی تمنا تھی

Marfat.com

# سوال نمبر ۶

اگر امام حسینؑ کا قتل یزید کے حکم اور اس کی رضا سے ہوا تھا تو پھر اس نے ابنِ زیاد پر لعنت کیوں کی؟ اور امام کے قتل پر اظہارِ افسوس کیوں کیا؟ اس کو تو خوش ہونا چاہیئے تھا!

**جواب** جی ہاں! وہ خوش بھی ہوا اور اس نے ابنِ زیاد پر لعنت بھی کی اور اظہارِ افسوس بھی کیا۔ خوش اس لیے ہوا کہ جس ہستی سے اس کی حکومت اور اقتدار کو خطرہ تھا وہ وجود ختم ہو چکا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ ابنِ زیاد کی قدر و منزلت اس کے ہاں زیادہ ہو گئی۔ اگر واقعی اس کے نزدیک امام کا قتل ناجائز اور قاتل ابن زیاد ظالم اور مستحقِ لعنت تھا تو پھر اس نے ابنِ زیاد سے اس کا مواخذہ کیوں نہ کیا اور اسکو کوئی سزا کیوں نہ دی۔ کم از کم اسے معزول ہی کر دیتا مگر اس نے کچھ بھی نہ کیا ثابت ہوا کہ قلبی طور پر تو وہ خوش تھا کیونکہ اس کا مقصد پورا ہو گیا تھا مگر وہ یہ بھی سمجھتا تھا کہ میری پیشانی پر امام کے بے گناہ قتل کا وہ سیاہ داغ لگ چکا ہے کہ دنیائے اسلام قیامت تک مجھے ملامت کرتی رہے گی۔ چنانچہ اس نے اپنی رسوائی کے خطرات کے پیشِ نظر صرف زبانی لعنت بھیجی اور ندامت و افسوس کا اظہار بھی کر دیا جس کو رسمی یا سیاسی لعنت و ندامت کہنا چاہیئے۔ ہمارے بیان کی صداقت پر علامہ حافظ ابن کثیر کی شہادت و روایت ملاحظہ ہو۔

فرماتے ہیں:۔

Marfat.com

لما قتل ابن زياد الحسين و
من معه بعث برؤسهم الى
يزيد فسر بقتله اولا و
حسنت بذلك منزلته
ابن زياد عنده ثم لم
يلبث الا قليلا حتى ندم

البدایہ والنہایہ ص۲۳۲

جب ابن زیاد نے حضرت حسین کو مع انکے
رفقاء کے قتل کر دیا اور ان کے سروں کو یزید
کے پاس بھیجا تو یزید امام کے قتل سے اولاً
خوش ہوا اور اسکی وجہ سے ابن زیاد کی قدر و
منزلت اسکے نزدیک زیادہ ہو گئی مگر وہ
اس خوشی پر زیادہ دیر تک قائم نہ رہا حتیٰ
کہ پھر نادم ہوا۔

علامہ شیخ محمد بن علی الصبان علیہ الرحمۃ والرضوان فرماتے ہیں کہ:۔

فارسله ومن معه
من اهل بيته الى يزيد و
منهم على ابن الحسين و
عمته زينب فسر سرورا
كثيرا واوقفهم موقف السبى
واهانهم وصار يضرب
الراس الشريف بقضيب
كان معه و يقول
لقيت بغيك يا حسين و بالغ
فى الفرح ثم ندم لما
مقته المسلمون على ذلك
وابغضه العالم

اسعاف الراغبین ص۲۰۷

پس (ابن زیاد نے حضرت امام کے) سر انور
کو مع انکے اہل بیت کے جن میں حضرت زین
العابدین اور انکی پھوپھی حضرت زینب بھی
تھیں، یزید کے پاس بھیجا تو وہ یزید بہت
زیادہ خوش ہوا اور اس نے انکو قیدیوں
کے مقام پر کھڑا کیا اور انکی توہین کی اور
لکڑی کی چھڑی سے سر انور کو الٹ پلٹ
کرتا اور مارتا تھا اور کہتا تھا اے حسین
تو نے اپنی بغاوت کا انجام دیکھ لیا اور
اس نے خوشی و فرحت میں مبالغہ کیا۔ پھر
وہ نادم ہوا اس وجہ سے کہ اسکے اس فعل
پر مسلمان اس سے بغض رکھیں گے اور
مخلوق اس سے نفرت کرے گی۔

Marfat.com

ان روایتوں سے صاف طور پر یہ ثابت ہوا کہ یزید اولاً امام عالی مقام کے قتل سے خوش ہوا مگر یہ خوشی زیادہ دیر تک نہ رہی وہ اس لیے کہ بعد میں اس نے سوچا اور اپنی رسوائی کا اندیشہ ہوا جس نے نادم کر دیا۔ اور یہ ندامت امام کے قتل پر نہ تھی بلکہ اپنی رسوائی پر تھی۔ چنانچہ خود یزید کی زبانی سنیئے!

لَعَنَ اللّٰهُ ابنَ مرجانۃ فَاِنَّہٗ اَخرجہٗ واضطرہٗ وقد سالہٗ اَن یُخَلِّیَ سبیلہٗ اَو یاتینی او یکونَ بِثغرٍ من ثغور المسلمینَ حتی یتوفّاہ اللّٰہُ فلم یفعل بل ابی علیہ وَقتلہٗ فبغضنی بقتلہ الی المسلمینَ وزرع لی فی قلوبِہِمُ العداوۃَ فابغضنی البرُّ والفاجرُ بِما اَستعظمَ الناسُ مِن قتلی حُسیناً مالی ولابن مرجانۃَ قبّحہ اللّٰہُ وغضبَ علیہِ

البدایہ والنہایہ
ص ۲۳۲
ج ۸

اللہ کی لعنت ہو ابن مرجانہ (ابن زیاد) پر کہ اس نے حسین کو تنگ و مجبور کر دیا حالانکہ حسین نے اس سے سوال کیا تھا کہ یا تو انکو آزاد چھوڑ دیا جائے کہ جہاں چاہیں چلے جائیں یا انکو میرے پاس آنے دیا جائے یا انکو سرحد کی طرف جانے دیا جائے کہ جہاد میں زندگی بسر کریں۔ پس ابن مرجانہ نے نہ مانا اور انکو قتل کر دیا اور ان کے قتل سے مجھے مسلمانوں میں مبغوض بنا دیا اور ان کے دلوں میں میرا بغض اور عداوت پیدا کر دی۔ تو اب ہر نیک و بد مجھ سے بغض رکھے گا جبکہ میرا حسین کو قتل کرنا لوگوں پر شاق اور گراں گزرے گا۔ مجھے ابن مرجانہ سے کیا واسطہ اللہ اس کا برا کرے اور اس پر غضب نازل کرے۔

یزید کے اس بیان کے آخری الفاظ میں غور فرمائیے کہ "اب ہر نیک و بد مجھ سے اس لیے عداوت رکھے گا کہ میرا حسین کو قتل کرنا ان پر بہت گراں گزرے گا" اس

Marfat.com

میں اس بات کا بھی صاف اعتراف ہے کہ وہ قاتلِ حسین ہے۔ کیونکہ سب کچھ اس کے حکم سے ہوا۔ رہا ابنِ زیاد پر لعنت وغیرہ کرنا تو وہ اس وجہ سے نہیں کہ وہ قتلِ امام سے خوش نہیں ہوا تھا بلکہ قتلِ امام ہی کی وجہ سے ابنِ زیاد کا مرتبہ اس نے اپنے یہاں بلند کیا جیسا کہ ذکر ہو چکا اور ابن زیاد پر اس کا لعنت وغیرہ کرنا اسی اپنی رسوائی پر تھا جو آئندہ اس کے حصے میں آنے والی تھی اور آئی چنانچہ علامہ ابن کثیر فرماتے ہیں :-

| | |
|---|---|
| وَ قَدْ لَعَنَ ابنَ زِیادٍ | بے شک یزید نے ابن زیاد پر اس کے فعل |
| عَلٰی فِعلِہٖ ذٰلِکَ وَ شَتَمَہٗ | کی وجہ سے لعنت کی اور اسکو برا بھلا بھی کہا، |
| فِیمَا یَظْھَرُ وَ یَبْدُوْ | اس وجہ سے کہ آئندہ جب حقیقت ظاہر ہوگی اور |
| وَلٰکِن لَمْ یَعْزِلْہُ عَلٰی | بات کھلے گی تو پھر کیا ہوگا لیکن نہ تو اس نے |
| ذٰلِکَ وَلَا عَاقَبَہٗ وَلَا | ابن زیاد کو اس ناپاک حرکت پر معزول کیا اور |
| اَرْسَلَ یَعِیبُ عَلَیہِ ذٰلِکَ، | نہ بعد میں اسے کچھ کہا اور نہ ہی کسی کو بھیج |
| البدایہ والنہایہ صـ۲۰۳ ج۸ | کر اسکا یہ شرمناک عیب اسکو جتایا یعنی ملامت کیا |

"خلافتِ معاویہ و یزید" کا مؤلف امام غزالی کے حوالہ سے لکھتا ہے کہ یہ صحیح نہیں کہ یزید نے حسین کو قتل کرایا یا اسکا حکم دیا یا اس پر راضی ہوا پس جبکہ یہ بات پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچی تو پھر یزید کے ساتھ ایسی بدگمانی رکھنا یا سب وشتم وغیرہ کرنا ناجائز وحرام ہے۔ جو شخص یہ گمان رکھتا ہو کہ یزید نے قتلِ حسین کا حکم دیا اور اس پر رضامندی کا اظہار کیا تو وہ شخص پرلے درجے کا احمق ہے۔ ملخصًا (معاویہ و یزید صـ۵۳ ، صـ۵۵)

گویا امام غزالی کے قول سے یہ ثابت ہوا کہ یزید کے ساتھ بدگمانی رکھنا یا اس پر لعنت وغیرہ کرنا اس لیے ناجائز وحرام اور حماقت ہے کہ یہ بات پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچی کہ اس نے امام کے قتل کا حکم دیا اور اس پر وہ راضی ہوا۔ تو معلوم ہوا کہ اگر

Marfat.com

امام کا قتل اس کے حکم یا اس کی رضامندی سے ہو تو پھر وہ ضرور بدگمانی اور لعنت وغیرہ کا مستحق ہے (اور اس حقیقت کو ہم نے گزشتہ سطور میں ثابت کر دیا ہے)

خلافت معاویہ و یزید کے مؤلف کی دیگر عبارات بھی ملاحظہ ہوں۔

(۱) امیر المؤمنین یزید اوّل کی خلافت کی حجیّت کی سب سے بڑی دلیل ہے جمہور صحابہ کرام کا اجماع۔ اسی بنا پر حضرت عبداللہ بن عمر نے اُن کے خلاف خروج کو خدا اور رسول کے ساتھ سب سے بڑی غداری قرار دیا تھا" (تبصرہ محمودی صـ۱۱۱)

اس عبارت سے ثابت ہوا کہ یزید کے خلاف خروج خدا تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سب سے بڑی غداری تھا۔ (معاذ اللہ)

(۲) اگر رائے عامہ ایک حکومت یا حاکم کے حق میں ہے اور اس کے خلاف پروپیگنڈے سے متاثر نہیں ہوتی تو ایسی حکومت یا حاکم پر عائد کردہ الزامات خودبخود باطل ہو گئے اور جو لوگ اس حکومت کے خلاف کھڑے ہوئے وہ باغی اور مفسد ہی قرار پائیں گے۔" (تبصرہ محمودی صـ۱۹)

اس عبارت سے ثابت ہوا کہ چونکہ رائے عامہ یزید کے حق میں تھی لہذا امام کا یزید کے خلاف کھڑا ہونا بغاوت اور فساد برپا کرنا تھا۔ اس لحاظ سے وہ باغی اور مفسد تھے۔ (معاذ اللہ)

(۳) اور جس نے امام المسلمین کے خلاف خروج کیا جس پر لوگ جمع ہو گئے ہوں اور جس کی خلافت کو ماننے لگے ہوں۔ خواہ یہ اقرار برضا و رغبت ہو یا بہ جبر و اکراہ تو اس نے مسلمانوں کی قوت کو پارہ پارہ کر دیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آثار کے خلاف کیا اور اگر اس خروج کی حالت میں اسکی موت واقع ہوئی تو یہ شخص جاہلیت کی موت مرا۔" (تبصرہ محمودی صـ۱۱۸)

اس عبارت سے ثابت ہوا کہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے یزید کے خلاف

Marfat.com

خروج کر کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آثار کے بھی خلاف کیا اور مسلمانوں کی قوت کو پارہ پارہ کیا اور معاذ اللہ وہ جاہلیت کی موت مرے (یعنی کفر کی موت۔ کیونکہ وہ بحالت خروج میں شہید ہوئے) (معاذ اللہ)

(۴) چوری اور زنا اور دوسرے کبائر کا ارتکاب امام کے خروج کے مقابلے میں کیا حیثیت رکھتا ہے" (تبصرہ محمودی ص۶۹)

اس عبارت سے ثابت ہوا کہ چونکہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے امام (یزید) پر خروج کیا۔ لہذا ان کا یہ گناہ چوری اور زنا اور دوسرے کبائر سے بڑا تھا (معاذ اللہ)

(۵) ان حضرات پر خلفاء اسلام کا یہ احسان ہے کہ انھیں قتل کر دیا گیا اور یہ قتل اُن کے جرم عظیم کا کفارہ ہو گیا ورنہ خروج علی الامام کا وبال اپنی گردن پر لے جاتے" (تبصرہ محمودی ص۷۰)

اس عبارت سے ثابت ہوا کہ خلیفۂ اسلام یزید نے حضرت امام حسین کو قتل کر کے ان پر احسان کیا ورنہ امام خروج کرنے کا وبال اپنی گردن پر لے جاتے۔ (معاذ اللہ)

قارئین کرام! ان پانچ ناپاک عبارات کو غور سے دیکھیں جن سے ایک مومن کی روح ~~کانپ اٹھتی~~ ہے کہ اس یزیدی خارجی مؤلف نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ پر کیسی کیسی ناپاک تہمتیں لگائیں۔ معاذ اللہ آپ کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے غداری کرنے والا، مفسد، باغی، جاہلیت کی موت مرنے والا چوری اور زنا سے بڑھ کر گناہ کرنے والا، جرم عظیم کا مرتکب قرار دیا ہے۔ اور آخر میں کہا ہے کہ اگر یزید ان کو قتل کر کے ان پر یہ احسان نہ کرتا تو وہ خروج علی الامام کا وبال اپنی گردن پر لے جاتے۔ (معاذ اللہ ثم معاذ اللہ)

اب ایک طرف امام غزالی کے قول کو جو اس مؤلف نے لکھا ہے سامنے

Marfat.com

رکھیئے اور ایک طرف اس کی ناپاک عبارات کو رکھ لیجئے اور اسی مؤلف سے سوال کیجئے کہ اگر امام ایسے ہی تھے جیسا کہ تُو نے لکھا ہے تو پھر بقول تیرے امیر المومنین و خلیفۃ المسلمین یزید پر لازم و ضروری تھا کہ وہ آپ کو قتل کراتا اور اس پر فخر کرتا کیونکہ ایسے باغی و مفسد و غدار کا قتل کیا جانا ہی ضروری تھا۔ اور اس نے قتل کرایا جو اس پر لازم تھا۔ پھر بقول امام غزالی کہ جو شخص یہ گمان رکھتا ہو کہ یزید نے قتل حسین کا حکم دیا اور اس پر راضی ہوا تو وہ شخص پرلے درجے کا احمق ہے۔ ثابت ہوا کہ تُو خود ہی پرلے درجے کا احمق ہے ؎

لو آپ اپنے دام میں صیاد آگیا

یزیدی ٹولہ یزید پلید کی حمایت میں سر توڑ کوشش کر رہا ہے کہ کسی طرح یزید کو بڑا متقی، صالح، امام عادل اور خلیفۂ راشد ثابت کر دے، اور اس سلسلے میں کبھی کسی کا اور کبھی کسی کا سہارا لیتے ہیں۔ لیکن افسوس کہ وہ جس کا بھی سہارا پکڑتے ہیں وہی ان کی آرزوؤں اور حسرتوں کا خون کر کے ان کا ساتھ چھوڑ دیتا ہے چنانچہ آجکل بڑے زور و شور سے امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کا فتوٰی شائع کر رہے ہیں اور ان کے متعلق لکھ رہے ہیں کہ "ائمہ اربعہ کے بعد سب سے بڑے عالم بزرگ امام غزالی کا فتوٰی۔ کہ یزید مسلمان تھا اور مسلمان پر لعنت کرنا جائز نہیں ہے۔" حالانکہ حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کا مطلب صرف یہ ہے کہ از روئے حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مومن لعّان یعنی لعنت کرنے والا نہیں ہوتا۔ نیز شخصِ معین پر لعنت نہیں کرنی چاہیئے۔ اگرچہ وہ لعنت کا مستحق ہو۔ چنانچہ وہ فرماتے ہیں :-

| | |
|---|---|
| وَالصِّفَاتُ الْمُقْتَضِيَةُ لِلَّعْنِ ثَلَاثَةٌ ۔ اَلْكُفْرُ وَالْبِدْعَةُ وَالْفِسْقُ وَلِلَّعْنِ فِي كُلِّ وَاحِدٍ ثَلَاثٌ | اور جو صفات لعنت کی مقتضی ہیں وہ تین ہیں۔ کفر۔ بدعت اور فسق۔ اور ان میں لعنت کرنے کی تین صورتیں ہیں۔ پہلی |

Marfat.com

مَرَاتِبَ الْاُوْلیٰ اللَّعْنُ بِالْوَصْفِ
الْاَعَمِّ کَقَوْلِکَ لَعْنَۃُ اللّٰہِ عَلَی
الْکَافِرِیْنَ وَالْمُبْتَدِعِیْنَ وَالْفَسَقَۃِ
الثَّانِیَۃُ اللَّعْنُ بِاَوْصَافٍ اَخَصَّ
مِنْہُ کَقَوْلِکَ لَعْنَتُہ اللّٰہِ عَلَی
الْیَھُوْدِ وَالنَّصَارٰی وَالْمَجُوْسِ وَ
عَلَی الْقَدَرِیَّۃِ وَالْخَوَارِجِ
وَالرَّوَافِضِ اَوْ عَلَی الزُّنَاۃِ
وَالظَّلَمَۃِ و آکلی الرِّبَا
وَ کُل ذَالِکَ جَائِزٌ ولٰکِنْ
فِیْ بَعْضِ اَوْصَافِ الْمُبْتَدِعَۃ
خَطَرٌ لِاَنَّ المعرفۃ الْبِدْعَۃِ
غَامِضَۃٌ الثَّالِثَۃُ اللَّعْنُ لِلشَّخْصِ
الْمُعَیَّنِ وَ ھٰذَا فِیْہِ خَطَرٌ کَقَوْلِکَ
زَیْد لَعَنَہُ اللّٰہ وَ ھُوَ کَافِرٌ
اَوْ فَاسِقٌ اَوْ مُبْتَدِعٌ اما الشَّخْصُ
بِعَیْنِہٖ فِیْ زَمَانِنَا کَقَوْلِکَ زَیْد لَعَنَہُ
اللّٰہ وَ ھُوَ یَھُوْدِیٌّ مَثَلاً فَھٰذَا فِیْہِ
خَطَرٌ فَاِنَّہٗ رُبَّمَا یُسْلِمُ (احیاء العلوم ص۱۲۴)
اس کے بعد فرماتے ہیں:۔
وَعَلَی الْجُمْلَۃِ فَفِیْ لَعْنِ الْاَشْخَاصِ

صورت یہ ہے کہ وصف عام کے ساتھ لعنت
کرے۔ مثلاً یوں کہے کہ کافروں۔ بدعتیوں
اور فاسقوں پر اللہ کی لعنت ہو۔ (۲) دوسری
صورت یہ ہے کہ وصف خاص کے ساتھ
لعنت کرے مثلاً یوں کہے کہ یہود، نصاریٰ
مجوس۔ قدریہ۔ خوارج۔ روافض۔ زانی
ظالم اور سود خوار پر لعنت ہو۔ یہ دونوں
صورتیں جائز ہیں۔ لیکن اہل بدعت پر لعنت
کرنے میں تردد ہے کیونکہ بدعت کا پہچاننا
امر مشکل ہے۔ (۳) تیسری صورت یہ ہے کہ کسی
شخص معین پر لعنت کرے، یہ محل خطر ہے۔
مثلاً زید اگر کافر یا فاسق یا بدعتی ہے تو
اس طرح نہیں کہنا چاہیے کہ زید پر لعنت
ہے۔ اور اس زمانہ کے کسی شخص معین پر
گو وہ کافر ہی کیوں نہ ہو مثلاً زید پر جو
یہودی ہے اللہ کی لعنت ہو یہ اچھا نہیں
اس میں احتمال خطرہ ہے اس لیے کہ شاید
وہ مرنے سے پہلے توبہ کر لے اور مسلمان
ہو جائے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ معین لوگوں پر لعنت

Marfat.com

خطر فليجتنب ولا خطر
في السكوت عن
لعن ابليس مثلاً
فضلاً عن غيره
فان قيل هل يجوز
لعن يزيد لانه
قاتل الحسين او آمر
به قلنا هذا لم
يثبت اصلاً

کرنے میں خطرہ ہے اس سے اجتناب کرنا
چاہیے اور اگر کوئی بالفرض شیطان پر ہی لعنت
نہ کرے اور سکوت اختیار کرے تو کچھ اندیشہ
نہیں شیطان سے بڑھ کر کوئی اور کیا ہوگا پھر
اگر کوئی کہے کہ یزید نے حضرت امام حسین
(علیہ السلام) کو قتل کیا یا اس نے قتل کی
اجازت دی تو اسکو لعنت کرنا جائز ہے یا
نہیں؟ تو ہم یہ کہتے ہیں کہ قتل و اجازت
قتل یہ دونوں باتیں بالکل پایۂ ثبوت کو
نہیں پہنچیں۔

احیاء العلوم ص۱۲۰ / ۳

فان قيل فهل يجوز ان يقال
قاتل الحسين لعنه الله
او الآمر بقتله لعنه الله قلنا
الصواب ان يقال قاتل الحسين
ان مات قبل التوبة لعنه
الله لانه يحتمل ان يموت
بعد التوبة فان وحشيا قاتل
حمزة عم رسول الله صلى الله
عليه وسلم قتله وهو كافر ثم

اگر کوئی یہ کہے کہ یہ بھی کہنا جائز ہے یا نہیں؟
کہ قاتل امام حسین یا قتل کی اجازت دینے
والے پر اللہ کی لعنت ہو؟ تو ہم کہتے ہیں کہ درست
یہ ہے کہ یوں کہے کہ اگر قاتل یا اجازت دہندہ قبل توبہ
مرا ہو تو اس پہ اللہ کی لعنت کیونکہ یہ احتمال
ہے کہ شاید بعد توبہ مرا ہو۔ (جیساکہ) وحشی
نے حضرت حمزہ عم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کو قتل کیا اور وہ (وحشی) حالت کفر میں تھا۔ پھر کفر
اور قتل دونوں سے اس نے توبہ کی[1] تو اس پر لعنت

---

[1] وحشی کی توبہ تو ثابت ہے لیکن یزید کی توبہ کا صرف احتمال ہی احتمال ہے بلکہ عدم توبہ راجح ہے کیونکہ اس کے بعد افعال قبیح اس پر دال ہیں

Marfat.com

تَابَ عَنِ الْكُفْرِ وَالْقَتْلِ جَمِيعًا وَلَا يَجُوْزُ اَنْ يُلْعَنَ وَالْقَتْلُ كَبِيرَةٌ وَلَا تَنْتَهِي اِلٰى رُتْبَةِ الْكُفْرِ فَاِذَا لَمْ يُقَيَّدْ بِالتَّوْبَةِ وَاَطْلَقَ كَانَ فِيهِ خَطَرٌ وَلَيْسَ فِي سُكُوتِهٖ خَطَرٌ فَهُوَ اَوْلٰى احیاء العلوم ص۱۲۱

جائز نہیں۔ اور قتل گناہ کبیرہ ہے جو کفر کے درجے تک نہیں پہنچتا پس جب توبہ سے مقید نہ کیا جائے اور مطلق لعنت کی جائے تو اس میں خطرہ ہے اور سکوت میں کوئی خطرہ نہیں اور یہی بہتر ہے۔

وانما اوردنا هذا التهاون الناس باللعنة واطلاق اللسان بها والمومن ليس بلعان فلا ينبغي ان يطلق اللسان باللعنة الا على من مات على الكفر او على الاجناس المعروفين باوصافهم دون الاشخاص المعينين فالاشتغال بذكر الله اولى فان لم يكن ففي السكوت سلامة......

اور ہم نے جو یزید کی لعنت کا بیان ذکر کیا ہے تو اسی لیے کیا کہ لوگ لعن کے باب میں جھٹ پٹ زبان کھول دیتے ہیں حالانکہ حدیث شریف میں ہے کہ مومن لعنت کرنے والا نہیں ہوتا۔ تو چاہیئے کہ جو شخص کفر پر مرگیا ہو اس کے سوا پر زبان لعن نہ کھولیں اور اگر لعنت ہی کرنی ہو تو معین شخص کا ذکر نہ کریں وصف عام کے طور پر لعنت کریں جیسا کہ اوپر مذکور ہوا۔ اس سے تو یہی بہتر ہے کہ آدمی کچھ ذکر خدا کرے اور اگر نہ ہو سکے تو چپ ہی رہے اس میں سلامتی ہے۔

فَقَالَ رَجُلٌ رسول الله صلى الله عليه وسلم اَوْصِنِی فَقَالَ اُوْصِيكَ اَنْ لَا تَكُوْنَ لَعَّانًا۔ احیاء العلوم ص۱۲۱

ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا مجھے کوئی وصیت فرمایئے فرمایا میری وصیت تجھے یہ ہے کہ تو بہت زیادہ لعنت کرنے والا نہ ہونا۔

Marfat.com

حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارات پر تبصرہ کرنے سے پہلے ہم قارئین حضرات پر واضح کر دینا ضروری سمجھتے ہیں کہ امام غزالی نے اپنی مشہور کتاب احیاء العلوم کیمیائے سعادت میں باب باندھا ہے "باب آفاتِ زبان" یعنی انسان پر اسکی زبان کی وجہ سے بہت سی آفتیں اور مصیبتیں نازل ہوتی ہیں۔ لہٰذا زبان کو لگام دے کر قابو میں رکھنا چاہیئے اور بہت ہی زیادہ احتیاط سے کلام کرنا چاہیئے۔ اسی باب کے تحت انھوں نے بہت سے عنوان قائم کئے ہیں مثلاً بے فائدہ کلام۔ کثرتِ کلام۔ باطل امور پر کلام۔ لڑائی جھگڑا۔ گالی گلوچ۔ ہنسی مذاق۔ غیبت و جھوٹ۔ جھوٹا وعدہ کرنا۔ راز کو ظاہر کرنا بے جا تعریف کرنا وغیرہ اسی میں لعنت و ملامت کرنے کا ذکر کیا ہے۔ جس سے عباراتِ بالا نقل کی گئی ہیں۔ بالا عبارات میں خط کشیدہ الفاظ میں غور فرمائیے۔ امام صاحب کے نزدیک کافروں۔ فاسقوں پر اور اسی طرح یہود و نصاریٰ۔ قدریہ و جبریہ۔ خوارج و روافض۔ ظالموں، زانیوں اور سود خواروں پر لعنت کرنا جائز ہے۔ البتہ شخص معین پر لعنت کرنے سے انھوں نے روکا ہے کیونکہ اس میں نقصان و خطرہ ہے۔ یہ محض کمالِ احتیاط اور بلند ترین تقویٰ کی دلیل ہے۔ چنانچہ غور فرمائیے وہ فرماتے ہیں کہ اس زمانہ کے کسی شخص معین پر گو وہ کافر ہی کیوں نہ ہو لعنت کرنا اچھا نہیں۔ اس کے بعد وہ فرماتے ہیں۔ اگر کوئی بالفرض شیطان پر بھی لعنت نہ کرے اور سکوت اختیار کرے تو کچھ اندیشہ نہیں۔ شیطان سے بڑھ کر کوئی اور کیا ہوگا۔ تعجب ہے کہ حضرت امام غزالی کے قول سے وہ لوگ استدلال کر رہے ہیں جن کا شب و روز کا مشغلہ ہی مسلمانوں کو بات بات پر کافر و مشرک اور بدعتی بتانا ہے۔ امام غزالی تو فرما رہے ہیں کہ شخص معین پر گو وہ کافر ہی کیوں نہ ہو لعنت کرنا اچھا نہیں اس لیے کہ شاید وہ توبہ کر لے اور ایمان لے آئے اور اسی طرح ابلیس پر بھی لعنت نہ کرے بلکہ سکوت اختیار کرے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكَافِرِيْنَ اور وَاِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ

Marfat.com

پس اللہ کی لعنت ہے کافروں پر اور بیشک اے ابلیس تجھ پر لعنت ہے روز قیامت تک ۔ اور ہر مسلمان روزانہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھتا ہے یہ رَجِیْم کہنا بھی تو لعنت ہی ہے ۔ امام غزالی کا قول پیش کرنے والوں کو چاہیئے کہ وہ کافر اور ابلیس کو بھی مستحقِ لعنت نہ سمجھیں اور ان پر لعنت بھی نہ کیا کریں ۔ افسوس انکو یہ معلوم نہیں کہ کسی کا مستحقِ لعنت ہونا اور بات ہے اور اس پر لعنت نہ کرنا اور بات ہے ۔ امام غزالی کا مقصد یہ ہے کہ از روئے حدیث مومن لعنت کرنے والا نہیں ہوتا یعنی خواہ کوئی مستحق لعنت ہو مگر مومن کی شان یہ ہے کہ وہ اس پر لعنت نہیں کرتا اس کی دلیل یہ ہے کہ وصفِ عام کے ساتھ ان کے نزدیک بھی کافر و فاسق پر بلکہ خوارج روافض اور ظالم و زانی اور سود خور پر لعنت کرنا جائز ہے ۔ اور یزید بلاشبہ فاسق و ظالم تھا لہٰذا امام غزالی کے مقرر کردہ اصول کے مطابق بھی اس پر لعنت کرنا جائز ہو گیا ۔ مگر اس کا نام لے کر نہیں ۔ وہ بھی اس لیے کہ ان کے نزدیک یزید نے امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے قتل کی اجازت نہیں دی اور اس لیے بھی کہ شائد اس نے توبہ کر لی ہو ۔

اور ہم نے اکابر ائمہ اور علماء کرام رحمہم اللہ کے کلام سے یہ ثابت کر دیا ہے کہ حضرت امام کا قتل یزید کے حکم اور اس کی رضا سے ہوا ۔ اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے یزید ہی کو قاتل قرار دیا اور اس کو خط لکھا قَدْ قَتَلْتَ حُسَیْنًا وَفِتْیَانَ عَبْدِ الْمُطَّلِب الخ کہ بیشک تُو نے حسین اور عبدالمطلب کے جوانوں کو قتل کیا ہے الخ ۔ بلکہ خود ابن زیاد ملعون نے اقرار و اعتراف کیا کہ میں نے امام حسین کا قتل یزید کے حکم سے کیا ہے ۔ جیسا کہ گزشتہ صفحات میں بیان ہو چکا ہے ۔

لیجیئے حضرت امام غزالی علیہ الرحمۃ کے چند ارشادات ملاحظہ فرمایئے اور فیصلہ کیجیئے کہ حضرت امام غزالی ہی کے مطابق یزید پلید مستحقِ لعنت ہے یا نہیں ؟

Marfat.com

وَاسْتَیْقَظَ ابْنُ عباسٍ رَضِیَ اللّٰہ عنھما مَرَّۃً مِنْ نَوْمِہٖ فَاسْتَرْجَعَ وَقَالَ قُتِلَ الحُسَیْنُ وَاللّٰہِ وَکَانَ ذَالِکَ قَبْلَ قَتْلِہٖ فَانکرہٗ اَصْحَابُہٗ فَقَالَ رَأَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم وَ مَعَہٗ زُجَاجَۃٌ مِنْ دَمٍ فَقَالَ اَلَا تعلم مَا صَنَعَتْ اُمَّتِی بَعْدِی قَتَلُوا اِبْنِیَ الحُسَیْنَ وَ ھٰذا دَمُہٗ وَ دَمُ اَصْحَابِہٖ اَرْفَعُھَا اِلَی اللّٰہِ تعالیٰ فَجَاءَ الخَبَرُ بَعْدَ اَرْبَعَۃٍ وَّ عِشْرِیْنَ یومًا بِقَتْلِہٖ فِی الْیَوْمِ الَّذِیْ رَاٰہُ۔

احیاء العلوم ص۳۹۱

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ایک دن خواب سے بیدار ہوئے تو آپ نے اِنّا للّٰہ و اِنّا اِلَیہِ رَاجِعُون پڑھا اور فرمایا خدا کی قسم حسین قتل ہو گئے اور یہ واقعہ انکے قتل کی خبر آنے سے پہلے کا تھا۔ اُن کے ساتھیوں نے اسکو ماننے سے انکار کیا تو حضرت ابن عباس نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو (خواب میں) دیکھا ہے آپکے ہاتھ میں شیشہ کا برتن ہے جس میں خون ہے اور آپنے فرمایا کیا تم نہیں جانتے کہ میری امت نے میرے بعد کیا کیا ہے؟ انھوں نے میرے بیٹے حسین کو قتل کر دیا ہے اور یہ میرے بیٹے (حسین) اور اس کے ساتھیوں کا خون ہے جس کو میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کرونگا چوبیس دن کے بعد خبر آئی کہ اسی دن حسین قتل ہوئے تھے جس دن ابن عباس نے خواب دیکھا تھا۔

قارئین حضرات! ملاحظہ فرمائیں یہ تو حدیث ہے جو امام غزالی نے نقل فرمائی ہے اور وہ تو ان کا اپنا خیال ہے جو انھوں نے یزید کے بارے میں ظاہر کیا ہے اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قتلِ امام حسین رضی اللہ عنہ سے بہت زیادہ اذیت اور رنج پہنچا کہ آپ امام اور ان کے رفقاء کا خون بارگاہ رب العزت میں پیش کر رہے ہیں تاکہ شکایت کریں اور وہ منتقم حقیقی قاتلوں سے انتقام لے۔ اور بلاشبہ جو

Marfat.com

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو اذیت اور رنج پہنچائے اس پر دنیا و آخرت میں اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے اور اس کے لیے ذلت کا عذاب ہے۔

(۲) روایت ہے کہ آخر خطبہ جو امیر معاویہؓ نے پڑھا یہ تھا کہ لوگو! جو کھیتی کرتا ہے سو کاٹتا ہے اور میں تمہارا حاکم تھا میرے بعد جو حاکم تم پر ہو گا وہ مجھ سے بُرا ہی ہو گا جیسے مجھ سے پیشتر حاکم مجھ سے بہتر تھے (احیاء العلوم جلد چہارم) امام غزالی کی روایت اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے ارشاد سے معلوم ہوا یزید برا حاکم تھا۔

(۳) حضرت محمد بن حسین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب امام حسین علیہ السلام دشمنوں میں گھر گئے تو آپ نے خطبہ دیا اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کر کے فرمایا کہ مجھے زندگی سے موت اس لیے محبوب ہے الا ترون ان الحق لا یعمل بہ الخ کہ تم دیکھتے ہی ہو آجکل حق پر عمل نہیں ہو رہا اور باطل امور سے اجتناب نہیں ہے ایسے حالات میں مومن کو چاہیئے اللہ تعالیٰ سے ملنے کی رغبت کرے۔ میں ظالموں کے ساتھ زندگی بسر کرنا سعادت سے محرومی سمجھتا ہوں (احیاء العلوم جلد چہارم) امام غزالی کی اس روایت سے ثابت ہوا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے موت کو زندگی پر اس لیے ترجیح دی کہ یزید کے دور میں حق پر عمل اور باطل امور سے اجتناب نہیں ہو رہا تھا لہٰذا آپ نے ان ظالموں کے ساتھ زندگی کو سعادت کی زندگی سے محروم سمجھا۔ ثابت ہو گیا کہ یزید اور اس کے ساتھی ظالم تھے۔ اور شروع مضمون میں گزر چکا ہے کہ امام غزالی کے نزدیک ظالموں پر لعنت کرنا جائز ہے۔ کیوں نہ ہو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ (ھود۔ ۱۱)

(۴) صحابہؓ میں بہت سے ایسے ہیں کہ انھوں نے ظالموں کا زمانہ دیکھا اور اُن سے مال بھی لیا۔ چنانچہ حضرت ابو ہریرہ اور ابو سعید خدری اور زید بن ثابت اور ابو ایوب انصاری اور جریر بن عبداللہ اور جابر اور انس بن مالک اور مسعود بن مخرمہ اور ابن عمر اور ابن عباس وغیرہم رضی اللہ عنہم۔ چنانچہ حضرت ابو ہریرہ اور ابو سعید رضی اللہ عنہما

Marfat.com

نے مروان بن حکم اور یزید بن عبد الملک سے مال لیا۔ اور حضرت ابن عمر اور ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حجاج بن یوسف سے مال لیا ہے (احیاء العلوم جلد دوم)

یزید کے حامیوں سے سوال ہے کہ امام غزالی فرما رہے ہیں کہ بہت سے صحابہ نے ظالم امراء کا زمانہ دیکھا اور اُن سے مال بھی لیا۔ تو کیا امام غزالی کے ماننے والے رہنمائی فرمائیں گے کہ وہ ظالم امراء کون تھے جن کا زمانہ بہت سے صحابہ نے دیکھا! مروان۔ یزید بن عبد الملک اور حجاج کا نام تو خود انھوں نے بھی لکھا ان کا ظالم ہونا تو امام غزالی کے نزدیک بھی ثابت ہو گیا۔ اِن کے علاوہ بھی کوئی ہے یا نہیں؟

(۵) امام غزالی کے نزدیک وصفِ عام کے ساتھ فاسقوں پر لعنت کرنا اور وصفِ خاص کے ساتھ قدریہ۔ خوارج۔ روافض اور ظالم وغیرہ پر لعنت کرنا جائز ہے۔ جیسا کہ اسی بحث کے شروع میں گزرا۔

اور صحیح بخاری و مسلم میں بہت سے راوی شیعہ۔ رافضی۔ خارجی اور قدریہ وغیرہ ہیں (تفصیل آگے امام طبری کے ذکر میں آرہی ہے) جو امام غزالی کے نزدیک مستحقِ لعنت ہیں۔ نیز یزیدی ٹولے کے شیخ الہند، مرکز دائرۃ التحقیق، صدر مدرس دار العلوم دیوبند حسین احمد صاحب مدنی نے ابن عبد الوہاب نجدی کو ظالم باغی خونخوار فاسق لکھا ہے۔ ملاحظہ ہو۔ "الحاصل وہ (ابن عبد الوہاب نجدی) ایک ظالم و باغی خونخوار فاسق تھا" (الشہاب الثاقب ص) اور ظالم و فاسق امام غزالی کے نزدیک مستحقِ لعنت ہے۔

اسی طرح تمام غیر مقلدین (اہل حدیث) کو بھی فاسق لکھا۔ ملاحظہ ہو۔ "فتاوٰے رشیدیہ میں متعدد مقامات میں حضرت مولانا گنگوہی نے طائفہ وہابیہ میں غیر مقلدین کو فاسق تحریر فرمایا ہے۔" (الشہاب الثاقب ص)

اور امام غزالی کے نزدیک فاسق مستحقِ لعنت ہے تو سارے غیر مقلدین وہابیہ مستحقِ لعنت ٹھہرے۔ امام غزالی جو یزیدی ٹولے کے نزدیک ائمہ اربعہ کے بعد سب سے بڑے

Marfat.com

عالم ہیں اور جن کو یزیدی ٹولا بہت مانتا ہے۔ کیا وہ امام غزالی کے قول کے مطابق بخاری و مسلم کے راویوں، ابن عبدالوہاب نجدی اور طائفہ وہابیہ غیر مقلدین کو مستحق لعنت سمجھتا ہے یا نہیں؟

یہ یزید جیسے ظالم کی بے جا حمایت کا نتیجہ ہے کہ یزیدی ٹولہ تو یزید کو ہر صورت میں بچانے کی کوشش کرتا ہے اور وہ تو کیا بچے گا وہ اپنے ان حامیوں کو بھی اپنے ساتھ لے کر مستحق لعنت بناتا جا رہا ہے ؎

میں اس کو بچانا چاہتا تھا وہ مجھ کو بھی لے کر ڈوب گیا

Marfat.com

# سوال نمبر ۷

کیا محمود احمد عباسی نے اپنی تصانیف میں کہیں خیانت اور بد دیانتی سے بھی کام لیا ہے؟

**جواب** ہاں! بلاشبہ اس نے خیانت و بد دیانتی کی انتہا کر دی۔ چنانچہ اس نے اپنی کتاب "خلافت معاویہ و یزید" کے صفحہ ۵۵ میں باب باندھا "کتاب فضل یزید" اور اس کے تحت البدایہ والنہایہ کی جو سب سے پہلی روایت نقل کی، اس میں جس خیانت و بد دیانتی کا مظاہرہ کیا ہے۔ ملاحظہ ہو۔ لکھتا ہے:۔

(۱) منجملہ ان کے الشیخ عبد المغیث بن زہیر الحربی تھے جن کے متعلق علامہ ابن کثیر فرماتے ہیں:۔

كَانَ مِنْ صُلَحَاءِ الْحَنَابِلَةِ وَكَانَ يُزَارُ، یعنی وہ حنبلی صالحین میں سے مرجع عوام تھے انہوں نے امیر یزید کے حسن سیرت اور اوصاف پر مستقل تصنیف کی وَلَهُ مُصَنَّفٌ فِي فَضْلِ يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ أَتَى فِيهِ بِالْغَرَائِبِ وَالْعَجَائِبِ اور ان کی (الشیخ عبد المغیث) کی تصنیف سے فضل یزید بن معاویہ پر ایک کتاب ہے جس میں بہت سے عجیب و غریب حالات بیان کئے ہیں (خلافت معاویہ و یزید صفحہ ۵۵)

اب اصل عبارت علامہ ابن کثیر کی ملاحظہ فرمائیں:۔

| | |
|---|---|
| اَلشَّيْخُ عَبْدُ الْمُغِيْثِ بْنُ زُهَيْرٍ الْحَرْبِيُّ كَانَ مِنْ صُلَحَاءِ الْحَنَابِلَةِ وَكَانَ يُزَارُ وَلَهُ مُصَنَّفٌ | شیخ عبد المغیث بن زہیر حربی صلحاء حنابلہ میں سے تھے لوگ ان کی زیارت کو آتے تھے، اور |

Marfat.com

فِی فَضْلِ یَزِیدَ بْنِ مُعَاوِیَۃَ اَتیٰ بِالْغَرَائِبِ وَالْعَجَائِبِ وَقَدْ رَدَّ عَلَیْہِ اَبُو الْفَرَجِ ابْنُ الْجَوْزِی فَاَجَادَ وَاَصَابَ

البدایہ والنہایہ ص ۲۲۸/۱۲

ان کی ایک کتاب ہے یزید بن معاویہ کی فضیلت میں جس میں وہ غرائب وعجائب لائے ہیں اور اس کتاب کا رد علامہ ابوالفرج ابن الجوزی نے کیا ہے اور بہت عمدہ اور صحیح رد کیا ہے۔

قارئین کرام! اندازہ لگائیں کہ خلافتِ معاویہ و یزید کے مؤلف نے اصل حقیقت کے بیان میں کس قدر خیانت اور بددیانتی سے کام لیا ہے۔ عجائب وغرائب کا ترجمہ کیا ہے "بہت سے عجیب وغرایب حالات بیان کیے ہیں۔" حالانکہ اہلِ علم کے نزدیک اس کا مطلب ہوتا ہے غیر مستند اور غیر مانوس باتیں جو تعجب میں ڈالنے والی ہوں۔ اور آگے جو علامہ ابن کثیر نے فرمایا ہے کہ علامہ ابوالفرج ابن جوزی نے اس کتاب کا بہت عمدہ اور صحیح رد کیا ہے، اس کو مؤلف ہڑپ کر گیا جس سے علامہ ابن کثیر کی رائے کا پتہ چلتا ہے کہ وہ اس کے رد کو عمدہ اور صحیح کہہ رہے ہیں۔ اور دیکھئے "خلافتِ معاویہ ویزید" کا مؤلف اس کے بعد لکھتا ہے کہ :-

(۲) خلیفہ النّاصر نے یزید کے بارے میں شیخ سے جو سوال کیا اور جو جواب انھوں نے دیا علامہ موصوف (ابن کثیر) کے الفاظ سنیئے!

فَسَاَلَہُ الْخَلِیفَۃُ عَنْ یَزِیدَ اَیُلْعَنُ اَمْ لَا؟ فَقَالَ لَا اُسَوِّغُ لَعْنَہٗ لِاَنِّی لَوْ فَتَحْتُ ھٰذَا الْبَابَ لَاَفْضٰی النَّاسُ اِلٰی لَعْنِ خَلِیفَتِنَا! فَقَالَ الْخَلِیفَۃُ وَلِمَ؟ قَالَ لِاَنَّہٗ یَفْعَلُ اَشْیَاءَ مُنْکَرَۃً کَثِیرَۃً مِنْھَا: کَذَا وَکَذَا ثُمَّ شَرَعَ یُعَدِّدُ عَلیٰ

خلیفہ نے شیخ عبدالمغیث سے سوال کیا کہ یزید پر لعن کیا جائے یا نہیں؟ انھوں نے جواب دیا کہ لعن ہرگز جائز نہیں اور لعن کا دروازہ کھول دیا جائے تو لوگ ہمارے موجودہ خلیفہ پر لعن کرنے لگ جائیں گے۔ خلیفہ نے پوچھا وہ کیوں؟ شیخ نے کہا کہ وہ بہت سے منکرات پر عمل پیرا ہوئے ہیں

Marfat.com

الْخَلِيفَةَ افعالہ الْقَبِيحَۃُ وَمَا يَقع مِنه مِنَ الْمُنكرِ لِيَنزَجِرَ عَنہا — جن میں سے یہ اور یہ امور ہیں انھوں نے خلیفہ کے بُرے اعمال گنانے شروع کئے نیز جو منکرات اس سے سرزد ہوئے تھے۔

خلافت معاویہ ویزید ص۵۶

مذکورہ بالا ترجمہ جو "خلافت معاویہ و یزید" کے مؤلف نے کیا ہے اس میں اسکی دھوکا دہی اور بد دیانتی ملاحظہ ہو۔ لَا اسُوغُ لعنۃ کا ترجمہ کیا ہے کہ "لعن ہرگز جائز نہیں" حالانکہ یہ ترجمہ بالکل غلط ہے اس لئے کہ لَا اَسُوغُ صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معروف ہے۔ لہذا لَا اسُوغ کا ترجمہ ہوگا کہ "میں جائز نہیں کرونگا"۔ اور ظاہر ہے کہ شیخ کسی امر کو از خود جائز یا ناجائز کرنے کے مجاز نہیں۔ یہ چیز خاص ہے شارع علیہ الصلوٰۃ و السلام کے ساتھ۔ لہذا صحیح ترجمہ یہ ہوگا کہ "میں اس پر لعن کرنے کی اجازت نہیں دونگا"۔ اور آگے ہے لَانِّی لو فتحتُ ھٰذا الباب، اس کا ترجمہ خائن مؤلف نے یہ کیا ہے "اور لعن کا دروازہ کھول دیا جائے"۔ یہ بھی غلط ہے اس لئے کہ فتحتُ بھی صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معروف ہے اور اس پر لَوْ حرفِ شرط آنے کی وجہ سے وہ بھی مضارع کے معنی میں ہے کہ "اگر میں اس لعنت کے دروازے کو کھول دوں"۔ تو شیخ کی عبارت کا صحیح ترجمہ یہ ہوگا کہ میں یزید پر لعنت کرنے کی اجازت نہیں دوں گا کیونکہ اگر میں یہ لعنت کرنے کا دروازہ کھول دوں تو لوگ ہمارے موجودہ خلیفہ پر بھی اس کی برائیوں اور بدکاریوں کی وجہ سے لعنت کرنے لگ جائیں گے۔ جس سے صاف طور پر نتیجہ نکلتا ہے کہ جس طرح یزید بُرا اور بدکار تھا اسی طرح ہمارا خلیفہ بھی برا اور بدکار ہے۔ تو اگر میں یزید پر لعنت کرنے کی اجازت دوں تو اس خلیفہ پر بھی لعنت کرنے کا دروازہ کھل جائے گا۔ تو اس کو لعنت سے بچانے کے لیے میں یزید پر بھی لعنت کرنے کی اجازت نہیں دوں گا۔ معلوم ہوا کہ شیخ کے نزدیک بھی یزید بُرا اور بدکار تھا۔

Marfat.com

آگ دی صیاد نے جب آشیانے کو مرے
جن پہ تکیہ تھا وہی پتے ہوا دینے لگے!

(۳) اسی خائن مؤلف نے اپنی تالیف "معاویہ و یزید" کے صـ۴۹ پر علامہ ابن کثیر کے حوالے سے لکھا ہے کہ وہ یزید کے بارے میں لکھتے ہیں:۔

وَقَدْ كَانَ يَزِيْدُ فِيْهِ خِصَالٌ مَحْمُوْدَةٌ مِنَ الْكَرَمِ وَالْحِلْمِ وَالْفَصَاحَةِ وَالشِّعْرِ وَالشَّجَاعَةِ وَحُسْنِ الرَّأْيِ فِي الْمُلْكِ وَكَانَ ذَا جَمَالٍ حُسْنِ الْمُعَاشَرَه

(البدایہ والنہایہ صـ۲۳۰/۸)

اور یزید کی ذات میں قابل ستائش صفات حلم وکرم، فصاحت و شعر گوئی اور شجاعت و بہادری کی تھیں نیز معاملات حکومت میں عمدہ رائے رکھتے تھے اور معاشرت کی خوبی و عمدگی بھی ان میں تھی۔

اور اسی عبارت کے ساتھ ہی آگے یہ عبارت بھی موجود ہے جس کو کمال خیانت کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس خائن مؤلف نے چھوڑ دیا کیونکہ اس میں یزید کے خصائل مذمومہ کا بیان تھا۔ چنانچہ ملاحظہ ہو:۔

وَكَانَ فِيْهِ اَيْضًا اِقْبَالُ الشَّهَوَاتِ وَتَرْكُ بَعْضِ الصَّلَوَاتِ فِي بَعْضِ الْاَوْقَاتِ وَاِمَاتَتُهَا فِي غَالِبِ الْاَوْقَاتِ وَقَدْ قَالَ الْاِمَامُ اَحْمَدُ حَدَّثَنَا اَبُوْعَبْدِ الرَّحْمٰنِ ثَنَا حَيْوَةُ حَدَّثَنِيْ بَشِيْرُ بْنُ اَبِيْ عَمْرِو الْخَوْلَانِيُّ اَنَّ الْوَلِيْدَ بْنَ قَيْسٍ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَعِيْدِ الْخُدْرِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكُوْنُ خَلْفٌ مِنْ

اور نیز اس (یزید) میں شہوات نفسانیہ میں انہماک بھی تھا اور بعض اوقات بعض نمازوں کو بھی چھوڑ دیتا تھا اور وقت گزار کر پڑھنا تو اکثر اوقات رہتا تھا اور امام احمد بن حنبل نے سند کے ساتھ حضرت ابو سعید خدری کی روایت بیان فرمائی۔ کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ ۶۰ھ کے بعد ایسے ناخلف ہوں گے جو نمازوں کو

Marfat.com

بعد ستین سنۃ اضاعوا الصلوٰۃ و اتبعوا الشہوات فسوف یلقون غیا
(البدایہ والنہایہ صفحہ ۲۳۰)

ضائع کریں گے، اور شہوات نفسانیہ کی پیروی کریں گے تو عنقریب وہ (جہنم کی وادی) غی میں جا گریں گے۔

علامہ حافظ ابن کثیر نے یزید کی شہوت رانی اور نمازوں کے ترک کے ساتھ اس حدیث نبوی کو بیان کر کے پوری پارٹی (جو ۶۰ھ کے بعد ابھری) کا انجام بیان کر دیا۔ جس سے حافظ ابن کثیر کے بیان کی اصل حقیقت ظاہر ہوتی تھی، اس کو نظر انداز کر دینا اور چھوڑ دینا سخت قسم کی خیانت نہیں تو اور کیا ہے؟

رہا یزید کا حلم و کرم، فصاحت و شعر گوئی، شجاعت و بہادری اور معاملات حکومت میں اچھا ہونا تو اس قسم کی صفات تو غیر مسلم بادشاہوں میں بھی پائی جاتی ہیں ایک مومن کے کردار کا پتہ تو تعلق مع اللہ اور تعلق مع الرسول صلی اللہ علیہ وسلم ہی سے چلتا ہے جب وہ ہی درست نہ ہوا تو حقیقت میں کچھ بھی درست نہ ہوا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ واللہ و رسولہ احق ان یرضوہ ان کانوا مومنین (توبہ ۶۲) اور اللہ اور اس کا رسول زیادہ حقدار تھے کہ ان کو راضی کرتے اگر ایمان رکھتے تھے۔ جب اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو ناراض کر لیا تو فصاحت و بلاغت وہاں کیا کرے گی یزید اور اس کے چار سالہ دورِ حکومت کی سیاہ کاریوں پر نظر رکھنے والے اس کے حلم و کرم اور فصاحت و شجاعت اور حکومت کے معاملات کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں۔ بلاشبہ وہ اپنے ساتھیوں ہم جولیوں اور خوشامدیوں کے ساتھ یا پھر مطالب براری کے لیے حلم و کرم سے پیش آتا ہوگا مگر جو کچھ اس نے آلِ رسول اور مدینۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساکنوں کے ساتھ کیا یا کرایا وہ اس کے حلم و کرم اور معاملاتِ حکومت کی قلعی کھولنے کے لیے کافی ہے۔

"تہذیب التہذیب میں امام ابن حجر عسقلانی نے امیر موصوف کا ذکر رواۃ احادیث

Marfat.com

میں کرتے ہوئے محدث یحییٰ بن عبد الملک بن عتبہ الکوفی المتوفی ۱۸۸ھ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ وہ امیر یزید کو احد الثقات یعنی ثقہ راویانِ حدیث میں شمار کرتے تھے۔ مراسیل ابوداؤد میں انکی مرویات ہیں۔" (خلافت معاویہ و یزید ص۲۵)

اب تہذیب التہذیب کی اصل عبارت دیکھئے اور اس مؤلف کی خیانت اور فریب کاری ملاحظہ فرمایئے :۔

وَلَيْسَتْ لَهُ رِوَايَةٌ تُعْتَمَدُ وَقَالَ يَحْيَىٰ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي غَنِيَّةَ أَحَدُ الثِّقَاتِ ثنا نَوْفَلُ بْنُ أَبِي عَقْرَبَ ثِقَةٌ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ فَذَكَرَ رَجُلٌ يَزِيدَ بْنَ مُعَاوِيَةَ فَقَالَ قَالَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ يَزِيدُ ؟ فَقَالَ عُمَرُ تَقُولُ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ يَزِيدُ ؟ وَأَمَرَ بِهِ فَضُرِبَ عِشْرِينَ سَوْطًا ذَكَرْتُهُ لِلتَّمْيِيزِ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّخَعِي ثُمَّ وَجَدْتُ لَهُ رِوَايَةً فِي مَرَاسِيلِ أَبِي دَاوُدَ وَقَدْ نَبَّهْتُ عَلَيْهَا فِي الِاسْتِدْرَاكِ عَلَى الْأَطْرَافِ۔

(تہذیب التہذیب صـ۳۶۱)

اور یزید کی کوئی روایت قابلِ اعتماد نہیں ہے اور یحییٰ بن عبدالملک بن ابی غنیہ جو ثقہ راویوں سے ایک ہیں نے بیان کیا کہ ہم سے نوفل بن ابی عقرب نے جو ثقہ راوی ہیں بیان کیا کہ میں حضرت عمر بن عبدالعزیز کے پاس موجود تھا کہ ایک شخص نے یزید بن معاویہ کا ذکر کیا اور کہا کہ امیر المومنین یزید نے فرمایا تو حضرت عمر بن عبدالعزیز نے فرمایا کہ تو یزید کو امیر المومنین کہتا ہے ؟ اور اس شخص کو بیس کوڑے مارنے کا حکم دیا (صاحب تہذیب التہذیب فرماتے ہیں کہ) میں نے یزید بن معاویہ کا ذکر اس لیے کیا ہے کہ اس کے اور یزید بن معاویہ النخعی کے درمیان امتیاز ہو سکے۔ پھر میں نے یزید کی صرف ایک روایت مراسیل ابوداؤد میں پائی اور میں نے اطراف پر استدراک میں اس روایت پر تنبیہ کی ہے۔

Marfat.com

یزیدی مؤلف کی عبارت اور اصل عبارت کو سامنے رکھئے تو حسبِ ذیل خیانتیں اور فریب کاریاں واضح طور پر سامنے آجائیں گی ۔

(۱) حافظ ابنِ حجر عسقلانی پر افتراء کہ انھوں نے یزید کا ذکر رواۃ حدیث میں کیا ہے حالانکہ وہ فرما رہے ہیں کہ یزید کی کوئی روایت قابلِ اعتماد نہیں ۔

(۲) حافظ ابن حجر نے محدث یحییٰ بن عبدالملک کا یہ قول نقل کیا ہے کہ وہ امیر یزید کو احد الثقات یعنی ثقہ راویانِ حدیث میں شمار کرتے تھے۔ حالانکہ حافظ ابن حجر نے محدث یحییٰ بن عبدالملک کو احد الثقات کہا ہے اور اس خائن نے جان بوجھ کر ان کی صفت کو یزید کی صفت بنا ڈالا ۔ یہ ابنِ حجر پر دوسرا افتراء ہے ۔

(۳) محدث یحییٰ بن عبدالملک جو ثقہ راویوں میں سے ہیں ، وہ تو یہ بیان فرما رہے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے اس شخص کو بیس ۲۰ دُرّے لگوائے جس نے یزید کو امیرالمومنین کہا تھا اور یہ خائن انکی طرف یہ منسوب کر رہا ہے کہ وہ یزید کو ثقہ راویوں میں شمار کرتے تھے ۔ یہ خیانت کے ساتھ ساتھ محدث پر افتراء ہے ۔

(۴) مراسیل ابوداؤد میں ان کی مرویات ہیں ۔ حالانکہ ابنِ حجر فرماتے ہیں کہ مجھ کو صرف ایک روایت ملی ۔ اس پر بھی انھوں نے تنبیہ کی ۔ صرف ایک روایت کو مرویات بنا ڈالا ۔ یہ نادانی یا کذب پر مشتمل ہے ۔

(۵) ابن حجر نے اس عبارت سے پہلے یزید کے سیاہ کارنامے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو قتل کروانا اور مدینہ منورہ پر حملہ کروانا اور صحابہ و تابعین کو شہید کروانا اور مدینہ منورہ کو تین دن کے لیے ہر طرح مباح کر لینا قتل و غارت کے ساتھ فحش حرکات اور عصمت دری وغیرہ کا ظہور میں آنا بیان کیا جس کو خیانت و بد دیانتی کی وجہ سے مؤلف چھوڑ دیا اور درمیان کا یہ ٹکڑا لے لیا ۔ اور اس کا بھی مفہوم سخت غلط بیان کیا ۔

غور فرمائیے جس شخص کی دیانت کا یہ عالم ہو اس کے کذب و افتراء کے

Marfat.com

پلندے کو بے لاگ تحقیق اور ریسرچ کا نام دینا تحقیق و ریسرچ کا تمسخر اڑانا نہیں تو اور کیا ہے؟

(۵) حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے صحابی ہونے کی نفی کرتے ہوئے لکھتا ہے۔
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت صرف پانچ برس کی عمر کے تھے ادرك الحسين من حياة النبى صلى الله عليه وسلم خمس سنين او نحوها (البدایہ ص۱۵۰) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں حسینؓ نے پانچ برس کا زمانہ پایا تھا یا تقریباً۔ اتنی چھوٹی سی عمر سنِ تمیز کی عمر نہیں ہوتی۔ بعض ائمہ نے تو ان کے بڑے بھائی حضرت حسن کو جوان سے سال بھر کے قریب بڑے تھے، زمرۂ صحابہ کے بجائے تابعین میں شامل کیا ہے وَقَدْ رَوٰى صَالِحُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ قَالَ فِى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ اَنَّهٗ تَابِعِيٌّ ثِقَةٌ وَهٰذَا غَرِيْبٌ فَلَاَنْ يَّقُوْلَ فِى الْحُسَيْنِ اَنَّهٗ تَابِعِيٌّ بِطَرِيْقِ الْاَوْلٰى، امام احمد بن حنبل کے فرزند صالح نے اپنے والد سے روایت کی ہے کہ وہ فرماتے تھے کہ حسن بن علی ثقہ تابعی تھے، یہ قول غریب ہے۔ تاہم حسینؓ کے بارے میں بدرجۂ اولیٰ کہا جائے گا کہ وہ تابعی تھے (صحابہ کے زمرہ میں شامل نہ تھے)۔" (خلافت معاویہ و یزید ص۱۴۶)

اس خائن مؤلف نے اس عبارت میں بھی کمال خیانت اور مکاری کا مظاہرہ کیا ہے۔

(۱) حضرت حسینؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت صرف پانچ برس کے تھے۔ اس دعوے پر بطورِ دلیل علامہ حافظ ابن کثیر کا قول پیش کیا ہے۔ حالانکہ ابن کثیر کے اس قول میں کوئی لفظ ایسا موجود نہیں جس کا معنیٰ "صرف" ہو اور جس سے امام کی عمر کا پانچ برس میں منحصر ہونا معلوم ہو بلکہ لفظ "صرف" کے برعکس موجود ہے۔ اور وہ ہے خمس سنين او نحوها جس کا ترجمہ ہے "پانچ برس یا اسکی مانند" یعنی پانچ برس میں منحصر نہیں اس کے علاوہ بھی کوئی مدت اگر ثابت

Marfat.com

ہو جائے تو درست ہے خود اس مؤلف نے بھی اونحوھا کا ترجمہ کیا " یا تقریباً " آگے اڑا گیا۔ پھر پانچ برس کے ساتھ لفظ "صرف" بڑھا دینا اصل عبارت میں اضافہ ہے جو تحریف کو مستلزم ہے۔

خطیب بغدادی کفایۃ الخطیب میں لکھتے ہیں :-

| | |
|---|---|
| فَقَدْ رَوَی الْحَسَنُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَ مَوْلِدُہٗ سَنَۃَ اثْنَیْنِ مِنَ الْھِجْرَۃِ (کفایۃ الخطیب) | پس بیشک (حضرت) حسن بن علی بن ابی طالب نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے اور ان کی ولادت ۲ھ میں ہے۔ |

اس روایت کے مطابق حضرت امام حسن کی عمر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت آٹھ سال اور حضرت امام حسین کی عمر سات سال ثابت ہوتی ہے۔ بعض مؤرخین نے امام حسن کا سن پیدائش ۳ھ اور امام حسین کا ۴ھ قرار دیا ہے۔ اس لحاظ سے بھی امام حسین کی عمر چھ سال سے کچھ زائد ہی ثابت ہوتی ہے۔ اسی لیے حافظ ابن کثیر نے لفظ اونحوھا کہا جس سے زیادہ عمر کی گنجائش نکلتی ہے۔ بہر صورت اگر پانچ برس کی بھی ہو تو بھی ہر مسلمان جانتا ہے کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے جس گھرانے اور جس ماحول میں آنکھ کھولی تھی وہ گھرانہ علم و حکمت کا مخزن، وہ ماحول انوارِ نبوت سے روشن، ہر وقت قال اللہ اور قال الرسول کا تذکرہ۔ اور پھر امام حسین اہلِ بیتِ نبوت کے خاص جوہر جن پر فیضانِ نبوت کی خاص بارش ہوتی تھی اور جن کو اخلاقِ نبوت سے خلقی اور فطری مناسبت حاصل تھی، ان کو عام بچوں پر قیاس کرتے ہوئے کہہ دینا " اتنی چھوٹی سی عمر سن تمیز کی عمر نہیں ہوتی " ان کے عالی مقام سے ناواقف ہونے کی دلیل ہے۔ اہلِ علم و دانش جانتے ہیں کہ ہر دور میں جہاں عام حالات ہوتے ہیں وہاں کچھ مخصوص حالات اور مستثنیات بھی ہوتے ہیں۔ تلاش کی جائے تو آج کے دور میں بھی اس کی مثالیں مل سکتی ہیں۔ تو وہ حضرات تو ازل ہی سے مخصوص اور محبوب ہیں۔ اس مؤلف کا امام

Marfat.com

حسین رضی اللہ عنہ کی صحابیت کی نفی کرنا غالباً اس لیے ہے کہ صحابیت کے فضائل و مناقب ان کے لیے ثابت نہ ہوں اور وہ آسانی سے ان کی ذات پر ناپاک حملے کر سکے۔ کیونکہ احترام شرفِ صحبت کچھ اس سے مانع تھا جیسا کہ وہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے متعلق آزادی سے نہیں بلکہ دبی زبان سے کچھ کہتا ہے۔

صحابیت کی نفی کے بارے میں اس نے امام احمد بن حنبل کا قول پیش کیا ہے کہ انھوں نے امام حسین کے بڑے بھائی امام حسن کو تابعی فرمایا ہے۔ تو جب بڑے بھائی تابعی ہوئے تو چھوٹے تو بطریق اولیٰ تابعی ثابت ہوئے۔ صحابی نہ ہوئے۔ اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ یہ قول غیر مسلّم اور ناقابلِ اعتماد ہے اور خود امام احمد بن حنبل کے مذہب کے خلاف ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حافظ ابن کثیر جنہوں نے اس قول کو نقل کیا ہے ساتھ ہی یہ کہہ دیا وَهٰذَا غَرِيْبٌ کہ یہ عجیب سی بات ہے، یعنی اس لائق نہیں کہ اس کو قبول کیا جائے، اس قول کی روایتی حیثیت کو ختم کر کے رکھ دیا۔

اور خود حافظ ابن کثیر کے نزدیک اور امام احمد بن حنبل کے نزدیک حسنین کریمین دونوں کا صحابی ہونا مسلّم ہے۔ ملاحظہ ہو حافظ ابن کثیر حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرماتے ہیں:۔

| | |
|---|---|
| فَاِنَّهٗ مِنْ سَادَاتِ الْمُسْلِمِيْنَ وَعُلَمَاءِ الصَّحَابَةِ وَابْنُ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِيْ هِيَ اَفْضَلُ بَنَاتِهٖ وَقَدْ كَانَ عَابِدًا وَّشُجَاعًا وَّسَخِيًّا (البدایہ والنہایہ صفحہ ۲۰۳/۸) | کہ بیشک وہ (حسین) مسلمانوں کے سردار اور علماء صحابہ میں سے ہیں اور رسول اللہ کی افضل صاحبزادی کے بیٹے ہیں۔ اور وہ عابد و زاہد اور بہادر اور سخی تھے۔ |

ثابت ہوا کہ ابن کثیر کے نزدیک امام عالی مقام عام صحابہ سے نہیں بلکہ علماء صحابہ میں سے ہیں۔

علامہ امام حافظ ابن حجر عسقلانی شارح صحیح بخاری فرماتے ہیں:۔

Marfat.com

وَمِنهُم مَن اشتَرَطَ فِی ذالِکَ اَن یَکُونَ حِینَ اجتِمَاعِهٖ بَالِغًا وَهُوَ مَردُودٌ لِاَنَّهٗ یُخرِجُ مِثلَ الحَسَنِ بنِ عَلِیٍّ وَنَحوِهٖ مِن اَحدَاثِ الصَّحَابَةِ وَالَّذِی جَزَمَ بِهِ البُخَارِیُّ وَهُوَ قَولُ اَحمَد وَالجُمهُورِ مِنَ المُحَدِّثِینَ

فتح الباری صہ۳

اور ان میں سے بعض نے یہ بھی شرط لگائی ہے کہ آدمی حضور کے ساتھ جمع ہونے کے وقت بالغ بھی ہو اور یہ قید مردود ہے کیونکہ یہ قید حسن بن علی اور انکی مانند کم سن صحابہ کو صحابیت سے خارج کر دیتی ہے اس پر بخاری نے جزم ویقین کیا ہے اور یہی قول امام احمد اور جمہور محدثین کا ہے (کہ یہ قید مردود ہے۔)

ثابت ہو گیا کہ امام احمد اور جمہور محدثین کے نزدیک صحابیت کے لیے بلوغ شرط نہیں جس نے نابالغی اور کم سنی کی حالت میں بھی شرفِ صحبت حاصل کر لیا وہ صحابی ہے۔ علامہ ابن حجر فرماتے ہیں کہ اگر بلوغ کی قید لگائی جائے تو حضرت امام حسن اور ان جیسے دوسرے کم سن صحابہ صحابیت سے خارج ہو جائیں گے تو گویا انہوں نے بلوغ کی قید کو مردود ہی اس لیے کہا کہ ان کی اس قید سے امام حسن صحابیت سے خارج ہو جاتے ہیں اور ان کی صحابیت مسلمات سے ہے۔ کیونکہ دلیل وحجت مسلمات ہی سے قائم کی جاتی ہے۔ اور اس پر فرمایا یہی قول امام احمد بن حنبل کا اور جمہور محدثین کا ہے تو ثابت ہوا کہ امام احمد کے نزدیک حسنین کریمین صحابی ہیں اور وہ قول جو انکی طرف منسوب کیا گیا ہے غیر مسلّم اور خود امام احمد کے قول کے خلاف ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ابن کثیر نے اس کو هٰذَا غَرِیبٌ کہہ کر اس کا غیر مسلّم ہونا ظاہر کر دیا۔

امام المحدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :-

مَن صَحِبَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ اَو رَاٰهُ مِنَ المُسلِمِینَ فَهُوَ مِن اَصحَابِهٖ (بخاری صہ۵۱۵)

جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت پالے یا آپکو بحالتِ ایمان دیکھ لے تو وہ صحابی ہے۔

Marfat.com

حسنین کریمین رضی اللہ عنہما صرف صحابی ہی نہیں بلکہ صاحب روایت صحابی ہیں

علامہ امام حافظ ابن عبدالبر رحمۃ اللہ علیہ حضرت امام حسن کے متعلق فرماتے ہیں :۔

حَفِظَ الحَسَنُ بنُ علی رسُولِ اللہ صلی اللہُ علیہ وسلم احادیث وروا ھا عنہ (الاستیعاب ص۱۴۹)

(حضرت) حسن بن علی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے متعدد حدیثیں حفظ کیں اور آپ سے روایت کیں۔

یہی امام حضرت امام حسین کے متعلق فرماتے ہیں :۔

رَوَی الحُسینُ بنُ علی رضی اللہ عنہما عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم (الاستیعاب ص۱۴۵)

(حضرت) حسین بن علی رضی اللہ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے

علامہ امام حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :۔

الحَسَنُ بنُ علی بن ابی طالب الهاشمی سبط رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وریحانتہ من الدنیا واحد سیدی شباب اهل الجنۃ رَوی عن جدہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (تہذیب التہذیب ص۲۹۵)

حسن بن علی بن ابی طالب الہاشمی سبط رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور دنیا میں آپ کے پھول اور جنت کے جوانوں کے دو سرداروں میں سے ایک انہوں نے اپنے جد پاک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی

اور یہی امام حسین رضی اللہ عنہ کے متعلق فرماتے ہیں :۔

الحُسینُ بنُ علی بن ابی طالب الهاشمی ابو عبد اللہ المدنی سبط رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وریحانتہ فی الدنیا واحد سیدی شباب اهل الجنۃ روی عن جدہ

تہذیب التہذیب ص۳۴۵

حسین بن علی بن ابی طالب الہاشمی ابو عبداللہ المدنی سبط رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور دنیا میں آپ کے پھول اور جنت کے جوانوں کے دو سرداروں میں سے ایک، انہوں نے اپنے جد پاک سے روایت کی۔

Marfat.com

اس مؤلف نے ابن کثیر کے الفاظ فَلَانٌ یَقُولُ فِی الْحُسَیْنِ اَنَّہٗ تَابِعِیٌّ بطریق الاولیٰ کا ترجمہ کیا ہے "تاہم حسین کے بارے میں بدرجۂ اولیٰ کہا جائے گا کہ وہ تابعی تھے" اور یہ ترجمہ ابنِ کثیر کی مراد کے بالکل خلاف ہے کیونکہ ابنِ کثیر نے امام احمد کی طرف منسوب قول پر ھٰذا غریب کا حکم لگا کر اس کی روایتی حیثیت کا تو خاتمہ کر ہی دیا تھا۔ آگے بطور الزام و احتجاج کے کہا تھا کہ اس قول سے جب امام حسن کے صحابی ہونے کی نفی ہو گئی تو مطلب یہ ہوا کہ امام حسین کے صحابی ہونے کی نفی بطریق اولیٰ ہو جائے اور یہ دونوں باتیں غلط ہیں۔ تو ان کی عبارت کا صحیح مفہوم یہ ہے کہ اگر امام احمد کا یہ کہنا کہ امام حسن تابعی تھے صحابی نہیں تھے درست مان لیا جائے۔ فلان یقول فی الحسین انہ تابعی بطریق الاولیٰ تو انہیں یہ بھی کہنا چاہیئے کہ حسین بطریق اولیٰ تابعی تھے اور یہ مسلّم نہیں اور خود ان کے مذہب کے بھی خلاف ہے۔ اور یہ مؤلف ترجمہ کرتا ہے "تاہم حسین کے بارے بدرجۂ اولیٰ کہا جائے گا کہ وہ تابعی تھے"

گویا الزام کو حقیقت اور احتجاج کو حجّتِ اصلیہ بنا دیا۔ یہ تحریف نہیں تو اور کیا ہے؟ کسی کے قول کا ایسا ترجمہ کرنا جو غلط بھی ہو اور اس کی مراد کے خلاف بھی ہو اگر دانستہ طور پر ہو تو اسکو تحریف، خیانت اور دھوکا ہی کہا جائے گا ورنہ جہالت ..... یہ ہے اس مؤلف کی "ریسرچ" لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

(۶) اس خائن مؤلف نے لکھا ہے:۔

"امیر یزید کے ہم جلیس زُہّاد و عُبّادِ امت تھے، علما و فضلاء تھے، طلّاب و شیدائیان علم تھے ..... جہاں اکثر قَالَ اللّٰہُ وَ قَالَ الرَّسُوْلُ کی آوازیں آتیں۔ نہ بقول کذابین غنا و موسیقی کی"۔ (خلافت معاویہ و یزید ص۸۱)

اس عبارت کا ماحصل یہ ہے کہ یزید کے ساتھی علماء فضلاء، زاہد، عابد

Marfat.com

اور علم کے شیدائی تھے اور ان میں اکثر کتاب و سنت کے ذکر کی آوازیں آتیں نہ بقول کذابین غناء موسیقی کی۔ چونکہ ائمہ محدثین اور علماء مؤرخین نے لکھا ہے کہ یزید غناء موسیقی وغیرہ کا دلدادہ تھا، اس لیے مؤلف نے ان ائمہ محدثین وعلماء مؤرخین کو کذابین کی صف میں داخل کیا۔ لیکن دروغ گو را حافظہ نباشد، اسی مؤلف کی اسی کتاب کے صفحہ نمبر ۳۲۵ پر یزید کی ان الفاظ میں مدح سرائی موجود ہے :۔

"وہ خود شاعر تھا۔ موسیقی کا ذوق رکھتا تھا۔ اہلِ ہنر اور شعراء کا قدردان تھا اور ادب و آرٹ کا مربی اور سرپرست تھا۔"

(۷) سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کو زہر دیا گیا۔ اس پر سلف و خلف کا اجماع ہے البتہ اس میں اختلاف ہے کہ زہر کس نے دیا اور کس نے دلوایا مگر یہ مؤلف لکھتا ہے کہ :۔

"حضرت حسن متوفی ۴۹ھ کی وفات کے بعد جو تپ دق کے مہلک مرض سے واقع ہوئی تھی نہ زہر خورانی سے جو محض غلط مشہور ہے۔" (خلافتِ معاویہ و یزید صفحہ ۹)

اگر واقعی یہ غلط مشہور ہے تو اس مؤلف کو چاہیئے تھا کہ کسی معتبر کتاب کا حوالہ یا کسی محقق کی تحقیق پیش کرتا کہ حضرت امام کی وفات زہر خورانی سے نہیں بلکہ تپ دق کے مہلک مرض سے واقع ہوئی ہے صرف اس کا اپنی طرف سے لکھ دینا ائمہ محدثین اور مؤرخین کے مقابلے میں کیا حیثیت رکھتا ہے۔ اب ان ائمہ محدثین و مؤرخین کی عبارات ملاحظہ ہوں جنہوں نے صاف طور پر یہ لکھا ہے کہ آپ کی وفات زہر دینے کے سبب سے ہوئی۔

امام ابن سیرین حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام سے روایت بیان فرماتے ہیں :۔

كَانَ الْحَسَنُ فِي مَرَضِهِ الَّذِي      کہ حضرت حسن نے جس مرض میں وفات

Marfat.com

مَاتَ فِیہ یَخْتَلِفُ اِلیٰ مَربد لَہٗ فابطاء علینا مرۃ ثم رجع فقال لقد رأیتُ کبدی انفا و لقد سُقِیتُ السّمَّ مراراً وما سقیتہ قطُّ اشد من مرتی ھذہ فقال حسین ومن سقی لہٗ ؛ قال لِمَ ؛ اتقتلہ بل نکلہ الی اللہ

معنف ص۱ ج۲

پانی اس میں آپ بار بار جانے ضرورت میں جاتے تھے ایک مرتبہ آپکو وہاں کافی دیر لگی۔ پھر آپنے واپس آکر فرمایا کہ میں نے اس وقت اپنے جگر کے ٹکڑوں کو باہر نکلتے دیکھا ہے اور بلا شبہ میں کئی مرتبہ زہر دیا گیا ہوں مگر اس مرتبہ جیسا سخت پہلے ہرگز نہیں دیا گیا حضرت حسین نے فرمایا آپ کو زہر کس نے دیا ہے ؟ فرمایا کیوں کیا تم اسکو قتل کروگے؟ نہیں بلکہ میں نے اسکو اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیا ہے۔

اس حدیث کے مخرج امامِ اجل ابوبکر عبد الرزاق بن ہمام ہیں جو امام احمد بن حنبل جیسے جلیل القدر امام کے استاد ہیں اور امام بخاری کے استاذ الاستاذ ہیں۔ امام احمد بن حنبل فرمایا کرتے تھے میں نے علمِ حدیث میں ان سے بہتر کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ (تہذیب التہذیب ص۳۱۱)

"المستدرک" میں امام المحدثین حافظ الکبیر علامہ حاکم نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ نے تین روایتیں نقل فرمائی ہیں اور علامہ حافظ ذہبی نے تلخیص المستدرک میں انکو برقرار رکھا

عَنْ اُمِّ بَکرٍ بِنْتِ المِسْوَرِ قَالَتْ کَانَ الحسنُ بن علی سُمَّ مراراً کل ذٰلِكَ یُفلِتُ حتی کانت المرۃُ الاٰخِرۃُ الَّتِی مَاتَ فِیہَا فَاِنَّہٗ کَانَ یَختَلِفُ کَبِدُہٗ فلمّا مَاتَ اَقَامَ نِساءُ بنی

ام بکر بنت مسور روایت فرماتی ہیں کہ حسن بن علی کو کئی مرتبہ زہر دیا گیا لیکن ہر مرتبہ بچ گئے۔ یہاں تک کہ آخری مرتبہ جو زہر دیا گیا جس میں انکی وفات ہوئی وہ ایسا تھا کہ ان کے جگر کے ٹکڑے کٹ کٹ کر

Marfat.com

هاشم النوح عليه شهرًا۔

(المستدرك ص ۱۷۳/۳)

گرتے تھے جب انکی وفات ہوئی تو بنی ہاشم کی عورتوں نے پورا مہینہ ان پر نوحہ کیا۔

۲۔عن عمير بن اسحاق ان الحسن بن علي قال لقد بلت طائفة من كبدي ولقد سقيت السم مرارًا فما سقيت مثل هذا

(المستدرك ص ۱۷۶/۳)

حضرت عمیر بن اسحاق سے روایت ہے کہ بیشک حسن بن علی نے فرمایا کہ میرے جگر کے ٹکڑے ہو گئے ہیں اور تحقیق مجھے کئی مرتبہ زہر دیا گیا ہے مگر اس مرتبہ کا سا پہلے نہیں دیا گیا۔

۳۔عن قتادة بن دعامة السدوسي قال قال سمت ابنة الاشعث بن قيس الحسن بن علي وكانت تحته ورشيت عن ذلك مالا۔

(المستدرك ص ۱۷۶/۳)

قتادہ بن دعامہ سدوسی سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ اشعث بن قیس کی بیٹی (جعدہ) نے حسن بن علی کو زہر دیا اور وہ آپ کی زوجہ تھی۔ اور اسکو زہر دینے پر مال کی رشوت دی گئی تھی۔

علامہ امام حافظ ابو نعیم اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ حضرت عمیر بن اسحاق رضی اللہ عنہ سے روایت فرماتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں اور میرا ایک اور ساتھی حضرت حسن بن علی کی عیادت کو گئے۔ انہوں نے فرمایا اے فلاں! مجھ سے کچھ پوچھ۔ عرض کیا جب اللہ تعالیٰ آپ کو صحت و عافیت عطا فرمائے گا اس وقت پوچھیں گے۔ آپ نے فرمایا۔

لقد القيت طائفة من كبدي واني سقيت السم مرارًا فلم اسق مثل هذه المرة ثم دخلت عليه من الغد وهو يجود بنفسه والحسين عند رأسه وقال يا

بلا شبہ میرے جگر کے ٹکڑے گر رہے ہیں اور مجھے کئی مرتبہ زہر پلایا گیا ہے مگر اس مرتبہ جیسا سخت پہلے نہیں دیا گیا۔ پھر میں دوسرے دن حاضر ہوا جس دن آپ کی وفات ہوئی حضرت حسین آپکے سر کے پاس بیٹھے ہوئے

Marfat.com

اخي من تتهم ؟ قال لم ؟ لتقتله ؟ قال نعم ! قال ان يكن الذي اظن فالله اشد باسا و اشد تنكيلا والا يكن فما احب ان يقتل بي بريئ ثم قضى رضوان الله تعالى عليه

(حلیۃ الاولیاء ص ۳۸/۲)

فرمارہے تھے۔ بھائی جان! آپ کو کس نے زہر دیا ہے؟ فرمایا کیوں تم اسکو قتل کرو گے؟ انہوں نے کہا ہاں! فرمایا اگر وہ وہی ہے جس کو میں گمان کرتا ہوں تو اللہ بہت سخت پکڑ کرنیوالا اور سزا دینے والا ہے اور اگر وہ نہیں ہے تو میں یہ نہیں چاہتا کہ میری وجہ سے کوئی بے گناہ قتل ہو پھر آپ نے وفات پائی۔ اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو۔

رفتیم و غم عشق تو در سینہ نہفتیم
با ہیچ کسے حالِ دلِ خویش نگفتیم

علامہ کمال الدین الدمیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :-

وكان الحسن رضي الله تعالى عنه قد سمته امرأته جعدة بنت الاشعث فمكث شهرين يرفع من تحته في اليوم كذا وكذا مرة طست من دم وكان رضي الله تعالى عنه يقول سقيت السم مرارا ما اصابني فيها ما اصابني في هذه المرة ۔

(حیوۃ الحیوان ص ۵/۱)

اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو انکی بیوی جعدہ بنت اشعث نے زہر دیا تو وہ دو مہینے اس طرح رہے کہ ایک دن میں کئی مرتبہ ان کے نیچے سے خون سے بھرا ہوا طشت اٹھایا جاتا۔ اور آپ رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ مجھے کئی مرتبہ زہر دیا گیا مگر اس مرتبہ جو تکلیف مجھے پہنچی ہے وہ پہلے نہیں پہنچی۔

علامہ امام حافظ ابن عبدالبر رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت قتادہ و ابوبکر بن حفص رضی

Marfat.com

اللہ عنہما سے روایت کی ہے وہ فرماتے ہیں کہ :-

سُمَّ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ سَمَّتْهُ امْرَأَتُهُ بِنْتُ الْاَشْعَثِ
بْنِ قَيْسٍ الْكِنْدِي (الاستیعاب علی الاصابہ ص٣٧٥)

(حضرت) حسن بن علی کو ان کی بیوی (جعدہ)
بنت اشعث بن قیس کندی نے زہر دیا تھا۔

اور یہی امام حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت فرماتے ہیں کہ انہوں نے

قَالَ دَخَلَ الْحُسَيْنُ عَلَى الْحَسَنِ
رَحِمَهُمَا اللهُ تَعَالٰى فَقَالَ يَا
اَخِي اِنِّي سُقِيْتُ السَّمَّ ثَلَاثَ
مِرَارٍ لَمْ اُسْقَ مِثْلَ هٰذِهِ الْمَرَّةِ
اِنِّي لَاضَعُ كَبِدِي فَقَالَ الْحُسَيْنُ مَنْ
سَقَاكَ يَا اَخِي قَالَ مَا سُؤَالُكَ عَنْ
هٰذَا اَتُرِيْدُ اَنْ تُقَاتِلَهُمْ اَكِلُهُمْ
اِلَى اللهِ۔
(الاستیعاب علی الاصابہ ص٣٧٥)

فرمایا (حضرت) حسین (حضرت) حسن کے
پاس آئے تو (حضرت حسن) نے کہا اے بھائی
بلاشبہ مجھے تین مرتبہ زہر دیا گیا ہے لیکن اس
مرتبہ جیسا سخت پہلے نہیں دیا گیا۔ تو
(حضرت) حسین نے کہا اے بھائی آپ
کو کس نے زہر دیا ہے؟ (حضرت) حسن
نے کہا یہ تم کیوں پوچھتے ہو کیا تم ان سے
لڑائی کرو گے۔ میں نے ان کو اللہ کے سپرد
کر دیا ہے۔

علامہ ابن واضح کاتب عباسی المعروف یعقوبی اپنی مشہور کتاب تاریخ یعقوبی
میں فرماتے ہیں :-

وَتُوُفِّيَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ فِي شَهْرِ
رَبِيْعِ الْاَوَّلِ سَنَةَ ٤٩ وَلَمَّا حَضَرَتْهُ
الْوَفَاةُ قَالَ لِاَخِيْهِ الْحُسَيْنِ يَا
اَخِي اِنَّ هٰذِهِ اٰخِرُ ثَلَاثِ مِرَارًا
سُقِيْتُ فِيْهَا السَّمَّ وَلَمْ اُسْقَهُ
مِثْلَ مَرَّتِي هٰذَا وَاَنَا مَيِّتٌ مِنْ

اور حسن بن علی نے ربیع الاول ٤٩ھ میں
وفات پائی جب وفات کا وقت قریب
آیا تو اپنے بھائی حسین سے کہا بھائی یہ
تین بار کا آخری ہے جس میں مجھے زہر
پلایا گیا ہے۔ لیکن اس مرتبہ کے جیسا سخت
کبھی نہ تھا۔ میں آج ہی مر جاؤں گا جب

Marfat.com

يَومِي فَإذَا أنَا مُتُّ فَادفِنِي — میں مرجاؤں تو مجھ کو رسول اللہ کے ساتھ
مَعَ رَسُولِ اللهِ فَمَا أحَدٌ أولىٰ — دفن کرنا کہ میری قرابت کی وجہ سے کوئی
بِقُربِهِ مِنِّي إلَّا أن تُمنَعَ مِن ذَالِكَ — اور مجھ سے زیادہ انکا مستحق نہیں ہے البتہ
فَلَا تَسفِكَ مِحجَمَةَ دَمٍ — اگر تم روکے جاؤ تو ایک پچھنے کے برابر بھی
(یعقوبی ص۲۲۶) — خونریزی نہ کرنا۔

علامہ مسعودی اپنی مشہور و معروف کتاب "مروج الذہب" میں امام زین العابدین رضی اللہ عنہ سے روایت فرماتے ہیں کہ :-

دَخَلَ الحُسَينُ عَلَىٰ عَمِّي الحَسَنِ — (حضرت) حسین میرے چچا حسن بن علی کے
بنِ عَلِيٍّ لَمَّا سُقِيَ السَّمَّ فَقَامَ لِحَاجَتِهِ — پاس جبکہ انکو زہر پلایا گیا، گئے تو حسن قضائے
الإنسَانِ ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ لَقَد — حاجت کے لیے گئے۔ وہاں سے واپس آکر
سُقِيتُ السَّمَّ عِدَّةَ مِرَارٍ فَمَا — فرمایا کہ بیشک مجھے کئی مرتبہ زہر پلایا گیا
سُقِيتُ مِثلَ هٰذِهِ لَقَد — لیکن اس مرتبہ کے جیسا سخت کبھی نہ
لَفَظتُ طَائِفَةً مِن كَبِدِي — تھا۔ اس میں میرے جگر کے ٹکڑے باہر آ
فَرَأَيتُنِي أُقَلِّبُهُ بِعُودٍ فِي — گئے تم نے مجھے دیکھا کہ میں انکو اپنے ہاتھ
يَدِي فَقَالَ لَهُ الحُسَينُ يَا — کی لکڑی سے الٹ پلٹ کر دیکھ رہا تھا۔
أخِي مَن سَقَاكَ ؟ قَالَ وَمَا — حسین نے پوچھا، بھائی جان آپ کو
تُرِيدُ بِذٰلِكَ فَإن كَانَ — کس نے زہر پلایا ہے؟ انہوں نے فرمایا
الَّذِي أظُنُّهُ فَاللهُ حَسِيبُهُ — اس سوال سے تمہارا کیا مقصد ہے؟ اگر
وَإن كَانَ غَيرَهُ فَمَا أُحِبُّ — زہر دینے والا وہی شخص ہے جس کے متعلق
أن يُؤخَذَ بِي بَرِيءٌ فَلَم — میرا گمان ہے تو خدا اس کے لیے کافی ہے
يَلبَث بَعدَ ذٰلِكَ إلَّا ثَلَاثًا — اور اگر کوئی اور ہے تو میں یہ نہیں پسند کرتا

Marfat.com

حتیٰ توفی وذکرانّ امرأتہٗ جعدۃ بنت الاشعث بن قیس الکندی سقتہ السم

کہ میری وجہ سے کوئی بے گناہ پکڑا جائے۔ اسکے بعد وہ زیادہ نہ ٹھہرے اور تین دن کے بعد انتقال فرما گئے۔ مؤرخ فرماتے ہیں اور ذکر کیا گیا ہے کہ انکی بیوی جعدہ بنت اشعث بن قیس الکندی نے انکو زہر پلایا تھا۔

(مروج الذہب علی الکامل ص۹۵)

واہ کیا حسلم تھا اپنا تو جگر ٹکڑے ہوا
پھر بھی ایذائے ستم گر کے رُوا دار نہیں

علامہ ابو الفداء فرماتے ہیں :-

وتوفی الحسن من سم سقتہ زوجتہ جعدۃ بنت الاشعث قیل فعلت ذلک بامر معاویۃ وقیل بامر یزید

اور حسن نے زہر سے وفات پائی۔ انکی بیوی جعدہ بنت اشعث نے ان کو زہر پلایا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ اس نے یہ فعل معاویہ کے حکم سے کیا تھا اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یزید کے حکم سے کیا تھا۔

(ابو الفداء ص۱۸۳)

امام المحدثین حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ حضرت اُمِّ موسیٰ سے روایت فرماتے ہیں کہ :-

ان جعدۃ بنت الاشعث بن قیس سقت الحسن السم فاشتکی منہ شکاۃ فکان یوضع تحتہ طشت وترفع اُخریٰ نحو من اربعین یوما

بیشک جعدہ بنت اشعث بن قیس نے (حضرت) حسن کو زہر پلایا تھا تو اس سے آپکو سخت تکلیف ہوئی۔ آپکے نیچے باربار ایک طشت رکھا جاتا تھا اور دوسرا اُٹھا لیا جاتا تھا۔ اسی طرح چالیس روز تک ہوا۔

(تہذیب التہذیب ص۲۹۹)

اور یہی اما[م] [ح]ضرت عمیر بن اسحاق رضی اللہ عنہ سے روایت فرماتے ہیں کہ :-

Marfat.com

دَخَلْتُ اَنَا وَصَاحِبٌ لِي عَلَى الْحَسَنِ ابْنِ عَلِي فَقَالَ لَقَدْ لَفَظْتُ طَائِفَةً مِنْ كَبِدِي وَاِنِّي قَدْ سُقِيتُ السَّمَّ مِرَاراً فَلَمْ اُسْقَ مِثْلَ هٰذَا فَاَتَاهُ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِي فَسَأَلَهُ مَنْ سَقَاكَ فَاَبٰى اَنْ يُخْبِرَهُ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

(اصابہ ص۳۳۱، تہذیب التہذیب ص۳/۲)

میں اور میرے ایک ساتھی حسن بن علی کے پاس گئے۔ آپ نے فرمایا کہ میرے جگر کے کچھ ٹکڑے گر چکے ہیں اور مجھے کئی مرتبہ زہر پلایا گیا ہے، لیکن اس مرتبہ کے ایسا قاتل کوئی نہ تھا۔ پھر حسین بن علی آپکے پاس آئے اور پوچھا آپکو کس نے زہر پلایا ہے، لیکن آپ نے بتلانے سے انکار کر دیا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ۔

علامہ حافظ ابن کثیر نے عمیر بن اسحاق کی روایت جو مذکور ہو چکی ہے نقل کرنے کے بعد اُمِ بکر بن مسور سے روایت کی۔

قَالَتْ الْحَسَنُ سُقِيَ مِرَاراً كُلُّ ذٰلِكَ يُفْلِتُ مِنْهُ حَتّٰى كَانَتِ الْمَرَّةُ الْآخِرَةُ الَّتِي مَاتَ فِيهَا فَاِنَّهُ كَانَ يَخْتَلِفُ كَبِدُهُ فَلَمَّا مَاتَ اَقَامَ نِسَاءُ بَنِي هَاشِمٍ عَلَيْهِ النَّوْحَ شَهْراً۔ (البدایہ والنہایہ ص۴۳/۸)

وہ فرماتی ہیں کہ (حضرت) حسن کو کئی مرتبہ زہر پلایا گیا۔ لیکن ہر مرتبہ بچ گئے یہاں تک کہ آخری مرتبہ جو زہر دیا گیا جس میں انکی وفات ہوئی۔ وہ ایسا تھا کہ ان کے جگر کے ٹکڑے کٹ کٹ کر گرتے تھے جب انکی وفات ہوئی تو بنی ہاشم کی عورتوں نے پورا مہینہ ان پر نوحہ کیا۔

اور پھر حضرت عبداللہ بن حسن رضی اللہ عنہما کی روایت لکھی وہ فرماتے ہیں :۔

كَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِي كَثِيرَ نِكَاحِ النِّسَاءِ وَكَانَ قَلَّ مَا يَحْظِيْنَ عِنْدَهُ وَكَانَ قَلَّ امْرَأَةٌ تَزَوَّجَهَا اِلَّا اَحَبَّتْهُ وَضَنَّتْ بِهِ فَيُقَالُ

کہ حضرت حسن بن علی نے بہت سی عورتوں سے نکاح کیا لیکن بہت کم عورتیں آپ کی صحبت سے محظوظ ہوئیں۔ اس بنا پر آپکی منکوحہ عورتوں میں سے کم عورتیں آپ سے

Marfat.com

إِنَّهُ كَانَ سُقِيَ سُمًّا ثُمَّ أَفْلَتَ ثُمَّ سُقِيَ فَأَفْلَتَ ثُمَّ كَانَتِ الْآخِرَةُ تُوُفِّيَ فِيهَا فَلَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ قَالَ الطَّبِيبُ وَهُوَ يَخْتَلِفُ إِلَيْهِ هٰذَا رَجُلٌ قَطَعَ السُّمُّ أَمْعَاءَهُ فَقَالَ الْحُسَيْنُ يَا أَبَا مُحَمَّدٍ أَخْبِرْنِي مَنْ سَقَاكَ؟ قَالَ وَلِمَ يَا أَخِي؟ قَالَ أَقْتُلُهُ وَاللّٰهِ قَبْلَ أَنْ أَدْفِنَكَ وَلَا أَقْدِرُ عَلَيْهِ أَوْ يَكُونُ بِأَرْضٍ أَتَكَلَّفُ الشُّخُوصَ إِلَيْهِ فَقَالَ يَا أَخِي إِنَّمَا هٰذِهِ الدُّنْيَا لَيَالٍ فَانِيَةٌ دَعْهُ حَتّٰى أَلْتَقِيَ أَنَا وَهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ وَأَبَى أَنْ يُسَمِّيَهُ۔

(البدایہ والنہایہ ص ۴۳)

محبت رکھتی تھیں اور آپ سے محبت کرتے ہیں) بخل کرتی تھیں (تاکہ اولاد نہ ہو کیونکہ آپ طلاق دے دیتے تھے) پس کہا گیا ہے کہ بیشک آپکو زہر دیا گیا تو اس نے اثر نہ کیا۔ پھر دیا گیا پھر بھی اس نے اثر نہ کیا۔ پھر جو آخری مرتبہ دیا گیا اسمیں آپکی وفات ہو گئی جب وفات کا وقت قریب آیا تو طبیب نے کہا جو بار بار آپکی خدمت میں آتا تھا کہ انکی انتڑیاں زہر سے کٹ گئی ہیں تو حضرت حسین نے فرمایا اے ابو محمد! مجھے بتایئے کہ آپکو کس نے زہر دیا ہے؟ فرمایا کیوں اے بھائی! انہوں نے کہا خدا کی قسم میں آپکے دفن ہونے سے پہلے اسکو قتل کر دوں گا اور اگر میں اکیلا پر قادر نہ ہو سکا یا ایسی زمین پر یعنی دور ہوا تو بھی اس شخص کو نہ چھوڑوں گا خواہ اس کیلئے بہت اشخاص کو مشقت اٹھانی پڑے تو فرمایا اے میرے بھائی یہ دنیا فانی چند روز ہے۔ اسکو چھوڑ دو، یہاں تک کہ میری اور اسکی ملاقات اللہ کے پاس ہو اور آپنے اسکا نام بتانے سے انکار کر دیا۔

علامہ ابن اثیر فرماتے ہیں

وَفِي هٰذِهِ السَّنَةِ تُوُفِّيَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ سَمَّتْهُ زَوْجَتُهُ جَعْدَةُ بِنْتُ الْأَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ الْكِنْدِيِّ (ابن اثیر ص ۱۸ ، اسد الغابہ ص ۱۱)

اور اسی سال ۴۹ھ میں (حضرت) حسن بن علی نے وفات پائی۔ انکی بیوی جعدہ بنت اشعث بن قیس الکندی نے ان کو زہر دیا۔

Marfat.com

علامہ امام حسین بن محمد الدیار بکری فرماتے ہیں کہ:-

قَالَ عُمَيْرُ بْنُ اسحاق دَخلتُ عَلَى الْحَسَنِ قَالَ اَلْقَيْتُ طَائِفَةً مِنْ كَبِدِيْ وَ اِنِّيْ قَدْ سُقِيتُ السَّمَّ مِرَارًا فَلَمْ اُسْقَ مِثْلَ هٰذِهِ الْمَرَّةِ ثُمَّ دَخلتُ عَلَيْهِ مِنَ الْغَدِ وَهُوَ يَجُوْدُ بِنَفْسِهٖ وَالْحُسَيْنُ عِنْدَ رَأْسِهٖ فَقَالَ يَا اَخِيْ مَنْ تَتَّهِمُ قَالَ لِمَ اَتَقْتُلُهٗ ؛ قَالَ نَعَمْ ! قَالَ اِنْ يَكُنِ الَّذِيْ اَظُنُّهٗ فَاللّٰهُ اَشَدُّ بَأْسًا وَ اَشَدُّ تَنْكِيْلًا وَ اِلَّا فَمَا اُحِبُّ اَنْ يُقْتَلَ بِيْ بَرِيٌّ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ وَاللّٰهِ لَا اَقُوْلُ لَكُمْ مَنْ سَقَانِيْ ثُمَّ قَضٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَدْ ذَكَرَ يَعْقُوْبُ بْنُ سُفْيَانَ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَنَّ جَعْدَةَ بِنْتَ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ الْكِنْدِيِّ كَانَتْ تَحْتَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ فَزَعَمُوْا اَنَّهَا سَمَّتْهُ ،

(تاریخ الخمیس فی احوال انفس نفیس ص ۲۹۲)

عمیر بن اسحاق نے کہا میں حضرت حسن کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے فرمایا میرے جگر کے ٹکڑے نکل کر گر چکے ہیں اور مجھے کئی مرتبہ زہر دیا گیا ہے لیکن اس مرتبہ جیسا سخت پہلے نہیں دیا گیا۔ پھر میں دوسرے دن حاضر ہوا جس دن آپ کی وفات ہوئی حضرت حسین آپ کے سر کے پاس بیٹھے ہوئے پوچھ رہے تھے بھائی آپ کو کس نے زہر دیا ہے؟ فرمایا تم اس لیے پوچھ رہے ہو کہ اسکو قتل کروگے؟ کہا ہاں! فرمایا اگر وہ وہی ہے جس کے متعلق میرا گمان ہے تو اللہ تعالیٰ سخت گرفت کرنے والا اور سخت سزا دینے والا ہے اور اگر وہ نہیں ہے تو میں یہ پسند نہیں کرتا کہ میری وجہ سے کوئی بے گناہ قتل ہو اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا خدا کی قسم! میں تمہیں نہیں بتاؤں گا۔ پھر آپ نے وفات پائی اللہ آپ سے راضی ہو اور تحقیق یعقوب بن سفیان نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے کہ بیشک لوگوں کا یہ گمان ہے کہ آپ کی بیوی جعدہ بنت اشعث بن قیس الکندی نے آپ کو زہر دیا ہے۔

علامہ امام ابن حجر ہیتمی مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:-

Marfat.com

وَكَانَ سَبَبُ مَوْتِهِ اَنَّ زَوْجَتَهُ
جَعْدَةُ بِنْتُ الاَشْعَثْ بِنِ قَيْسٍ
الكِنْدِى دَسَّ اِلَيْهَا يَزِيْدُ اَنْ
تُسَمِّهُ وَ يَتَزَوَّجُهَا وَ بَذَلَ لَهَا
مِائَةَ اَلْفِ دِرْهَمٍ فَفَعَلَتْ فَمَرِضَ
اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا فَلَمَّا مَاتَ بَعَثَتْ اِلٰى
يَزِيْدَ تَسْأَلُهُ الْوَفَاءَ بِمَا وَعَدَهَا
فَقَالَ لَهَا اِنَّا لَمْ نَرْضَكِ لِلْحَسَنِ
فَنَرْضَاكِ لِاَنْفُسِنَا وَبِمَوْتِهٖ
مَسْمُوْمًا شَهِيْدًا۔

(الصواعق المحرقہ ص ۱۳۸)

آپ (حضرت حسن) کی موت کا سبب یہ تھا کہ
آپکی بیوی جعدہ بنت اشعث بن قیس الکندی کو
یزید نے خفیہ پیغام بھیجا تھا کہ اگر تو (امام) حسن
کو زہر دیکر ہلاک کر دے تو میں تجھے ایک لاکھ درہم
دونگا اور تجھ سے نکاح بھی کرلونگا تو اس نے
آپکو زہر دے دیا چنانچہ آپ چالیس روز بیمار رہے۔
جب آپکی وفات ہوگئی تو اس نے یزید کو ایفائے
وعدہ کیلئے کہا تو یزید نے اس سے کہا کہ بیشک
ہم نے تو تجھے حسن کیلئے پسند نہ کیا (جو ہمارے
دشمن تھے) تو خود اپنے لیے اسے کیسے پسند کریں گے
اور حضرت حسن زہر سے شہید ہوئے۔

علامہ امام حافظ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :۔

تُوُفِّىَ الْحَسَنُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالْمَدِيْنَةِ
مَسْمُوْمًا سَمَّتْهُ زَوْجَتُهُ جَعْدَةُ
بِنْتُ الْاَشْعَثِ بِنِ قَيْسٍ دَسَّ
اِلَيْهَا يَزِيْدُ بْنِ مُعَاوِيَةَ اَنْ تَسُمَّهُ
فَيَتَزَوَّجَهَا فَفَعَلَتْ فَلَمَّا مَاتَ
الْحَسَنُ بَعَثَتْ اِلَى يَزِيْدَ تَسْأَلُهُ
الْوَفَاءَ بِمَا وَعَدَهَا فَقَالَ اِنَّا لَمْ نَرْضَكِ
لِلْحَسَنِ اَفَنَرْضَاكِ لِاَنْفُسِنَا۔

(تاریخ الخلفاء ص ۱۹۱)

(حضرت) امام حسن کی وفات مدینہ منورہ میں
ہوئی زہر سے آپکی بیوی جعدہ بنت اشعث
بن قیس کو یزید بن معاویہ نے خفیہ پیغام بھیجا
کہ اگر تو حسن کو زہر دے دے تو میں تجھ سے
نکاح کر لونگا تو اس نے زہر دے دیا جب آپکی
وفات ہوگئی تو اس نے یزید کو ایفائے وعدہ
کیلئے کہا تو یزید نے کہا بیشک ہم نے تو تجھے
(اپنے دشمن) حسن کیلئے پسند نہ کیا تو کیا اپنی
ذات کیلئے پسند کریں گے؟

Marfat.com

قَالَ ابو علی الفضل ابنُ الحسن الطبرسی فی کتابه اعلام الورٰی بعد اَن تَمَّ الصُّلح بَیْنَ الحسن ومعاویة وخرج الحسن الی المدینة اقام بها عشر سنین وَ سَقَتْهُ زوجته جعدة بنت الاشعث بن قیس الکندی السّمّ فبقی مریضًا اربعین یومًا وکان قد سألها یزید فی ذٰلک وبذل لها مِائَة الف درهم وان یتزوجها بعد الحسن ففعلت وَ لمّا مات الحسن بعثت الی یزید تسأله الوفاء بما وعدها فقال انا لم نرضک للحسن افنرضاک لانفسنا-

(نور الابصار صـ ۱۳۶)

حضرت ابو علی الفضل ابن الحسن الطبرسی اپنی کتاب "اعلام الوریٰ" میں فرماتے ہیں کہ حضرت حسن اور حضرت معاویہ کے درمیان صلح ہونے کے بعد حضرت حسن کوفہ سے مدینہ منورہ تشریف لے گئے اور وہاں دس سال مقیم رہے۔ پھر آپکی بیوی جعدہ بنت اشعث بن قیس الکندی نے آپ کو زہر پلایا تو آپ چالیس روز تک بیمار رہے اور یزید نے اس عورت کو اس معاملہ میں بہکایا کہ وہ اسکو ایک لاکھ درہم بھی دیگا اور حسن کے بعد اسکو اپنی زوجیت میں بھی لے لیگا تو اس عورت نے یہ کام کیا یعنی زہر دے دیا جب حضرت حسن انتقال فرما گئے تو اس عورت نے یزید کو اپنا وعدہ وفا کرنے کا پیغام بھیجا تو یزید نے کہا ہم تو تمہارا حسن کے پاس رہنا ہرگز پسند نہ کرتے تھے (جو ہمارے دشمن تھے) تو خود اپنے پاس رکھنا کیسے پسند کریں گے۔

عاشقِ حبیبِ ربانی حضرت مولانا جامی قدس سرہ السامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:-

ومشہور آنست کہ ویرا خاتونِ وے جعدہ زہر دادہ است بفرمودہ یزید بن معاویہ (شواہد النبوۃ)

مشہور یہی ہے کہ آپکی بیوی جعدہ نے یزید بن معاویہ کے کہنے سے آپکو زہر دیا۔

شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:-

وَسَبَبُ مَوْتِهٖ اَنَّ زَوْجَتَهٗ جَعْدَةَ

(حضرت) حسن کی وفات کا سبب یہ ہوا کہ آپ

Marfat.com

بِنْتَ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ سَمَّتْهُ
بِاِغْوَاءِ يَزِيْدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ وَكَانَ
يَزِيْدُ ضَمِنَ لَهَا اَنْ يَتَزَوَّجَهَا
فَفَعَلَتْ فَمَرِضَ الْحَسَنُ رَضِيَ اللّٰهُ
عَنْهُ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا ثُمَّ مَاتَ فَبَعَثَتْ
جَعْدَةُ اِلٰى يَزِيْدَ تَسْأَلُهُ الْوَفَاءَ
بِمَا وَعَدَهَا فَقَالَ اِنَّا لَمْ نَكُنْ
نَرْضَاكِ لِلْحَسَنِ اَفَنَرْضَاكِ لِاَنْفُسِنَا
فَصَارَتْ مِمَّنْ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ
ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ۔

(سر الشہادتین ص۱)

کی بیوی جعدہ بنت اشعث بن قیس نے یزید کے بہکانے سے آپکو زہر دے دیا تھا اور یزید نے اس بات پر اس کے ساتھ نکاح کا وعدہ کیا تھا تو اس نے یہ فعل کر دیا تو حسن رضی اللہ عنہ چالیس روز بیمار رہے پھر آپنے انتقال فرمایا۔ اس کے بعد جعدہ نے یزید کو ایفائے وعدہ کا پیغام بھیجا تو یزید نے کہا بیشک ہم نے تو تجھے (اپنے دشمن) حسن کے لیے پسند نہ کیا تو خود اپنے لیے کیسے پسند کریں گے۔ پس وہ دنیا و آخرت میں نقصان پانے والوں میں سے ہوگئی اور یہ واضح اور کھلا نقصان ہے۔

احادیث و تواریخ کی ان تمام روایات سے صاف طور پر یہ ثابت ہوا کہ آپکو کئی بار زہر دیا گیا اور اسی سے آپ کی وفات ہوئی۔ کسی مؤرخ نے نہیں لکھا کہ آپ کی وفات تپ دق کے مہلک مرض سے ہوئی اور زہر دینے کا واقعہ محض غلط ہے۔ نامعلوم اس مؤلف کو ساڑھے تیرہ سو برس کے بعد کہاں سے معلوم ہو گیا ہے۔ اتنی واضح تصریحات کے ہوتے ہوئے کہہ دینا کہ زہر دیا جانا محض غلط مشہور ہے، کسی لغو "ریسرچ" کا نام ہوگا۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اتنی واضح تصریحات کے ہوتے ہوئے آخر یہ مؤلف پھر کیوں انکار کر رہا ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ بعض مؤرخین نے زہر دلانے کی نسبت حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف کی ہے کہ انہوں نے جعدہ کو مال وزر اور یزید کے ساتھ نکاح کا لالچ دیا تو جعدہ نے اس خیال سے کہ امام حسن بکثرت طلاقیں دیتے ہیں اور مجھے بھی ضرور طلاق دیں گے تو فطرتِ نسوانی کے تحت لالچ میں آکر زہر دے

Marfat.com

دیا جہاں تک حضرت معاویہ کی طرف اس نسبت کا تعلق ہے وہ تو بالکل غلط ہے جیسا کہ علامہ ابن خلدون لکھتے ہیں :-

وَمَا يُنقَلُ اَنَّ مُعَاوِيَةَ دَسَّ اِلَيْهِ السَّمَّ مَعَ زَوْجَتِهٖ جَعْدَةَ بِنْتِ الْاَشْعَثِ فَهُوَ مِنْ اَحَادِيْثِ الشِّيْعَةِ وَحَاشَا لِمُعَاوِيَةَ مِنْ ذٰلِكَ - (ابن خلدون ص ۱۸۲/۲)

اور یہ روایت کہ معاویہ نے ان (حسن) کی بیوی جعدہ بنت اشعث سے مل کر زہر دلایا شیعوں کی من گھڑت بات ہے جاشا معاویہ کی ذات سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔

البتہ یزید کی طرف اس کی نسبت صحیح ہے۔ جیسا کہ علامہ ابن حجر مکی۔ امام جلال الدین سیوطی اور شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمہم اللہ تعالیٰ نے لکھا ہے۔ مولوی اشرف علی صاحب تھانوی نے بھی اسی طرف اشارہ کیا ہے۔ ملاحظہ ہو :-

" یزید فاسق تھا۔ اور فاسق کی ولایت مختلف فیہ ہے۔ دوسرے صحابہ نے جائز سمجھا حضرت امام نے ناجائز سمجھا اور گو اکراہ میں انقیاد جائز تھا مگر واجب نہ تھا اور متمسک بالحق ہونے کے سبب یہ مظلوم تھے اور مقتول مظلوم شہید ہوتا ہے۔ شہادۃ غزوہ کے ساتھ مخصوص نہیں۔ بس ہم اسی بنائے مظلومیت پر ان کو شہید مانیں گے۔ باقی یزید کو اس قتال میں اس لیے معذور نہیں کہہ سکتے کہ وہ مجتہد سے اپنی تقلید کیوں کراتا تھا خصوص جبکہ حضرت امام آخر میں فرمانے بھی لگے تھے کہ میں کچھ نہیں کہتا۔ اس کو تو عداوت ہی تھی چنانچہ امام حسن کے قتل کی بنا یہی تھی اور مستولی کی اطاعت کا جواز الگ بات ہے مگر مسلط ہونا کب جائز ہے۔ خصوص نا اہل کو۔ اس پر خود واجب تھا کہ معزول ہو جاتا۔ پھر اہل حل وعقد کسی اہل کو خلیفہ بناتے۔" (امداد الفتاویٰ ص ۴۶۵/۴) خط کشیدہ الفاظ دیکھئے "اس کو تو عداوت ہی تھی چنانچہ امام حسن کے قتل کی بنا یہی تھی"۔ غیر مقلدین کے امام نواب صدیق حسن خاں صاحب بھوپالی بھی فرماتے ہیں :-

" امیر معاویہ سے صلح کے بعد حسن مدینے میں رہے اور دس برس گزرے تو

Marfat.com

ان کی بی بی جعدہ بنت اشعث بن قیس کندی نے ان کو زہر پلایا۔ چالیس دن تک بیمار رہے یزید پلید نے جعدہ سے یہ فرمائش کی تھی اور ایک لاکھ درہم دینے کئے تھے۔ اس پر جعدہ نے یہ کام کیا جب حسن کا انتقال ہو گیا جعدہ نے کہلا بھیجا کہ اپنا وعدہ پورا کرو۔ یزید نے کہا ہم نے تجھ کو حسن کے لیے پسند نہ کیا۔ کیا ہم اپنے لیے تجھ کو پسند کریں گے (تشریف البشر صفحہ ۲۴)

اصل میں اس مؤلف نے دیکھا کہ زہر دلانے کی نسبت یزید کی طرف کی گئی ہے اور یزید کو تو خواہ مخواہ بچانا ہی ہے خواہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم ناراض ہو جائیں اور چاہے جگر پارۂ رسول مقبول اور جنت کے نوجوانوں کے سردار کو فسادی۔ فتنہ پرور اور باغی ہی قرار دینا پڑے (معاذ اللہ) اس لیے سرے سے اس کا انکار ہی کر دو کہ زہر دیا ہی نہیں گیا یہ محض غلط مشہور ہے۔ ورنہ پھر سوال پیدا ہوتا کہ اچھا بتاؤ اگر یزید نے زہر نہیں دلوایا تو پھر کس نے دلوایا؟ حقیقت یہ ہے کہ یزید سمجھتا تھا کہ میرا باپ بوڑھا ہو گیا ہے۔ اسکی وفات کے بعد امام حسن کے ہوتے ہوئے لوگ مجھے کسی طرح بھی قبول نہیں کریں گے لہذا یہ چٹان جو میرے اقتدار کی راہ میں بہت بڑی رکاوٹ ہے اس کو دور کیا جائے تاکہ میرے لیے حکومت کا معاملہ آسان ہو جائے۔

اور جبکہ بعض معتبر کتب میں یہ بھی ہے کہ امام حسن اور امیر معاویہ کے درمیان جن شرائط پر صلح ہوئی تھی ان میں ایک شرط یہ بھی تھی کہ "امیر معاویہ کے بعد امام حسن خلیفہ ہوں گے" چنانچہ طبقات صحابہ کی مستند ترین کتاب الاستیعاب میں ہے:۔

| | |
|---|---|
| وَلَاخِلَافَ بَيْنَ الْعُلَمَاءِ اَنَّ الْحَسَنَ اِنَّمَا سَلَّمَ الْخِلَافَةَ لِمُعَاوِيَةَ حَيَاتَهٗ لَاغَيْرَ ثُمَّ تَكُوْنُ لَهٗ مِنْ بَعْدِهٖ وَعَلٰى ذٰلِكَ انْعَقَدَ | علماء کے درمیان اس میں اختلاف نہیں ہے کہ (امام) حسن نے امیر معاویہ کو صرف ان کی حیات تک خلافت سپرد کی تھی نہ کہ ہمیشہ کو بھی۔ پھر ان کے بعد خلافت حسن کے لیے |

Marfat.com

بَیْنَھُمَا ہو گی۔ اس پر دونوں کے مابین صلح کا انعقاد ہوا تھا۔ (الاستیعاب علی الاصابہ ص ۳۷۳/۱)

قارئین حضرات اس سے بخوبی سمجھ سکتے ہیں کہ یہ بات یزید سے پوشیدہ نہ تھی اور وہ خوب سمجھتا تھا کہ میرے والد کے بعد خلافت کے حقدار امام حسن ہیں۔ میں اسی صورت میں کامیاب ہو سکتا ہوں جبکہ امام حسن نہ رہیں۔ چنانچہ اس نے اپنے اقتدار کی خاطر یہ ظلم عظیم کیا کہ امام حسن کو زہر دلوا دیا۔

## امام حسن کو زہر کس نے دیا

بعض اہل تواریخ نے لکھا ہے کہ مروان حاکم مدینہ نے بہ ایمائے یزید ایک کنیز الیسونیہ رومیہ جو بڑی دلالہ تھی، کو بلا کر پوچھا کہ تو امام حسن کے گھر آتی جاتی ہے؟ اس نے کہا ہاں! مروان نے کہا! ایک کام کرنا ہے اگر تو اس کو کر دے تو میں تجھے تین ہزار دینار دوں گا۔ اس نے کام پوچھا۔ مروان نے کہا کہ کسی طرح حسن کی بیوی جعدہ کو اس طرح کی چکنی چپڑی باتیں کر کے بہکا کہ حسن تو اپنی بیویوں کو طلاق دے دیتے ہیں انہوں نے تو تجھے رکھنا ہی نہیں پھر ساری عمر بیوہ بن کے رہو گی۔ اور اگر چاہتی ہو کہ ملک شام و عراق کی ملکہ بن کر عیش و عشرت کی زندگی گزارو تو ولی عہد یزید کی ایک خواہش کو پورا کر دو۔ پھر وہ تم سے نکاح کر لے گا اور ایک لاکھ درہم بھی دے گا۔ اور وہ تمہیں بہت چاہتا بھی ہے۔ جعدہ نے یزید کی خواہش دریافت کی۔ دلالہ نے کہا اگر تم اس کے لیے تیار ہو جاؤ تو بتاؤں؟ غرض چند ملاقاتوں میں اس مکار دلالہ نے جعدہ کو بہکا کر ہموار کر لیا اور مروان کی طرف سے حفاظت کی ذمہ داری کا یقین دلا کر کہا کہ حسن کو زہر دے کر ہلاک کر دو پھر یہ مراد پوری ہو سکتی ہے اور مروان اس بات کا ضامن ہے۔ بدنصیب جعدہ دنیا کے فانی مال و دولت اور عیش و عشرت کی حرص و طمع کا شکار ہو کر اس ظلم عظیم کے لیے تیار ہو گئی۔ اس نے چند مرتبہ کبھی شہد کبھی کھجوروں وغیرہ میں ملا کر حضرت امام کو زہر دیا مگر معمولی تکلیف

Marfat.com

کے بعد شفا ہوتی رہی۔ مروان کو برابر حالات کی خبر پہنچتی رہی آخر اس ظالم نے تھوڑا سا پسا ہوا الماس ایسونیہ کو دیا کہ یہ پانی میں ملا کر پلا دو جب وہ پلایا گیا تو اس نے اندر جاتے ہی جگر اور آنتوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور حضرت امام کو اسہالِ کبدی ہو گیا اور قے آنی شروع ہو گئی اور جگر اور آنتیں کٹ کٹ کے باہر آنے لگیں ؎

کہ ریخت سوزش الماس ریزہ در قدحش
کہ زہر گشت ازاں آبِ خوشگوار حسن

دراندرون ہفتاد پارہ شد جگرش — ہمہ زراہِ گلو ریخت در کنار حسن
برنگ گونۂ الماس شد زمرد فام — مفرح لب یاقوت آبدار حسن
جگر بسوخت شفق را چو لالہ زاتشِ دل — زحسرت جگر خستہ دل فگار حسن

بباغِ عترتِ پیمبر از خزانِ ستم
بریخت لالہ و نسرین زنو بہار حسن

آپ تقریباً چالیس روز بیمار رہے۔ ایک دن آپ نے جعدہ کو تنہائی میں بلا کر فرمایا۔ اے بانوئے بے وفا! تجھ پر افسوس! تو نے کتنی مرتبہ مجھ کو زہر دیا۔ تُو خدا تعالیٰ اور میرے جدِ امجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نہ شرمائی۔ تُو تو محبت کے دعوے کیا کرتی تھی۔ کیا اہلِ محبت ایسا کیا کرتے ہیں؟ مگر سُن! جس مقصد کے لیے تُو نے یہ دشمنی کی ہے تیرا وہ مقصد بھی پورا نہ ہوگا۔ پھر آپ نے اس کی طرف سے منہ پھیر لیا آخر آپ کی حالت متغیر ہو گئی۔ بے قراری اور گھبراہٹ بہت زیادہ ہو گئی ؎

آئیں جناب زینبِ بیکس برہنہ پا — دیکھا کہ لوٹتے ہیں بچھونے پہ مجتبیٰ
بولیں یہ سر کو پیٹ کے وہ غم میں مبتلا — ہے ہے بہن نثار ہو بھیا یہ کیا ہُوا

ایسا یہ زہر کس نے دغا سے پلا دیا
کس نے مرے کلیجے پہ خنجر چلا دیا

Marfat.com

تیکیے لگا دیے تھے حرم نے اِدھر اُدھر
بازو کو کوئی تھامتی تھی اور کوئی سر
فرمایا طشت لاؤ ہوا زہر کارگر
رہ رہ کے کاٹتا ہے کوئی تیغ سے جگر

اب آئی وہ رات فاطمہ کے نورِ عین کو
غم میں حسن کے نیند نہ آئی حسین کو

وہ سبطِ مصطفٰے کی شہادت کی رات تھی
آفت کی رات تھی وہ مصیبت کی رات تھی
عالم کے بادشاہ کی رحلت کی رات تھی
زہرا و مرتضٰی پہ قیامت کی رات تھی

فرمایا اب تو ہم اس دنیا سے جاتے ہیں
نانا بلا رہے ہیں سوئے جنت کو جاتے ہیں

وہ سیدہ کے نورِ عین، مولا علی کے دل کے چین، جگر گوشۂ رسولِ خدا حضرت حسن مجتبٰی چند وصیتیں فرما کر ماہِ ربیع الاول ۴۹ھ میں بہشتِ بریں میں سدھارے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ' اُولٰئِكَ عَلَیْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ رَحْمَةٌ

حضرت امام کی شہادت کے بعد تمام بنی ہاشم خصوصاً امام حسین رضی اللہ عنہ کے دل میں سخت غم و غصہ تھا اور مروان یہ سمجھتا تھا کہ یہ سخت غیور ہیں، اگر ان کو پتہ چل گیا تو یہ ہرگز خاموش نہیں بیٹھیں گے اور بہت بڑا فتنہ ہو گا اور قتل و غارت کی نوبت ضرور آئے گی۔ اُدھر جعدہ بھی پشیمان اور سخت خائف تھی۔ اس لیے مروان نے اسکو اپنے پاس بلا لیا اور دو غلام اور تین کنیزوں کے ساتھ پوشیدہ طور پر یزید کے پاس بھیج دیا اور یزید کو سارا حال لکھ کر تاکید کر دی کہ یہ راز فاش نہ ہونے پائے ورنہ سویا ہوا فتنہ جاگ اٹھے گا اور تلواریں میان سے باہر آ جائیں گی اور سخت خون ریزی ہو گی اس لیے جعدہ کو پوشیدہ رکھا جائے تاکہ یہ راز فاش نہ کر دے۔

یزید نے جعدہ سے حال معلوم کیا۔ جعدہ نے اوّل سے لے کر آخر تک اپنا سیاہ کارنامہ پیش کر کے یزید سے کہا کہ میں نے تمہارے لیے خدا و رسول کو ناراض کیا اور عذابِ جہنم

Marfat.com

اختیار کیا اب تم اپنا وعدہ وفا کرو اور مجھے اپنی زوجیت کا شرف بخشو۔ یزید نے کہا تجھ پر خدا کی لعنت ہے۔ جب تُو نے خدا و رسول کے غضب کا خیال نہ کیا اور حسن جیسے عالی مقام شوہر کے ساتھ ایسا ظلم اور بے وفائی کی تو مجھ سے کب وفا کرے گی۔ تو اس لائق نہیں کہ میں تجھے اپنی زوجیت میں لوں۔ جعدہ کو اس ناکامی کا سخت احساس ہوا اور اس نے تین روز تک نہ کچھ کھایا نہ پیا اور نہ نیند کی۔ اور ہر وقت روتی تھی کہ ہائے میں نے کیا کیا۔

یزید یہ سمجھتا تھا کہ چونکہ یہ بُری طرح ناکام ہوئی ہے اور اس ناکامی کا اسکو سخت احساس ہے لہٰذا اس کو اگر زندہ چھوڑا گیا تو یہ اس ناکامی کا انتقام ضرور لے گی اور اس راز کو فاش کرے گی۔ اس لیے اس نے تین روز کے بعد چار آدمیوں کو تیار کیا کہ اس کو جزیرہ فیل میں لے جاؤ اور وہاں لے جا کر اس کے ہاتھ پاؤں جکڑ کر اس کو گھوڑے کی دُم کے ساتھ باندھ کر خوب دوڑاؤ اور پھر سمندر میں پھینک دو چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔

خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ۝

ہر کہ دیں را بہر دنیائے دنی از دست داد
بیشکے محروم ماند از دولتِ دنیا و دیں

حضرتِ امام رضی اللہ عنہ نے اپنے بھائی حضرت حسین رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا کہ میں نے امّ المومنین حضرت عائشہؓ صدیقہ سے درخواست کی تھی کہ مجھے روضۂ انور میں دفن کی اجازت عنایت ہو انہوں نے بلا تامل بطیبِ خاطر اجازت دی ہے لیکن میں گمان کرتا ہوں کہ کوئی ضرور مانع ہو گا تو اس سے تکرار اور لڑائی جھگڑا نہ کرنا اور پھر مجھے میری والدہ ماجدہ سیّدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کے پاس بقیع میں دفن کر دینا چنانچہ آپ کا جنازہ مبارکہ روضۂ مبارک کے پاس لے گئے۔ جب یہ خبر مروان علیہ مایستحقہ کو پہنچی تو وہ مانع ہوا اور کہنے لگا کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ حضرت عثمان وہاں دفن نہ ہوں

Marfat.com

اور حسن وہاں دفن ہوں۔ حضرت امام حسینؓ اس سے لڑنے کے لیے تیار ہو گئے۔ مروان بھی تیار ہو گیا۔ دونوں طرف سے لوگ مسلح ہو کر آ گئے۔ حضرت ابو ہریرہ نے فرمایا مروان کیسا ظالم ہے فرزندِ رسول اللہ کو رسول اللہ کے پاس دفن نہیں ہونے دیتا اور حضرت امام حسینؓ کو ان کے بھائی حضرت امام حسن کی وصیت یاد دلائی اور لڑائی سے روکا۔ آخر حضرت امام حسن کو بقیع میں انکی والدہ محترمہ خاتونِ جنت رضی اللہ عنہا کے پہلو میں دفن کیا گیا۔ رضی اللہ عنہ۔

## زہر خورانی کی نسبت

یہ کہنا کہ زہر خورانی کی نسبت حضرت امام کی بیوی جعدہ کی طرف کرنا صحیح نہیں کیونکہ اس کی کوئی صحیح سند نہیں ہے۔

اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ المستدرک امام حاکم اور تہذیب التہذیب علامہ امام حافظ ابن حجر عسقلانی اور الاستیعاب علامہ امام ابن عبدالبر جو علم حدیث کے مشہور اور جلیل القدر امام ہیں ان کی روایات جو صحیح الاسناد ہیں۔ علاوہ ازیں بڑے بڑے ائمہ حدیث و تاریخ کی نقول گزشتہ صفحات میں گزر چکی ہیں۔ لہذا یہ کہنا کہ اس کی کوئی صحیح سند نہیں، غلط ہے۔

اور یہ خیال کہ جب آپکے بھائی حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو قاتل کی خبر نہ ہوئی تو غیر کو کیسے ہو سکتی ہے۔ نیز اگر امام حسین کو خبر ہو جاتی تو وہ ضرور شرعی مواخذہ کرتے۔

اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ اگر اس وقت حضرت امام حسن نے ان کو نہیں بتایا اور اس وقت حضرت امام حسین کو خبر نہ ہوئی تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ بعد میں بھی معلوم نہ ہوا ہو۔ رہا یہ کہ پھر شرعی مؤاخذہ کیوں نہ کیا تو عرض یہ ہے کہ شرعی مؤاخذہ کرتے کس سے؟ اس وقت حاکمِ مدینہ مروان تھا اور اسی نے تو بہ ایمائے یزید یہ کام کروایا تھا جیسا کہ ذکر ہو چکا ہے اور حضرت امام کے دفن کے قضیہ میں بھی مروان

Marfat.com

کا کردار ذکر ہو چکا ہے۔ دیکھئے حضرت امام حسن اور حضرت امیر معاویہ کے درمیان جن شرائط پر صلح ہوئی تھی ان میں پہلی شرط یہ تھی کہ حضرت معاویہ کے بعد خلافت امام حسن کو ملے گی۔ لیکن جب حضرت معاویہ نے یزید کی بیعت کی مہم شروع کی تو کسی ایک نے بھی حضرت معاویہ سے یہ نہیں کہا کہ حضرت حسن اور آپ کے درمیان یہ شرط تھی اس لیے یزید کو ولی عہد نہیں بنایا جا سکتا۔ اور جب حضرت حسین یزید کے مقابلے میں کھڑے ہوئے تو آپ نے اپنے دعویٰ کی تائید اور یزید کی مخالفت میں بہت سی تقریریں کیں۔ لیکن کسی تقریر میں بھی آپ نے یہ مواخذہ نہیں کیا کہ چونکہ میرے بھائی حسن صرف معاویہ کے حق میں دست بردار ہوئے تھے اور امیر معاویہ کے بعد خلافت ان کا حق تھا اور وہ چونکہ امیر معاویہ کی زندگی میں انتقال فرما گئے ہیں لہذا اصول توارث کی رُو سے ان کا حق مجھے یا حسن کی اولاد کو ملنا چاہیئے حالانکہ یزید کے خلاف دلائل میں یہ بہت زیادہ قوی دلیل تھی۔ مگر آپ نے اس کا مواخذہ اور ذکر تک نہیں کیا۔

اور یہ کہنا کہ یہ حضرت امام کی بیوی پر غیر کے ساتھ ساز باز کرنے کی ایک ناپاک تہمت اور تبرا ہے اور بدگمانی ہے۔

اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ پھر تو وہ تمام ائمہ محدثین و مؤرخین اور علماء جنہوں نے زہر خورانی کی نسبت جعدہ کی طرف کی ہے وہ سب کے سب معاذ اللہ حضرت امام کی بیوی پر تہمت لگانے والے اور تبرا باز قرار پائیں گے اور پھر یہ بھی تسلیم کرنا پڑے گا کہ ان ائمہ، محدثین نے بغیر تحقیق کے ہی لکھ دیا ہے جس سے ان کے علم اور تحقیق پر بھی حرف آتا ہے۔

اور یہ کہنا کہ حضرت امام کی ہر بیوی آپ سے بہت محبت رکھتی اور شیدا تھی، ایسی حالت میں یہ بات بہت بعید ہے کہ آپ کی کوئی بیوی ایک طمع فاسد سے ایسے جلیل امام کے قتل جیسے جرم کا ارتکاب کرے۔

Marfat.com

اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ یہ درست نہیں ہے کہ آپ کی ہر بیوی آپ سے بہت زیادہ محبت رکھتی اور شیدا تھی چنانچہ گزشتہ روایات میں خود حضرت عبداللہ بن حسن کی روایت ذکر ہو چکی ہے کہ آپ چونکہ کثیر النکاح تھے اور ایک دو رات کے بعد ہی طلاق دے دیتے تھے اس لیے بہت کم عورتیں آپ سے محبت رکھتی تھیں۔ اور آپ سے صحبت کرنے میں بھی بخل کرتی تھیں۔ کیونکہ فطرت کے تقاضے بہرحال اپنی جگہ مسلّم ہیں اور یہ عورت کی فطرت ہے کہ جب اسکو معلوم ہو جائے کہ نکاح کے ایک دو دن کے بعد ہی اسکو طلاق مل جائے گی تو پھر اس کے دل میں محبت والفت کا رہنا ایک ایسا امر ہے جو ہر عورت کے لیے ممکن نہیں۔

اور جہاں تک طمع فاسد سے ایسے جرم کے ارتکاب کے بعید ہونے کا تعلق ہے یہ بھی کوئی بعید نہیں۔ یہ حرص وطمع ایک ایسا اژدہا ہے جس نے بڑے بڑوں کو شکار کیا ہے۔ دیکھیے عمرو بن سعد حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا بیٹا ہے جو عشرہ مبشرہ صحابہ میں سے تھے۔ اس نے بھی تو صرف " رے " کی حکومت کی حرص وطمع ہی میں یزیدی لشکر کا سالارِ اعلیٰ بننا اور سارے خاندانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلّم کو کربلا میں قتل کرنا منظور کر لیا تھا اسی طرح ابن زیاد، یزید اور شمر وغیرہ تابعین سے تھے اور تابعین کی فضیلت نص سے ثابت ہے۔ مگر حُبّ جاہ اور دنیوی حکومت کی حرص نے ان کو تباہ کیا اور انہوں نے اولادِ رسول صلی اللہ علیہ وسلّم کے ساتھ کربلا وکوفہ وغیرہ میں جو کچھ کیا کرایا وہ سب کو معلوم ہے تو ایک عورت جو ناقص العقل ہے اور جس کا سارا خاندان ہی دشمنِ اہلِ بیت تھا، وہ طمع فاسد کا شکار ہو کر ایسی حرکت کی مرتکب ہو جائے تو کیا بعید ہے۔

چنانچہ ابن ملجم قاتلِ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ جس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلّم نے سخت ترین بدبخت فرمایا تھا وہ اس رات کو جس کی صبح کو اس نے حضرت علی پر قاتلانہ حملہ کیا تھا جعدہ کے باپ اشعث بن قیس کے پاس تھا اور ساری رات اس سے

Marfat.com

سرگوشی کرتا رہا جب صبح ہونے کو آئی تو جعدہ کے باپ نے کہا جا اپنا کام کر۔ چنانچہ طبقات صحابہ کی قدیم اور مستند ترین کتاب طبقات ابن سعد میں ہے :۔

وَ بَاتَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُلْجَمٍ تِلْكَ اللَّيْلَةَ الَّتِيْ عَزَمَ فِيْهَا اَنْ يَّقْتُلَ عَلِيًّا فِيْ صَبِيْحَتِهَا يُنَاجِي الْاَشْعَثَ بْنِ قَيْسِ الْكِنْدِيْ فِيْ مَسْجِدِهٖ حَتّٰى كَادَ اَنْ يَّطْلُعَ الْفَجْرُ فَقَالَ لَهُ الْاَشْعَثُ فَضَحَكَ الصُّبْحُ فَقُمْ ؛ فَقَامَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُلْجَمٍ وَ شَبِيْبُ بْنُ بَجْرَةَ فَاَخَذَا اَسْيَافَهُمَا ثُمَّ جَاءَ حَتّٰى جَلَسَا مُقَابِلَ السُّدَّةِ الَّتِيْ يَخْرُجُ مِنْهَا عَلِيٌّ (طبقات ابن سعد ص۳۶ ج۳)

عبدالرحمٰن بن ملجم نے وہ شب جس کی صبح کو اس کا حضرت علی کے قتل کرنے کا مصمم ارادہ تھا اشعث بن قیس الکندی کے پاس اسکی مسجد میں سرگوشی کرتے ہوئے گزاری جب طلوعِ فجر کا وقت قریب ہوا تو اشعث نے ابن ملجم سے کہا صبح نے تیرا راستہ ظاہر کر دیا ہے۔ پس اپنے کام کے لیے اُٹھ! تو ابن ملجم اور شبیب بن بجرہ کھڑے ہو گئے اور انہوں نے اپنی تلواریں لیں اور آ کر اس دروازے کے سامنے بیٹھ گئے جس سے حضرت علی نکلتے تھے،

اور پھر صبح کو اشعث نے اپنے بیٹے قیس کو بھیجا فَقَالَ اَيْ بُنَيَّ اُنْظُرْ كَيْفَ اَصْبَحَ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ (طبقات ابن سعد ص۳۷) کہ بیٹا جا کر دیکھ! امیرالمومنین نے کیسے صبح کی ہے۔

اس روایت سے واضح طور پر ثابت ہوا کہ جعدہ کے باپ اشعث کو ابن ملجم کے ارادۂ قتل کا علم تھا تو اگر اس کے دل میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی عقیدت و محبت ہوتی تو وہ ابن ملجم کو اس ظلم سے روکتا یا کسی طرح حضرت علی یا آپ کے کسی عزیز کو اس کی اطلاع کر دیتا۔ بلکہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ وہ بھی حضرت علی کے قتل میں ایک قسم کا شریک تھا۔

اور یہی جعدہ کا باپ اشعث حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں اپنے قبیلے کے ساتھ مرتد ہو گیا تھا۔ چنانچہ حضرت امراء القیس کے سمجھانے بجھانے

Marfat.com

سے کہ تم قتل کر دیئے جاؤ گے ' یہ لوگ خوفِ قتل سے پھر اسلام میں آ گئے۔

نیز حضرت مسلم بن عقیل کو کوفہ میں گرفتار کرنے والا اور ابن زیاد کا حامی و ساتھی جدہ کا بھائی محمد بن اشعث تھا۔ اس جدہ کے بھائی قیس اور محمد ابن اشعث اور اس کے قبیلے کے کندی لوگ کربلا میں یزیدی لشکر میں تھے اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد جدہ کے ظالم بھائی نے حضرت امام کے تن بے سر سے جُبّہ و چادر اتار لی۔ اور پاؤں سے نعلین شریف اتار لی۔ کَمَا سَیَأتِی فِی ذِکْرِ الشَّہَادَۃِ اِنْشَاءَ اللّٰہُ تَعَالٰے ۔

جدہ، اس کے باپ اور بھائیوں اور اس کے خاندان کے مختصر حالات ہدیۂ قارئین کئے گئے ہیں جن سے اس خاندان کی طینت و خصلت کا بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے۔

ھٰذَا مَا عِنْدِی وَالْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰہِ تَعَالٰے

Marfat.com

اس خائن مؤلف نے یہ تو لکھا ہے کہ بعض صحابہ نے امام حسین رضی اللہ عنہ کو کوفہ جانے اور اس غلط اقدام سے سختی سے روکا مگر امام نے کسی کی نہ مانی۔ اس سے غالباً یہ تاثر دینا مقصود ہے کہ امام پر اقتدار کی ہوس اس قدر غالب آگئی تھی کہ آپ نے بڑے بڑے صحابہ کے روکنے اور مخلصانہ مشوروں کی بھی کوئی پرواہ نہ کی اور انہیں بالکل نظر انداز کر دیا۔

**مگر** ازراہِ خیانت یہ نہیں لکھا کہ جب حضرت عبداللہ بن جعفر اور یحییٰ بن سعید نے آپکے پاس پہنچ کر بہت کہاسنا اور ازحد کوشش کی کہ آپ کوفہ نہ جائیں۔ پھر بھی آپ نہ مانے تو انہوں نے کہا آخر آپ کوفہ جانے پر اس قدر مُصر کیوں ہیں؟ تو آپ نے فرمایا۔

| | |
|---|---|
| اِنّی رَأَیْتُ رُؤیا رَأَیْتُ فِیْھَا رسولَ اللّٰہِ صلّی اللہ علیہ وسلّم وَاُمِرْتُ فِیْھَا بِاَمرٍ اَنَا مَاضٍ لَہٗ عَلَیَّ کَان اولی فقالا مَا تِلْكَ الرُّؤیا قَالَ مَا حَدَّثتُ بِھَا اَحَدًا وَمَا اَنَا مُحَدِّثٌ بِھَا اَحَدًا حَتّٰی اَلْقٰی رَبِّیْ ، | مَیں نے خواب میں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کو دیکھا ہے آپنے اس خواب میں مجھے ایک حکم دیا ہے جس کو مَیں ضرور پورا کروں گا خواہ کچھ بھی ہو۔ انہوں نے کہا، وہ خواب کیا ہے؟ آپنے فرمایا: مَیں نے اب تک کسی سے بیان کیا ہے اور نہ کروں گا یہاں تک کہ مَیں اپنے رب سے جاملوں۔ |

(ابن اثیر ص۴۰ ج۱ طبری ص۲۱۹ ج۱ البدایہ ص۱۶۳ ج۸)

**قارئین حضرات!** دیکھا آپ نے کہ اس مؤلف نے وہ بات جس سے اصل حقیقت واضح ہوتی تھی، اس کو نہیں لکھا۔ معلوم ہوا کہ امام عالی مقام اپنے نانا جان صلّی اللہ علیہ وسلّم کے حکم کی تعمیل فرما رہے تھے اور آنے والی نسلوں کے لیے ثابت قدمی اور عزیمت کی مثال قائم کر رہے تھے۔

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ صحابہ کا روکنا عقیدت و محبت اور انتہائی ہمدردی کی بنا پر تھا اس لیے نہ تھا کہ اُن کے نزدیک یہ خروج ناجائز یا خلیفۂ برحق کے ساتھ

Marfat.com

بغاوت پر مبنی تھا جیسا کہ گزشتہ صفحات میں بیان ہو چکا ہے[1]۔ انہوں نے اپنا حق ادا کیا اور امام پاک نے اپنا حق ادا کیا اور فرما دیا۔

| | |
|---|---|
| لِیْ عَمَلِیْ وَلَکُمْ عَمَلُکُمْ اَنْتُمْ بَرِیْئُوْنَ مِمَّا اَعْمَلُ وَاَنَا بَرِیْءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ۔ | میرے لیے میرا عمل ہے اور تمہارے لیے تمہارا عمل تم اس سے بری ہو جو میں کروں اور میں اس سے بری ہوں جو تم کرو۔ |

اگر کوئی یہ کہے کہ پھر امام نے کربلا میں گھر جانے کے وقت یہ کیوں کہا کہ مجھے واپس چلے جانے دو یا کسی اور طرف نکل جانے دو یا یزید کے پاس لے چلو، میں اس کے ہاتھ میں ہاتھ دے دوں گا یعنی بیعت کر لوں گا۔

اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ یہ اتمامِ حجت کے لیے تھا تاکہ یہ لوگ کل قیامت کے دن یہ عذر نہ پیش کر سکیں کہ اگر امام ہمیں واپس یا کہیں اور جانے کے لیے کہتے تو ہم ضرور ان کو جانے دیتے اور جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ مجھے یزید کے پاس لے چلو میں اس کے ہاتھ میں ہاتھ رکھ دوں گا۔ یہ غلط ہے (جیسا کہ گزشتہ صفحات میں گزر چکا ہے) اگر اس کو درست مان لیا جائے تو پھر سوال یہ ہے کہ کربلا میں جنگ کیوں ہوئی؟ جھگڑا تو سارا بیعتِ یزید ہی کا تھا۔ جب امام اس کے لیے آمادہ ہو گئے تھے تو پھر ان کے ساتھ جنگ اور ان پر ظلم و ستم کا کیا مقصد تھا؟

عباسی صاحب لکھتے ہیں:۔

(۹) "یہ حادثہ (کربلا) بس اتنی دیر میں ختم ہو گیا تھا جتنی دیر قیلولہ میں آنکھ جھپک جائے یعنی کم و بیش آدھ گھنٹے میں اسکی تائید مزید ان راویوں کے اس بیان سے بھی ہوتی ہے کہ فریقین کے مقتولین کی تعداد ۷۲ اور ۸۸ تھی۔" (خلافت معاویہ یزید صـ۲۲۳)

---

[1] تفصیل کے لیے میری کتاب شام کربلا دیکھئے

Marfat.com

ملاحظہ فرمایا آپ نے، یہ ہے عباسی صاحب کی نئی تحقیق و ریسرچ، امام عالی مقام کے ۲۰ رفقاء اور لشکر یزید کے ۸۸۔ افراد یعنی فریقین کے ۱۹۰۔ افراد قتل ہوئے اور یہ سارا واقعہ وحادثہ صرف آدھ گھنٹہ میں ختم بھی ہوگیا ہے

جو بات کی خدا کی قسم واہیات کی !

اس حساب سے ایک ایک لشکری کے آپس میں نبرد آزما ہونے، شجاعت و بہادری کے جوہر دکھانے، قتل کرنے اور پچھاڑنے میں صرف سوا گیارہ سیکنڈ لگتے تھے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ میدانِ کربلا میں شمشیر وسناں کی جنگ نہیں تھی بلکہ دونوں طرف امریکن ساخت کی توپیں اور مشین گنیں فٹ کی ہوئی تھیں۔ بس ایک دم جو گولہ باری ہوئی تو فریقین کے ۱۹۰۔ آدمی نشانہ بن گئے اور آدھ گھنٹہ میں یہ سارا معاملہ ختم ہو کے رہ گیا۔ یا پھر یوں کہیئے کہ یزیدی لشکر کے ہزاروں سپاہی خونخوار بھیڑیوں کی طرح ایک دم حسینی قافلے پر ٹوٹ پڑے اور آدھ گھنٹہ میں ۲۰ حسینیوں کو قتل کرکے معاملہ ختم کرکے رکھ دیا پھر یہ بات اپنی جگہ الجھی رہتی ہے کہ وہ خود ۸۸ کی تعداد میں کیسے قتل ہوگئے۔

(۱۰) ایک اور بے تکی ملاحظہ فرمایئے، لکھتے ہیں :-

" برادرانِ مسلم اور سابقہ پیشہ کوفیوں کا ناعاقبت اندیشانہ طور سے فوجی دستہ کے سپاہیوں پر اچانک قاتلانہ حملہ کر دینے سے یہ واقعہ محزوں یکایک اور غیر متوقع پیش آکر گھنٹہ آدھ گھنٹہ میں ختم ہوگیا۔" (خلافت معاویہ ویزید ص۲۲۳)

کچھ سمجھے آپ! اس کو کہتے ہیں جوشِ تعصب اور بُغض و عناد کہ امام عالیمقام کے رفقاء پر ابتدائے جنگ کا "عاقبت نا اندیشانہ طور سے فوجی دستہ کے سپاہیوں پر اچانک حملے کا الزام عائد کر دیا جو سراسر غلط اور خلاف واقعہ ہے۔

(۱۱) مؤرخین نے حضرت امام رضی اللہ عنہ کی مکہ مکرمہ سے عراق کو روانگی کی تاریخ ۸۔ ذی الحجہ سنہ ۶۰ھ یوم سہ شنبہ اور کربلا پہنچنے کی تاریخ ۲۔ محرم سنہ ۶۱ھ یوم پنج شنبہ بتائی

Marfat.com

ہے۔ عباسی صاحب نے اس تاریخ کو غلط ثابت کرنے پر کئی صفحات سیاہ کئے ہیں اور اپنی نئی تحقیق سے تاریخ آمد و روانگی اور منزلوں اور فاصلوں کی ایک جدول بنائی اور اس کے صحیح ہونے کا دعویٰ کرتے ہوئے لکھتے ہیں :-

"حضرت حسین اور ان کے ساتھی جیسا کہ گزشتہ اوراق میں بالوضاحت بیان ہو چکا دسویں ذی الحجہ ۶۰ھ کو بعد ادائے فریضہ حج روانہ ہوئے اور تیس منزلوں کی مسافت بعیدہ کم سے کم تیس ہی دن میں طے کرنے کے بعد ۱۰ محرم ۶۱ھ کو کربلا کے مقام پر پہنچے یا پہنچ سکتے تھے اس سے پہلے نہیں (خلافت معاویہ و یزید ص ۱۵۹)

اس سے عباسی صاحب کا اصل مقصد یہ ثابت کرنا ہے کہ یزیدیوں کے پانی وغیرہ بند کرنے کی روایات بے اصل اور غلط ہیں اور ان پر محض ایک الزام ہے۔ لیکن "دروغ گو را حافظہ نباشد" قول اگر صحیح ہے تو ملاحظہ فرمایئے۔ اسی کتاب میں چند صفحات آگے ایک عنوان "غلط بیانیوں کی چند مثالیں" قائم کر کے اس کے تحت ایک جدول میں لکھا ہے:-

"مؤرخین نے حضرت حسین کی مکہ سے عراق کو روانگی کی تاریخ ۸ ذی الحجہ ۶۰ھ یوم سہ شنبہ اور کربلا پہنچنے کی تاریخ ۲ محرم ۶۱ھ یوم پنج شنبہ بتائی ہے جو غلط ہے صحیح تاریخ مکہ سے روانگی کی ۹ ستمبر ۶۸۰ء یوم یک شنبہ ہے اور کربلا پہنچنے کی تاریخ ۲ اکتوبر ۶۸۰ء یوم سہ شنبہ ہے اور حادثہ کربلا کی تاریخ ۱۰ اکتوبر ۶۸۰ء بروز چہار شنبہ ہے، بروز جمعہ غلط ہے۔ (خلافت معاویہ و یزید ص ۱۹۳)

ان دونوں عبارتوں میں غور فرما کر نتیجہ نکالیے اور اس نئی تحقیق و ریسرچ کی داد دیجیے۔

پہلی عبارت میں امام صاحب کا ۱۰ ذی الحجہ کو مکہ مکرمہ سے روانہ ہو کر تیس ۳۰ منزلوں کو کم سے کم تیس ۳۰ دنوں میں طے کر کے ۱۰ محرم کو کربلا پہنچنا ثابت کیا اور کہا کہ اس سے پہلے نہیں پہنچ سکتے تھے۔

Marfat.com

دوسری عبارت میں ۹ ستمبر ۶۸۰ء بروز اتوار کو مکہ مکرمہ سے روانگی کی اور ۲ اکتوبر ۶۸۰ء بروز منگل کربلا پہنچنے کی تاریخ بتائی ہے اور حادثہ کربلا کی تاریخ ۱۰ اکتوبر بروز بدھ بتائی ہے۔ بروز جمعہ کو غلط کہا ہے۔

**نتیجہ!** پہلی عبارت میں تیس ۳۰ دنوں میں ۱۰ محرم کو کربلا پہنچنا ثابت کیا تھا۔

دوسری عبارت میں چوبیس ۲۴ دنوں میں ۲ اکتوبر کو چھ ۶ دن پہلے پہنچنا ثابت کیا ہے کیونکہ حادثہ کربلا کی تاریخ ۱۰ اکتوبر بروز بدھ بتائی اور اسی تاریخ کو ۱۰ محرم حادثہ کربلا کی تاریخ کے مطابق بتایا! دیکھئے صلا) یعنی جو بات ائمہ مورخین کے نزدیک مسلمہ اور درست ہے اسں کو ایڑی چوٹی کا زور لگا کر غلط ثابت کیا اور اپنی نئی اور صحیح تحقیق پیش کی اور پھر خود اپنے ہی ہاتھوں سے اپنی اسں صحیح اور نئی ریسرچ کا گلا گھونٹ کے رکھ دیا اور وہی تسلیم کیا جو مؤرخین نے لکھا ہے البتہ نئی ریسرچ کا صرف یہ کرشمہ دکھایا کہ بجائے اسلامی تاریخ کے انگریزی تاریخ لکھ دی تاکہ انگریزی داں طبقہ متاثر ہو۔

اصل کتاب لکھنے سے پہلے عباسی صاحب نے اپنے ذہنی منصوبہ کے مطابق یہ طے کر لیا تھا کہ امام عالی مقام کو باغی اور خاطی اور یزید پلید کو بالکل بے گناہ اور برحق ثابت کرنا ہے خواہ جھوٹ کو سچ اور سچ کو جھوٹ ہی کیوں نہ بنانا پڑے۔

عباسی صاحب نے علامہ امام طبری پر شیعہ ہونے کا الزام لگاتے ہوئے لکھا ہے کہ

(۱۲) "طبری جیسے شیعی مؤرخ کا بھی بیان ہے۔" (خلافت معاویہ و یزید صلا)

حد ہو گئی ظلم و تعصب اور جہالت و بد دیانتی کی۔ علامہ امام ابو جعفر محمد بن جریر الطبری رحمۃ اللہ علیہ جیسے جلیل القدر مفسر، محدث، مؤرخ، فقیہ، مجتہد اور بڑے متقی سُنّی بزرگ پر شیعیت کا الزام بلاشبہ بہت بڑا ظلم اور بہتان ہے۔ کوئی علم والا ان کی تفسیر و تاریخ اور دیگر تصانیف کو پڑھ کر ان کو شیعہ ہرگز نہیں کہے گا۔

Marfat.com

آیئے چودھویں صدی کے اس نئے محقق کی نئی تحقیق کو جو درحقیقت دروغ بیانی بہتان تراشی اور خیانت و بددیانتی کا ایک بے مثال شاہکار ہے، چھوڑ کر اور اس سے منہ موڑ کر امت کے ائمہ محدثین اور علماء محققین کے ارشادات کو سامنے رکھ کر انصاف کے ساتھ ان کے متعلق فیصلہ کریں۔

علامہ امام ابن اثیر اپنی مشہور تاریخ الکامل کے مقدمہ میں فرماتے ہیں:-

وَاِنَّمَا اعْتَمَدْتُ عَلَيْهِ مِنْ بَيْنِ الْمُؤَرِّخِيْنَ اِذْ هُوَ الْاِمَامُ الْمُتْقِنُ حَقًّا الْجَامِعُ عِلْمًا وَصِحَّةَ اِعْتِقَادًا وَصِدْقًا (ابن اثیر ص۲)

میں نے تمام مؤرخین کی بہ نسبت ابن جریر طبری پر ہی زیادہ اعتماد کیا ہے اس لیے کہ وہ سچے محکم امام، علم و فضل کے جامع، اعتقاد میں صحیح اور (روایت میں) سچے ہیں۔

علامہ امام ابن کثیر فرماتے ہیں:-

كَانَ اَحَدَ اَئِمَّةِ الْاِسْلَامِ عِلْمًا وَعَمَلًا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَسُنَّةِ رَسُوْلِهٖ (البدایہ والنہایہ ص۱۴۶ ج۱۱)

کہ وہ اسلام کے اماموں میں سے ایک امام اور کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عالم اور عامل تھے۔

نیز فرماتے ہیں:-

وَصَنَّفَ التَّارِيْخَ الْحَافِلَ وَلَهُ التَّفْسِيْرُ الْكَامِلُ الَّذِيْ لَا يُوْجَدُ لَهٗ نَظِيْرٌ وَغَيْرُهُمَا مِنَ الْمُصَنَّفَاتِ النَّافِعَةِ فِي الْاُصُوْلِ وَالْفُرُوْعِ وَمِنْ اَحْسَنِ ذٰلِكَ تَهْذِيْبُ الْاٰثَارِ وَلَوْ كَمُلَ لَمَا احْتِيْجَ مَعَهٗ اِلٰى شَيْءٍ وَلَكَانَ فِيْهِ الْكِفَايَةُ لٰكِنَّهٗ لَمْ

اور انہوں نے ایک بھرپور مفصل تاریخ لکھی ہے اور ایک ان کی کامل تفسیر ہے جس کی نظیر نہیں پائی گئی اور ان دونوں کے علاوہ بھی اصول و فروع میں ان کی بڑی نافع تصانیف ہیں اور ان میں بہت ہی زیادہ اچھی کتاب تہذیب الآثار ہے۔ اگر اس کی تکمیل ہو جاتی تو اس کے ہوتے ہوئے کسی اور چیز کی ضرورت

Marfat.com

یَتِمَّہٗ وَقَدْ رُوِیَ عَنْہُ اَنَّہٗ مَکَثَ
اَرْبَعِیْنَ سَنَۃً یَکْتُبُ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ اَرْبَعِیْنَ
وَرَقَۃً قَالَ الْخَطِیْبُ الْبُغْدَادِیْ اِسْتَوْطَنَ
ابْنُ جَرِیْرٍ بَغْدَادَ وَاَقَامَ بِہَا اِلٰی حِیْنِ وَفَاتِہٖ
وَکَانَ مِنْ اَکَابِرِ اَئِمَّۃِ الْعُلَمَاءِ وَیُحْکَمُ
بِقَوْلِہٖ وَیُرْجَعُ اِلٰی مَعْرِفَتِہٖ وَ
فَضْلِہٖ وَکَانَ قَدْ جَمَعَ مِنَ الْعُلُوْمِ
مَالَمْ یُشَارِکْہُ فِیْہِ اَحَدٌ مِنْ
اَہْلِ عَصْرِہٖ وَکَانَ حَافِظًا
لِکِتَابِ اللّٰہِ تَعَالٰی عَارِفًا بِالْقِرَاٰتِ
کُلِّہَا بَصِیْرًا بِالْمَعَانِیْ فَقِیْہًا فِی الْاَحْکَامِ
عَالِمًا بِالسُّنَنِ وَطُرُقِہَا وَصَحِیْحِہَا
وَسَقِیْمِہَا وَنَاسِخِہَا وَمَنْسُوْخِہَا
عَارِفًا بِاَقْوَالِ الصَّحَابَۃِ وَالتَّابِعِیْنَ
وَمَنْ بَعْدَہُمْ عَارِفًا بِاَیَّامِ
النَّاسِ وَاَخْبَارِہِمْ وَلَہُ الْکِتَابُ
الْمَشْہُوْرُ فِیْ تَارِیْخِ الْاُمَمِ وَالْمُلُوْکِ
وَکِتَابٌ فِی التَّفْسِیْرِ لَمْ
یُصَنِّفْ اَحَدٌ مِثْلَہٗ وَکِتَابٌ
سَمَّاہُ تَہْذِیْبَ الْاٰثَارِ لَمْ
اَرَسِوَاہُ فِیْ مَعْنَاہُ اِلَّا اَنَّہٗ

نہ ہوتی اور انہی میں ایک کتاب الکفایہ ہے مگر
وہ بھی مکمل نہیں ہوئی اور ان سے روایت کی گئی ہے
کہ انہوں نے مسلسل چالیس سال اس طرح گزارے
کہ ہر روز چالیس ورق لکھتے تھے خطیب بغدادی
کہتے ہیں کہ انہوں نے بغداد کو اپنا مسکن بنایا اور وقت
وفات تک وہیں اقامت پذیر رہے اور وہ اکابر
ائمہ اور علماء میں سے تھے اور ان کے قول پر فیصلہ کیا
جاتا ہے اور ان کے علوم و معارف کی طرف رجوع
کیا جاتا ہے اور بیشک انکی ذات میں اس قدر
علوم جمع کئے گئے تھے کہ ان کے زمانہ میں کوئی
بھی ان علوم میں ان کے برابر نہ تھا اور کتاب
اللہ کے حافظ، انکی تمام قراءتوں کے جاننے والے
قاری۔ انکے معانی پر پوری بصیرت رکھنے والے
احکام میں فقیہ (حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی)
سنتوں اور اس کے مرتبوں اور ان میں صحیح اور
غیر صحیح اور ناسخ و منسوخ کے پورے عالم صحابہ
اور تابعین اور ان کے بعد والوں کے اقوال کی
پوری معرفت رکھنے والے، لوگوں کے ایام حالات
اور اخبار کے عالم، انکی تاریخ میں مشہور کتاب ہے
"تاریخ الامم و الملوک" اور ایک ان کی تفسیر
ہے کہ اسکی مثل کوئی تصنیف نہیں اور ایک کتاب

تہ

Marfat.com

ثم يتمه وله في اصول الفقه وفروعه كتب كثيرة واختيارات وتفرد بمسائل حفظت عنه

(البدایہ والنہایہ ص ۱۴۵/۱۱)

جس کا نام تہذیب الآثار ہے ابن جریر کی بہت سی نظیر مضامین پر مشتمل کتاب میں نے نہیں دیکھی مگر وہ مکمل نہیں ہو سکی اور انکی فقہ کے اصول و فروع پر بہت سی کتابیں اور فتاوی ہیں اور متعدد مسائل میں وہ منفرد حیثیت رکھتے ہیں کہ لوگوں نے وہ مسائل اُن سے حاصل کئے ہیں۔

علامہ امام حافظ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ علم تفسیر کی طویل بحث کے بعد فرماتے ہیں :-

فان قلت، فای التفاسیر ترشد اليه وتأمر الناظران يعول عليه ؟ (قلت) تفسير الامام ابي جعفر بن جرير الطبري الذي اجمع العلماء المعتبرون على انه لم يؤلف في التفسير مثله قال النووي في تهذيبه كتاب ابن جرير في التفسير لم يصنف احد مثله۔

(الاتقان فی علوم القرآن ص ۱۹۰/۲)

پس اگر تم یہ کہو کہ پھر تفاسیر میں کونسی ایسی تفسیر ہے جسکی طرف تم رہنمائی کرتے ہو اور اس پر اعتماد کرنے کا حکم دیتے ہو؟ تو میں کہتا ہوں کہ وہ تفسیر امام ابو جعفر ابن جریر طبری کی ہے جس پر تمام معتبر علماء کا اتفاق ہے کہ فن تفسیر میں اس کی مثل کوئی کتاب نہیں لکھی گئی۔ امام نووی اپنی کتاب تہذیب میں فرماتے ہیں کہ ابن جریر کی تفسیر ایسی ہے کہ اس کی مثل کسی نے کوئی کتاب تصنیف ہی نہیں کی ہے۔

امام الائمہ ابوبکر بن خزیمہ فرماتے ہیں :-

ما اعلم على اديم الارض اعلم من ابن جرير ولقد ظلمته الحنابلة

میں نہیں جانتا کہ روئے زمین پر امام ابن جریر سے بھی بڑا کوئی عالم ہے اور

Marfat.com

(البدایہ والنہایہ ص۱۴۶ ج۱۱) بلاشبہ حنبلیوں نے ان پر ظلم کیا۔ ؎۱

علامہ حافظ ذہبی فرماتے ہیں:۔

| | |
|---|---|
| اَلْاِمَامُ الْعَلَمُ الْفَرْدُ الْحَافِظُ اَبُوْجَعْفَرٍ الطَّبَرِیُّ اَحَدُ الْاَعْلَامِ وَ صَاحِبُ التَّصَانِیْفِ قَالَ اَبُوْبَکْرٍ الْخَطِیْبُ ۔ (تذکرۃ الحفاظ ص۲۵۱ ج۲) | علم میں یکتائے زمانہ جلیل القدر امام الحافظ ابوجعفر الطبری صاحب التصانیف ہیں ابوبکر خطیب بغدادی نے کہا (آگے خطیب بغدادی کی وہ عبارت لکھی جو گزر چکی ہے) |

علامہ ابوحامد الفقیہ الاسفرائنی فرماتے ہیں:۔

| | |
|---|---|
| لَوْسَافَرَ رَجُلٌ اِلَی الصِّیْنِ حَتّٰی یَنْظُرَ فِیْ کِتَابِ تَفْسِیْرِ ابْنِ جَرِیْرِ الطَّبَرِیِّ لَمْ یَکُنْ ذٰلِکَ کَثِیْرًا ۔ (البدایہ والنہایہ ص۱۴۶ ج۱۱ تذکرۃ الحفاظ ص۲۵۲ ج۲) | اگر کسی شخص کو تفسیر ابن جریر کو صرف دیکھنے کیلئے چین تک کا سفر کرنا پڑے تو بھی (اسکی عظمت کے پیش نظر) یہ کوئی زیادہ سفر نہ ہوگا۔ |

علامہ امام عبدالوہاب السبکی صاحب طبقات الکبرٰی فرماتے ہیں:۔

| | |
|---|---|
| مُحَمَّدُ بْنُ جَرِیْرِ بْنِ یَزِیْدَ بْنِ کَثِیْرِ بْنِ غَالِبٍ اَلْاِمَامُ الْجَلِیْلُ الْمُجْتَهِدُ | محمد بن جریر بن یزید بن کثیر بن غالب جلیل القدر امام مجتہد مطلق ابوجعفر طبری علم و دین |

---

؎۱ اس کی وجہ یہ تھی کہ امام طبری امام احمد بن حنبل کو فقیہ نہیں مانتے تھے صرف محدث مانتے تھے۔ اس لیے حنبلی ان کے سخت مخالف ہوگئے تھے لِاَنَّ الْحَنَابِلَةَ کَانُوْا یَمْنَعُوْنَ اَنْ یَجْتَمِعَ بِهٖ اَحَدٌ۔ اور لوگوں کو انکے پاس تک جانے سے روکتے تھے اور اسی مخالفت کی بنا پر انہوں نے ان پر شیعیت کا الزام لگایا وَنَسَبُوْهُ اِلَی الرَّفْضِ اور بعض جاہلوں نے ان پر ملحد ہونے کی تہمت لگائی تھی لیکن علامہ ابن کثیر فرماتے ہیں کہ وَحَاشَاهُ مِنْ ذٰلِکَ کُلِّهٖ (البدایہ والنہایہ ص۱۴۶ ج۱۱) کہ بلاشبہ ان کی ذات ان سب تہمتوں اور الزاموں سے پاک اور مبرا تھی۔ آگے ان کی شان میں وہ عبارت لکھی جو گزر چکی ہے۔

Marfat.com

اَلْمُطْلَقُ اَبُوْجَعْفَرِ الطَّبَرِیْ ..... اَحَدُ اَئِمَّۃِ الدُّنْیَا عِلْمًا وَدِیْنًا وَمِنْ تَصَانِیْفِہٖ کِتَابُ التَّفْسِیْرِ وَکِتَابُ التَّارِیْخِ الخ (تفسیر ابن جریر ص۲)

کے لحاظ سے دنیا کے اماموں میں سے ایک امام۔ ان کی تصانیف میں سے کتاب التفسیر اور کتاب التاریخ ہے (آگے ان کی تصانیف کا ذکر کیا ہے)

علامہ ابن خلکان اپنی تاریخ میں فرماتے ہیں :-

اَبُوْجَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ جَرِیْرٍ الطَّبَرِیُّ صَاحِبُ التَّفْسِیْرِ الْکَبِیْرِ وَالتَّارِیْخِ الشَّہِیْرِ کَانَ اِمَامًا فِیْ فُنُوْنٍ کَثِیْرَۃٍ مِّنْہَا التَّفْسِیْرُ وَالْحَدِیْثُ وَالْفِقْہُ وَالتَّارِیْخُ وَغَیْرُ ذٰلِکَ وَلَہٗ مُصَنَّفَاتٌ مَلِیْحَۃٌ فِیْ فُنُوْنٍ عَدِیْدَۃٍ تَدُلُّ عَلٰی سَعَۃِ عِلْمِہٖ وَغَزَارَۃِ فَضْلِہٖ وَکَانَ مِنَ الْاَئِمَّۃِ الْمُجْتَہِدِیْنَ الخ (تفسیر ابن جریر ص۲)

محمد بن جریر الطبری صاحب تفسیر کبیر و تاریخ شہیر بہت سے علوم و فنون میں امام تھے ان میں تفسیر، حدیث، فقہ اور تاریخ وغیرہ ہے اور بہت سے فنون میں انکی بہت اچھی تصنیفات ہیں جو ان کے علم و فضل کی وسعت و کثرت کی دلیل ہیں۔ وہ ائمہ مجتہدین میں سے تھے۔

علامہ شبلی نعمانی نے حدیث، تاریخ اور سیرت کی تدوین پر مفصل بحث کرتے ہوئے لکھا ہے۔ تاریخی سلسلہ میں سب سے جامع اور مفصل کتاب امام طبری کی تاریخ کبیر ہے۔ طبری اس درجہ کے شخص ہیں کہ تمام محدثین ان کے فضل و کمال ثقہ اور وسعت علم کے معترف ہیں ان کی تفسیر احسن التفاسیر خیال کی جاتی ہے۔ محدث ابن خزیمہ کا قول ہے کہ دنیا میں میں کسی کو ان سے بڑھ کر عالم نہیں جانتا۔ ۳۱۰ھ میں وفات پائی۔ بعض محدثین (سلیمانی) نے ان کی نسبت لکھا ہے کہ یہ شیعوں کے لیے حدیثیں وضع کیا کرتے تھے۔ لیکن علامہ ذہبی نے میزان الاعتدال میں لکھا ہے ھٰذَا رَجْمٌ بِالظَّنِّ الْکَاذِبِ بَلْ اِبْنُ جَرِیْرٍ مِّنْ کِبَارِ اَئِمَّۃِ الْاِسْلَامِ الْمُعْتَمَدِیْنَ یہ جھوٹی بدگمانی ہے بلکہ واقعہ یہ ہے کہ ابن جریر اسلام کے معتمد اماموں میں سے ایک بہت بڑے امام ہیں (سیرت النبی ص۱۹)

Marfat.com

عباسی صاحب لکھتے ہیں :-

(۱۳) ابومخنف لوط بن یحییٰ کی روایتوں میں جو مسلکاً غالی اور ضعیف الحدیث تھے (صفحہ ۲۰۲ البدایہ والنہایہ) اور یہی تنہا اسی قسم کی (غلط) روایتوں کے راوی ہیں۔ اور بقول علامہ ابن کثیر عِنْدَہٗ مِنْ ھٰذِہِ الْاَشْیَاءِ وَمَا لَیْسَ عِنْدَ غَیْرِہٖ (صفحہ ۲۰۲ البدایہ والنہایہ)

یعنی ان ہی کے پاس اس قماش کی روایتیں ہیں جو ان کے سوائے کسی اور کے پاس نہیں ہیں۔ طبری نے اسی قسم کی روایتوں کو ہی نہیں بلکہ اس غالی راوی اور مؤلف کے تمام ترمواد کو اپنی کتاب میں یکجا کر دیا اور اس طرح ان وضعی روایات کو اعتبار کا درجہ حاصل ہوتا گیا۔ (خلافت معاویہ و یزید صفحہ ۱)

اس عبارت میں عباسی نے ابن کثیر کے حوالے سے ابو مخنف کو غالی اور ضعیف الحدیث اور غلط اور وضعی روایات کا راوی کہا ہے اور طبری نے اسی کے تمام ترمواد کو اپنی کتاب میں یکجا کر دیا ہے۔

اب قارئین حضرات علامہ ابن کثیر کی اصل عبارت ملاحظہ فرمائیں اور اس مؤلف کی خیانت و بددیانتی کا اندازہ لگائیں۔ علامہ ابن کثیر نے معرکہ کربلا کی داستانِ غم کی ابتدا کرتے ہوئے سرورق پر یہ سرخی قائم کی ہے :-

| | |
|---|---|
| وَھٰذِہٖ صِفَۃُ مَقْتَلِہٖ مَاْخُوْذَۃٌ مِنْ کَلَامِ اَئِمَّۃِ ھٰذَا الشَّاْنِ لَا کَمَا یَزْعُمُہٗ اَھْلُ التَّشَیُّعِ مِنَ الْکِذْبِ۔ (البدایہ صفحہ ۱۷۲) | اور یہ حضرت حسین (رضی اللہ عنہ) کی شہادت کے حالات ہیں جو ان حالات کے جاننے والے ائمہ کے کلام سے اخذ کئے گئے ہیں نہ کہ وہ جو شیعوں کے جھوٹے گمان کے مطابق ہیں |

اس سرخی کو قائم کر کے علامہ نے یہ واضح کر دیا کہ میں نے کربلا کے حالات و واقعات معتبر ائمہ کے کلام سے پیش کئے ہیں جو شیعوں کے جھوٹے گمان سے پاک ہیں۔ آخر میں لکھتے ہیں :-

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَفِي بَعْضِ مَا اَوْرَدْنَاهُ نَظَرٌ وَلَوْلَا | اور جو ہم نے بیان کیا ہے اسکی بعض باتیں |
| اَنَّ ابْنَ جَرِيْرٍ وَغَيْرَهُ مِنَ الْحُفَاظِ وَالْاَئِمَّةِ | محلِ نظر ہیں اور اگر ابن جریر اور انکے علاوہ |
| ذَكَرُوْهُ مَا سُقْتُهُ وَاَكْثَرُهُ مِنْ رِوَايَةِ | دوسرے ائمہ اور حفاظ نے ان کو بیان نہ کیا |
| اَبِي مِخْنَفٍ لُوْطِ بْنِ يَحْيٰي وَقَدْ كَانَ | ہوتا تو ہم بھی نہ کرتے اور وہ روایتیں اکثر |
| شِيْعِيًّا وَهُوَ ضَعِيْفُ الْحَدِيْثِ عِنْدَ | ابو مخنف لوط بن یحییٰ کی ہیں اور وہ شیعہ تھا |
| الْاَئِمَّةِ وَلٰكِنَّهُ اَخْبَارِيٌّ حَافِظٌ | ائمہ کے نزدیک وہ حدیث میں ضعیف ہے |
| عِنْدَهُ مِنْ هٰذِهِ الْاَشْيَاءِ مَا | لیکن تاریخ کا وہ حافظ ہے۔ تاریخی روایات |
| لَيْسَ عِنْدَ غَيْرِهِ وَلِهٰذَا يَتَرَامٰى | اس کے پاس ایسی ہیں جو اس کے غیر کے |
| عَلَيْهِ كَثِيْرٌ مِّنَ الْمُصَنِّفِيْنَ | پاس نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اکثر مصنفین |
| البدایہ والنہایہ ص۲۰۲ ج۸ | اس کی طرف لپکتے ہیں۔ |

علامہ ابن کثیر نے ابو مخنف المتوفی ۱۵۷ھ کے متعلق لکھا کہ وہ شیعہ تھا۔ لیکن عباسی نے لکھا کہ وہ غال تھا۔ حالانکہ اسلاف کے نزدیک شیعہ اور غال و رافضی میں فرق ہے۔

شاہ عبدالعزیز دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اسلاف میں ایک جماعت کا مذہب یہ تھا کہ وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فضیلت دیتے تھے انکو شیعہ کہتے تھے[۱] یعنی شیعہ کا معنی تھا تفضیلی، اور جو معاذ اللہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی شان میں گستاخی وغیرہ کرتے تھے ان کو کہتے تھے رافضی۔ آج کل اکثر شیعہ کہلانے والے رافضی ہی ہیں۔ اور ان کو غال بھی کہا جاتا ہے۔

ابن کثیر فرماتے ہیں کہ ابو مخنف حدیث میں ضعیف تھا لیکن تاریخ کا وہ حافظ تھا۔ عباسی نے ازراہِ خیانت ابن کثیر کی آدھی عبارت لکھ دی کہ وہ ضعیف الحدیث تھا اور اور آدھی عبارت کہ تاریخ کا وہ حافظ تھا اس کو کھا گئے۔ اہلِ علم جانتے ہیں کہ تفسیر،

---

[۱] بستان المحدثین ص۲۰۷

Marfat.com

حدیث، فقہ، تاریخ، قرأت، لغت وغیرہ الگ الگ علوم و فنون ہیں یہ ضروری نہیں کہ کوئی ہر علم و فن میں کامل و حافظ ہو۔ ابن کثیر نے ابو مخنف کو اگر علم حدیث میں ضعیف کہا تو علم تاریخ میں حافظ و کامل بھی تو کہا ہے۔ اور چونکہ تاریخ میں وہ حافظ تھا اس لیے ائمہ مورخین نے اس کی روایات پر اعتماد کیا اور اپنی تواریخ میں اُن کو لکھا۔ لیکن عباسی نے اس کی روایات کو جھوٹی اور وضعی کہا کہ اس قماش کی روایتیں اسی کے پاس تھیں۔

# بخاری اور مسلم کے راوی

## تقریب التہذیب مطبع فاروقی دھلی

### بخاری شریف کے شیعہ اور رافضی راوی۔ تقریب التہذیب

| صفحہ | نام راوی | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۳۰ | اسحٰق بن منصور السلولی تکلم فیہ للتشیع<br>اسحٰق بن منصور سلولی میں شیعہ ہونے کی وجہ سے کلام کیا ہے | (۱) |
| ۳۳ | اسمٰعیل بن ابان الوراق تکلم فیہ للتشیع<br>اسمٰعیل بن ابان وراق میں شیعہ ہونے کی وجہ سے لوگوں نے کلام کیا ہے۔ | (۲) |
| ۶۴ | الحارث بن عبداللہ الاعور الھمدانی کذبہ الشعبی فی روایۃ ورمی بالرفض وفی حدیثہ ضعف<br>حارث بن عبداللہ اعور ہمدانی کو شعبی نے ایک روایت میں جھوٹا کہا ہے اور اسکو رافضی کہا جاتا ہے اور اس کی حدیث میں ضعف ہے۔ | (۳) |
| ۳۸ | اسمٰعیل بن موسیٰ الفزاری الکوفی ورمی بالرفض<br>اسمٰعیل بن موسیٰ الفزاری خطا کرتا تھا اور اس کو رافضی | (۴) |

Marfat.com

کہا جاتا ہے۔

(۵) الربیع بن انس البکری لہ اوہام رمی بالتشیع ۱۲۱

ربیع بن انس بکری بڑا وہمی تھا اور اسے شیعہ بھی کہا گیا ہے۔

(۶) سعید بن عمرو بن اشوع الھمدانی رمی بالتشیع ۱۴۷

سعید بن عمرو بن اشوع ہمدانی کو شیعہ کہا گیا ہے۔

(۷) سعید بن فیروز ابو البختری فیہ تشیع قلیل ۱۴۸

سعید بن فیروز ابو البختری میں تھوڑا سا شیعہ پن تھا۔

(۸) سعید بن محمد بن سعید الجرمی الکوفی رمی بالتشیع ۱۴۸

سعید بن محمد بن سعید جرمی کوفی کو شیعہ کہا گیا ہے۔

(۹) عبد اللہ بن عیسیٰ بن عبد الرحمٰن کوفی فیہ تشیع ۲۱۰

عبد اللہ بن عیسیٰ بن عبد الرحمٰن کوفی میں شیعیت ہے۔

(۱۰) عبد العزیز بن سیاہ کوفی یتشیع ۲۴۱

عبد العزیز بن سیاہ کوفی شیعہ تھا۔

(۱۱) علی بن الجعد بن عبید الجوہری البغدادی رمی بالتشیع ۲۶۹

علی بن جعد بن عبید جوہری بغدادی کو شیعہ کہا گیا ہے۔

(۱۲) عوف بن ابی جمیلہ رمی بالقدر و بالتشیع ۲۹۲

عوف بن ابی جمیلہ کو قدریہ و شیعہ کہا گیا ہے۔

(۱۳) فطر بن خلیفہ المخزومی رمی بالتشیع ۳۰۲

فطر بن خلیفہ مخزومی کو شیعہ کہا گیا ہے۔

(۱۴) محمد بن فضیل بن غزوان الکوفی رمی بالتشیع ۳۳۵

محمد بن فضیل بن غزوان کوفی کو شیعہ کہا گیا ہے۔

Marfat.com

(۱۵) مخول بن راشد نسب الی التشیع ۱۵۸

مخول بن راشد کی نسبت شیعوں کی طرف کی گئی ہے۔

(۱۶) عباد بن یعقوب رافضی ۱۵۴

عباد بن یعقوب رافضی تھا

## بخاری شریف کے قدریہ اور ناصبی راوی

### تقریب التہذیب طبع فاروقی دھلی

| نمبر شمار | نام راوی | | صفحہ |
|---|---|---|---|
| (۱) | الحسن بن ذکوان یخطئ و رمی بالقدر | (قدریہ) | ۸۷ |
| (۲) | زکریا بن اسحٰق رمی بالقدر | " | ۱۲۸ |
| (۳) | سلام بن مسکین رمی بالقدر | " | ۱۶۵ |
| (۴) | شبل بن عباد رمی بالقدر | " | ۱۶۶ |
| (۵) | صفوان بن سلیم المدنی رمی بالقدر | " | ۱۷۷ |
| (۶) | عبداللہ بن ابی لبید المدنی رمی بالقدر | " | ۲۱۲ |
| (۷) | عبداللہ بن ابی نجیح رمی بالقدر | " | ۲۱۸ |
| (۸) | عطا بن ابی میمونہ رمی بالقدر | " | ۲۶۵ |
| (۹) | عمر بن ابی زائدۃ رمی بالقدر | " | ۲۷۸ |
| (۱۰) | عوف بن ابی جمیلۃ رمی بالقدر والتشیع | " | ۲۹۲ |
| (۱۱) | کہمس بن المنہال رمی بالقدر | " | ۳۱۰ |
| (۱۲) | محمد بن الحسن بن ہلال فیہ لین و رمی بالقدر | " | ۳۱۷ |
| (۱۳) | محمد بن سوار رمی بالقدر | " | ۳۲۲ |
| (۱۴) | ہارون بن موسیٰ الازدی رمی بالقدر | " | ۳۷۸ |

Marfat.com

(۱۵) ہشام بن ابی عبداللہ قد رمی بالقدر (قدریہ) ۳۸۰

(۱۶) یحییٰ بن حمزہ رمی بالقدر " ۳۹۰

## ناصبی راوی

(۱) حریز بن عثمان رمی بالنصب (ناصبی) ۸۴

(۲) حصین بن نمیر ابو محصن رمی بالنصب " ۹۶

(۳) زیاد بن علاقہ رمی بالنصب " ۱۲۳

(۴) عبداللہ بن سالم الاشعری رمی بالنصب " ۲۰۰

## مسلم شریف کے شیعہ اور رافضی اور ناصبی اور قدریہ راوی تقریب التہذیب

نمبر شمار — نام شیعہ راوی — صفحہ

(۱) اسحٰق بن منصور السلولی تکلم فیہ التشیع ۳۰

(۲) اسمٰعیل بن ابان الوراق تکلم فیہ للتشیع ۳۳

(۳) الحارث بن عبداللہ الاعور الہمدانی کذبہ الشعبی فی روایتہ ۷۴
ورمی بالرفض و فی حدیثہ ضعف (رافضی)

(۴) الربیع بن انس البکری لہ اوہام رمی بالتشیع ۱۲۱

(۵) سعید بن عمرو بن اشوع رمی بالتشیع ۱۴۷

(۶) سعید بن فیروز فیہ تشیع قلیل ۱۴۸

(۷) سعید بن محمد بن سعید رمی بالتشیع ۱۴۸

(۸) عبداللہ بن عیسٰی بن عبد عبدالرحمٰن فیہ تشیع ۲۱۰

(۹) عبدالعزیز بن سیاہ تشیع ۲۴۱

(۱۰) فطر بن خلیفۃ رمی بالتشیع ۳۰۲

(۱۱) محمد فضیل بن غزوان الضبی رمی بالتشیع ۳۳۵

Marfat.com

(۱۲) مؤمل بن راشد نسب الی التشیع ۲۴۹

(۱۳) ابان بن تغلب الکوفی تکلم فیہ للتشیع ۱۴

(۱۴) اسمعیل بن عبدالرحمن بن ابی کریمۃ یہم و رمی بالتشیع ۳۶

(۱۵) بکیر بن عبداللہ الطائی الکوفی رمی بالرفض (رافضی) ۵۶

(۱۶) جعفر بن سلیمان الضبعی کان یتشیع ۹۸

(۱۷) الحسن بن صالح الہمدانی رمی بالتشیع ۸۸

(۱۸) عبداللہ بن عمر بن محمد الجعفی فیہ تشیع ۲۰۸

(۱۹) عمار بن معاویۃ الذہبی البجلی الکوفی یتشیع ۲۷۵

(۲۰) عمرو بن حماد بن طلحۃ الکوفی رمی بالرفض ۲۸۴

(۲۱) محمد بن اسحق بن یسار یدلس و رمی بالتشیع والقدر ۳۱۳

(۲۲) نوح بن قیس بن رباح الازدی رمی بالتشیع ۳۷۷

(۲۳) یزید بن ابی زیاد الہاشمی وکان شیعیا ۳۹۷

(۲۴) ہشام بن سعد المدنی لہ اوہام و رمی بالتشیع ۳۸۰

(۲۵) الولید بن عبداللہ بن جمیع الزہری یہم و رمی بالتشیع ۳۸۶

نام قدریہ راوی

(۱) زکریا بن اسحق رمی بالقدر وکان یدلس ۱۲۸

(۲) سلام بن مسکین رمی بالقدر ۱۲۵

(۳) صفوان بن سلیم المدنی رمی بالقدر ۱۷۷

(۴) عبداللہ بن ابی نجیح رمی بالقدر ۲۱۸

(۵) عطا بن ابی میمونہ رمی بالقدر ۲۶۵

(۶) محمد بن سوار رمی بالقدر ۳۲۲

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| (۷) | ہارون بن موسیٰ الازدی رمی بالقدر | ۳۷۸ |
| (۸) | ہشام بن ابی عبداللہ قدر رمی بالقدر | ۳۸۰ |
| (۹) | یحییٰ بن حمزۃ رمی بالقدر | ۳۹۰ |
| (۱۰) | محمد بن اسحٰق بن یسار یدلس و رمی بالتشیع والقدر | ۲۱۳ |
| (۱۱) | حرب بن میمون الاکبر رمی بالقدر | ۸۳ |
| (۱۲) | زیاد بن علاقہ رمی بالنصب (ناصبی) | ۱۲۳ |
| (۱۳) | سیف بن سلیمان المخزومی رمی بالقدر | ۱۹۵ |
| (۱۴) | عبداللہ بن ابی لبید المدنی رمی بالقدر | ۲۱۲ |
| (۱۵) | عبدالرحمٰن بن اسحٰق بن عبداللہ رمی بالقدر | ۲۲۶ |
| (۱۶) | عبدالحمید بن جعفر بن عبداللہ رمی بالقدر | ۲۲۳ |

## ناصبی راوی

| | | |
|---|---|---|
| (۱) | احمد بن عبدۃ بن موسیٰ رمی بالنصب | ۱۰ |
| (۲) | خالد بن سلمۃ رمی بالارجاء والنصب | ۱۰۹ |
| (۳) | عبداللہ بن شقیق العقیلی فیہ نصب | ۲۰۲ |
| (۴) | نعیم ابی ہند النعمان بن اشیم رمی بالنصب | ۳۷۵ |

اب عباسی صاحب اور ان کے ساتھی یزیدی ٹولے سے سوال ہے کہ بخاری و مسلم کے راویوں میں کس قدر شیعہ و رافضی قدریہ و ناصبی ہیں جن کا اوپر ذکر ہوا جو امام غزالی رحمۃ اللہ کے نزدیک مستحقِ لعنت ہیں تو کیا وہ ان کو مستحقِ لعنت سمجھتے ہیں؟ اور کیا لعنتیوں کی روایتیں قابلِ قبول ہیں؟ نیز اگر ابو مخنف لوط بن یحییٰ شیعہ تھا اس لیے اس کی روایتیں قابلِ قبول نہیں تو بخاری و مسلم کے ان شیعہ۔ رافضی۔ قدریہ اور ناصبی راویوں کی روایات کے متعلق کیا خیال ہے؟

Marfat.com

# سوال نمبر ۹

کیا جہادِ قسطنطنیہ یزید کی قیادت میں ہوا اور کیا وہ از روئے جہادِ قسطنطنیہ جنّتی ہے اور جو اس کو جنّتی نہ مانے وہ حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کی حدیث جو بخاری میں ہے اُس کا منکر ہے؟

## جواب

بخاری شریف کی وہ حدیث جس سے یزید کا جنّتی ہونا ثابت کیا جاتا ہے یہ ہے حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا۔

اَوَّلُ جَیْشٍ مِنْ اُمَّتِی یَغْزُوْنَ مَدِیْنَۃَ قَیْصَرَ مَغْفُوْرٌ لَّھُمْ (بخاری شریف ص۴۱۰)

میری اُمّت کا پہلا لشکر جو قیصر کے شہر میں جنگ کرے گا ان کے لیے مغفرت ہے۔

اس حدیث سے استدلال کرنے والوں کو معلوم ہونا چاہیئے کہ یہ ارشادِ گرامی اُس نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم کا ہے جن کے پیشِ نظر قیامت تک کے حالات تھے۔ آپ نے مطلقاً نہیں فرمایا کہ جتنے بھی قیصر کے شہر میں غزوہ کریں گے اُن سب کے لیے بخشش ہے بلکہ اَوَّلُ جَیْشٍ مِّنْ اُمَّتِی فرما کر مغفرت کو پہلے لشکر کے ساتھ خاص فرمایا ہے۔ اور پہلے لشکر میں یزید ہرگز نہیں تھا۔

چنانچہ علامہ ابن اثیر فرماتے ہیں۔

وَفِی ھٰذِہِ السَّنَۃِ وَقِیْلَ سَنَۃَ خَمْسِیْنَ سَیَّرَ مُعَاوِیَۃَ جَیْشًا کَثِیْفًا اِلٰی بِلَادِ الرُّوْمِ لِلْغَزَاۃِ وَجَعَلَ عَلَیْھِمْ سُفْیَانَ بْنَ عَوْفٍ وَاَمَرَ اِبْنَہٗ یَزِیْد

اور اسی سال ۴۹ھ میں اور کہا گیا ہے کہ ۵۰ھ میں حضرت معاویہ نے ایک لشکرِ جرار بلادِ روم کی طرف بھیجا اور اس پر سفیان بن عوف کو امیر بنایا اور اپنے بیٹے یزید کو ان

بِالْغَزَاةِ مَعَهُمْ فَتَثَاقَلَ وَاعْتَلَّ
فَأَمْسَكَ عَنْهُ أَبُوهُ فَأَصَابَ النَّاسَ
فِي غَزَاتِهِمْ جُوعٌ وَمَرَضٌ
شَدِيدٌ فَأَنْشَأَ يَزِيدُ يَقُولُ ـ
مَا إِنْ أُبَالِي بِمَا لَاقَتْ جُمُوعُهُمْ
بِالْفَرْقَدُونَةِ مِنْ حُمَّى وَمِنْ
مُومٍ بِدَيْرِ مُرَّانٍ عِنْدِي أُمُّ كُلْثُومٍ
إِذَا اتَّكَأْتُ عَلَى الْأَنْمَاطِ مُرْتَفِقًا
أُمُّ كُلْثُومٍ امْرَأَتُهُ وَهِيَ ابْنَةُ
عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ فَبَلَغَ مُعَاوِيَةَ
شِعْرُهُ فَأَقْسَمَ عَلَيْهِ لَيَلْحَقَنَّ
بِسُفْيَانَ فِي أَرْضِ
الرُّومِ لِيُصِيبَهُ مَا أَصَابَ
النَّاسَ ـ

(ابن اثیر ص ۱۸۹ ج ۳)

کے ساتھ غزوہ میں شریک ہونے کا حکم دیا
تو یزید بیٹھ رہا اور حیلے بہانے شروع کیے تو
امیر معاویہ اس کے بھیجنے سے رک گئے۔ اس
جنگ میں لوگوں کو بھوک پیاس اور سخت
بیماری پہنچی تو یزید نے (خوش ہوکر) یہ اشعار
کہے ۔ مجھے پرواہ نہیں کہ ان لشکروں پر بخار
اور تنگی و تکلیف کی بلائیں مقام فرقدونہ میں
آپڑیں جبکہ میں دیر مران میں اونچی مسند پر تکیہ
لگائے ہوئے ام کلثوم کو اپنے پاس لیے بیٹھا
ہوں ام کلثوم بنت عبداللہ ابن عامر یزید کی
بیوی تھی۔ یزید کے یہ اشعار امیر معاویہ تک
پہنچے تو انہوں نے قسم کھائی کہ اب میں یزید کو
بھی سفیان بن عوف کے پاس روم کی زمین
میں ضرور بھیجوں گا۔ تاکہ اسے بھی وہ مصیبتیں
پہنچیں جو لوگوں کو پہنچی ہیں۔

اس روایت سے چند امور ثابت ہوتے ہیں۔

(۱) یہ کہ وہ پہلا لشکر جو بلاد روم کی طرف جہاد کے لیے گیا اس کے قائد و امیر حضرت سفیان بن عوف تھے یزید ہرگز نہ تھا

(۲) یہ کہ یزید اس پہلے لشکر میں نہ تھا اور بشارت و مغفرت پہلے لشکر کے ساتھ خاص ہے۔ جیسا کہ حدیث میں صراحت ہے۔ لہٰذا یزید ہرگز اس کا مصداق نہ ہوا۔

(۳) یہ کہ یزید کو راہ خدا میں جہاد کرنے سے کوئی قلبی لگاؤ نہ تھا کہ باوجود حضرت

Marfat.com

معاویہ کے حکم کے اس نے طرح طرح کے حیلے بہانے بنا کر جان چھڑائی اور اپنے باپ کے حکم اور جہاد سے رُو گردانی کی۔

(۴) یہ کہ یزید کو مجاہدین اسلام سے کوئی ہمدردی اور ان کے دکھ درد اور بھوک پیاس میں مبتلا ہو جانے کا کوئی احساس نہ تھا، بلکہ اس کی بے پروائی کا یہ عالم تھا کہ میری بلا سے کون بھوک پیاس سے مر رہا ہے اور کون تکالیف و مصائب کا شکار ہے۔

(۵) یہ کہ اس کی عیش پرستی کا یہ حال تھا کہ اس نے کہا کہ مجھے تو دیر مران کے مزین و مکلف فرش و فروش اور اُمِ کلثوم کے ساتھ عیش چاہیئے۔

(۶) یہ کہ وہ دوسرے لشکر کے ساتھ بطور سزا کے بھیجا گیا تھا۔ کیونکہ حضرت معاویہ نے اس کے اشعار سُن کر قسم کھائی تھی کہ اب اسکو بھی ضرور بھیجوں گا تاکہ اس کو بھی وہ مصیبتیں پہنچیں جو لوگوں کو پہنچی ہیں۔ لہذا اس کو مجبوراً بادل نخواستہ قہرِ درویش بر جانِ درویش کے طور پر جانا پڑا اور نہ وہ اخلاص کے ساتھ راہِ خدا میں جذبہ جہاد کے ساتھ سرشار ہو کر نہیں گیا تھا۔

(۷) یہ کہ جہاد عبادت ہے اور عبادت میں اخلاص شرط ہے کہ بغیر اخلاص کے کوئی عبادت قبول نہیں ہوتی اور اس روایت سے اظہر من الشمس ہے کہ اس کا اس غزوہ میں شریک ہونا بطور سزا کے تھا۔ اخلاص کے ساتھ نہ تھا۔

امام المحدثین علامہ امام بدر الدین عینی شارح صحیح بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:-

| | |
|---|---|
| وَقِيلَ سَيَّرَ مُعَاوِيَةُ جَيْشًا مَعَ سُفْيَانُ بْنِ عَوْفٍ إِلَى الْقُسْطُنْطِنِيَّةِ فَأَوْغَلُوا فِي بِلَادِ الرُّومِ وَكَانَ فِي ذٰلِكَ الْجَيْشِ ابْنُ عَبَّاسٍ وَ ابْنُ عُمَرَ وَابْنُ الزُّبَيْرِ وَأَبُو أَيُّوبَ | اور کہا گیا ہے کہ حضرت معاویہ نے ایک لشکر جس کے امیر سفیان بن عوف تھے قسطنطنیہ پر چڑھائی کرنے کیلئے بھیجا وہ لشکر روم کے شہروں میں فتح کرتے ہوئے بڑھتا چلا گیا۔ اس لشکر میں ابن عباس، ابن عمر، ابن زبیر اور |

Marfat.com

الانصاری وتوفی ابو ایوب فی مدۃ
الحصار قلت الاظہر ان ہؤلاء
السادات من الصحابۃ کانوا مع سفیان
ھذا ولم یکونوا مع یزید بن معاویۃ
لانہ لم یکن من ان یکون ہؤلاء السادات
فی خدمتہ وقال المھلب فی
ھذا الحدیث منقبۃ لمعاویۃ لانہ
اول من غزا البحر ومنقبۃ لولدہ
یزید لانہ اول من غزا مدینۃ
قیصر انتھی قلت ای منقبۃ
کانت لیزید وحالہ مشہور
فان قلت قال صلی اللہ تعالے
علیہ وسلم فی حق ھذا الجیش
مغفور لھم قلت لا یلزم من
دخولہ فی ذالک العموم
ان لا یخرج بدلیل خاص
اذ لا یختلف اھل العلم ان
قولہ صلی اللہ علیہ وسلم
مغفور لھم مشروط بان
یکونوا من اھل المغفرۃ حتے
لو ارتد واحد ممن غزاھا

ابو ایوب انصاری تھے اور ابو ایوب اسی زمانہ
حصار میں وہیں فوت ہوئے۔ میں کہتا ہوں حق
کہ یہ بات بالکل ظاہر ہے کہ یہ اکابر صحابہ
سفیان بن عوف کی قیادت میں تھے یزید
کی قیادت میں نہ تھے کیونکہ یزید اسکا اہل نہ تھا
کہ یہ بڑے بڑے حضرات اسکی خدمت میں
رہ ماتحت کی حیثیت سے رہیں۔ اور مہلب نے
کہا ہے کہ اس حدیث سے حضرت معاویہ کی منقبت
ثابت ہوتی ہے کیونکہ انہوں نے ہی سب سے پہلے
دریائی جنگ کی اور ان کے بیٹے یزید کی بھی
منقبت ثابت ہوتی ہے کیونکہ اس نے سب سے
پہلے قیصر کے شہر قسطنطنیہ میں جنگ کی تھی
کہتا ہوں کون سی منقبت ہے جو یزید کیلیے
ثابت ہوگی جبکہ اس کا حال خوب مشہور ہے
اگر تم یہ کہو کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس
لشکر کے حق میں مغفور لھم فرمایا ہے!
تو میں یہ کہتا ہوں کہ اس عموم میں یزید کے
داخل ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ کسی
دوسری دلیل سے اس سے خارج بھی نہ ہو
سکے۔ کیونکہ اس میں تو اہل علم کا کوئی اختلاف
ہی نہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قول

Marfat.com

بَعْدَ ذَالِكَ لَمْ يُدْخَلْ فِي ذَالِكَ الْعَمُومِ فَدَلَّ عَلٰى اَنَّ الْمُرَادَ مَغْفُوْرٌ لِمَنْ وُجِدَ شَرْطُ الْمَغْفِرَةِ فِيْهِ مِنْهُمْ

عمدۃ القاری شرح بخاری ص ۶۴۹/۶

مَغْفُوْرٌ لَّهُمْ میں وہی داخل ہیں جو مغفرت کے اہل ہیں حتیٰ کہ اگر ان غزوہ کرنے والوں میں سے کوئی مرتد ہو جاتا تو وہ یقیناً اس بشارت کے عموم میں داخل نہ رہتا پس یہ صاف طور پر دلالت کرتا ہے کہ مغفرت سے مراد یہ ہے کہ جس کے واسطے مغفرت کی شرط پائی جائے اس کے واسطے مغفرت ہے۔

علامہ امام قسطلانی شارح بخاری رحمۃ اللہ علیہ اسی حدیث کے تحت فرماتے ہیں:۔

وَاسْتَدَلَّ بِهِ الْمهلّبُ عَلٰى ثُبُوتِ خِلَافَةِ يَزِيْدَ وَاَنَّهُ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ لِدَخُولِهِ فِي عُمُومِ قَوْلِهِ مَغْفُوْرٌ لَّهُمْ وَاُجِيْبَ بِاَنَّ هٰذَا جَاءَ عَلٰى طَرِيْقِ الْحَمِيَّةِ لِبَنِي اُمَيَّةَ وَلَا يَلْزَمُ مِنْ دَخُولِهِ فِي ذٰلِكَ الْعُمُومِ اَنْ لَّا يَخْرُجَ بِدَلِيْلٍ خَاصٍ اِذْ لَا اخْتِلَافَ لِقَوْلِهِ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ مَغْفُوْرٌ لَّهُمْ مَشْرُوْطٌ بِكَوْنِهِمْ مِنْ اَهْلِ الْمَغْفِرَةِ حَتّٰى لَوْ ارْتَدَّ وَاحِدٌ مِمَّنْ غَزَاهَا بَعْدَ ذٰلِكَ لَمْ يَدْخُلْ فِي ذٰلِكَ الْعُمُومِ

اس حدیث سے مہلب نے یزید کی خلافت اور اس کے جنتی ہونے کا استدلال کیا ہے کہ وہ حدیث کے اس جملہ "مَغْفُوْرٌ لَّهُمْ" کے عموم میں داخل ہے۔ اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ یہ بات محض بنی اُمیہ کی حمایت میں کہی گئی ہے اور یزید کے اس عموم میں داخل ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ کسی اور خاص دلیل سے اس سے خارج بھی نہیں ہو سکتا کیونکہ اس میں اختلاف نہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ قول مَغْفُوْرٌ لَّهُمْ اس شرط کے ساتھ مشروط ہے کہ یہ لوگ مغفرت کے اہل ہوں حتیٰ کہ اگر کوئی شخص اس غزوہ کے بعد ان میں سے مرتد ہو جائے تو وہ بالاتفاق اس بشارت میں داخل نہیں رہے گا۔ یہ بات ابن منیر نے کہی

Marfat.com

اِتِّفَاقًا قَالَہُ ابْنُ الْمُنِيرِ وَقَدْ اَطْلَقَ بَعْضُھُمْ فِیْمَا نَقَلَہُ الْمَوْلٰی سَعْدُ الدِّیْنِ اللَّعْنَ عَلٰی یَزِیْدَ الخ (ارشاد الساری شرح بخاری ص۱۰۱)

ہے۔ اور بیشک بعض علماء نے یزید پر لعنت کا اطلاق کیا ہے جیسا کہ علامہ سعد الدین تفتازانی نے نقل فرمایا ہے (آگے شرح عقائد کی عبارت نقل کی جو اسی کتاب کے ص۱۲۹ پر مذکور ہے)

قریب ایسا ہی علامہ حافظ ابن حجر عسقلانی اور علامہ الشیخ علی ابن الشیخ احمد رحمہم اللہ تعالٰی نے لکھا ہے۔ ملاحظہ ہو، فتح الباری شرح بخاری ص۹۵ اور سراج منیر شرح جامع صغیر ص۹۔ ثابت ہوا کہ یزید ہرگز اس حدیث کا مصداق نہیں ہے۔ حدیث قسطنطنیہ کی تاویل میں چونکہ تاریخی طور پر اتنے احتمال ہیں اس لیے اس سے مخالفین کا استدلال صحیح نہیں ہے اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال غور فرمایئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے مَنْ قَالَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ فَقَدْ دَخَلَ الْجَنَّۃَ (الحدیث) کہ جس نے کلمہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ پڑھا وہ جنتی ہو گیا۔ چنانچہ ایک شخص کلمہ شریف پڑھ کر بفرمانِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم جنتی ہو جاتا ہے اور اس کلمہ کا صرف زبانی قائل رہتا ہے تو کیا وہ جنتی ہی رہے گا ہرگز نہیں بلکہ وہ جہاد اور ختم نبوت کے انکار اور بدعقیدہ ہو جانے کی وجہ سے وہ دلیل خاص سے اس عموم سے خارج ہو جائے گا۔ اس اجمال کی قدرے تفصیل یہ ہے کہ صرف زبانی کلمۂ توحید پڑھنے سے آدمی جنتی نہیں ہوتا ہے بلکہ اس کے لیے شرائط ہیں جن کا ثبوت دوسری آیات و احادیث میں صراحتہً ہے۔ مومن رہنے کے لیے ضروری ہے کہ

---

علاوہ ازیں مستند اور معتبر حوالوں سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ قیصر کے شہر میں سب سے پہلے جس لشکر اسلام نے جہاد کیا وہ لشکر خلیفہ اول امیر المومنین حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں بھیجا گیا اس طرح اَوَّلُ جَیْشٍ کا مصداق وہی لشکر قرار پاتا ہے اور اکابر کی تحقیق کے مطابق ایسا ہی ہے تاہم ۴۹ھ یا ۵۰ھ میں حضرت امیر معاویہ نے جو پہلا لشکر قیصر کے شہر قسطنطنیہ کی طرف بھیجا اس میں بھی یزید نہیں

Marfat.com

یہ کلمہ صدق قلب اور اخلاص سے پڑھے اور اس کا ہر طرح پابند رہے ورنہ منافقین جن کو اللہ تعالیٰ یقیناً جھوٹے اور ان کا جہنم کے درکِ اسفل میں ہونا بیان فرماتا ہے، ان کا بھی جنتی ہونا لازم آتا ہے اسی طرح ایمان کے لیے کچھ ایسی باتیں ہیں جن کو ضروریاتِ دین کہا جاتا ہے اگر کوئی شخص ان میں سے کسی ایک امر ضروری کا انکار کرے تو وہ دین سے خارج ہو جاتا ہے اور یہ بشارت اس کو شامل نہیں ہے۔ اسی طرح یزید پلید، جہادِ قسطنطنیہ کے بعد کے اپنے کردار بد کی وجہ سے ہر شرف اور سعادت سے محروم ہو گیا۔ علیہ ما یستحقہ۔

---

تھا اس لیے ہرگز ہرگز یزید پلید اس بشارت نبوی کا اہل اور مستحق ہی نہیں جو قیصر کے شہر کی طرف جانے والے پہلے لشکر اسلام کے لیے بخاری شریف کی حدیث میں ہے۔ اس کے باوجود جن لوگوں کا اصرار ہے کہ یزید پلید جہاد قسطنطنیہ میں شریک ہو کر بشارت نبوی کا مستحق ہو گیا تو ان کے لیے یہی جواب کافی ہے کہ یزید اس جنگ کے بعد اپنے بدترین کردار کے سبب سے اس بشارت سے قطعاً خارج ہو گیا واضح رہے کہ یزید کو فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے جنتی ثابت کرنے والے سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے بارے میں متعدد ارشاداتِ نبوی بھول جاتے ہیں جن میں حسنین کی ناراضی کو خدا و رسول کی ناراضی فرمایا گیا ہے۔ چناں چہ سوال نمبر ۹ کے جواب کے تحت آپ ملاحظہ فرمائیں گے۔ حیرت ہے یہ لوگ خدا و رسول کو ناراض کرنے والے یزید کو جنتی ٹھہرا کر ان تمام ارشادات کی تکذیب کے مرتکب ہونا قبول کر لیتے ہیں اور قہر الٰہی کو دعوت دیتے ہیں۔ یہاں یہ بھی عرض کرنا ضروری ہے کہ فی زمانہ جو لوگ یزید کے جنتی ہونے کے شد و مد سے قائل ہیں ان کے بڑوں نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انجام کے بارے میں اپنی کتابوں میں جو بکواس کی ہے وہ اہل ایمان سے مخفی نہیں ان کا وتیرہ ہے کہ جب ان کے کسی بڑے پر زد پڑتی ہے تو اپنے عقیدے اور اقوال بھول جاتے ہیں۔ گویا خود ہی اپنے غلط اور نادرست ہونے کا ثبوت پیش کرتے ہیں۔ سچ ہے کہ ؎

خدا جب دین لیتا ہے حماقت آ ہی جاتی ہے

کوکب نورانی اوکاڑوی احمد شفیع

Marfat.com

# اعتراض

اشعۃ اللمعات میں ہے کہ حضرت ام سلمہ نے ۵۹ھ میں وفات پائی اور یہی صحیح تر ہے اور واقعہ کربلا ۱۰ محرم ۶۱ھ میں ہوا۔ ثابت ہوا کہ حضرت ام سلمہ کے متعلق روایات کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور جنوں کے نوحے وغیرہ سنے غلط ہے کیوں کہ وہ اس وقت زندہ ہی نہ تھیں۔

**جواب** اشعۃ اللمعات میں یہ بھی تو ہے کہ بعض کہتے ہیں کہ ان کی وفات ۶۲ھ میں ہوئی ہے اور صاحب اشعۃ اللمعات حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی دوسری مشہور تصنیف مدارج النبوت میں اسی دوسرے قول کی تائید فرمائی ہے چنانچہ فرماتے ہیں:-

ولیکن موید قول ثانی ست کہ روایت کردہ است ترمذی از سلمی امرۃ انصار گفت در آمدم بر ام سلمہ دیدم او را میگریید گفتم چہ چیز در گریہ آورد ترا یا ام سلمہ گفت دیدم الآن رسول خدا را در منام و بر سر و لحیہ شریف وے خاک ست و میگریید گفتم چہ شدہ است ترا یا رسول اللہ گفت حاضر شدم قتل حسین را کہ واقع شدہ است و ظاہر ایں حدیث آنست کہ وی در قتل امام حسین زندہ بود و نیز گویند کہ چوں خبر قتل حسین بوی رسید لعنت کرد اہل عراق را کہ کشتند او را (مدارج النبوت صفحہ ۲۱۲)

ولیکن دوسرے قول کی تائید ترمذی شریف کی اس حدیث سے ہوتی ہے کہ حضرت

Marfat.com

سلمٰی انصاریہ فرماتی ہیں کہ میں حضرت امّ سلمہ کی خدمت میں حاضر ہوئی تو میں نے ان کو روتے ہوئے دیکھ کر پوچھا کہ آپ کو کس چیز نے رلایا؟ فرمایا میں نے ابھی رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا ہے کہ آپ کے سر مبارک و داڑھی شریف پر خاک پڑی ہوئی ہے اور آپ رو رہے ہیں یہ دیکھ کر میں نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ کو کیا ہوا؟ فرمایا میں حسینؓ کے (مقامِ) قتل پر گیا تھا جو واقع ہو چکا ہے۔ اس حدیث سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت امّ سلمہؓ امام حسینؓ کے قتل کے وقت زندہ تھیں اور یہ بھی کہتے ہیں کہ جب ان کو حضرت حسین کے قتل کی خبر ملی تو انہوں نے ان عراقیوں پر لعنت فرمائی جنہوں نے حضرت حسینؓ کو قتل کیا تھا۔

الحمد للہ! خود حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ سے یہ ثابت ہو گیا کہ ان کے نزدیک بھی صحیح یہی ہے کہ حضرت امّ سلمہ رضی اللہ عنہا حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے وقت زندہ تھیں۔

۵۹ھ میں وفات ہوئی یہ واقدی کا قول ہے جو صحیح نہیں صحیح یہ ہے کہ حضرت امّ المؤمنین کی وفات ۶۳ھ میں ہوئی ہے جیسا کہ صحیح روایات سے ثابت ہے چنانچہ علامہ امام ابن کثیر فرماتے ہیں:-

قال الواقدی توفیت سنۃ تسع وخمسین وصلی علیها ابو هریرة وقال ابن ابی خیثمۃ توفیت فی ایام یزید بن معاویۃ۔ قلت والاحادیث المتقدمۃ فی مقتل الحسین تدل علی انها عاشت الی ما بعد مقتله۔ واللہ اعلم ورضی اللہ عنها

(البدایہ والنہایہ ص۲۱۵ ج۸)

واقدی نے کہا ہے کہ حضرت امّ سلمہ نے ۵۹ھ میں وفات پائی اور ابو ہریرہ نے انکی نمازِ جنازہ پڑھائی اور ابن ابی خیثمہ کہتے ہیں کہ یزید بن معاویہ کی حکومت کے ایام میں ان کی وفات ہوئی۔ میں کہتا ہوں کہ وہ احادیث جو ذکرِ شہادتِ حسینؓ میں بیان ہوئی ہیں وہ سب اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ وہ حضرت حسین کی شہادت کے بعد تک زندہ رہیں

Marfat.com

واللہ اعلم ورضی اللہ عنہا۔

علامہ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

مات فی ایام یزید من الاعلام سوی الذین قتلوا مع الحسین وفی وقعۃ الحرۃ ام سلمۃ ام المومنین (تاریخ الخلفاء ص۸۹)

یزید کے ایام حکومت میں جن نامور وں نے وفات پائی علاوہ ان کے جو حضرت حسین کے ساتھ شہید ہوئے اور حضرت ام المومنین ام سلمہ نے وفات پائی واقعہ حرّہ میں (آگے ان ناموروں کے نام لکھے ہیں) اور واقعہ حرّہ ۶۳ھ میں ہوا ہے۔

علامہ شبلی نعمانی فرماتے ہیں:۔

اس اختلاف روایت کی حالت میں سنہ وفات کی تعیین مشکل ہے تاہم یہ یقینی ہے کہ واقعہ حرّہ تک زندہ تھیں مسلم میں ہے کہ حارث بن عبداللہ بن ابی ربیعہ اور عبداللہ بن صفوان ام سلمہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اس لشکر کا حال پوچھا جو زمین میں دھنس جائے گا یہ سوال اس وقت کیا گیا تھا جب یزید نے مسلم بن عقبہ کو لشکر شام کے ساتھ مدینہ کی طرف بھیجا تھا اور واقعہ حرّہ پیش آیا تھا۔ واقعہ حرّہ ۶۳ھ میں پیش آیا ہے اس لیے اس سے پہلے ان کی وفات کی تمام روایتیں صحیح نہیں (سیرۃ النبی ص۲۱۲)

چنانچہ صحیح مسلم شریف کی وہ روایت یہ ہے حضرت عبیداللہ بن قبطیہ فرماتے ہیں:۔

دخل الحارث بن ابی ربیعۃ وعبد اللہ بن صفوان و انا معہما علی ام سلمۃ ام المومنین فسألاھا عن الجیش الذی یخسف بہ وکان ذالک فی ایام ابن الزبیر (بقدر الضرورۃ) مسلم شریف ص۳۸۸/۲

کہ حارث بن ابی ربیعہ اور عبداللہ بن صفوان اور میں بھی ان کے ساتھ تھا ام المومنین ام سلمہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو (حارث اور صفوان) دونوں نے ام المومنین

Marfat.com

سے اس لشکر کے متعلق پوچھا جو زمین میں دھنس جائے گا۔ اور یہ سوال عبداللہ بن زبیر کے ایامِ (خلافت) میں اس وقت کیا گیا (جبکہ لوگ یزید سے منحرف ہو کر ابنِ زبیر کے ہاتھ پر بیعت کر چکے تھے اور یزید نے ایک لشکر ان کی تباہی کے لیے مدینہ منورہ بھیجا تھا۔)

Marfat.com

# فضائل و مناقب

## جواب سوال نمبر ۹

جگر گوشہ رسولِ مقبول، نورِ دیدہ زہرا بتول راحت جانِ علی مرتضٰی، سرورِ قلب حسنِ مجتبٰی، سردارِ جوانانِ اہلِ جنت، زبدہ اہلِ بیتِ نبوت، سیّد السادات، قبلہ اہلِ حاجات، رئیس المجاہدین، امام المسلمین، پیشوائے عارفاں، امامِ عاشقاں، شہیدِ دشتِ کربلا، سیّدنا و مولانا و امامنا حضرت حسین صلوات اللہ و سلامہ علی جدہٖ و ابیہ و اُمّہٖ و اخیہ و رضی اللہ تعالٰی عنہ کے فضائل و مناقب، محاسن و محامد بے شمار ہیں۔ اور کیوں نہ ہوں جبکہ فضائل و کمالات اور برکات و حسنات کا مخزن و معدن انہی کا گھرانہ ہے۔ جس کسی کو بھی کوئی نعمت ملی ان ہی کا صدقہ اور ان کی بدولت ہے۔

لا و ربّ العرش جس کو جو ملا اُن سے ملا
بٹتی ہے کونین میں نعمت رسول اللہ کی

خصوصاً حضرت امام حُسین رضی اللہ عنہ فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم حُسَیْنٌ مِنِّی وَاَنَا مِنْ حُسَیْن کے مطابق آپ کے لختِ جگر بھی ہیں اور آپ کے کمالات و محاسن کے مظہر بھی ہیں اللہ تعالٰی فرماتا ہے۔

اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا (احزاب)

اللہ تو یہی چاہتا ہے اے (نبی کے) گھر والو کہ تم سے ہر ناپاکی کو دُور رکھے اور تمہیں خوب پاک کرکے صاف ستھرا رکھے۔

Marfat.com

یہ آیت منبعِ فضائلِ اہلِ بیتِ نبوت ہے۔ اس کی ابتدا میں اِنَّمَا ہے جو حصر کے لیے آتا ہے۔ اور اپنے ارادہ سے جو قدیم ہے چاہا ہے کہ ان کو ہر آلودگی سے پاک رکھے اور ختم آیت پر تَطْهِیْرًا مبالغہ کے لیے فرمایا تاکہ طہارت کامل حاصل ہو اور مجاز کا شک رفع ہو جائے۔ پھر تطہیراً کی تنوین تعظیم و تکثیر کے لیے ہے۔ یعنی ثابت ہو جائے کہ معمولی طہارت نہیں ہے بلکہ سب سے عمدہ اور اعلیٰ طہارت ہے۔

اس آیت سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اہلِ بیت نبوت کو ہر قسم کی اعتقادی، عملی، اخلاقی ناپاکیوں اور برائیوں سے بالکل پاک اور منزہ فرما کر قلبی صفائی، اخلاقی ستھرائی اور تزکیۂ ظاہر و باطن کا وہ اعلیٰ درجہ اور مقام عطا فرمایا جس کی وجہ سے وہ دوسروں سے ممتاز اور فائق ہیں۔ اس طہارتِ کاملہ کے حصول کے بعد وہ انبیاء کرام علیہم السلام کی طرح معصوم تو نہیں، ہاں محفوظ ضرور ہو گئے۔ اور احادیثِ صحیحہ اور تفاسیرِ معتبرہ کی رُو سے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ یقیناً اہلِ بیتِ نبوت میں داخل اور اس آیت کا مصداق ہیں۔

**لہٰذا** اس آیتِ قرآنی پر ایمان رکھتے ہوئے یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ آپ کا قلبِ مبارک حُبِّ جاہ و مال اور ہوسِ اقتدار اور تمام رذائلِ دنیا سے پاک اور مبرّا تھا۔ کیونکہ قلبی صفائی و تطہیر کا یہ ادنیٰ درجہ ہے ۔

ان کی پاکی کا خدائے پاک کرتا ہے بیاں
آیۂ تطہیر سے ظاہر ہے شانِ اہلِ بیت

(۲) فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ (القرآن)

(میرے حبیب ان نجران کے پادریوں سے) کہہ دیجئے کہ ہم اور تم بلائیں اپنے اپنے بیٹوں کو اور اپنی اپنی عورتوں کو اور اپنی اپنی جانوں کو پھر مباہلہ کریں تو جھوٹوں پر اللہ کی لعنت ڈالیں ۔

Marfat.com

یہ آیت کریمہ آیہ مباہلہ کے نام سے مشہور ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنی نور نظر سیدہ فاطمہ زہرا حضرت علی حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہم کو ساتھ لے کر نصاریٰ نجران کے مقابلہ میں مباہلہ کے لیے تشریف لائے اس وقت بھی آپ نے فرمایا اَللّٰھُمَّ ھٰؤُلَاءِ اَھْلُ بَیْتِی (کذا فی مسلم) اے اللہ! یہ میرے اہل بیت ہیں چنانچہ نصاریٰ کے لاٹ پادری نے جب ان نورانی چہروں کو دیکھا تو پکار اٹھا اے ساتھیو!

اِنِّی لَاَرٰی وُجُوْھًا لَوْ سَاَلُوا اللّٰہَ اَنْ یُّزِیْلَ جَبَلًا لَاَزَالَہٗ مِنْ مَّکَانِہٖ فَلَا تَبْتَہِلُوْا فَتَہْلِکُوْا وَلَا یَبْقٰی عَلٰی وَجْہِ الْاَرْضِ نَصْرَانِیٌّ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ۔

تفسیر کبیر صفحہ ۴۸۸
تفسیر خازن و مدارک صفحہ ۲۴۲

بے شک میں ایسے چہرے دیکھ رہا ہوں کہ اگر یہ لوگ اللہ سے سوال کریں کہ وہ پہاڑوں کو اپنی جگہ سے ہٹا دے تو اللہ انکی دعا سے پہاڑوں کو انکی جگہ سے ہٹا دے گا پس ان سے مباہلہ نہ کرو ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے اور روئے زمین پر قیامت تک کوئی نصرانی باقی نہ رہے گا۔

اس آیت سے ثابت ہوا کہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ بمصداق اَبْنَاءَنَا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹے ہیں اور حضرت اسامہ بن زید فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ حسن و حسین دونوں کو لیے ہوئے فرما رہے تھے:۔

ھٰذَانِ اِبْنَایَ وَاَبْنَا اِبْنَتِی اَللّٰھُمَّ اِنِّی اُحِبُّھُمَا فَاَحِبَّھُمَا وَاَحِبَّ مَنْ یُّحِبُّھُمَا (ترمذی شریف)

یہ دونوں میرے اور میری بیٹی کے بیٹے ہیں اے اللہ میں انکو محبوب رکھتا ہوں تو بھی انکو محبوب رکھ اور اسکو بھی محبوب رکھ جو انکو محبوب رکھے۔

جب قرآن و حدیث سے آپ کا ابن رسول اور جزو رسول ہونا ثابت ہے تو جزو رسول کو جو خلقی اور فطری مناسبت ذاتِ رسول اور اخلاق رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ہو سکتی ہے وہ بدرجۂ اتم آپ کو حاصل تھی۔

Marfat.com

(٢) قُلْ لَا اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا
الْمَوَدَّةَ فِى الْقُرْبٰى (شوریٰ)

فرما دیجئے اے لوگو! میں تم سے اس (ہدایت و تبلیغ) کے
بدلے کچھ اجرت وغیرہ نہیں مانگتا سوائے قرابت کی محبت کے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا:۔

لَا اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ
فِى الْقُرْبٰى اَنْ تَحْفَظُوْنِىْ فِىْ اَهْلِ
بَيْتِىْ وَتَوَدُّوْهُمْ بِىْ
(درمنثور صـ٧)

لوگو میں تم سے اس (ہدایت و تبلیغ) کے بدلے کچھ اجر نہیں
مانگتا سوائے قرابت کی محبت کے اور یہ کہ تم میری حفاظت
کرو میرے اہل بیت کے معاملے میں اور میری وجہ سے
ان سے محبت کرو۔

انہی سے روایت ہے کہ جب یہ آیت قُلْ لَا اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا نازل ہوئی تو
صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! وہ آپ کے قرابت دار کون ہیں جن کی محبت ہم پر واجب
کی گئی ہے؟ قَالَ عَلِیٌّ وَ فَاطِمَةُ وَ وَلَدَاهُمَا فرمایا، علی، فاطمہ اور ان کے دونوں بیٹے یعنی حسن و حسین رضی
اللہ عنہم (احیاء المیت بفضائل اہل البیت للسیوطی صـ١، زرقانی علی المواہب صـ٢١، صواعق محرقہ صـ١٠١)

حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے اپنے ایک خطبہ میں ارشاد فرمایا:۔

مَنْ عَرَفَنِىْ فَقَدْ عَرَفَنِىْ وَمَنْ لَمْ
يَعْرِفْنِىْ فَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ ثُمَّ تَلَا وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ آبَائِىْ اِبْرٰهِيْمَ
اَلْاٰيَةَ ثُمَّ قَالَ اَنَا ابْنُ الْبَشِيْرِ اَنَا
ابْنُ النَّذِيْرِ ثُمَّ قَالَ وَاَنَا مِنْ اَهْلِ الْبَيْتِ
الَّذِيْنَ افْتَرَضَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مَوَدَّتَهُمْ
وَمُوَالَاتَهُمْ فَقَالَ فِيْمَا اَنْزَلَ عَلٰى
مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْ لَّا اَسْئَلُكُمْ

جو مجھے پہچانتا ہے تو وہ مجھے پہچانتا ہی ہے
اور جو نہیں پہچانتا وہ جان لے کہ میں حسن ہوں
فرزند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر آیت
تلاوت فرمائی وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ آبَائِىْ اِبْرٰهِيْمَ آخر
تک پھر فرمایا میں بشیر و نذیر کا فرزند ہوں اور
میں اہل بیت نبوت سے ہوں جن کی محبت و
دوستی اللہ عزوجل نے تم پر فرض فرمائی ہے
اور اس بارے میں اس نے اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وسلم پر یہ آیت نازل فرمائی۔ قُلْ لَّا اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى

عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى، الصواعق المحرقہ ص۱۶۸) المستدرک ص۱۷۲

حضرت ابو دیلم فرماتے ہیں کہ جب امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کو اسیری کی حالت میں دمشق لا کر ایک جگہ کھڑا کیا گیا تو ایک شامی ظالم نے آپ سے کہا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي قَتَلَكُمْ وَاسْتَاْصَلَكُمْ وَقَطَعَ قَرْنَ الْفِتْنَةِ فَقَالَ لَهٗ مَا قَرَاْتَ قُلْ لَّا اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى قَالَ وَاَنْتُمْ هُمْ؟ قَالَ نَعَمْ

خدا کا شکر ہے جس نے تمہارا خاتمہ کیا اور تمہارے جرموں کو کاٹا اور فتنہ گروں کو مٹایا (معاذ اللہ) آپ نے اس سے فرمایا کیا تو نے یہ آیت نہیں پڑھی قُلْ لَّا اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى؟ اس نے کہا کیا وہ تم ہو؟ فرمایا ہاں!

الصواعق المحرقہ ص۱۶۸ درِ منثور ص۷

حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ سے جب اس آیت کی تفسیر پوچھی گئی تو فرمایا کہ الا المودۃ فی القربی سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابتی ہیں (ابن کثیر، شوریٰ ۲۳) صحیح بخاری میں ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اس آیت کی تفسیر پوچھی گئی تو حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى سے مراد اہل بیت نبوت ہیں یہ سن کر ابن عباس نے فرمایا کہ تم نے عجلت سے کام لیا ہے سنو قریش کی کوئی قبیلہ ایسا نہ تھا جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قرابت نہ ہو تو مطلب یہ ہے کہ مجھ میں اور تم میں قرابت ہے اس کا لحاظ رکھو اور ظلم و اذیت سے باز رہو۔ دونوں جلیل القدر حضرات کے اقوال ایک دوسرے کے منافی نہیں ہیں عموم و خصوص میں فرق ہے۔ ابن عباس نے عموم مراد لیا ہے اور ابن جبیر نے خصوص۔ یعنی ابن عباس نے فِي الْقُرْبٰى سے مراد حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور قریش کے درمیان جو قرابت تھی اس کو لیا کہ اس کا حق پہچانو اور مجھ سے محبت کرو نہ کہ عداوت۔ اور ابن جبیر نے فِي الْقُرْبٰى سے قرابت رسول صلی اللہ علیہ وسلم مراد لی ہے۔

تو مطلب یہ ہوا کہ میرے اور تمہارے درمیان جو قرابت ہے اس کی وجہ سے مجھ سے محبت رکھو۔ اور میرے اور میری اولاد کے درمیان جو قرابت ہے اس کی

Marfat.com

وجہ سے میری اولاد سے محبت رکھو، یہ بھی میری ہی محبت ہے۔ چنانچہ حضرت ابن جبیر اس آیت کی تفسیر دونوں طرح فرماتے ہیں۔ اور بعض مفسرین نے یہ مفہوم مراد لیا ہے کہ تم آپس میں ایک دوسرے سے محبت رکھو اور حقِ قرابت کو پہچانو۔ یہ تفسیر بھی عموم پر محمول ہے۔ جب حقِ قرابت محبت کو مقتضی ہے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قرابت اپنی قرابت سے زیادہ محبت کی مستحق ہے۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ نَفْسِهٖ وَتَكُوْنُ عِتْرَتِيْ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ عِتْرَتِهٖ وَ اَهْلِيْ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنْ اَهْلِهٖ وَذَاتِيْ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنْ ذَاتِهٖ ۔

ابن حبان۔ بیہقی نے شعب الایمان

رشفۃ الصادی ص۴۶ نور الابصار ص۱۲۶

کوئی بندہ مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ میں اس کے نزدیک اسکی جان سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں اور میری اولاد اسکے نزدیک اسکی اولاد سے زیادہ محبوب نہ ہو اور میرے اہل اسکے نزدیک اس کے اہل سے زیادہ محبوب نہ ہوں اور میری ذات اس کے نزدیک اسکی ذات سے زیادہ محبوب نہ ہو۔

حضور رحمتِ عالم صلی اللہ وسلم نے فرمایا۔

اَدِّبُوْا اَوْلَادَكُمْ عَلٰى ثَلَاثِ خِصَالٍ حُبِّ نَبِيِّكُمْ وَحُبِّ اَهْلِ بَيْتِهٖ وَقِرَاءَةِ الْقُرْاٰنِ (سراج منیر شرح جامع صغیر ص۱)

اپنی اولاد کو تین خصلتیں سکھاؤ، اپنے نبی کی محبت اور اپنے نبی کے اہل بیت کی محبت اور قرآن کی قرأت۔

(۴) اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ (القرآن الاحزاب)

بیشک اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے رہتے ہیں اس غیب بتانے والے (نبی صلی اللہ علیہ وسلم) پر۔ اے ایمان والو تم بھی ان پر درود بھیجو اور خوب سلام بھیجو۔

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ!

قَدْ عَرَفْنَا كَيْفَ نُسَلِّمُ عَلَيْكَ فَكَيْفَ

بیشک یہ تو ہم نے جان لیا کہ ہم (التحیات میں)

Marfat.com

نُصَلِّی عَلَیْکَ؟ فَقَالَ قُوْلُوْا اَللّٰھُمَّ صَلِّ
عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ
عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔
(مسلم شریف ص۱۷۵ مشکوٰۃ شریف ص۸۶)

آپ پر سلام کس طرح پڑھیں۔ اب آپ فرمائیے
کہ ہم آپ پر درود کس طرح پڑھیں؟ تو فرمایا تم کہو
اے اللہ! درود بھیج (حضرت) محمد اور آپکی آل پر
جیسا کہ درود بھیجا تو نے (حضرت) ابراہیم اور
انکی آل پر۔ بیشک تو حمید و مجید ہے۔

ایک روایت میں فرمایا یوں کہو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَزْوَاجِہٖ
وَذُرِّیَّتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ (مسلم شریف ص۱۷۵ مشکوٰۃ ص۸۶)

اے اللہ! درود بھیج (حضرت) محمد اور آپ کی
ازواج اور آپکی اولاد پر جیسا کہ تو نے درود
بھیجا آلِ ابراہیم پر۔ بیشک تو حمید و مجید ہے۔

غور فرمایئے! صحابہ کرام نے اپنے سوال میں یہ نہیں دریافت کیا کہ آپ پر اور آپ کے اہلِ بیت پر کیسے درود بھیجیں! بلکہ صرف آپ پر درود بھیجنے کی کیفیت پوچھی۔ مگر آپ نے اپنی تبعیت میں اپنے اہلِ بیت کو بھی اپنے ساتھ ملایا بلکہ جس درود میں آپ کے ساتھ آپ کے اہلِ بیت کو نہ ملایا جائے اسے ناقص قرار دیا۔ کامل درود وہ ہے جس میں آپ کے ساتھ آپ کے اہلِ بیت کا نام بھی شامل ہو۔ چنانچہ فرمایا۔

لَا تُصَلُّوْا عَلَیَّ الصَّلٰوۃَ الْبَتْرَاءَ
فَقَالُوْا وَمَا الصَّلٰوۃُ الْبَتْرَاءُ
قَالَ تَقُوْلُوْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ
عَلٰی مُحَمَّدٍ وَتُمْسِکُوْنَ بَلْ
قُوْلُوْا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ۔
(صواعق محرقہ ص۱۴۴)

مجھ پر ناقص درود نہ بھیجا کرو۔ عرض کیا
گیا، ناقص درود کونسا ہے؟ فرمایا تم کہتے ہو
اللھم صل علی محمد اور یہیں رک جاتے ہو
بلکہ یوں کہا کرو اللھم صل علی محمد و علی
آلِ محمد۔ یعنی آل کا نام لیے بغیر پڑھنا ناقص
اور آل کے نام کے ساتھ پڑھنا کامل درود
شریف ہے۔

Marfat.com

حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے کہ :۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی صَلٰوۃً لَمْ یُصَلِّ فِیْھَا عَلَیَّ وَعَلٰی اَھْلِ بَیْتِیْ لَمْ تُقْبَلْ مِنْہُ دار قطنی ص۱۳۵، رشفۃ الصادی ص۳۰

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو نماز پڑھے اور اس میں مجھ پر اور میرے اہل بیت پر درود نہ پڑھے اسکی نماز قبول نہ ہوگی۔

چنانچہ امام شافعی رضی اللہ عنہ کے نزدیک تشہد میں آپ اور آپ کے اہلِ بیت پر درود پڑھنا واجب ہے۔ اس سلسلے میں اُن کے یہ اشعار مشہور و معروف ہیں :۔

یَا اَھْلَ بَیْتِ رَسُوْلِ اللّٰہِ حُبُّکُمْ فَرْضٌ مِّنَ اللّٰہِ فِی الْقُرْاٰنِ اَنْزَلَہٗ

یَکْفِیْکُمْ مِنْ عَظِیْمِ الْقَدْرِ اِنَّکُمْ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْکُمْ لَا صَلٰوۃَ لَہٗ

اے اہلِ بیتِ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ تعالیٰ نے تمہاری محبت کو فرض قرار دیا ہے، اس قرآن میں جس کو اس نے نازل کیا ہے۔ تمہاری عظمت و شان کے لیے یہی کافی ہے کہ جس نے تم پر درود نہیں پڑھا اسکی نماز ہی قبول نہیں۔

بہر صورت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا صلوٰۃ و سلام میں اپنے اہلِ بیتِ اطہار کو اپنے ساتھ ملانا اُن کی عظمت و شان کی بہت بڑی دلیل ہے۔

(۵) سَلٰمٌ عَلٰٓی اِلْیَاسِیْنَ القرآن سلام ہو الیاسین پر،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں :۔

سَلٰمٌ عَلٰٓی اِلْیَاسِیْنَ نَحْنُ اٰلُ مُحَمَّدٍ اٰلْیَاسِیْنَ (درمنشور)

کہ سلام ہو الیاسین پر، وہ الیاسین ہم آلِ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہیں۔

ف :۔ بعض نے سَلٰمٌ عَلٰٓی اٰلِ یٰسِیْنَ بھی پڑھا ہے۔ لہٰذا مطلب صاف ہے کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک اسم مبارک یٰسین ہے۔ چنانچہ علامہ ابن حجر الشافعی مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :۔

فَقَدْ نَقَلَ جَمَاعَۃٌ مِّنَ الْمُفَسِّرِیْنَ مفسرین کی ایک جماعت نے حضرت ابن

Marfat.com

عَنْ ابنِ عبّاسٍ رضیَ اللہُ عنہ انّ المراد بذالک سلامٌ علی آلِ محمدٍ صلی اللہُ علیہ وسلّم

عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ آلِ یٰسین سے آلِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہے۔

حضرت سید ابوبکر بن شہاب الدین الحسینی الشافعی الحضرمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :۔

وَ نقلہ النقّاش عنِ الکلبی فقال سلامٌ علی اِلیاسین علی آلِ محمدٍ صلی اللہُ علیہ وسلم اِذ سمّاہُ اللہُ تعالیٰ یٰسین مِثلَ یعقوب و اِسرائیل۔ رشفۃ الصادی صفحہ ۲۴

نقاش نے کلبی سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا سلامٌ علی اِلیاسین سے مراد آلِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام ہے جبکہ اللہ تعالیٰ نے ان کا نام یٰسین رکھا ہے جیسے حضرت یعقوب کا نام اسرائیل بھی ہے۔ (علیہ السلام)

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا قرآن

اور سب مل کر اللہ کی رسّی کو مضبوطی سے تھام لو اور متفرق نہ ہو۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اس آیت کے متعلق فرماتے ہیں :۔

نحنُ حبلُ اللہِ الذی قالَ اللہُ فیہِ الصواعق المحرقہ صفحہ ۱۴۹

وہ اللہ کی رسّی ہم اہلِ بیت ہیں جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

حضرت امام شافعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ؎

وَلمّا رأیتُ النّاسَ قد ذَهبتْ بِهم ۔۔۔ مذاہبُهم فی اَبحُرِ الغیِّ والجہلِ
رَکبتُ علی اسمِ اللہِ فی سُفُنِ النَّجا ۔۔۔ وَہُم اَھلُ البیتِ المصطفیٰ خاتمِ الرُّسُلِ
وَاَمسکتُ حبلَ اللہِ وَہُوَ وِلاؤُہُم ۔۔۔ کما قد اُمِرنا بالتَّمسّکِ بالحبلِ

(رشفۃ الصادی صفحہ ۲۵)

اور جب میں نے لوگوں کو دیکھا کہ بیشک وہ ان لوگوں کی روش پر چل رہے ہیں جو ہلاکت اور جہالت کے سمندروں میں غرق ہیں۔

تو میں اللہ کا نام لے کر نجات کے سفینوں میں سوار ہو گیا اور وہ نجات کے سفینے

Marfat.com

خاتم الرسل حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت ہیں۔

اور میں نے اللہ کی رسّی کو تھام لیا اور وہ اُن کی محبت ہے جیسا کہ ہمیں اِس رسّی کو مضبوطی سے تھامنے کا (قرآن میں) حکم دیا گیا ہے۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حجۃ الوداع میں عرفہ کے دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ناقہ قصوار پر خطبہ ارشاد فرماتے دیکھا تو میں نے سُنا آپ فرما رہے تھے:۔

یَا اَیُّھَا النَّاسُ اِنِّیْ تَرَکْتُ فِیْکُمْ مَا اِنْ اَخَذْتُمْ بِہٖ لَنْ تَضِلُّوْا کِتَابُ اللّٰہِ وَعِتْرَتِیْ اَھْلُ بَیْتِیْ ۔

ترمذی باب المناقب

اے لوگو! بیشک میں نے تم میں وہ چیز چھوڑی ہے کہ اگر اسکو مضبوطی سے پکڑے رہو گے تو گمراہ نہیں ہو گے وُہ کتاب اللہ اور میری عترت، میرے اہل بیت ہیں۔

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:۔

اَنِّیْ تَارِکٌ فِیْکُمْ مَا اِنْ تَمَسَّکْتُمْ بِہٖ لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدِیْ اَحَدُھُمَا اَعْظَمُ مِنَ الْاٰخَرِ کِتَابُ اللّٰہِ حَبْلٌ مَمْدُوْدٌ مِنَ السَّمَآءِ اِلَی الْاَرْضِ وَعِتْرَتِیْ اَھْلُ بَیْتِیْ وَلَمْ یَتَفَرَّقَا حَتّٰی یَرِدَا عَلَیَّ الْحَوْضَ فَانْظُرُوْا کَیْفَ تَخْلُفُوْنِیْ فِیْھِمَا

ترمذی۔ مشکوٰۃ ص۵۶۹

بیشک میں تم میں ایسی چیز چھوڑنے والا ہوں کہ اگر تم اسکو مضبوطی سے تھامو گے تو میرے بعد گمراہ نہ ہو گے۔ پہلا دُوسرے سے بڑا ہے کتاب اللہ ایک لمبی رسّی جو آسمان سے زمین تک ہے اور میری عترت میرے اہل بیت اور یہ دونوں جدا نہیں ہوں گے یہاں تک کہ یہ دونوں حوض پر میرے پاس آئیں گے۔ پس دیکھو کہ میرے بعد ان دونوں سے کیسے متمسک ہوتے ہیں۔

وَمَنْ یَّقْتَرِفْ حَسَنَۃً نَّزِدْ لَہٗ فِیْھَا حُسْنًا ۔ (القرآن)

اور جو نیکی کمائے گا ہم اس کیلیے اس میں اور حسن و خوبی بڑھا دیں گے۔

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں:۔

وَمَنْ يَقْتَرِفْ حَسَنَةً قَالَ الْمَوَدَّةُ لِآلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

"اور جو نیکی کمائے گا" یعنی آلِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرے گا۔

صواعق محرقہ ص۱۶۸ رشفۃ الصادی ص۲۳ المستدرک ص۱۷۲/۳

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگو! اللہ تعالیٰ سے محبت رکھو کیونکہ وہ (تمہارا رب ہے اور) تمہیں نعمتیں عطا فرماتا ہے۔

وَاَحِبُّوْنِیْ لِحُبِّ اللّٰہِ وَاَحِبُّوْا اَھْلَ بَیْتِیْ لِحُبِّیْ ترمذی و مشکوٰۃ ص۵۷۳

اور مجھے محبوب رکھو اللہ کی محبت کی وجہ سے اور میرے اہلِ بیت کو محبوب رکھو میری محبت کی وجہ سے،

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حسن و حسین (رضی اللہ عنہما) کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا۔

مَنْ اَحَبَّنِیْ وَاَحَبَّ ھٰذَیْنِ وَاَبَاھُمَا وَاُمَّھُمَا کَانَ مَعِیْ فِیْ دَرَجَتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ ترمذی شریف باب المناقب

جس نے مجھ کو محبوب رکھا اور ان دونوں (حسن و حسین) اور ان کے باپ (علی) اور ان کی ماں (فاطمہ) کو محبوب رکھا وہ قیامت کے دن میرے ساتھ میرے درجہ میں ہوگا۔

یہ وہ بشارت ہے جو دنیا و ما فیہا سے اعظم و انفع ہے۔ اَللّٰھُمَّ وَفِّقْنَا لِھٰذَا،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ اَحَبَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ فَقَدْ اَحَبَّنِیْ وَمَنْ اَبْغَضَھُمَا فَقَدْ اَبْغَضَنِیْ (ابن ماجہ ص۱۴، المستدرک حاکم ص۱۶۶/۳، البدایہ والنہایہ ص۳۵/۸)

جس نے حسن و حسین کو محبوب رکھا اس نے درحقیقت مجھے محبوب رکھا اور جس نے ان دونوں سے بغض رکھا اس نے درحقیقت مجھ سے بغض رکھا۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے، حسن و حسین دونوں میرے بیٹے ہیں۔

مَنْ اَحَبَّھُمَا اَحَبَّنِیْ وَمَنْ اَحَبَّنِیْ اَحَبَّہٗ

جس نے ان دونوں کو محبوب رکھا اس نے مجھ کو محبوب رکھا اور

Marfat.com

اللّٰہُ وَمَنْ اَحَبَّہُ اللّٰہُ اَدْخَلَہُ الْجَنَّۃَ وَمَنْ اَبْغَضَہُمَا اَبْغَضَنِیْ وَمَنْ اَبْغَضَنِیْ اَبْغَضَہُ اللّٰہُ وَمَنْ اَبْغَضَہُ اللّٰہُ اَدْخَلَہُ النَّارَ ،

جس نے مجھکو محبوب رکھا اس نے اللہ کو محبوب رکھا اور جس نے اللہ کو محبوب رکھا اللہ نے اسکو جنت میں داخل کیا اور جس نے ان دونوں سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا اور جس نے مجھ سے بغض رکھا اس نے اللہ سے بغض رکھا اور جس نے اللہ سے بغض رکھا اللہ نے اسکو دوزخ میں داخل کیا۔

المستدرک حاکم صـ۱۶۶/۳

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَا یُبْغِضُنَا اَھْلَ الْبَیْتِ اَحَدٌ اِلَّا اَدْخَلَہُ النَّارَ (المستدرک صـ۱۵۰/۳)

قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے جس کسی نے بھی ہمارے اہل بیت سے بغض رکھا اللہ نے اسکو جہنم میں داخل کیا۔

زرقانی علی المواہب صـ۲/۷ ، الصواعق المحرقہ صـ۱۴۲

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس اس حال میں آئے کہ ایک کندھے پر حسن اور ایک کندھے پر حسین تھے۔ آپ کبھی حسن کو چومتے اور کبھی حسین کو۔ ایک شخص نے آپ سے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم۔

اِنَّکَ لَتُحِبُّہُمَا ؛ فَقَالَ مَنْ اَحَبَّہُمَا فَقَدْ اَحَبَّنِیْ وَمَنْ اَبْغَضَہُمَا فَقَدْ اَبْغَضَنِیْ

آپ ان دونوں کو بہت محبوب رکھتے ہیں؟ فرمایا جس نے ان دونوں کو محبوب رکھا بیشک اس نے مجھے محبوب رکھا اور جس نے ان دونوں سے بغض رکھا اس نے درحقیقت مجھ سے بغض رکھا۔

البدایہ والنہایہ صـ۳۵/۸

؎ سوارِ دوشِ رسولِ خدا سلام علیک

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں :۔

اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَبْصَرَ حَسَنًا وَحُسَیْنًا فَقَالَ اَللّٰہُمَّ

کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حسن اور حسین کو دیکھا تو کہا اے اللہ! میں ان دونوں کو ۔

Marfat.com

اِنِّی اُحِبُّھُمَا فَاَحِبَّھُمَا (ترمذی شریف باب المناقب) محبوب رکھتا ہوں سو تو بھی انکو محبوب رکھ۔

حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت حسن وحسین آپ کی پشت مبارک پر کھیل رہے تھے،

فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَتُحِبُّھُمَا؟ فَقَالَ وَمَا لِیْ لَا اُحِبُّھُمَا وَ اِنَّھُمَا رَیْحَانَتَایَ مِنَ الدُّنْیَا کنز العمال ص۲۲۲

میں نے عرض کیا یارسول اللہ کیا آپ ان دونوں سے بہت محبت رکھتے ہیں؟ فرمایا کیوں نہ محبت رکھوں جبکہ یہ دونوں دنیا میں میرے پھول ہیں۔

اہل عراق نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے حالتِ احرام میں مکھی یا مچھر مارنے کا مسئلہ پوچھا فرمایا۔

اَھْلُ الْعِرَاقِ یَسْأَلُوْنَ عَنْ قَتْلِ الذُّبَابِ وَقَدْ قَتَلُوْا ابْنَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھُمَا رَیْحَانَتَایَ مِنَ الدُّنْیَا بخاری شریف ص۵۳

ان اہل عراق کو دیکھو مجھ سے مکھی مارنے کا مسئلہ پوچھتے ہیں حالانکہ انہوں نے فرزندِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کیا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ (حسن وحسین) دنیا میں میرے دو پھول ہیں۔

حضرت زید بن ابی زیاد فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر کے دروازے کے پاس سے گزرے اور حضرت حسین کے رونے کی آواز سنی تو فرمایا بیٹی! اسکو رونے نہ دیا کرو اَلَمْ تَعْلَمِیْ اَنَّ بُکَاءَہٗ یُؤْذِیْنِیْ، کیا تمہیں معلوم نہیں کہ اس کے رونے سے مجھے تکلیف ہوتی ہے۔ (تشریف البشر ص۲۵، نورالابصار ص۱۲۹)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَمُصُّ لُعَابَ الْحُسَیْنِ کَمَا یَمُصُّ الرَّجُلُ التَّمْرَ نورالابصار ص۱۲۹

میں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حسین کے منہ کے لعاب کو اس طرح چوستے تھے جس طرح کہ آدمی کھجور کو چوستا ہے۔

Marfat.com

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک رات کسی کام کے سلسلے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ اس حالت میں نکلے کہ آپکے پاس کوئی چیز کپڑے میں لپیٹی ہوئی تھی، میں نے عرض کیا، یہ کیا ہے؟

فَكَشَفَهُ فَاِذَا هُوَ حَسَنٌ وَحُسَيْنٌ عَلٰى وَرِكَيْهِ فَقَالَ هٰذَانِ اَبْنَایَ وَ اَبْنَا اِبْنَتِی اَللّٰهُمَّ اِنِّی اُحِبُّهُمَا فَاَحِبَّهُمَا وَاَحِبَّ مَنْ يُّحِبُّهُمَا

کنز العمال ص ۱۱

پس آپ نے کپڑا اٹھایا تو وہ حسن وحسین تھے، فرمایا یہ دونوں میرے اور میری بیٹی کے بیٹے ہیں۔ اے اللہ میں انکو محبوب رکھتا ہوں تو بھی انکو محبوب رکھ اور جو ان کو محبوب رکھے اسکو بھی محبوب رکھ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے۔

فَجَاءَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ فَجَعَلَا يَتَوَثَّبَانِ عَلٰى ظَهْرِهٖ اِذَا سَجَدَ فَاَرَادَ النَّاسُ زَجْرَهُمَا فَلَمَّا سَلَّمَ قَالَ لِلنَّاسِ هٰذَانِ اِبْنَایَ مَنْ اَحَبَّهُمَا فَقَدْ اَحَبَّنِیْ

البدایہ والنہایہ ص ۳۵

تو حسن وحسین آئے اور جب آپ سجدہ میں گئے تو وہ دونوں آپکی پشت پر سوار ہو گئے۔ لوگوں نے چاہا کہ انکو منع کریں۔ جب آپ نے سلام پھیرا تو لوگوں سے فرمایا کہ یہ دونوں میرے بیٹے ہیں جس نے ان دونوں کو محبوب رکھا اس نے مجھے محبوب رکھا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ:۔

دَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ وَهُوَ حَامِلُ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ عَلٰى ظَهْرِهٖ وَهُوَ يَمْشِیْ بِهِمَا عَلٰى اَرْبَعٍ فَقُلْتُ نِعْمَ الْجَمَلُ جَمَلُكُمَا، فَقَالَ وَنِعْمَ

میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے حسن وحسین کو اپنی پشت پر بٹھایا ہوا تھا اور آپ دونوں ہاتھوں دونوں گھٹنوں پر چل رہے تھے۔ تو میں نے کہا (اے شہزادو)

Marfat.com

الرَّاكِبَانِ هُمَا (کنز العمال ص۲۰۱ البدایہ والنہایہ ص۳۶ ۸)

تمہاری سواری کتنی اچھی ہے، تو آپ نے فرمایا سوار بھی تو بہت اچھے ہیں۔

بہر آں شہزادہ خیر الرسل ۔ دوش ختم المرسلین نعم الجمل

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا

اَیُّ اَهْلِ بَیْتِكَ اَحَبُّ اِلَیْكَ ؟ قَالَ الْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ ، وَكَانَ یَقُوْلُ لِفَاطِمَةَ اُدْعِیْ اِبْنَیَّ فَیَشُمُّهُمَا وَیَضُمُّهُمَا اِلَیْهِ ترمذی مشکوۃ ص۵۷۱

آپکے اہل بیت میں سے کون آپکو زیادہ محبوب ہے؟ فرمایا حسن وحسین ۔ اور آپ حضرت فاطمہ سے فرماتے میرے دونوں بیٹوں کو بلاؤ تو آپ دونوں کو سونگھتے اور اپنے سینے سے چمٹا لیتے۔

پھول کی طرح سے اُن کو سونگھتے تھے مصطفیٰ
جب کبھی ہوتے تھے نانا سے بہم حضرت حسین

حضرت زید ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت

لِعَلِیٍّ وَّفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ اَنَا حَرْبٌ لِّمَنْ حَارَبَهُمْ وَسِلْمٌ لِّمَنْ سَالَمَهُمْ (ترمذی مشکوۃ ص۵۶۹ البدایہ ۳۶)

علی و فاطمہ و حسن و حسین کے متعلق فرمایا کہ جو ان سے لڑے میں اُن سے لڑنے والا ہوں اور جو ان سے صلح رکھے میں ان سے صلح رکھنے والا ہوں۔

ان تمام احادیث صحیحہ سے وجوب محبتِ اہل بیت اور تحریم بغض و عداوت صراحۃً ثابت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صحابہ ۔ تابعین ۔ تبع تابعین اور ائمہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اہل بیت نبوت کی بہت زیادہ تعظیم و توقیر کرتے اور ان سے الفت و محبت رکھتے۔ افضل البشر بعد الانبیاء بالتحقیق حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں :-

وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ لَقَرَابَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَحَبُّ اِلَیَّ اَنْ اَصِلَ مِنْ قَرَابَتِیْ (بخاری شریف ص۵۲۶)

خدا کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے مجھ کو اپنے اقربا سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقربا محبوب تر ہیں۔

Marfat.com

انہی کا ارشاد ہے کہ :۔

| | |
|---|---|
| اُرْقُبُوا مُحَمَّدًا فِی اَھْلِ بَیْتِہٖ | محافظت کرو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی انکے اہلبیت میں یعنی عزت و |
| بخاری ص ۵۲۶ | حرمت محمدی یہی ہے کہ انکے اہلبیت کی عزت و تعظیم کرو۔ |

ان کی اُلفت جب ہے عینِ الفتِ خیر الورٰی

یوں ہوئے محبوبِ ربِّ ذوالکرم حضرت حسین

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی والدہ سے کہا کہ میں مغرب کی نماز حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پڑھوں گا اور اپنے اور تمہارے لیے بخشش کا سوال کروں گا۔ پس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور آپ کے ساتھ مغرب کی نماز پڑھی۔ یہاں تک کہ عشا بھی پڑھی۔ پھر آپ مسجد سے نکلے۔ میں بھی آپ کے پیچھے چلا۔ آپ نے میرے چلنے کی آواز سنی تو فرمایا، کیا حذیفہ ہے؟ میں نے عرض کیا ہاں یا رسول اللہ! فرمایا:۔

| | |
|---|---|
| مَا حَاجَتُكَ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ وَ | تجھے کیا حاجت ہے؟ اللہ تجھ کو اور تیری |
| لِاُمِّكَ اِنَّ هٰذَا مَلَكٌ لَمْ يَنْزِلِ | والدہ کو بخشے۔ (پھر) فرمایا یہ ایک فرشتہ ہے |
| الْاَرْضَ قَطُّ قَبْلَ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ | جو اس رات سے پہلے کبھی زمین پر نازل نہیں ہوا۔ |
| اِسْتَاْذَنَ رَبَّهٗ اَنْ يُّسَلِّمَ عَلَيَّ وَ يُبَشِّرَنِيْ | اس نے اپنے رب سے مجھے سلام کرنے اور مجھے یہ |
| بِاَنَّ فَاطِمَةَ سَيِّدَةُ نِسَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ | بشارت دینے کیلئے اجازت مانگی ہے کہ فاطمہ |
| وَاَنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ سَيِّدَا شَبَابِ | جنت کی عورتوں کی سردار ہے اور حسن و |
| اَهْلِ الْجَنَّةِ (ترمذی مشکوٰۃ ص ۵۷۰) | حسین جنت کے جوانوں کے سردار ہیں۔ |

حضرت حذیفہ الیمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے ایک دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت مسرور دیکھا تو عرض کیا۔ یا رسول اللہ! آج ہم آپکو بہت مسرور و خوش دیکھتے ہیں۔ رحمتِ عالم نورِ مجسم شفیعِ معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

Marfat.com

وَكَيْفَ لَا اَسُرُّ وَقَدْ اَتَانِي جِبْرِيْلُ فَبَشَّرَنِي اِنَّ حَسَنًا وَّحُسَيْنًا سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاَبُوْهُمَا اَفْضَلُ مِنْهُمَا

کنز العمال ص۱۰۸

کیسے مسرور نہ ہوں جبکہ جبریل امین میرے پاس آئے ہیں اور انہوں نے مجھے بشارت دی ہے کہ بلاشبہ حسن و حسین جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں اور انکا باپ اُن سے بھی افضل ہے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ زہرا سے فرمایا۔

اَلَا تَرْضَيْنَ اَنْ تَكُوْنِي سَيِّدَةَ نِسَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَابْنَيْكِ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ

کنز العمال ص۱۱۱

کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ تم جنت کی عورتوں کی سردار ہو اور تمہارے بیٹے جنت کے نوجوانوں کے سردار ہوں۔

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ

البدایہ والنہایہ ص۳۵

حسن و حسین دونوں جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَفِي لَفْظٍ اِلٰى سَيِّدِ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَلْيَنْظُرْ اِلَى الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رض۔

ابن حبان، ابویعلی، ابن عساکر، نورالابصار ص۱۲۹

جس کے لیے باعث مسرت ہو کہ وہ کسی جنتی مرد کو دیکھے، اور ایک روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ جنت کے نوجوانوں کے سردار کو دیکھے تو اُس کو چاہیئے کہ وہ حسین ابن علی کو دیکھے۔ (رضی اللہ عنہما)

حضرت یعلیٰ بن مرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

حُسَيْنٌ مِّنِّي وَاَنَا مِنْ حُسَيْنٍ اَحَبَّ اللّٰهُ مَنْ اَحَبَّ حُسَيْنًا حُسَيْنٌ

حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں جو حسین کو محبوب رکھتا ہے وہ اللہ کو

Marfat.com

| | |
|---|---|
| سبط من الاسباط | محبوب رکھتا ہے۔ حسین فرزندوں میں سے |
| ترمذی، مشکوٰۃ ص | ایک فرزند ہے۔ |

تھے امام اہلسنت مقتدائے اہلبیت سید السادات ریحانِ اُمم حضرت حسین

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ان ارشادات سے ثابت ہوا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی ذاتِ بابرکات پاک ہے۔ آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فرزند، آپ کے پھول اور آپ کے محبوب ہیں۔ جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں۔ آپ کی محبت ہر مسلمان پر واجب، سرمایۂ ایمان اور ذریعۂ نجات ہے۔ آپ کی محبت درحقیقت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی محبت ہے اور اللہ کے محبوب بننے کا ذریعہ ہے اور آپ کا بغض درحقیقت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کا بغض ہے اور جہنم میں جانے کا باعث ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن اور ان کے تمسک کو ہدایت پر قائم رہنے کا سبب فرمایا اور ان کے چھوڑنے کو گمراہی کا باعث قرار دیا۔

اِن ارشاداتِ مبارکہ کے مطابق ہی اہلِ سنت وجماعت کا یہ عقیدہ ہے کہ اُن کی محبت سرمایۂ ایمان، ذریعہ قربِ خدا تعالیٰ و رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم اور وسیلۂ نجات ہے۔ چنانچہ اکابرِ اہلِ سنت نے بلحاظِ مدارج ان کے اسماء مبارکہ خطبۂ جمعہ میں داخل فرمائے تاکہ ہر جمعہ کو برسرِ منبر اس عقیدہ کا اظہار و بیان ہوتا ہے اور مسلمانوں کے دلوں میں ان کی محبت و عقیدت مستحکم رہے۔

لہٰذا جو ان کی ذاتِ اقدس پر نکتہ چینی کرے اور ان کی طرف بغض و حسد، حُبِّ جاہ اور ہوسِ اقتدار کی نسبت کرے اور ان کو باغی، فسادی اور فتنہ پرور قرار دے اور قرآن و حدیث سے ثابت شدہ ان کے فضائل و مناقب کو محض خیالی مناقب بتائے وہ بلاشبہ اہلِ سنت وجماعت سے خارج، گمراہ، بے دین اور جہنمی ہے۔

Marfat.com

**یاد رکھو!** عقیدہ قرآن و حدیث کی اخبار سے بنتا ہے نہ کہ تاریخ کی ان بے سند روایات سے جن کو قطع و برید کے ساتھ پیش کیا گیا ہو۔ ہمارا ایمان اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ہے کسی شخص کے نکالے ہوئے غلط تاریخی نظریات پر نہیں۔

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات غلط نہیں ہو سکتے تاریخ غلط ہو سکتی ہے۔ اسی لیے اہلِ علم کا اس پر اتفاق ہے کہ وہ تاریخی نظریہ جو قرآن و حدیث اور عقیدۂ مسلّمہ کے خلاف ہو باطل و مردود ہے۔ اگر عقیدہ کو تاریخ کے تابع بنا دیا جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم تاریخ کے تابع ہو جائیں (معاذ اللہ) پس عقیدہ تاریخ کے تابع نہیں۔ بلکہ تاریخ کو عقیدہ کے تابع رکھنا ہوگا۔

اور پھر جو نقلِ روایت اور ادائے مفہوم میں سخت تحریف اور خیانت سے کام لے اور سیاق و سباق کو چھوڑ کر صرف چند مفید مطلب ٹکڑے جمع کر لے اُس کی اِس ناپاک کوشش کو تاریخی "ریسرچ" سمجھ کر اس کے مطابق اپنا نظریہ اور عقیدہ قائم کر لینا اور قرآن و حدیث کی نصوصِ صریحہ کو نظر انداز کر دینا کس قدر جہالت اور نادانی ہے۔

تاریخی "ریسرچ" کے معنی تو یہ ہیں کہ معتمد و مستند مؤرخین کے بیانات کو برمحل اور ان کے دائرہ مراد میں رکھتے ہوئے واقعے کی اصل اور حقیقت کو معلوم کیا جائے۔ اور اگر مؤرخ کی مراد کے خلاف اور اپنی مراد کے مطابق مؤرخ کے کلام میں کتر بیونت کر کے چند مفید مطلب ٹکڑے جن کا مل جانا بالکل آسان بات ہے پیش کر دیئے جائیں تو اس مجموعے کا نام تاریخی ریسرچ نہیں بلکہ سازشی نظریاتی ریسرچ ہوگا۔ وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ۔

الحمد للہ علی احسانہ کہ حضورِ اکرم رحمتِ عالم شفیعِ معظم صلی اللہ علیہ وسلم کے

Marfat.com

خاص فیض و کرم سے اس گناہ گار نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا و خوشنودی کے لیے ان سوالات کے مدلل و مسکت جوابات پیش کیے ہیں تاکہ اہل ایمان اور اہلِ محبت کے لیے مفید و نافع اور معترضین کے لیے ہدایت کا موجب ہوں۔ منقبتِ امام پر اختتام کرتے ہوئے دعا ہے کہ اہلِ بیتِ نبوت رضی اللہ عنہم میری اس خدمت کو شرفِ قبولیت بخشیں اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وبارک وسلم کی بارگاہِ اقدس میں میری سفارش فرمائیں تاکہ قیامت کے دن نبی اکرم سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم میرے شفیع ہوں۔

ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

غنچۂ باغِ نبوت ثمرۂ کشتِ ولا　　گلشنِ زہرا کے ریحانِ اتم حضرت حسین
ماہتابِ مرتضیٰ خورشیدِ حضرت مصطفیٰ　　عالمی منزل کے ہیں نجمِ دوم حضرت حسین
مظہرِ خلقِ پیمبر مصدرِ فیضِ علی!　　عرصۂ رشد و ہدایت کے علم حضرت حسین
صورت و سیرت میں تھے ہم شکل حضرت مصطفیٰ　　مثلِ حیدر تھے بڑے عالی کرم حضرت حسین
ایک تو سردارِ اہلِ خلد تھے حضرت حسن　　دوسرے سردارِ شہیدانِ ارم حضرت حسین

اللہ اللہ! صبر فرماتے بلا و ظلم پر
جھیلتے تھے ہر مصیبت رنج و غم حضرت حسین

بندہ ! محمد شفیع الخطیب الاوکاڑوی غفرلہٗ

Marfat.com

# پس لفظ

ظلم کی تعریف یہ کی گئی ہے "وضع الشئ فی غیر محلہ" چیز کو اس کے غیر سے منسوب کرنا یعنی کام کسی کا اور نام کسی کا صحیح کو غلط یا غلط کو صحیح کہنا۔ بظاہر ہمارے معاشرے میں یہ تہمت کوئی قبول نہیں کرے گا مگر ہم دیکھتے ہیں کہ کتنے ہی اس میں ملوث ہیں۔ دینی و مذہبی تحریر و تقریر کے بارے میں شاید یہ خیال کیا جاتا ہو گا کہ اہل علم ایسا نہیں کرتے لیکن کیا عجب ہے کہ اس میدان کے کچھ لوگوں کا روزگار یہی ٹھہرا ہے۔

ابا جان قبلہ علیہ الرحمۃ ایک مرتبہ ٹرین میں سفر کر رہے تھے۔ ایک لکھے پڑھے صاحب نے ان سے سوال کیا کہ مولانا! "شریعت کی مقرر کردہ سزائیں سخت اور ظالمانہ معلوم ہوتی ہیں چودہ سو سال پہلے کا معاشرہ اجڈ اور غیر مہذب طبقے پر مشتمل تھا۔ لوگوں کی اکثریت علوم سے بے بہرہ تھی اس کے لیے یہ سزائیں درست تھیں۔ اب لوگ پڑھ لکھ گئے ہیں، اب یہ سزائیں نہیں ہونی چاہئیں" ابا جان نے تحمل سے سوال سنا۔ اہل علم سوال ہی پر برہم ہو جائیں اور فتویٰ صادر کر دیں تو سوال کو مطمئن ہونے کی بجائے متنفر ہونے کا موقع مل جاتا ہے اور غلط رائے قائم کرنا کون سا مشکل کام ہے۔ ابا جان نے سوال کرنے والے صاحب سے کہا یہ بتایئے کہ جاہل کو سزا زیادہ دینی چاہیئے یا اس شخص کو جو فائدے نقصان سے آگاہ ہے اور علم رکھتا ہے؟ سوال کہنے لگے کہ جاننے والا۔ ابا جان نے فرمایا آپ کے لیے اب کسی وضاحت کی ضرورت نہیں رہی۔ نہ جاننے والے

Marfat.com

لوگوں کے لیے جنھیں آپ نے اجڈ اور غیر مہذب کہا ہے اتنی سخت سزائیں تھیں تو اہلِ علم کے لیے تو اس سے بھی زیادہ سخت ہونی چاہئیں کیوں کہ یہ تو برائی سے آگاہ ہیں، اس کے نقصان اور اثرات سے بھی جب جاننے والا شخص جرم کرتا ہے تو گویا وہ جانتے بوجھتے ہوئے جرم کا مرتکب ہوتا ہے اس کی سزا نہ جاننے والے سے زیادہ ہونی چاہیے اور شریعت کی مقرر کردہ سزائیں ظلم نہیں ہیں۔ بلکہ مجرم کے لیے رحمت ہیں کہ اسے سزا کے ذریعے اس جرم پر ندامت اور آئندہ اس سے مدافعت کی ترغیب ہوتی ہے اور دوسروں کے لیے ترہیب اور عبرت کا سامان ہوتا ہے اور سزا کے بعد وہ قابلِ ملامت نہیں رہتا اس لیے ان سزاؤں کو ظالمانہ کہنا درست نہیں"۔ وہ صاحب نہ صرف قائل ہوئے بلکہ اپنے الفاظ پر شرمندہ بھی۔ دورانِ سفر پھر وہ اپنے بہت سے شکوک رفع کرواتے رہے اس واقعے کے تذکرے کا مقصد یہ تھا کہ اہلِ علم کو بالخصوص دوسروں سے بیش احتیاط کی ضرورت ہے اور تقریر سے تحریر زیادہ قابلِ گرفت ہوتی ہے۔ علم کے حوالے سے خود کو اتھارٹی کا درجہ دینے والے کچھ علماء کی تحریریں دیکھیے۔ انہوں نے قرآنی آیات کے ترجمے اور مفاہیم سے بھی عدل و انصاف نہیں کیا بتوں کے بارے میں نازل ہونے والی آیات کو نبیوں اور ولیوں پر چسپاں کر دیا۔ شاید ان کے نزدیک یہ کوئی بڑا کارنامہ ہو مگر فی الحقیقت یہ ظلم ہے۔ قرآن کہتا ہے کہ ہدایت ہرگز ظالموں کو نصیب نہیں ہوتی گویا وہ اپنے قول و فعل سے خود گمراہ ٹھہرتے ہیں تو ان سے پھر کسی اور کی اصلاح یا تصحیح کی گنجائش کہاں رہ جاتی ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ امتِ مسلمہ کو جتنا نقصان خود مسلمان کہلانے والوں نے پہنچایا ہے اتنا غیروں نے نہیں پہنچایا۔

زیرِ نظر کتاب میں یہی کچھ پیش کیا گیا ہے۔ کون مسلمان نہیں جانتا کہ ایمان، معرفتِ الٰہی، اسلام اور قرآن ہمیں رحمتِ دوجہاں، شفیعِ عاصیاں، فخرِ عالم و عالمیاں، باعثِ تخلیقِ کون و مکاں حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے وسیلے سے ملا ہے۔

Marfat.com

ختمی مرتبت نے تبلیغ دین اور ہدایت کا اجر اپنی قرابت کی محبت کے سوا ہم سے کچھ اور نہیں چاہا۔ خانوادۂ رسولِ مقبول کی محبت ہم پر لازم ہے کہ ہمارا دینی وملی تقاضا ہے۔ مگر کچھ اہلِ علم کہلانے والوں نے فرزندِ رسول ہی کو طعن و تشنیع کا ہدف بنالیا ہے۔ کیا ستم ہے کہ مسلمانوں نے اپنے بے جا اعتراضات کے لیے ذاتِ رسولؐ اور ان کے اصحابؓ و اہلِ بیت اور محسنینِ اسلام شخصیات کو محور ٹھہرالیا ہے۔ گلِ باغِ رسالت، خلاصۂ شہادت، فرزندِ رسول، جگر گوشۂ بتول، فخرِ کونین حضرت سیدنا امام حسینؓ صلوٰۃ اللہ وسلامہ علی جدہٖ وابیہ وامہ وعلیہ کی ذات والاصفات کے لیے زبان و قلم کو ان لوگوں نے ایسا دراز کر لیا ہے کہ ان کے الفاظ دہراتے ہوئے لرزہ طاری ہو جاتا ہے۔ سیدنا امام حسینؓ تو اسلام اور مسلمانوں کے محسن ہیں۔ واقعہ کربلا تو حق و باطل کا معرکہ تھا۔ امام کا موقف اسلام کی صداقت اور رہتی دنیا تک عزیمت کی یادگار ہے چہ جائیکہ امام پاک کو باغی و فسادی کہا جاتے (معاذ اللہ)۔ ان دشمنانِ اسلام نے امام عالی مقام پر بغاوت کا الزام لگایا ہے حالاں کہ تاریخی حقائق اسے ثابت نہیں کرتے تاہم یہ اعجاز ہے کہ امامِ پاک کے تقویٰ وطہارت اور سیرت و کردار پر کسی حرف زنی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ سیرتِ نبویؐ کا مطالعہ کرنے والے بخوبی جانتے ہیں کہ ایک وقت ایسا بھی آیا تھا جب رحمتِ عالمؐ، نورِ مجسم، شفیعِ معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی چالیس سالہ بے داغ ظاہری زندگی کو اپنی نبوت کی صداقت اور معبودِ حقیقی کی حقانیت کے لیے دلیل کے طور پر پیش کیا تھا۔ اگر رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بے داغ اور بے عیب زندگی نبوت کی صداقت کی دلیل ہو سکتی ہے تو ان کے فرزند کی پچپن چھپن سالہ بے داغ زندگی صرف ایک بغاوت کے الزام سے ان کو بری الذمہ نہیں ٹھہرا سکتی؟ ان کے اخلاق و کردار کی ستھرائی اور ظاہر و باطن کی پاکیزگی تو آیۂ تطہیر سے اظہر من الشمس ہے۔ پھر علم و فضل، تقویٰ و طہارت اور صدق و دیانت کے اس مبارک پیکر کے لیے ایک یہ الزام کیسے متحقق ہو سکتا ہے؟

Marfat.com

امام پاک اگر میدانِ کربلا میں اپنے موقف سے ہٹ جاتے تو یقیناً اپنی اور اپنے خانوادے اور رفقار کی جانیں بچا لیتے مگر دین کا نظام اپنی اصل پر باقی نہ رہتا۔ تقویٰ اور حق کی تعریف اپنا مفہوم کھو دیتی۔ عزیمت کے لیے خانوادۂ رسول میں کسی کا کردار ایسا مثالی نہ ہوتا۔

راہِ حق میں جان دینا ذلت نہیں، عزت و مرتبت کی بات ہے۔ امام کے مخالف یقیناً راہِ حق میں جہاد کے منکر ہیں، وہ دین کی اصل کو مسخ کرنا چاہتے ہیں۔ ان کا یہ اعتراض کہ اگر امام حق پر تھے، تو اللہ کا وعدہ ہے کہ حق والوں کی مدد ہمارے ذمے ہے، پھر اللہ نے امام کی مدد کیوں نہیں کی! معترضین کے نزدیک اللہ کی مدد شاید یہ ہوگی کہ کربلا میں کسی طور امام کی جان بچ جاتی اور انہیں پانی مل جاتا یا انہیں جان بچانے کے لیے فرار کا موقع مل جاتا وہ لشکرِ یزید کی آنکھوں میں دھول جھونک سکتے۔ مگر وہ بصیرت نا اندیش یہ نہیں سوچتے کہ مدد اسی کا ہی نام نہیں۔ امام پاک ایسے محبوبِ الٰہی ہیں کہ اگر چاہتے تو یہ سب کچھ بھی ہو جاتا مگر انہوں نے یہ نہیں چاہا وہ اپنے معبود و محبوبِ حقیقی کی راہ میں ہر تکلیف خندہ پیشانی سے قبول کرکے رضائے الٰہی کا بلند ترین مقام حاصل کرنا چاہتے تھے اور یہ بتانا چاہتے تھے کہ میں طالب وجہ اللہ ہوں اور اس کے سوا ہر کسی کے لیے ہلاکت ہے (کل شئ ھالک الا وجھہ) میں عارضی نعمت اور مرتبے کی بجائے اس باقی کو اختیار کر رہا ہوں۔ انہوں نے ثابت کر دیا کہ اللہ ہی کی دی ہوئی جان اسی کی راہ میں قربان کرنا اہلِ محبت ہی کا شیوہ ہے' چنانچہ اللہ کی نصرت انہیں حاصل ہوئی اور بالکل اسی طرح ہوئی جیسا کہ خود اللہ نے فرمایا کہ جو ہماری (دین کی) مدد کرتا ہے، ہم اسے استقامت اور ثابت قدمی عطا کرتے ہیں (القرآن)

کربلا میں بپا ہونے والی قیامتِ صغریٰ میں امام کا صبر و ثبات بلا شبہ اللہ کی مدد تھا ورنہ ایسے حالات میں بڑے بڑے حوصلہ مند اور بہادر بھی ہمت ہار دیتے ہیں۔ یہ اللہ کی مدد ہی تھی کہ یزید پلید اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوا۔ وہ امام

Marfat.com

سے اطاعت و بیعت کا خواہاں تھا، جبر و استبداد کی بالادستی چاہتا تھا لیکن وہ ہزاروں کا لشکر بھیجنے اور پانی بند کر دینے کے باوجود امام پاک سے اپنی بات نہیں منوا سکا اور امام پاک کی شاندار فتح دیکھیے کہ سب کچھ قربان کر دیا مگر پائے ثبات متزلزل نہیں ہونے دیا۔ سر کٹا دیا مگر فاسق اور فاجر، ظالم و جابر یزید پلید کے ہاتھوں میں ہاتھ نہیں دیا۔ امام نے میدانِ کربلا میں فتح و شکست کے عنوان ہی بدل دیئے تھے۔ انہوں نے اپنے عمل سے ثابت کر دیا کہ حق پر قائم و ثابت رہتے ہوئے جان دے دینا شکست نہیں عظیم الشان کامیابی ہے۔

وہ لوگ جو واقعۂ کربلا کو اقتدار کی جنگ قرار دیتے ہیں وہ حقائق سے ناواقفی کے سبب ایسا کہتے ہیں۔ کتاب کے مندرجات میں امام عالی مقام کے بارے میں کیے جانے والے تقریباً ایسے ہر اعتراض کا مدلل و مسکت جواب دیا گیا ہے۔

یہ کتاب ابا جان قبلہ علیہ الرحمۃ کی بے نظیر علمی تحقیق کا حاصل ہے۔ انہیں اس بات کا سخت قلق رہتا تھا کہ لوگ خانوادۂ رسول کے مقدس و مطہر افراد کے خلاف زبان و قلم دراز کرتے ہیں۔ وہ زبان و قلم کے آدمی تھے، زبان و قلم سے انہوں نے خوب جہاد کیا اور ناصبی، خارجی یزیدی ٹولے کے لیے پنپنے کی راہیں مسدود کر دیں۔ ان کی یہ خدمت بارگاہِ حسینی میں مقبول ہوئی اور اس کی بشارت بھی انہیں ملی۔ جن دنوں یہ کتاب تکمیل کے مراحل میں تھی کوئی چودہ پندرہ برس پہلے کی بات ہے ابا جان نے یہ خواب لاکھوں کے اجتماع میں سنایا۔ ان دنوں میرے چھوٹے بھائی محمد سبحانی علیل تھے انہیں خسرے کا عارضہ تھا، ابا جان نے خواب دیکھا کہ میرا بھائی محمد سبحانی انہیں اُن کے کمرے میں جگانے آیا اور کہا کہ فرزندِ رسول سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ تشریف لائے ہیں۔ ابا جان فرماتے ہیں میں نے محمد سبحانی سے کہا کہ تم انہیں نہایت تکریم سے کمرے میں بٹھاؤ میں وضو کر کے آتا ہوں۔ فرماتے ہیں میں وضو کر کے کمرے میں گیا تو محمد سبحانی نے کہا وہ فرما گئے کہ ہمیں جلدی ہے پھر آئیں گے۔ اپنے

Marfat.com

اباجان کو ہمارا سلام کہنا۔ حضرت امام کا ہمارے گھر تشریف لانا اور اباجان کو سلام فرمانا یقیناً اس خدمت کی قبولیت کی سند ہے۔ (الحمد للہ علی احسانہٖ)

اس کتاب کے تین اڈیشن شائع ہو چکے گزشتہ پانچ چھ برس سے یہ بالکل نایاب تھی۔ اس دوران اس کی نئی کتابت کے ساتھ ساتھ کچھ نئے پیدا ہونے والے اعتراضات کے جوابات کا اضافہ بھی شامل کر دیا گیا۔ خطاطی کے لیے محترم صوفی خورشید عالم خورشید رقم مخمور سدیدی سے رابطہ کیا گیا جو رئیس الخطاط تاج الدین زریں رقم کی بیٹھک کا بتاں اندرون لوہاری دروازہ لاہور کو آباد کئے ہوئے ہیں۔ انہوں نے ضعف بصر کا عذر ظاہر کیا اور اپنے فرزند اور شاگرد امداد احمد سے متعارف کروایا۔ ابھی ایک چوتھائی کتابت کی تکمیل ہوئی تھی کہ اباجان کا بلاوا آگیا۔ میرے لیے تو دنیا ویران ہو گئی، سب کچھ بکھر گیا۔ احباب اصرار کرتے رہے اور مجھے پروف ریڈنگ کی مہلت بھی نہ ملی۔ اس کتاب کے غیاب میں اس موضوع پر دوسرے احباب نے اس کتاب کے مندرجات کو اپنے طور پر پیش کیا تاہم اباجان قبلہ کی تحریر کی مقبولیت اور ان کی شخصیت کا اعتبار و اعتماد بہر حال مسلم ہے۔ الحمد للہ۔ اب مزید اضافوں کے ساتھ تزئین و آرائش کی عمدگی لیے یہ کتاب آپکے ہاتھوں میں ہے۔ اس کا سرورق پہلے اڈیشن کی طباعت کے موقع پر خطاطِ اسلام الحاج حافظ محمد یوسف سدیدی نے لکھا تھا جو اپنی مثال آپ ہے۔ اب وہ ہمارے درمیان جسمانی طور پر نہ رہے۔ (رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ ۝)

موجودہ اڈیشن کا اندرونی سرورق ابنِ مقلہ ایوارڈ یافتہ خطاط محترم صوفی خورشید عالم خورشید رقم مخمور سدیدی کے قلم خوش رقم کا نتیجہ ہے۔

میری دُعا ہے کہ ربِ مصطفےٰ جلّ وعلا اپنے محبوب کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کے صدقے اس کتاب کو یزیدی اندھیروں میں حسینی اجالا بنا کر ہر طرح مفید و نافع بنائے اور میرے اباجان کی یہ خدمت قبول ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ انہیں خانوادہ

Marfat.com

رسالت کے محبوں میں اعلیٰ مقام سے سرفراز رکھے۔

کوکبِ نورانی را احمد شفیع

۱۹۸۶ء

گر جمعِ روافض است نزدِ تو مرید
هم خارجیاں را اثر از بطنِ پلید
ایمانِ من است حُبِّ آل و اصحاب رضی اللہ عنہم
لعنت بہ سرِ یزید و اتباعِ یزید


سید غلام نصیر الدین نصیر گولڑوی

بپاسِ خاطر، کوکب نورانی اوکاڑوی

کتبہٗ: محمد شہید رقم

Marfat.com

# اهل علم کیلئے
# عظیم علمی پیشکش



آیات احکام کی تفسیر و تشریح پر مشتمل عصر حاضر کے یگانہ روزگار اور معتبر عالم دین

حضرت علامہ سید سعادت علی قادری کے

**قلم سے نکلا ہوا عظیم علمی شاہکار**

## یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

۲ جلدیں

### خصوصیات

- زندگی کے تمام شعبوں اور عصر حاضر کے جملہ مسائل کا حل
- متلاشیان علم کے لئے ایک بہترین علمی ذخیرہ
- مقررین و واعظین کیلئے بیش قیمت خزانہ
- ہر گھر کی ضرورت اور ہر فرد کیلئے یکساں مفید

**آج ہی طلب فرمائیں**

## ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور - کراچی ۰ پاکستان

Marfat.com

صاحبانِ ذوق و محبت اور اربابِ فکر و نظر

# مژدۂ جانفزا

## سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر

حضرت ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ کے

بہار آفریں قلم سے نکلا ہوا لازوال شاہکار

درد و سوز اور تحقیق و آگہی سے معمور تصنیف

# ضیاء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مکمل سیٹ سات جلدیں

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور، کراچی۔ پاکستان

Marfat.com

خوشخبری

مشہور و معروف محدث و مفسر حافظ عماد الدین ابو الفداء ابن کثیرؒ کا عظیم شاہکار

# تفسیر ابن کثیر

جس کا جدید اور مکمل اردو ترجمہ ادارہ ضیاء المصنفین بھیرہ شریف نے
اپنے نامور فضلاء علامہ محمد اکرم الازہری، علامہ محمد سعید الازہری،
علامہ محمد الطاف حسین الازہری سے اپنی نگرانی میں کروالیا ہے۔

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور ۔ کراچی ○ پاکستان

Marfat.com

## مجدد مسلک اہلسنت خطیب پاکستان حضرت مولانا محمد شفیع اوکاڑوی رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف

| | | |
|---|---|---|
| ذکرِ جمیل | نغمۂ حبیب صلی اللہ علیہ وسلم | انگوٹھے چومنے کا مسئلہ |
| ذکرِ حسین (دو حصے) | درسِ توحید | مسلمان خاتون |
| راہِ عقیدت | برکاتِ میلاد | اخلاق و اعمال (شرعی تقریریں) |
| راہِ حق | ثواب العبادات | مقالاتِ اوکاڑوی |
| نماز مترجم | مسئلہ سیاہ خضاب | میلادِ شفیع |
| امام پاک اور یزید پلید | مسئلہ طلاقِ ثلاثہ | جہاد و قتال |
| شامِ کربلا | انوارِ رسالت (حصہ اول) | جھگڑے کا خاتمہ |
| سفینۂ نوح (دو حصے) | تعارف علمائے دیوبند | نجوم الہدایہ |

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
گنج بخش روڈ اردو بازار لاہور